رُحَمَاءُ بَیْنَهُمْ

حصّہ دوم

تالیف:۔ حضرت مولانا محمد نافع صاحب

مکتبہ بکس ۰ لاہور

— سرکلر روڈ۔ لاہور —

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّاۗءُ عَلَي الْكُفَّارِ (سورۃ فتح)

محمد صلی اللہ علیہ وسلم، اللہ کے رسول ہیں اور جو ان کے ساتھ ہیں وہ کافروں پر سخت ہیں۔

رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ

(مہربان اند درمیانِ خود ——— شاہ ولی اللہؒ)

(رحم دل ہیں درمیان اپنے ——— شاہ رفیع الدینؒ)

حصہ دوم (فاروقی)

[اس کتاب میں کتاب و سنت اور اسلامی تاریخ کی روشنی میں سیدنا فاروق اعظمؓ اور سیدنا علی المرتضیٰؓ اور سیدہ فاطمۃ الزہراؓ اور حسنین شریفینؓ کے درمیان عمدہ تعلقات اور بہترین مراسم و روابط جدید انداز میں پیش کیے گئے ہیں۔]

تالیف:- حضرت مولانا محمد نافع صاحب

موضع محمدی شریف (متصل جامعہ محمدی) تحصیل چنیوٹ

ضلع جھنگ - پاکستان

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

مصنف: ——— حضرت مولانا محمد نافع صاحب

ناشر: ——— مکتبہ بکس ۵ بخشی سٹریٹ بیرون موری دروازہ، لاہور

مطبع ——— نقوش پریس کبیر سٹریٹ اردو بازار لاہور

کاتب ——— محمد صدیق، چاہ میراں، لاہور

بار دوم ——— ١٠٠٠

اشاعت اول: ——— جولائی ١٩٧٦ء (رجب ١٣٩٦ھ) —— ٢٠٠٠

بار دوم جولائی ١٩٨٢ء — ١٠٠٠

قیمت: ——— روپے

ملنے کا پتہ

مکتبہ بکس، بخشی سٹریٹ - بیرون موری گیٹ

سرکلر روڈ - لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست مضامین

پیش لفظ ١٧
— اجمالی تعارف ٢١
— چند تمہیدی امور (جن کی روشنی میں کتاب مرتب کی گئی) ٢٣
— امور بالا کی توثیق کے لیے شیعی کتب سے آئمہ کرام کے فرمودات ٢٦
— اہل سنت کی کتب سے حوالہ جات ٢٨
— مقاصد (مومنوں کا وصف اتحاد و اخوت) ٣٢
— قرآن مجید سے مومنوں کے اتحاد و اخوت کا ثبوت (پانچ آیات قرآنی) ٣٢
— آیات کا مفہوم اور ثمرات و نتائج ٣٧
— مذکورہ آیات کی مفسرین کرام کی طرف سے وضاحت ٤٠
— مدعائے تحریر ٤٥

باب اول

فصل اول: فاروق اعظمؓ کے ساتھ علی المرتضیٰؓ کا بیعت کرنا ٤٩
— بیعت مذکورہ کی تصدیق کے لیے علی المرتضیٰؓ کے اپنی خلافت کے دوران بیانات ٥٢
— محدث ابن راہویہ کی روایت ٥٢
— محدث ابی عوانہ کی روایت ٥٤
— امالی شیخ طوسی کی روایت ٥٦

— مندرجہ بالا روایات کے فوائد و نتائج ۵۷

فصل دوم :- سیدنا علی المرتضیٰ کی زبانی فاروق اعظمؓ کے فضائل و مناقب اور فاروق اعظمؓ کی زبانی علی المرتضیٰؓ کی تعریف و توصیف ۵۸

— عنوان اول :- ا- فاروق اعظمؓ رجل مبارک ہیں۔ ۵۹

ب- آپ نجیب امت ہیں۔ ۵۹

ج- حق و باطل میں فرق کرنے والے ہیں۔ ۶۰

د- خلیل و صدیق، مخلص و ناصح ہیں۔ ۶۱

ہ- القوی الامین کا خطاب ۶۱

و- امام ہدایت، راشد و مرشد، مصلح و منجح ہیں۔ ۶۳

— فوائد روایت مذکورہ۔ ۶۴

— عنوان دوم :- (سیدنا علی المرتضیٰؓ کا سیدنا فاروق اعظمؓ کو تقویٰ کی تلقین کرنا اور صدیق اکبرؓ کے نقش قدم پر چلنے کی ترغیب دینا)۔ ۶۴

— فوائد روایت ہذا ۶۵

— عنوان سوم :- (مرتضوی بیان کہ سیدنا فاروق اعظمؓ خوف خدا رکھنے والے اور حد درجہ دیانتدار تھے)۔ ۶۵

— عنوان چہارم :- حضرت علی المرتضیٰ فاروقی دور کے جملہ معاملات درست قرار دیتے تھے۔ ۶۷

— سیرت مرتضوی سیرت فاروقی کے موافق تھی ۶۸

— فاروق اعظم رشید الامر اور صائب الرائے تھے۔ ۶۸

— مندرجات بالا کے فوائد ۷۲

— ایک اشتباہ کہ علی المرتضیٰؓ نے سیرت شیخینؓ پر عمل کرنے سے پس و پیش کیا۔ ۷۳

— اس اشتباہ کا تاریخی جائزہ اور تحقیقی جواب۔ ۷۳

عنوان پنجم :- سیدنا علی المرتضیٰ کا بیان کہ فاروق اعظمؓ حق و صداقت کے جذبہ سے سرشار تھے۔ ۷۷

— مذکورہ مرویات کے فوائد و نتائج ۸۰

عنوان ششم :- حضرت علیؓ کا بیان کہ فاروق اعظمؓ خلیفہ برحق اور صدیق اکبرؓ کے بعد افضل امت ہیں ۸۱

— اس مسئلہ کے ثبوت میں ۱۲ عدد روایات ۸۱

— ایک وضاحت (عبداللہ ابن سبا اور اسکے ساتھیوں کا انجام) ۹۲

— ۱۲ عدد روایات مذکورہ کے فوائد ۹۲

— ایک اہم تنبیہ (موجودہ دور کے شیعوں کا عبداللہ ابن سبا کے وجود سے انکار ۹۳

عنوان ہفتم :- حضرت علیؓ کی زبانی شیخین کی دو اہم فضیلتیں:

— صدیقؓ و فاروقؓ سب سے پہلے جنت میں جائیں گے۔ ۹۵

— صدیق و فاروق پختہ عمر جنتیوں کے سردار ہیں ۹۶

— خلاصہ روایات مذکورہ ۹۷

عنوان ہشتم :- خلافت فاروقی کی حقانیت اور آپ کی فضیلت میں حضرت علیؓ کے بیانات۔ کتب شیعہ سے ۱۱ عدد حوالہ جات۔ ۹۷ – ۹۸

— مندرجہ بالا حوالہ جات کے فوائد و ثمرات ۱۰۲

عنوانِ نہم: حضرت عمرؓ اور ابن عمرؓ کی زبانی مرتضوی فضائل و مناقب۔ اہلِ سنت اور شیعہ کتب سے ۱۰۲

۱۰ اعدد حوالہ جات

— مندرجہ بالا روایات کے فوائد و نتائج ۱۰۹

باب دوم

فصل اوّل: فاروقی دور میں شعبہ جات کی تقسیم اور قضا و افتاء حضرت علیؓ کے سپرد کرنا۔ ۱۱۱

— فاروقی عدالت میں مقدمات کی مرافعت۔ ۱۱۶

— حضرت علیؓ کا اپنا مقدمہ فاروقی عدالت میں پیش کرنے کا واقعہ ۱۱۷

— اسی نوعیت کا دوسرا واقعہ ۱۱۷

— مندرجاتِ بالا کے فوائد و ثمرات ۱۱۹

— تنبیہ (سیدنا علی المرتضیٰ کا اپنی خلافت میں فاروقی عمل کو مثال بنانا۔ ۱۲۰

— فوائد مندرجاتِ بالا ۱۲۱

فصل ثانی: مسائلِ شرعیہ میں مشورے اور باہمی تلقین و اعتماد ۱۲۳

— باہمی علمی گفتگو (احادیثِ نبوی کے بارے میں تحقیق) ۱۲۴

— فاروق اعظمؓ کے لیے علی المرتضیٰؓ کے ناصحانہ کلمات ۱۲۵

— صدقہ کے بارے میں باہمی مشورہ ۱۲۶

— خوں بہا کے بارے میں باہمی مشورہ ۱۲۷

— مجبور عورت کے بارے میں مشورہ۔ ۱۲۹

— بدفعلی کی سزا کے متعلق مشورہ ۱۳۰

— شراب پینے کی سزا کے متعلق مشورہ ۱۳۱

— تنبیہ (شراب کی سزا حضرت علیؓ کے مشورے سے تجویز ہوتی)۔ ۱۳۳

— فصل ہٰذا کے مندرجات کے فوائد ۱۳۴

— اشتباہ (کہ فاروق اعظمؓ ہر مسئلہ میں حضرت علیؓ کے محتاج ہوتے تھے) تحقیقی جائزہ اور رفعِ اشتباہ کہ حضرت علیؓ نے متعدد مسائل میں اپنی رائے سے رجوع کیا)۔ ۱۳۴

— انتباہ (فاروق اعظمؓ کے وضع کردہ قوانین مرتضوی خلافت میں رائج تھے)۔ ۱۳۹

— خلاصۃ المرام (مندرجاتِ بالا کے فوائد و نتائج) ۱۴۲

فصل ثالث: (انتظامی امور میں فاروق و مرتضیٰ کے باہمی مشورے) ۱۴۳

— فاروقی وظیفہ کے متعلق مشورہ ۱۴۳

— اسلامی تاریخ (تقویم) کے متعلق مشورہ ۱۴۵

— مفتوحہ زمین عراق کے متعلق مشورہ ۱۴۷

— علاقہ نہاوند کے متعلق مشورہ (حضرت علیؓ کی نظر میں فاروقِ اعظم کا مقام ۱۴۹

— مذکورہ مشاورت کی شیعہ کتب سے تائید۔ ۱۵۱

— مندرجہ بالا حوالہ جات کے فوائد ۱۵۳

— غزوۂ روم کے متعلق مشورہ (فاروق اعظم کی شخصیت) ۱۵۴

— مذکورہ بالا حوالہ جات کے ثمرات ۱۵۶

— تقسیم اموال میں حضرت علیؓ کی رائے کو ترجیح دینا ۱۵۷

— ہیبت سے سقوطِ حمل پر دیت (حضرت علیؓ کی رائے کو قبول کرنا۔ ۱۵۹

— مرتضوی نیابت (فاروق اعظمؓ کا علی المرتضیٰ کو اپنا نائب بنانا۔ ۱۶۰

— رفاقت کے چند واقعات ۱۶۵

— بے تکلفی کا واقعہ ۱۶۵

— تنویرِ مساجد پر حضرت علی کا دُعا دینا۔ ۱۶۶

— واقعہ 'یا ساریۃ الجبل' سے حضرت علیؓ کا فاروق اعظمؓ کی عظمت بتلانا۔ ۱۶۸

— اویس قرنی کی ملاقات کے لیے رفیقانہ سفر۔ ۱۶۹

— اختتام فصل (مندرجاتِ بالا کے فوائد و نتائج ۱۷۰

فصل رابع:۔ (سیدنا علی المرتضیٰ کے لیے سیدنا فاروق اعظمؓ کی طرف سے مالی مراعات وعطیات) ۱۷۲

— فاروق اعظمؓ کے دل میں خاندانِ نبوت کا احترام (ترتیبِ اسماء میں ہاشمی حضرات کو اولیت دینا۔ ۱۷۲

— صدیقی دورِ خلافت کی طرح فاروقی دور میں اموالِ خمس کے متولی حضرت علیؓ تھے۔ ۱۷۹

— مندرجات بالا کے فوائد و ثمرات ۱۸۲

— مضمونِ بالا کی تائید شیعہ کتب سے ۱۸۳

— شیعی مرویات کے نتائج و ثمرات ۱۸۵

— تکمیل فوائد (بنو ہاشم کے حق میں فاروقِ اعظم کے بہترین جذبات ۱۸۶

— غیر شادی شدہ ہاشمیوں کی شادیوں کے انتظامات کا اظہار ۱۸۶

— مدائن کے مالِ غنیمت سے حضرت علی کو بیش قیمت غالیچہ دیا جانا ۱۸۷

— فاروق اعظمؓ نے حضرت علیؓ کو مقامِ ینبع والا قطعہ اراضی دیا ۱۸۹

باب سوم

فصل اوّل:۔ خانوادۂ نبوت (اہل بیت) سے عقیدت و محبت ۱۹۱

— حضرت فاطمۃ الزہراؓ کی خواستگاری کے لیے علی المرتضیٰؓ کو آمادہ کرنے میں خاص حصّہ ۱۹۲

— نکاحِ فاطمہؓ میں فاروقِ اعظمؓ کا گواہ بنایا جانا شیعہ و سُنّی کتب سے حوالہ جات۔ ۱۹۴

— فاروق اعظمؓ کی حضرت فاطمہؓ کے ساتھ خاص عقیدت۔ ۱۹۵

— حضرت فاطمہؓ کی عیادت کے لیے جایا کرنا۔ ۱۹۶

— حضرت زین العابدین کی روایت کہ حضرت صدیقؓ و فاروقؓ جنازۂ فاطمہ میں شریک تھے۔ ۱۹۶

— حضرت عمر کی شادی میں حضرت علیؓ کی شمولیت ۱۹۸

— ایک اشتباہ (واقعۂ احراقِ بیتِ فاطمہ کا تفصیلی جائزہ اور تحقیقی جواب ۲۰۰

— اوّلاً، یہ واقعہ غیر معتبر و غیر مستند کتابوں میں ہے ۲۰۱

— ثانیاً، جن باسند کتابوں میں مذکور ہے ان کے اسانید مطعون ہیں۔ ۲۰۲

— ثالثاً، یہ روایت مقطوع ہے۔ ناقل خود واقعہ کا شاہد نہیں ۲۰۳

— رابعاً، یہ روایت ائمہ کرام کے اپنے بیانات کی روشنی میں مردود ہے۔ ۲۰۵

— اس واقعہ پر خود علی المرتضیٰ کا اپنا بیان۔ (شیعہ کتب سے ثبوت) ۲۰۵

— امام محمّد باقر کا بیان۔ (شیعہ کتب سے ثبوت) ۲۰۶

— یہ واقعہ نص قرآنی کے خلاف ہے ۲۰۷

— خامساً، بیعتِ علیؓ کے واقعہ میں ایسی مناقشہ انگیز کوئی بات مذکور نہیں۔ ۲۰۸

— بحث ہٰذا کے متعلق ابن ابی الحدید شیعی کا بیان ۲۱۰

— علی السبیل التنزل جواب ۲۱۰

— دعوتِ مصالحت ۲۱۱

فصل دوم :- (تعلقات کے پانچ اُمور ذکر کیے گئے ہیں)

— امرِ اوّل: حضرت علیؓ کی صاحبزادی اُمِّ کلثوم کا نکاح فاروقِ اعظمؓ کے ساتھ کتبِ انساب اور اہلِ سنّت کی کتابوں سے ثبوت ۲۱۲

— رفعِ اشتباہ (حاشیہ) نکاحِ امّ کلثوم کو غلط رنگ دینے کی ناپاک کوشش کا تحقیقی جائزہ اور جواب۔ ۲۱۸

— امِّ کلثوم بنت علی المرتضیٰ کا رشتہ فاروقِ اعظم کے ساتھ عُلماءِ انساب کی نظر میں (۵ حوالہ جات) ۲۲۳

امرِ ثانی :- مشتمل بر چند فوائد ۲۲۸

— فائدہ اُولیٰ :- نکاحِ اُمِّ کلثوم شیعوں کے اصولِ اربعہ سے ثبوت (۹ عدد مرویات) ہر دَور کے شیعہ علماء نے اسے تسلیم کیا ہے (بقیہ شیعی مرویات، ۱۰ عدد حوالہ جات) ۲۲۸

— ضروری تنبیہ (مسئلہ مذکورہ پر ایک علمی بحث) ۲۴۶

— فائدہ ثانیہ: فاروقِ اعظمؓ کے نکاح میں اُمِّ کلثوم بنت فاطمۃ الزہراؓ ہیں۔ کوئی اور اُمِّ کلثوم نہیں۔ ۲۴۷

— فائدہ ثالثہ: بحث مذکورہ کا خلاصہ ۲۵۲

— خانوادۂ نبوت کے ساتھ فاروقِ اعظمؓ کی رشتہ داریوں کی تفصیل ۲۵۴

امرِ ثالث: حضرت عمرؓ کے گھر میں اپنی ہمشیرہ کے ہاں حسنینؓ کی آمد و رفت ۲۵۵

امرِ رابع :- ایک اور واقعہ۔ ۲۵۶

امرِ خامس: حضرت علیؓ کی حضرت عمرؓ کے گھر میں اپنی بیٹی کے ہاں آمد و رفت اور جواہر کا واقعہ۔ ۲۵۶

حاصل بحث مذکور۔ ۲۵۸

فصل سوم: (فاروقِ اعظمؓ اور حسنؓ و حسینؓ کے باہمی خوشگوار تعلقات کے چار خاص واقعات) ۲۶۰

— مالی وظائف میں حسنین کے ساتھ خصوصی مراعاتِ فاروقی ۲۶۳

— حسنِ مجتبیٰ کی ایک کرامت ۲۶۵

— یزدگرد کی بیٹی حضرت حسینؓ کو دینا ۲۶۶

— حوالہ جات مذکورہ کا خلاصہ ۲۶۹

— فصل سوم کے مندرجات پر اجمالی نظر ۲۷۰

فصل چہارم :- (فاروق اعظمؓ کے آخری لمحات کے بارے میں حضرت علیؓ کے بیانات ۔ ۲۷۲

— فاروقی انتقال کی پیشین گوئی تعبیر خواب کی صورت میں ۲۷۲

— فاروقی خلافت اور دیانتداری کے متعلق حضرت علیؓ اور ابن عباس کی گواہی۔ ۲۷۴

— فاروقِ اعظمؓ پر حملہ ہونے کے بعد حضرت علیؓ کا اظہار ہمدردی ۲۷۶

— حضرت علیؓ کا فاروق اعظمؓ کے لیے جنت کی بشارت دینا اور حضرت حسن کی تائید۔ ۲۷۷

— انتخاب خلیفہ کمیٹی میں حضرت علیؓ کو شامل کرنا۔ ۲۷۸

— شیعہ مصنفین کی طرف سے تائید ۲۸۰

— آخری وقت میں حضرت علیؓ کو خصوصی وصیت کرنا اور نماز کا اہتمام کرنا۔ ۲۸۱

— حضرت علیؓ کی طرف سے فاروقِ اعظم کے حق میں قدردانی کے کلمات۔ ۲۸۲

— حضرت علیؓ کا فاروقِ اعظمؓ کے اعمال نامے پر رشک کرنا۔ ۲۸۴

— منقبتِ فاروقی اور نکاح امِ کلثوم پر امام محمد باقر کی گواہی ۲۸۶

— رشکِ اعمالنامہ پر حوالہ جات ۲۸۷

— ایک اشتباہ در روایت مسجیٰ پر مزید حوالہ جات ۲۸۹

— روایت مسجیٰ کی شیعہ بزرگوں کی کتب سے تائید ۲۹۰

— تنبیہ (شیعوں کی حیلہ گری) ۲۹۱

— دفنِ فاروقی میں حضرت علیؓ کا شامل ہونا۔ ۲۹۲

— فوائد فصل چہارم ۲۹۳

باب چہارم

فصل اوّل : (فاروق اعظم اور عمِّ رسول حضرت عباسؓ کے مراسم)

عنوان اوّل: طلب باراں میں توسّل ۲۹۷

عنوان دوم: میزاب کا واقعہ ۲۹۹

عنوان سوم: حضرت عباس کا مقام فاروق اعظم کی نظر میں۔ ۳۰۱

عنوان چہارم: حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ کی نظروں میں حضرت عباس کا مقام۔ ۳۰۳

عنوان پنجم :- فاروقی دورِ خلافت میں حضرت عباسؓ کے مالی حقوق کی رعایت۔ ۳۰۴

تنبیہ (مضمون بالا کے متعلق شیعی کتب سے حوالہ جات) ۳۰۶

فصل اوّل کے مندرجات کے فوائد و ثمرات ۳۰۷

فصل دوم :- (فاروق اعظمؓ اور عبداللہ بن عباس کے باہمی مراسم) ۳۰۹

عنوان اوّل: فاروقی مشوروں میں ابن عباس کی شمولیت ۳۱۰

عنوان دوم: حضرت فاروق کا ابن عباس کی عیادت کے لیے جانا ۳۱۲

عنوان سوم: حضرت عبداللہ بن عباس کی زبانی فاروقؓ اعظم کی تعریف ۳۱۳

عنوان چہارم: فاروقی روایات پر ابن عباس کا اعتماد ۳۱۴

عنوان پنجم :- فاروق اعظم کی حقانیت بروایت بنی ہاشم ۳۱۵

عنوان ششم :- ابن عباس کا ابوبکرؓ و عمرؓ کے قول کو حجتِ شرعی قرار دینا ۳۱۵

مندرجات فصل دوم کے ثمرات و نتائج ۳۱۷

باب پنجم

فصل اوّل: امام حسن کا بیان کہ فاروق و مرتضیٰ میں مخالفت نہ تھی ۳۲۰
— شیخین رض کے حق میں محمد بن الحنفیہ کا سوال اور اس کا جواب ۳۲۰
— فاروق اعظم رض کے عمل سے اولادِ علی کا فقہی مسائل میں استدلال ۳۲۲
فصل دوم: حضرت زین العابدین کا بیان کہ شیخین حضور نبی مکرم ﷺ سے ہمیشہ قریب ہیں۔ ۳۲۴
— حضرت عمر رض کی فضیلت کا اعتراف اور طعن کرنے والوں کا رد کرنا۔ ۳۲۵
— حضرت زید بن زین العابدین کا بیان کہ سیرت فاروقی و مرتضوی ایک جیسی تھی۔ متعدد حوالہ جات ۳۲۶
فصل سوم: (امام محمد باقر کے بیانات فاروق اعظم رض کے بارے میں) ۳۲۹
— جو شخص فضیلت ابوبکر رض و عمر رض نہیں سمجھتا وہ سنتِ نبوی سے جاہل ہے۔ ۳۲۹
— محمد باقر، ابوبکر رض و عمر رض سے دوستی رکھتے تھے ۳۳۰
— جو شخص ابوبکر رض و عمر رض سے بیزار ہے، محمد باقر اس سے بیزار ہیں ۳۳۰
— اراضی کے ثلث و ربع پر دینے میں آلِ ابوبکر رض و عمر رض و علی رض ہمنوا تھے ۳۳۳
— امام باقر کا بیان کہ حضرت ابوبکر رض و عمر رض نے اہل بیت کے حقوق ضائع نہیں کیے ۳۳۴
— دونوں حضرات دوستی کے مستحق ہیں
— مغیرہ اور بنان نے ائمہ کرام پر جھوٹ تجویز کر کے نشر کیے۔
فصل چہارم: (شیخین کے بارے میں امام جعفر صادق کے بیانات)

— جو شیخین سے دوستی نہیں رکھتا اسے شفاعتِ نبوی نصیب نہ ہو۔ ۳۳۷
— شیخین امام عادل تھے اور حق پر تھے (جعفر صادق کا بیان) ۳۳۷
— جعفر صادق ابوبکر رض و عمر رض سے دوستی رکھتے تھے۔ اور ان کی قبروں پر جا کر سلام کہتے تھے۔ ۳۳۸
فصل پنجم: (حضرت علی رض کے بیٹوں اور ان کی اولاد میں عمر نام مروج رہا ہے) ۳۴۰
— حضرت علی رض کے ایک بیٹے کا نام عمر تھا (شیعہ اور سنی کتب سے سات عدد حوالہ جات) ۳۴۱
— سیدنا حسن مجتبیٰ کے ایک بیٹے کا نام عمر ہے (پانچ حوالہ جات) ۳۴۴
— زین العابدین علی ابن الحسین کی اولاد میں عمر نام موجود ہے۔ (چھ عدد حوالہ جات) ۳۴۷
— اختتام بالخیر ۳۴۹
— مراجع کتاب (از کتب اہلِ سنت) ۳۵۱
— مراجع کتاب (از کتب شیعہ) ۳۵۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

پیش لفظ

حَامِدًا و مُصَلِّیًا و مُسَلِّمًا

خلیفۂ ثانی سیدنا حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی شخصیت ہمیشہ سے ہمیشہ سے معرکۃ الآرا رہی ہے۔ آپ کا اسلام لانا جس قدر اہلِ اسلام کی تقویت، اسلامی قوت کے لیے استحکام اور اعلاءِ کلمۃ اللہ کی مساعی میں موثر ترین ذریعہ ثابت ہوا۔ اسی قدر خرمنِ باطل کے لیے برقِ جہاں سوز اور کفر و ضلالت کی کھیتی کے لیے تباہ کن ثابت ہوا۔ ایک فرد کے دل کی دنیا کیا بدلی کہ مکہ کی پوری آبادی ایک نئے انقلاب سے روشناس ہوتی۔

ے جس سے جگرِ لالہ میں ٹھنڈک ہو وہ شبنم!
دریاؤں کے دل جس سے دہل جائیں وہ طوفان

گلشنِ اسلام کے باغباں نے جس سدابہار پودے کو خالقِ کائنات سے تزئینِ گلشن کی خاطر مانگ کر لیا تھا۔ اور جس کی دیکھ بھال، تربیت اور نشو و نما خصوصی توجہ سے فرماتی تھی۔ وہ عمرؓ بن الخطاب ہے جسے آنحضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے قربِ خاص عنایت فرمایا۔ تعلیمِ آیاتِ الٰہی اور حکمت سے آراستہ کیا، تزکیۂ نفس سے اس کے دل کو منور کیا اور اس جوہرِ قابل کو ہر پہلو درخشندہ فرمایا تھا۔ خلیفۂ رسولِ مقبول علیہ افضل التحیات و التسلیمات صدیق اکبرؓ نے اپنی وفات کے وقت قوم کی باگ ڈور انہی کے سپرد کر دی۔

تاریخِ اسلام شاہد ہے کہ حضور رحمۃ للعالمین کے لگاتے ہوئے گلزار کو حضرتِ فاروق نے محیر العقول توسیع دی۔ تزئین و ترتیب سے رشکِ جنت بنایا۔ امن و آشتی

کے لحاظ سے بہشت کا نمونہ پیش کر دیا۔ حُسنِ انتظام سے پُوری دنیا نے اسلام کو ایک خوشحال گھرانے کی صورت عطا کی۔ اسلامی سلطنت کو قوت و استحکام میں ایک ناقابلِ تسخیر قلعہ بنا ڈالا۔

دنیا کی عظیم سلطنتوں (ایران و روما) کی مادّی طاقتوں اور یہودیّت و نصرانیت، بُت پرستی اور ستارہ پرستی کی مذہبی قوتوں کو فاروقِ اعظم کی پُرجلال شخصیت کے ہاتھوں وہ ضرب لگی کہ مدتوں سر نہ اٹھا سکے۔ مسلمانوں کے مثالی اتحاد، اخوّت اور باہمی تعاون کے باعث اس بنیانِ مرصوص میں یہ باطل قوتیں رخنہ نہ ڈال سکیں۔ اپنی عبرتناک شکستوں کا بدلہ لینے میں مکمّل طور پر ناکام ہو گئیں اور مدافعت کی ہر کوشش سے کلیتہً مایوس ہو گئیں تو فاروقِ اعظمؓ کی وفات کے بعد سازشی لوگوں نے اپنی ناکامیوں کا بدلہ چکانے کے لیے جھوٹے پروپگنڈے کا سہارا لیا۔ اور سازشوں کا جال بننا شروع کر دیا۔

چونکہ عرب و عجم کی باطل قوتوں نے سیّدنا صدّیق اکبرؓ اور سیّدنا عمرؓ بن الخطّاب کے ہاتھوں زک اٹھائی تھی اس لیے ان کی زہر چکانیوں کا سارا زور انہی دونوں باطل شکن شخصیّتوں کے خلاف صرف ہُوا لیکن ان کے سیرت و کردار، بے داغ سیاست، حکومت کے حُسنِ انتظامات، مثالی عدل و انصاف اور زہد و اتقا پر تو حرف نہیں لا سکتے تھے کہ ان کا جھوٹ کھلتا تھا کسی پہلو بھی انگلی نہیں رکھ سکتے تھے۔ تو شیطان نے انہیں نئی چال سکھلائی کہ حُبِّ اہلِ بیت کا ڈھنڈورا پیٹ کر، حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ، حسنین کریمینؓ اور ان کی اولاد کی محرومیوں اور مظلومیتوں کی فرضی داستانیں گھڑ گھڑ کر نشر کرنے لگے۔ اور غلط مفروضے بنا بنا کر انہیں الگ فریق ثابت کرنے کی ناپاک کوششیں کرنے لگے۔

اس تمام جدوجہد سے ان کا مقصد اسلام کے شیرازہ کو پارہ پارہ کر کے اسلامی غلبہ و قوت کو کمزور کرنا تھا۔ لیکن حضور رحمۃ للعٰلمین، رؤف و رحیم صلی اللہ علیہ وسلّم کے تمام جاں نثار رُحَمَآءُ بَیۡنَہُمۡ (آپس میں مہربان) اور اِنَّمَا الۡمُؤۡمِنُوۡنَ اِخۡوَۃٌ کا مثالی

نمونہ تھے۔ وہ اپنی مخلصانہ اور بے غرضانہ محبت و مُودّت میں رخنہ اندازی کو برداشت نہیں کر سکتے تھے۔ حضرت علی المرتضیٰؓ نے جس طرح صدّیقی و فاروقی دَورِ خلافت میں انتظامی معاملات، مشوروں اور عملی تعاون سے حقِ اخوّت و مُودّت ادا کیا تھا۔ اسی طرح اپنے دَورِ خلافت میں عام خطابات، پرائیویٹ مجلسوں اور کھُلی گفتگوؤں میں شیخینؓ کے حق میں کلماتِ خیر فرماتے۔ اور خلاف پروپیگنڈا کرنے والوں کو سزائیں دیں۔ انہیں جلا وطن کیا اور بڑی وضاحت کے ساتھ ایسے لوگوں سے اپنی براءت ظاہر کی۔

یہ کتاب اسی زہر کا تریاق ہے۔ اسی پروپگنڈے کی قلعی کھولنے کی کوشش ہے۔ اسلام کے بکھرتے ہوئے شیرازہ کی شیرازہ بندی کی سعی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے فرمان "رُحَمَآءُ بَیۡنَہُمۡ" کی تفسیر و تشریح اور توثیق ہے۔

کتاب "رحمآء بینہم" کے حصّہ فاروقی میں حضرت علیؓ اور حسنین شریفینؓ اور عمِّ رسولؐ حضرت عباسؓ، ابن عباسؓ اور فاروقِ اعظمؓ کے مابین روابط و تعلقات، باہمی حُسنِ تعاون، آپس کی قدردانی اور ہر دو خانوادوں کی آپس کی رشتہ داریاں، شفقت و پیار اور ادب و احترام کے تاریخی واقعات و حقائق اور فرامین و بیانات کو بہت سی کتب سے جمع کیا گیا ہے۔

اِس بات کا التزام پیشِ نظر رکھا گیا ہے کہ ہر دو خانوادوں کے مراسم اور تعلقات کا کوئی پہلو تشنۂ تکمیل نہ رہ جائے۔ اور اس کے ثبوت میں ہر دَور کی قدیم و جدید کتب سے استفادہ کیا جائے۔ واقعات کی توثیق و تائید کے لیے صحابۂ کرام پر اعتراض کرنے والے گروہ کی مشہور و مستند کتب سے حوالے عوام کے سامنے لائے گئے ہیں۔ کہ حقیقت عیاں ہونے پر ان کی صحابہ دشمنی کی بنیادیں منہدم ہو جاتی ہیں۔

مزید برآں بعض اُن الزامات کے تحقیقی جوابات بھی دیئے گئے ہیں جو فاروقِ اعظمؓ کے بے داغ دامن پر تھوپنے کی ناپاک کوشش کی گئی ہے۔

کتاب کے مطالعہ سے انشاء اللہ العزیز ہر منصف مزاج اور متلاشیِ حق و صداقت

فرد کے دل کو تسکین ہو گی اور شکوک و شبہات کے بادل خود بخود چھٹ جائیں گے۔
اللہ تعالیٰ مصنفِ کتاب کی مساعی کو شرفِ قبولیت بخشے اور قارئین کرام کو اپنے اسلاف صالحین کے نقشِ قدم پر چلنے اور باہمی حُسنِ تعلق و حُسنِ معاشرت کی توفیق عنایت فرمائے۔

(منجانب: ناشرین)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنۡ ھُوَ رَحۡمَۃٌ لِّلۡعٰلَمِیۡنَ سَیِّدُ الۡاَوَّلِیۡنَ وَالۡاٰخِرِیۡنَ اِمَامُ الرُّسُلِ وَخَاتَمُ النَّبِیّٖنَ وَعَلٰی اَزۡوَاجِہِ الۡمُطَھَّرَاتِ وَعَلٰی بَنَاتِہِ الۡاَرۡبَعَۃِ الطَّاھِرَاتِ زَیۡنَبَّ وَرُقَیَّۃَ وَاُمِّ کُلۡثُوۡمٍ وَفَاطِمَۃَ وَعَلٰی اٰلِہِ الطَّیِّبِیۡنَ وَاَصۡحَابِہِ الۡمُزَکِّیۡنَ الۡمُنۡتَخَبِیۡنَ الَّذِیۡنَ ھُمۡ لِاِخۡوَانِھِمۡ اَوۡلِیَآءُ وَعَلٰی رُفَقَائِھِمۡ اَذِلَّاءُ وَعَلٰی اَعۡدَائِھِمۡ اَشِدَّاءُ وَفِیۡمَا بَیۡنَھُمۡ رُحَمَاءُ وَعَلٰی سَائِرِ اَتۡبَاعِہٖ بِاِحۡسَانٍ اِلٰی یَوۡمِ الدِّیۡنِ وَعَلٰی جَمِیۡعِ عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیۡنَ رِضۡوَانُ اللّٰہِ عَلَیۡھِمۡ اَجۡمَعِیۡنَ۔

اَمَّا بَعۡدُ، بندہ ناچیز محمد نافع عفا اللہ عنہ بن مولانا عبدالغفور بن مولانا عبدالرحمٰن ساکن قریہ محمدی متصل جامعہ محمدی شریف ضلع جھنگ۔ پنجاب (پاکستان) عرض گزار ہے کہ "رُحَمَاءُ بَیۡنَھُمۡ" کے "حصّہ صدّیقی" کے بعد دوسری جلد "حصّہ فاروقی" شروع کیا جاتا ہے۔ مضامین کے اعتبار سے کتاب کو پانچ ابواب پر تقسیم کیا گیا ہے۔ جو ستّرہ فصلوں پر مشتمل ہوں گے۔

اس سے پہلے چند تمہیدی اُمور اور مقاصد درج کیے گئے ہیں۔ یہ تمہیدی امور اور مقاصد اگرچہ کتاب کے حصّہ اول (صدّیقی) میں لکھے جا چکے ہیں تاہم اس حصّہ میں انہیں دُہرانے کی ضرورت اس لیے محسوس کی گئی ہے کہ ممکن ہے بعض احباب کی نظر سے صدّیقی حصّہ نہ گزرا ہو۔ تو وہ بھی ان سے کما حقہٗ فائدہ اٹھا سکیں۔

قارئینِ کرام ذہن نشین فرما لیں کہ کتاب کی تدوین و اشاعت سے ہماری غرض نہ تو

مناظرہ بازی ہے نہ بحث و تکرار۔ اور نہ ہمیں کسی جوابی کارروائی کا انتظار ہوگا۔ بلکہ قرآن مجید کے فرمان "رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ" کی تائید و وضاحت میں چند تاریخی حقائق جمع کیے ہیں۔

اس حصہ فاروقی میں حضرت علی المرتضیٰؓ اور آپ کی اولاد شریف نیز حضور نبی کریم صلعم کے پیارے چچا حضرت عباسؓ اور ابن عباسؓ اور فاروق اعظمؓ کے درمیان باہمی اعتماد، حسن تعلقات، ایک دوسرے کے ساتھ بہترین سلوک اور دلی اُلفت و مودّت کو واضح کیا گیا ہے۔

اس حقیر سی کوشش سے ہمارا مقصد یہ ہے کہ خدائے رؤوف و رحیم ہمیں اپنے اَسلاف کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے سلف صالحین کے ارفع و اعلیٰ مقام کی سمجھ عنایت فرمائے اور باہم الفت و محبت، اتحاد و ہم آہنگی اور اتفاق و یگانگت کی ہدایت فرمائے۔

کتاب مطالعہ کے لیے پیش کی جاتی ہے۔ اگر تعصب و عناد کو دل سے نکال کر انصاف کی نگاہ سے ملاحظہ فرمایا جائے گا تو یقین ہے کہ انشاء اللہ العزیز بہت نفع ہوگا اور ان کو حضرات رضوان اللہ علیہم اجمعین سے متعلق ہر قسم کے شبہات خود بخود دُور ہو جائیں گے۔

چند تمہیدی اُمور

(۱) ۔ کتاب "رحماء بینہم" میں جن مضامین کو ہم درج کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں ان میں ہمارا رُوئے سخن اپنے احباب "اہل السنت والجماعت" کی طرف ہے۔ اور اپنے کم علم اور ناواقف دوستوں کو ہی سمجھانا مقصود ہے۔ اہلِ علم حضرات تو ان مضامین سے پہلے ہی واقف ہیں۔

دوسری جماعتوں کے دوست بڑے شوق سے بشرطِ انصاف ملاحظہ فرمائیں۔ اور واقعہ کے مطابق جو چیز نظر آئے اس پر پوری طرح غور و فکر کر کے قبول فرمائیں۔

حوالہ جات پیش کرنے میں مقدور بھر دیانتداری سے کام لیا گیا ہے اپنی دانست میں درست چیزیں پیش کرنے کا پورا خیال رکھا گیا ہے۔ انسان خطا کار ہے۔ اگر نادانستہ کوئی چیز غلط طریقہ سے پیش ہو گئی ہو تو مالک کریم معاف فرمائے۔ اور ناظرین کرام مجھے میری غلطی سے مطلع فرمائیں تو میں ممنونِ احسان ہونگا۔

بعض بعض مقامات پر شیعی کتب سے بھی حوالہ جات "تائیداً و الزاماً" ساتھ درج کر دیئے ہیں تاکہ دونوں فریقوں کو اس مسئلہ پر غور کرنے کا مزید موقعہ مل سکے۔

(۲) ۔ کتاب ہٰذا میں چند علمی مباحث بھی آ گئے ہیں جو عوام کی علمی قابلیت سے ذرا بلند ہیں۔ لیکن ان کی وجہ سے کئی مفاسد اور مطاعن دفع ہو سکتے ہیں۔ اس وجہ سے ان کا ترک کر دینا مناسب نہیں تھا۔ اس لیے یہ تجویز کر دی گئی ہے کہ رسالہ ہٰذا کے ضروری مقامات میں کہیں "رفعِ اشتباہ" اور حواشی کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔

اور کہیں اہلِ علم کے لیے مستقل فصل تجویز کر دیئے ہیں۔ جو حضرات علمی چیز کو ملاحظہ فرمانا پسند کریں تو وہ ان مقامات کی طرف رجوع کر لیں۔

(۳)——کتاب "رُحَمَاءُ بَيْنَهُم" میں جو مضمون مرتب کیا گیا ہے۔ اسی مضمون کو قبل ازیں علماءِ سلف نے بھی مدوّن کیا ہے۔ اور اس پر مستقل تصانیف تدوین کی ہیں۔ مثلاً:

(۱) حافظ دارقطنی (متوفی ۳۷۵ھ) نے "ثناء الصحابة على القرابة و ثناء القرابة على الصحابة" کے نام سے اس مضمون پر ایک کتاب لکھی۔

(۲) ابو سعید اسماعیل بن علی بن الحسن السمان (متوفی ۴۴۵ھ) نے کتاب "الموافقة بين اهل البيت والصحابة" بھی اسی مقصد کے لیے تحریر کی۔

(۳) علّامہ ابو القاسم محمود بن عمر جار اللہ زمخشری (متوفی ۵۳۸ھ) نے کتاب "الموافقة بين اهل البيت والصحابة" اسی مطلب کے لیے تصنیف کی۔

——لیکن قدرت کی طرف سے اتفاق ایسا ہُوا ہے کہ اب یہ تصانیف اس ملک میں ناپید و نایاب ہیں۔ بلکہ مفقود الخبر ہیں۔ تلاش و جستجو کے باوجود مجھے اس ملک میں تاحال کہیں ان کا سراغ نہیں مل سکا۔ البتہ آخری تصنیف زمخشری کا "اردو میں خلاصہ" ہندوستان سے ۱۳۷۲ھ میں شائع ہُوا۔ جس کے ساتھ عربی متن نہیں۔ اور کسی کتاب کے حوالہ کی تخریج بھی درج نہیں۔ اس کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ یہ زمخشری کی تصنیف "کتاب الموافقة" کا ترجمہ ہے۔ مگر ہم نے اس پر اعتماد نہیں کیا۔ اپنا ارادہ یہ تھا کہ علماءِ سلف کی ان تصانیف پر بنا کی جاتی لیکن ان کے دستیاب نہ ہونے کے باعث تعلقات و روابط کے مضامین کو دیگر کتبِ متداولہ سے مدوّن کرنے کا قصد کر لیا۔ اور ابواب کی ترتیب و تدوین بھی اپنی صوابدید کے موافق تجویز کی۔ مولیٰ کریم منظور فرمائے۔ اور ہمارے لیے آخرت میں کامیابی کا

سامان اور مغفرت کا وسیلہ بنائے۔ آمین یا ربَّ العٰلمین۔

اپنی ناقص تلاش کے موافق "تعلقات اور روابط" کے یہ چند واقعات فراہم کیے ہیں جو پیشِ خدمت ہیں۔ ورنہ ان مضامینِ عالیہ کا استیعاب و استقصاء کون کر سکتا ہے؟ ان کی حیثیت "مشتے نمونہ از خروارے" کی ہے۔

(۴)——تعلقات کے ان مضامین کی حقانیت و صداقت پر ہمارا اصل استدلال تو قرآن مجید سے ہے۔ قرآن مجید نے واضح عبارت اور واشگاف الفاظ کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ رحمۃ للعالمین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے صحابہ کرام میں رحمان و رحیم نے اپنی شانِ رحمت کا ظہور بطریقِ اتم فرمایا ہے "یہ سب آپس میں رحم دل ہیں"۔ اور ان کے دلوں میں "شفقت و اُلفت پیدا کر دی گئی ہے۔ ان کے درمیان اخوتِ دینی اور اسلامی برادری کا رشتہ ہمیشہ سے قائم و دائم ہے۔

باقی روایات و تاریخی واقعات جو کچھ بھی ہم اِس باب میں ذکر کریں گے وہ سب نصِ قرآنی کی تصدیق و تائید کے طور پر مندرج ہو گا۔ اس کو مستقل دلیل کی حیثیت حاصل نہ ہو گی۔ اس چیز کو ہمارے ناظرینِ کرام اچھی طرح ذہن نشین فرما لیں۔ یہ اُصولِ موضوعہ میں سے ہے۔

(۵)——جب ہمارے دعوے کی اصل دلیل نصوصِ قرآنی اور آیاتِ فرقانی ہیں تو یہاں مقامِ استدلال میں وہی روایات قابلِ تسلیم اور لائقِ قبول ہوں گی۔ جو نصِ قرآنی اور سُنّتِ مشہورہ کے مطابق ہوں۔ اور جن میں صحابہ کرام کی باہمی شفقت و اُلفت کے واقعات درج ہوں۔ اور جن میں محبت و یگانگت اور دوستی اور آشتی کے حالات مذکور ہوں۔

جن روایات میں اس کے برعکس ان بزرگوں کے درمیان منافشات و مشاجرات اور رنجیدگی کے نقشے کھینچے گئے ہیں وہ تمام تر ذخیرے یہاں معارضہ

کے مقام میں کام نہ دے سکیں گے اور ان کے ساتھ معارضہ پیش کرنا درست بھی نہ ہوگا۔ وجہ یہ ہے کہ فریقین (اہلِ سُنّت واہلِ تشیُّع) کے ہاں اپنی جگہ یہ قاعدہ مُسلَّم الطرفین ہے کہ جو روایت نصِ قرآنی اور سُنّتِ مشہورہ مسلّمہ کے خلاف مروی ہو اور کوئی تاویل یا تطبیق نہ ہو سکتی ہو تو وہ قابلِ رد ہوتی ہے، لائقِ تسلیم نہیں ہوتی۔ چند حوالہ جات اس قاعدہ کے متعلق ہر دو فریق کی متداولہ کتب سے ملاحظہ ہوں:

شیعی کتب سے ائمہ کرام کے فرامین

(۱) ——— جناب محمد باقرؒ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کا حجۃ الوداع والا خطبہ نقل فرماتے ہوئے حضور علیہ السلام کا ارشاد ذکر کرتے ہیں:۔

"فَإِذَا أَتَاكُمُ الْحَدِيثُ فَاعْرِضُوهُ عَلَى كِتَابِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ وَسُنَّتِي فَمَا وَافَقَ كِتَابَ اللهِ وَسُنَّتِي فَخُذُوهُ وَمَا خَالَفَ كِتَابَ اللهِ وَسُنَّتِي فَلَا تَأْخُذُوهُ"

(احتجاج طبرسی، ص ۲۲۹۔ احتجاج ابی جعفر محمد بن علی الثانی علیہما السلام فی انواع شتّٰی)

"حاصل یہ ہے کہ سیّدنا محمد باقرؒ فرماتے ہیں کہ نبی کریم علیہ السّلام نے فرمایا کہ جب تمہارے پاس کوئی حدیث پہنچے تو اس کو کتاب اللہ اور میری سُنّت پر پیش کرو۔ جو کتاب اللہ اور میری سنّت کے برخلاف ہو اس کو مت تسلیم کرو۔"

(۲) ——— مغیرہ بن سعید بڑا مکّار آدمی تھا وہ امام باقرؒ کے نام سے بے شمار جعلی روایات چلایا کرتا تھا۔ امام جعفر صادقؒ مغیرہ بن سعید کی اس تدلیس اور جعل سازی کا ذکر

کرتے ہوئے لوگوں کو بطورِ نصیحت ایک قاعدہ بیان فرماتے ہیں:

"..... فَاتَّقُوا اللهَ وَلَا تَقْبَلُوا عَلَيْنَا مَا خَالَفَ قَوْلَ رَبِّنَا وَسُنَّةَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

"یعنی اللہ تعالیٰ سے خوف کرو۔ جو چیز کتاب اللہ اور سُنّتِ نبی علیہ السّلام کے برخلاف ہو اس کو ہماری طرف منسوب کر کے مت قبول کرو۔"

(رجال کشی، تذکرہ مغیرہ بن سعید ص ۱۴۶ طبع بمبئی قدیم
" " " ص ۱۹۵، طبع جدید تہران)

شیعی کتب میں سے فرامین ائمہ کرام کے متعدد حوالہ جات ہم نے اپنی کتاب "حدیثِ ثقلین" ص۲۵۵ سے ص۲۶۰ تک مفصّل درج کیے ہیں۔ یہاں ان میں سے صرف دو حوالہ جات درج کرنے پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

(۳) ——— مزید براں یہی قاعدہ کتاب امالی شیخ صدوق ص ۲۲۱ طبع قدیم ایرانی مجلس الثامن والخمسون ۵۸ میں بھی جعفر صادق و محمد باقر کی سند سے حضرت علی المرتضیٰؓ سے منقول ہے:۔

"فَمَا وَافَقَ كِتَابَ اللهِ فَخُذُوهُ وَمَا خَالَفَ كِتَابَ اللهِ فَدَعُوهُ"

یعنی وہ بات جو کتاب اللہ کے موافق پائی جائے اس کو قبول کرو اور جو بات کتاب اللہ کے مخالف معلوم ہو اس کو چھوڑ دو۔"

(۴) ——— اور امالی شیخ ابو جعفر محمد بن حسن الطوسی کی جلد اوّل جزء التاسع کی دوسری روایت جو امام محمد باقرؒ سے منقول ہے۔ اس میں بھی ان الفاظ کے ساتھ یہی قاعدہ مذکور ہے:

"وَانْظُرُوا أَمْرَنَا وَمَا جَاءَكُمْ عَنَّا فَإِنْ وَجَدْتُمُوهُ لِلْقُرْآنِ

مُوَافِقًا فَخُذُوْهُ بِهٖ وَاِنْ لَمْ تَجِدُوْهُ مُوَافِقًا فَرُدُّوْهُ ۔

یعنی ہماری جو چیز تمہارے سامنے آئے وہ اگر قرآن مجید کے موافق پائی جائے تو اس کو اخذ کرو۔ اگر قرآن کے موافق نہیں ہے تو اس کو رد کر دو"

(امالی شیخ طوسی ص ۲۳۷، جلد اوّل، طبع عراق نجف اشرف)

اپنی کتب میں سے چند حوالہ جات

جیسا کہ شیعہ بزرگوں کے ہاں یہ قاعدہ مسلّم ہے کہ نصِّ قرآنی یا سُنّتِ مشہورہ کے خلاف جو روایت پائی جائے وہ لائقِ التفات نہیں۔ اسی طرح ہمارے ہاں بھی یہی اصول جاری ہے:

(۱)۔ — چنانچہ اصولِ فقہ کی مشہور و معتبر کتاب اصول السرخسی (مُصنّفہ شمس الائمّہ السرخسی) کے بیان وجوہ الانقطاع میں مذکور ہے کہ:

"وَذَالِكَ تَنْصِيْصٌ عَلٰى اَنَّ كُلَّ حَدِيْثٍ هُوَ مُخَالِفٌ لِكِتَابِ اللّٰهِ فَهُوَ مَرْدُوْدٌ وَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ تَكْثُرُ الْاَحَادِيْثُ لَكُمْ بَعْدِيْ فَاِذَا رُوِيَ لَكُمُ الْحَدِيْثُ فَاعْرِضُوْهُ عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَمَا وَافَقَهٗ فَاقْبَلُوْهُ وَاعْلَمُوْا اَنَّهٗ مِنِّيْ وَمَا خَالَفَهٗ فَرُدُّوْهُ وَاعْلَمُوْا اَنِّيْ بَرِيْءٌ مِنْهُ"

(اصول السرخسی، ص ۳۶۵، جلد اوّل مطبوعہ حیدر آباد دکن، فصل فی بیان وجوہ الانقطاع)

"حاصل یہ ہے کہ جو روایت کتاب اللہ کے خلاف پائی جائے وہ قابلِ ردّ ہے۔ حضور علیہ السّلام کا ارشاد ہے کہ میرے بعد تمہارے پاس

بکثرت روایات پہنچیں گی جب بھی کوئی روایت تمہارے سامنے آئے تو اس کو کتاب اللہ پر پیش کرنا۔ جو کتاب اللہ کے موافق ہو اسے قبول کر لینا۔ یقیناً اس کا انتساب میری طرف درست ہوگا۔ اور جو کتاب اللہ کے معارض و مخالف پائی جائے اس کو رد کر دینا۔ یقین کرو میں اس سے بَری ہُوں۔

(۲) — نیز اسی طرح اصولِ فقہ کی درسی کتاب "توضیح تلویح" بحث سنت فصل فی الانقطاع میں مذکورہ حدیث ذکر کرنے کے بعد لکھا ہے کہ:

"فَدَلَّ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَلٰى اَنَّ كُلَّ حَدِيْثٍ يُخَالِفُ كِتَابَ اللّٰهِ فَاِنَّهٗ لَيْسَ بِحَدِيْثِ الرَّسُوْلِ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَاِنَّمَا هُوَ مُفْتَرًى۔

"یعنی اس حدیث نے بتلا دیا کہ جس روایت میں کتاب اللہ کے خلاف مضمون وارد ہے وہ رسُول اللہ علیہ السّلام کا فرمان نہیں ہے۔ وہ خود ساختہ اور مصنُوعی چیز ہے۔

(۳) — خطیب بغدادیؒ نے کتاب الکفایہ فی علم الروایہ ص ۴۳۰ میں اس مضمون کی ایک باسند روایت حضرت ابوہریرہؓ سے نقل کی ہے:

"عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَؓ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ سَيَأْتِيْ عَنِّيْ اَحَادِيْثُ مُخْتَلِفَةٌ فَمَا جَاءَكُمْ مُوَافِقًا لِكِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَسُنَّتِيْ فَهُوَ مِنِّيْ وَمَا جَاءَكُمْ مُخَالِفًا لِكِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَسُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ"

"یعنی ابوہریرہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم سے نقل کرتے ہیں کہ حضور علیہ السّلام نے فرمایا کہ میری طرف منسوب شدہ مختلف قسم کی روایات عنقریب تمہارے پاس پہنچیں گی جو کتاب اللہ اور میری سنتِ (مشہورہ) کے مطابق ہوں وہ درست ہوں گی اور جو کتاب اللہ اور میری سُنّت کے

معارض ہوں وہ صحیح نہیں ہونگی۔

——جانبین کی ان تصریحات و توضیحات کے بعد واضح ہو گیا کہ روایات کی کتابوں میں، تواریخ میں یا فضائل و مناقب کی کتب میں کتاب و سنت کے برخلاف جو کچھ مواد پایا جاتے وہ ہرگز التفات کے قابل نہیں۔

یہ قیمتی قواعد طرفین کی کتابوں میں موجود ہیں۔ اِن پر عمل درآمد سے ہی دین و ایمان کی حفاظت اور نگہداشت ہو سکتی ہے۔ اور ملّی اتفاق و قومی اتحاد کا ہر دَور میں تقاضا بھی یہی رہا ہے کہ عملی زندگی میں ان اصول و قواعد کو ہمیشہ پیش نظر رکھا جائے تاکہ قوم باہمی انتشار و افتراق کے مرض سے مامون و محفوظ رہ سکے۔

——اِن تمہیدات کے آخر میں وہ قاعدہ بیان کر دینا بھی موزون ہے جو علمائے حدیث کے ہاں روایات کے باب میں جاری و ساری ہے جسے فاضل ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ" جلد اوّل، ص ۱۲" تذکرہ سیدنا علیؓ میں درج کیا ہے پہلے حضرت علیؓ کا فرمان درج کیا ہے پھر اس پر اپنی طرف سے ناصحانہ تشریح ثبت کی ہے۔ لکھتے ہیں:۔

"عَنْ اَبِیْ طُفَیْلٍ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ حَدِّثُوا النَّاسَ بِمَا یَعْرِفُوْنَ وَدَعُوْا مَا یُنْکِرُوْنَ اَتُحِبُّوْنَ اَنْ یُّکَذَّبَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ؟

(قَالَ الذَّهَبِیُّ) فَقَدْ زَجَرَ الْاِمَامُ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رِوَایَةِ الْمُنْکَرِ وَحَثَّ عَلَی التَّحْدِیْثِ بِالْمَشْهُوْرِ وَهٰذَا اَصْلٌ کَبِیْرٌ

ـــــــــــــــ

ؔ قولہٗ عَنْ عَلِیٍّ الخ، اہلِ علم کے فائدہ کے لیے لکھا جاتا ہے کہ حضرت علیؓ کا یہ قول کنز العمّال، ج ۵، ص ۲۴۲ (کتاب العلم من قسم الافعال آداب العلم متفرقہ طبع اوّل) میں بھی مذکور ہے۔ اور بخاری شریف جلد اوّل، ص ۲۴ (باب من خصّ بالعلم قوماً دون قوم) میں بھی درج ہے۔ مگر مجمل طور پر ہے۔ (منہ)

فِی الْکَفِّ عَنْ بَثِّ الْاَشْیَاءِ الْوَاهِیَةِ وَالْمُنْکَرَةِ مِنَ الْاَحَادِیْثِ فِی الْفَضَائِلِ وَالْعَقَائِدِ وَالرَّقَائِقِ"

(تذکرۃ الحفاظ، جلد اوّل، ص ۱۲ للذہبیؒ، مطبوعہ حیدر آباد دکن (تذکرہ حضرت علیؓ)

یعنی حضرت علی المرتضیٰؓ کا فرمان ہے کہ معروف و مشہور چیزیں بیان کیا کرو اور مُنکر یعنی معروف و مشہور کے خلاف باتیں عوام میں ذکر نہ کیا کرو۔ کیا تمہیں پسند ہے کہ اللہ اور اس کے رسول کی تکذیب کی جائے؟ فاضل ذہبی اس مرتضوی قول کی روشنی میں لکھتے ہیں کہ ہمارے امام و مقتدیٰ علی المرتضیٰ نے ہمیں شاذ و مُنکر روایات کے بیان کرنے سے سختی سے منع فرمایا ہے اور مشہور و معروف چیزوں کے بیان کرنے میں رغبت دلائی ہے اور بے سروپا و بے اصل روایات کے پھیلانے اور تشہیر کرنے سے روکنے کے لیے یہ شاندار قاعدہ بیان فرمایا ہے۔ یہ روایات خواہ عقائد سے تعلق رکھتی ہوں یا فضائل اور ترغیبات کے باب سے ہوں سب کی خاطر یہ قانون ضروری اور لازمی ہے۔"

مقاصد

تمہیدات کے بعد اب مقاصد شروع کیے جاتے ہیں۔ (بعونہٖ تعالیٰ)

اللہ جلّ وعلا شانہ نے قرآن مجید میں بہت سے مقامات پر ایمانداروں کی صفاتِ حمیدہ کا ذکر فرمایا ہے کہ ان میں اخوّت و برادری قائم ہے۔ ان میں غمخواری و محبّت کا رشتہ موجود ہے۔ ان کے قلوب میں نرمی و الفت پیدا کر دی گئی ہے۔ باہمی ولایت و دوستی جیسے خصائل سے متصف ہیں۔ آپس میں رحمدلی اور مہربانی کی شان ان میں ہمیشہ سے پائی جاتی ہے۔ رأفت و شفقت کے زیور سے آراستہ ہیں۔ خویشاوندی و یگانگت کے لباس سے مزیّن ہیں۔ غمخواری و غمگساری کے خوگر ہیں۔ پاسداری اور پاسِ خاطر کے عادی ہیں۔ خیرخواہی اور ہمدردی ان کا وطیرہ ہے۔ حق شناسی و قدردانی ان کا شعار ہے۔ خوش روئی اور خوش خوئی ان کا کام ہے۔ چنانچہ اس چیز پر ذیل کی آیات دلالت کرتی ہیں۔

آیۂ اوّل

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ فَأَصْلِحُوا بَيْنَ أَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ۝ (سورۂ حجرات، پارہ ۲۶)

ترجمۂ فارسی از شاہ ولی اللہؒ: "جز ایں نیست کہ مسلمانان برادران یکدیگر اند۔ پس صلح کنید میانِ دو برادر خویش و بترسید از خدا۔ تا بر شما رحم کردہ شود"۔ ـــ ترجمۂ اُردو از شاہ رفیع الدین محدّث دہلوی: "سوا اس کے نہیں کہ مسلمان بھائی ہیں پس اصلاح کرو درمیان دو بھائیوں اپنے کے۔ اور ڈرو

اللہ سے تو کہ تم رحم کیے جاؤ"۔

آیۂ دوم

"وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنْتُمْ أَعْدَاءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا وَكُنْتُمْ عَلَىٰ شَفَا حُفْرَةٍ مِنَ النَّارِ فَأَنْقَذَكُمْ مِنْهَا ۔ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ۝

(پارۂ چہارم پاؤ اوّل)

ترجمہ فارسی از حضرت شاہ ولی اللہؒ: "و چنگ زنید بریسنِ خدا (بدینِ خدا) جمع آمدہ و پراگندہ مشوید۔ یاد کنید نعمتِ خدا را کہ بر شما است۔ چوں بودید دشمنِ یکدیگر و بودید برکنارۂ مغاکے از آتش پس رہانید شمارا ازاں۔ ہمچنیں بیاں مے کند نشان ہائے خود را تا باشد کہ راہ یابید (یعنی تفرق در اصولِ دین حرام است کہ جمعے معتزلے باشند و جمعے شیعہ وعلیٰ ہذا القیاس)

ترجمۂ اُردو از شاہ رفیع الدینؒ: اور محکم پکڑو ساتھ رسّی اللہ کے اکٹھے۔ اور مت متفرق ہو۔ اور یاد کرو نعمت اللہ کی اُوپر تمہارے۔ جس وقت تھے تم دشمن پس الفت ڈالی درمیان دلوں تمہارے کے۔ پس ہو گئے تم ساتھ نعمت اس کی کے بھائی اور تھے تم اوپر کنارے گڑھے کے آگ سے پس چھڑا دیا تم کو اس سے۔ اس طرح بیان کرتا ہے اللہ واسطے تمہارے نشانیاں اپنی تو کہ تم راہ پاؤ"۔

شاہ عبدالقادر موضح القرآن کے فوائد میں فرماتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔

حق تعالیٰ مسلمانوں کو خبردار کرتا ہے کہ نہ بہکو اور آپس میں اتفاق کو غنیمت

سمجھو۔ اور یہود کی طرح پھوٹ کر خراب نہ ہو۔ (منہ)

آیۂ سوم

"ھُوَ الَّذِیْٓ اَیَّدَکَ بِنَصْرِہٖ وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ اَلَّفَ بَیْنَھُمْ اِنَّہٗ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ"

(پارۂ دہم پاؤ اوّل)

فارسی ترجمہ از حضرت شاہ ولی اللہ: "ہمونست آنکہ قوت داد ترا بیاری دادن خود و بمسلمانان و ہمونست آنکہ اُلفت داد میان دلہائے ایشاں۔ اگر خرچ میکردی آنچہ در زمین است ہمہ یکجا الفت نمیدادی میانِ دلہائے ایشاں ولیکن خدا اُلفت افگند میانِ ایشاں۔ ہر آئینہ وے غالب با حکمت است۔"

اردو ترجمہ از شاہ رفیع الدین: "وہی ہے جس نے قوت دی تجھ کو ساتھ مدد اپنی کے اور ساتھ مسلمانوں کے اور اُلفت ڈالی درمیان دلوں ان کے کے۔ اگر خرچ کرتا تو جو کچھ زمین میں ہے سب، نہ اُلفت ڈالتا درمیان دلوں ان کے کے، ولیکن اللہ تعالیٰ نے اُلفت ڈالی درمیان ان کے تحقیق وہ غالب ہے حکمت والا۔"

شاہ عبد القادرؒ نے موضح القرآن کے فوائد میں یہاں لکھا ہے کہ عرب کی قوم میں آگے ہمیشہ بیر رکھتے تھے اور ایک دوسرے کے خون کے پیاسے۔ پھر حضرت کے سبب سب متفق اور دوست ہو گئے

(منہ)

آیۂ چہارم

"اِنَّ الَّذِیْنَ ھَاجَرُوْا وَجَاھَدُوْا بِاَمْوَالِھِمْ وَاَنْفُسِھِمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِکَ بَعْضُھُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ"

(پارہ دہم، پاؤ اوّل کا آخر)

فارسی ترجمہ از شاہ ولی اللہ: "ہر آئینہ آنانکہ ایمان آوردند و ہجرت کردند و جہاد نمودند بمالِ خود و جانِ خود در راہِ خدا و آنانکہ جائے دادند و نصرت کردند ایں جماعت بعض ایشاں کارسازان بعض اند۔"

ترجمہ اردو از شاہ رفیع الدین: "تحقیق جو لوگ ایمان لائے اور وطن چھوڑا اور جہاد کیا ساتھ مالوں اپنے کے اور جانوں اپنی کے بیچ راہ اللہ کے اور جن لوگوں نے جگہ دی اور مدد کی بعضے ان کے دوست بعض کے ہیں اور ایک دوسرے کے رفیق ہیں۔"

آیۂ پنجم

"مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ مَعَہٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَھُمْ تَرٰھُمْ رُکَّعًا سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰہِ وَرِضْوَانًا سِیْمَاھُمْ فِیْ وُجُوْھِھِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ذٰلِکَ مَثَلُھُمْ فِی التَّوْرٰىةِ وَمَثَلُھُمْ فِی الْاِنْجِیْلِ کَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔہٗ فَاٰزَرَہٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰی عَلٰی سُوْقِہٖ یُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِیَغِیْظَ بِھِمُ الْکُفَّارَ وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْھُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِیْمًا ۝" (پارہ ۲۶۔ سورۂ فتح کا آخری رکوع)

ترجمہ فارسی از شاہ ولی اللہ: "محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پیغمبر است۔ و آنانکہ همراہ اویند سخت اند بر کافران، مہربانند درمیانِ خود، مے بینی ایشاں را رکوع کنندہ و سجدہ نمایندہ مے طلبند فضل را از خدا و خوشنودی را۔ نشانِ صلاح ایشاں در روئے ایشاں ست از اثر سجود۔ آنچہ مذکور مے شود داستانِ ایشاں ست در تورات و داستانِ ایشاں ست در انجیل۔ ایشاں مانندِ زراعت ہستند کہ بر آورد گیاہِ سبز خود را پس قوی کرد آں را پس سطبر شد پس بایستاد بر ساقہائے خود بشگفت مے آرد زراعت کنندگان را (عاقبت حال غلبۂ اسلام آنست) کہ بخشم آرد خدائے تعالیٰ بہ سبب دیدنِ ایشاں کافراں را، وعدہ دادہ است خدا آناں را کہ ایمان آوردہ اند و کارہائے شائستہ کردند ازیں اُمت آمرزش و مزد بزرگ۔

(فتح الرحمٰن)

ترجمہ اُردو از شاہ رفیع الدین: "محمد رسول اللہ کا ہے۔ اور جو لوگ ساتھ اس کے ہیں سخت ہیں اوپر کفار کے اور رحمدل ہیں درمیان اپنے۔ دیکھتا ہے تو اُن کو رکوع کرنے والے سجدہ کرنے والے۔ چاہتے ہیں فضل خدا کا اور رضامندی اس کی۔ نشانی ان کی بیچ مونہوں ان کے کے ہے اثر سجدے کے سے۔ یہ صفت ان کی بیچ توریت کے اور صفت ان کی بیچ انجیل کے جیسے کھیتی نکالے سُوئی اپنی۔ پس قوی کرے اس کو، پس موٹی ہو جاویں پس کھڑی ہو جاویں اُوپر جڑ اپنی کے۔ خوش لگتی ہے کھیتی کرنے والوں کو، تو کہ غصہ میں لاوے بہ سبب ان مسلمانوں کے کافروں کو۔ وعدہ کیا ہے اللہ نے ان لوگوں کو کہ ایمان لاتے اور کام کیے اچھے، ان میں سے بخشش اور بڑا ثواب۔

—— شاہ عبدالقادر فوائد موضح القرآن میں فرماتے ہیں کہ "جو تندی اور نرمی اپنی خو ہو وہ سب جگہ برابر چلے اور جو ایمان سے سنور کر آتے وہ تندی اپنی جگہ اور نرمی اپنی جگہ۔ ان کا بانا یعنی تہجد کی نمازوں سے صاف نیت سے چہرے پر ان کے نور ہے۔ حضرت کے اصحاب پہچانے پڑتے چہرے کے نور سے۔ اور کھیتی کی کہاوت یہ کہ اوّل ایک آدمی تھا اس دین پر پھر دو ہوتے پھر قوت بڑھتی گئی حضرتؐ کے وقت اور خلیفوں کے وقت۔ اور یہ کہ وعدہ دیا ان لوگوں کو جو ایمان لاتے اور بھلے کام کرتے ہیں۔ حضرت کے اصحاب سب ایسے ہی تھے۔ مگر خاتمے کا اندیشہ رکھا حق تعالیٰ بندوں کو ایسی خوشخبری نہیں دیتا کہ نڈر ہو جاویں۔ مالک سے اتنی شاباشی بھی غنیمت ہے۔"

(۱)

قرآن مجید میں اس مضمون کی بہت سی آیات ہیں صرف ان پنجگانہ آیات کو یہاں ذکر کیا گیا ہے۔ ان کا مفہوم اپنی جگہ واضح ہے کہ ایمان داروں میں اخوّت و برادری کا تعلق ہمیشہ سے قائم ہے اور اس رشتۂ خویشگی میں دواماً اصلاح رہنی چاہیے۔ یہ سب خشیتِ الٰہی کی وجہ سے ہو، تا کہ رحمتِ خداوندی شاملِ حال رہے۔

(۲)

ایمان والوں کو اللہ کی رسی مضبوطی سے تھامنی چاہیے اور اس احسانِ خداوندی کو کبھی فراموش نہیں کرنا چاہیے کہ ہماری دیرینہ دشمنیوں کو مالک کریم نے اُلفت میں بدل دیا اور قدیمی عداوتوں میں رفاقتوں کی صورت پیدا فرما دی ہے۔ اب سب ایک دوسرے کے بھائی بھائی نظر آتے ہیں۔ رنجیدگی اور باہمی کشیدگی کا انجام آتش کا گڑھا ہوتا ہے۔ ارحم الراحمین نے اس سے بچا لیا۔

(۳)

عام مومنوں کے بارے میں یہ عنوان چل رہا تھا۔ اب ذرا اس دائرے کو خاص کر کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایمان لانے والے مومنین کے بارے میں ارشاد ہوتا ہے اور احسان جتلایا جاتا ہے کہ اے پیغمبر ہم نے آپ کی خاص مدد کی اور ان مومنین کے ذریعہ تائید و نصرت کی ہے۔ ان مومنین کے دلوں میں الفت ڈال دی ہے۔ اگر آپ زمین کی تمام چیزیں خرچ کر ڈالتے تب بھی یہ اُلفت اور رأفت و شفقت پیدا نہیں ہو سکتی تھی۔ مالک کریم نے اپنے غلبۂ قدرت اور حکمتِ بالغہ کے ذریعہ یہ مسئلہ حل کر دیا ہے۔

(۴)

اس کے بعد مزید تخصیص فرماتے ہوئے بیان فرمایا کہ مومن جو مہاجر ہیں، مجاہد فی سبیل اللہ ہیں، اپنی جان و مال راہِ خدا میں لگا دینے والے ہیں۔ اور یہ مومن جو مہاجرین کو ٹھکانا دینے والے ہیں اور ان ہجرت کرنے والوں کی نصرت و امداد کرنے والے ہیں۔ یہ سب ایک دوسرے کے دوستدار، کارساز اور رفیقِ زندگی ہیں۔ ان کی باہمی موالات و مساوات اور غمخواری کی شہادت اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں تصریحًا بیان فرما دی ہے۔

(۵)

بعد ازاں آیتِ مختتم میں اس مضمون کو اور تفصیل کے ساتھ مالک کریم نے ارشاد فرمایا ہے کہ حضور نبی کریم رحمۃ للعالمین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی معیّت میں رہنے والے مندرجہ حضرات پاکباز و مقدّس لوگوں کی جماعت ہے۔

(۱) خدا کے دشمنوں کے حق میں سخت ہیں، ان سے دبنے والے نہیں ہیں۔

(۲) باہم مہربان اور نرم دل ہیں، ایک دوسرے سے کینہ رکھنے والے نہیں ہیں۔

(۳) عبادتِ خداوندی میں لگے رہتے ہیں۔ دنیاوی غرض اور شہرت کے لیے نہیں بلکہ

صرف رضائے الٰہی اور خوشنودئ حق ان کا مقصود و مطلوب ہے۔

ان کی پہلی دو صفات اپنے اور پرائے کے معاملات کے متعلق ہیں۔ تیسری صفت (عبادت) ان کی ذات سے متعلق ہے یعنی بڑے پرہیزگار اور باخدا لوگ ہیں۔ گویا صحابۂ کرام کو بُری باتوں سے متہم کرنا بڑی بدباطنی کی دلیل ہے اور آیتِ قرآنی کی تکذیب ہے۔

(۴) چوتھی صفت (سِیۡمَاهُمۡ ... الخ) ان کی بزرگی اور نیکی کے آثار و انوار چہروں پر نمایاں ہیں۔ شب خیز اور باخدا لوگوں کے چہروں میں جو انوار و برکات ظاہر ہوتے ہیں وہ ریاکاروں اور بدباطنوں کے چہروں میں ہرگز نہیں ہوتے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھیوں کی مذکورہ صفاتِ کاملہ صرف قرآن مجید میں ہی مذکور نہیں ہوتیں بلکہ ان کی یہ صفات سابقہ آسمانی کتب توراۃ و انجیل میں بھی درج چلی آتی ہیں۔ پھر بطورِ تمثیل بیان فرمایا کہ دینِ اسلام کی ترقی اور اہلِ دین کا غلبہ اور ارتقاء تدریج ہوگا اور ضرور ہوگا۔ پھر یہ تدریجی ترقی منتہائے کمال تک پہنچے بغیر نہ رہ سکے گی۔ اور اسلام کا ارتقائی دَور وقت کے اعتبار سے متصل بالزماں ہوگا۔ اس میں انفصال و انقطاع پیش نہ آئے گا۔ یہاں پیش کردہ مثال اور ممثل لہٗ کی مطابقت و موافقت ملحوظ رکھنے سے یہ مسائل حل ہو رہے ہیں۔ (فافہم)

آیۂ ہٰذا کے آخری حصّہ (وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ... الخ) میں اس جماعت کے حسنِ مآل اور نیک انجام کا ذکر ہے۔ اس طرح کہ پہلے اس دنیا میں ترقی کا ذکر فرمایا۔ اس کے بعد اُخروی انعامات اور آخرت کی کامیابی کو بیان کیا۔

ارشاد ہوتا ہے کہ ان مومنین صالحین کے ساتھ وعدہ ہے کہ اگر خطا سرزد ہو بھی جائے گی تو مغفرت کر دی جائے گی اور نیک اعمال پر اجر ملے گا۔ گناہ معاف ہوں گے اور نیکیاں مقبول ہوں گی۔ گویا جماعت صحابۂ کرام کے حالات کا اجمالی نقشہ

آیت ہٰذا میں اس طرح مذکور ہے کہ پہلے درجہ میں ان کے استکمالِ ایمان کا بیان ہے، پھر اُن کی کمالِ عبادت کا ذکر ہے۔ پھر ان کی اخلاصِ نیت بتائی گئی ہے۔ پھر تدریجی ترقی کی وضاحت کی ہے۔ آخر میں ان کی خیر انجامی اور حسنِ عاقبت کے متعلق وعدہ کی صورت میں اعلان کر دیا ہے۔ (ملخص از تفاسیرِ متعددہ)

(۱)

مفسرین اس آیت کے تحت لکھتے ہیں کہ:

"هٰذِهٖ صِفَةُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْ يَّكُوْنَ اَحَدُهُمْ شَدِيْدًا عَنِيْفًا عَلَى الْكُفَّارِ رَحِيْمًا بَرًّا بِالْاَخْيَارِ غَضُوْبًا عَبُوْسًا فِيْ وَجْهِ الْكَافِرِ ضَحُوْكًا بَشُوْشًا فِيْ وَجْهِ اَخِيْهِ الْمُؤْمِنِ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى "يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ غِلْظَةً۔

وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ تَوَادِّهِمْ وَتَرَاحُمِهِمْ كَمَثَلِ الْجَسَدِ الْوَاحِدِ اِذَا اشْتَكٰى مِنْهُ عُضْوٌ تَدَاعٰى لَهٗ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالْحُمّٰى وَالسَّهَرِ۔

وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهٗ بَعْضًا وَشَبَّكَ النَّبِيُّ صلى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ" (تفسیر لابن کثیر تحت الآیت ہٰذہ)

(۲)

"وَهُمَا جَمْعًا شَدِيْدٍ وَّرَحِيْمٍ وَنَحْوُهٗ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكَافِرِيْنَ وَبَلَغَ مِنْ تَشَدُّدِهِمْ عَلَى الْكُفَّارِ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَتَحَرَّزُوْنَ مِنْ ثِيَابِهِمْ اَنْ تَلْزَقَ بِثِيَابِهِمْ وَمِنْ اَبْدَانِهِمْ

اَنْ تَمَسَّ اَبْدَانَهُمْ وَبَلَغَ مِنْ تَرَحُّمِهِمْ فِيْمَا بَيْنَهُمْ اَنَّهٗ كَانَ لَا يَرٰى مُؤْمِنٌ مُّؤْمِنًا اِلَّا صَافَحَهٗ وَعَانَقَهٗ۔

(تفسیر مدارک نسفی تحت الآیہ)

(۳)

وَفِيْ وَصْفِهِمْ بِالرَّحْمَةِ بَعْدَ وَصْفِهِمْ بِالشِّدَّةِ تَكْمِيْلٌ وَاِحْتِرَاسٌ فَاِنَّهٗ لَوِ اكْتَفٰى بِالْوَصْفِ الْاَوَّلِ لَرُبَّمَا تُوُهِّمَ اَنَّ مَفْهُوْمَ الْقَيْدِ غَيْرُ مُعْتَبَرٍ فَيُتَوَهَّمُ الْفَظَاظَةُ وَالْغِلْظَةُ مُطْلَقًا فَدَفَعَ بِاِرْدَافِ الْوَصْفِ الثَّانِيْ وَمَآلُ ذَالِكَ اَنَّهُمْ مَعَ كَوْنِهِمْ اَشِدَّاءَ عَلَى الْاَعْدَاءِ رُحَمَاءُ عَلَى الْاِخْوَانِ وَنَحْوُهٗ قَوْلُهٗ تَعَالٰى اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكَافِرِيْنَ۔ (روح المعانی تحت الآیہ)

(۴)

"وَمِنْ حَقِّ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْ يُّرَاعُوْا هٰذِهِ السُّنَّةَ اَبَدًا فَيَشْتَدُّوْا عَلٰى مُخَالِفِيْهِمْ وَيَرْحَمُوْا اَهْلَ دِيْنِهِمْ۔

(تفسیر غرائب القرآن نیشاپوری تحت الآیہ)

(۵)

وَالْمُرَادُ بِالَّذِيْنَ مَعَهٗ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ مَنْ شَهِدَ الْحُدَيْبِيَّةَ وَقَالَ الْجُمْهُوْرُ جَمِيْعُ اَصْحَابِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ۔ (تفسیر "بحر المحیط" و روح المعانی)

(۱)

خلاصہ یہ کہ حضور علیہ الصلوات والتسلیم پر ایمان لانے والے اور حضورؐ کے ساتھ رہنے والے حضرات کی یہ خاص صفت ہے کہ منکرینِ اسلام پر

بڑے سخت ہیں اور نیک لوگوں کے حق میں بڑے رحیم اور مہربان ہیں۔ کافروں کے ساتھ غضبناک اور چہرہ برافروختہ رکھتے ہیں اور اپنے مسلمان بھائیوں کے ساتھ خوش چہرہ اور خندہ پیشانی کے ساتھ پیش آتے ہیں۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے دوسرے مقام پر مومنوں کو حکم دیا ہے کہ اپنے قریب والے کافروں کے ساتھ جنگ وقتال کرو اور وہ تم میں سختی اور شدت معلوم کریں۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی فرمایا ہے کہ ایمان داروں کی آپس میں شفقت کے اعتبار سے ایسی مثال ہے کہ تمام مومن ایک جسم کی طرح ہیں جسم کے ایک بازو کو تکلیف ہو تو تمام بدن بے آرام ہو جاتا ہے۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ایک مومن دوسرے مومن کے حق میں ایک بنیاد کی طرح ہے جس کا ایک حصہ دوسرے حصے کو مضبوط کیے ہوتے ہوتا ہے۔ اور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے اپنی انگلیوں کو انگلیوں میں ڈال کر مومنوں کے آپس میں ارتباط اور یگانگت کو واضح فرمایا۔

(۲)

مفسرین لکھتے ہیں حضور علیہ السلام کے صحابہ کرام میں مومنوں کے ساتھ متواضع رہنے اور کافروں کے ساتھ سخت رہنے کی صفت اس درجہ تک پہنچی ہوئی تھی کہ حضور علیہ السلام کے دور میں مومن لوگ کفار کے کپڑوں کے ساتھ اپنا کپڑا لگ جانے سے احتراز اور بچاؤ کرتے تھے۔ اور اپنے بدن کو ان کے بدن کے ساتھ مس ہو جانے سے اجتناب و پرہیز کرتے تھے۔ اور جب مومنین کی آپس میں میل ملاقات ہوتی تو ایک دوسرے کے ساتھ مصافحہ کرتے اور معانقہ کرتے یعنی بغل گیر ہوتے تھے۔

(۳)

مفسرین کہتے ہیں کہ صحابہ کرام کی یہ صفت (کہ کفار پر سخت ہیں) ذکر کرنے کے بعد پھر ان کی یہ صفت ذکر کی کہ (آپس میں مہربان ہیں) اس لیے کہ اگر صرف پہلی صفت پر اکتفاء کر دیا جاتا کہ کافروں کے حق میں سخت ہیں، تو خیال ہو سکتا تھا کہ ان میں صرف شدت وغلظت مطلقاً پائی جاتی ہے۔ اس لیے وہم کو دور کرنے کی خاطر دوسری صفت ذکر کی ہے کہ پرائے کے حق میں شدید ہیں تو اپنے کے حق میں شفیق ہیں۔ اس طرح ان اوصافِ فاضلہ کی تکمیل ہو گئی۔

(۴)

نیز مفسرین نے لکھا ہے کہ عام مسلمانوں کو بھی چاہیے کہ صحابہ کرام کی اس صفت پر عمل کرتے ہوئے مخالفینِ دین کے ساتھ سختی کا برتاؤ کریں، اور مسلمانوں کے ساتھ نرمی اور دوستداری کا سلوک رکھیں۔

(۵)

تفسیر بحر المحیط اور تفسیر روح المعانی میں واضح طور پر موجود ہے کہ جمہور علماء کے نزدیک وَالَّذِیْنَ مَعَہٗ سے صرف اہلِ حدیبیہ ہی نہیں بلکہ جمیع صحابہ کرام مُراد ہیں۔

—— آیت پنجم (والذین معہ اشداء علی الکفار رحماء بینھم الخ) کی مختصر سی تشریح پیش کی گئی ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی صفاتِ کاملہ جو آیتِ مذکورہ میں بیان کی گئی ہیں۔ ان میں سے ایک ایک وصف کے بیان کے لیے دفتروں کے دفتر تیار کیے جا سکتے ہیں۔ مگر ہمیں یہاں صرف ایک وصف (رحماء بینھم) کا مختصر سا بیان مطلوب ومقصود ہے کہ سرورِ دو عالم رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ جماعت

باہمی وصفِ رحمت کے ساتھ متّصف ہے۔ اس اَرحم الرّاحمین جلّ وعلا شانہٗ نے اپنے برگزیدہ پیغمبر (علیہ الصلوٰۃ والتسلیم) کو سراپا رحمتِ دوعالم بنا کر بھیجا ہے تو ان کے خاص شاگردوں کو، ان کے خاص خدّام کو، ان کے جاں نثاروں کو، ان کے ہر وقت میں ساتھ رہنے والوں کو اور ان کے ہر وقت کے حاضر باشوں کو بھی اس صفتِ رحمت، و شفقت، اور اُلفت و محبّت کے ساتھ متّصف فرمایا ہے۔ یہ حضرات آپس میں رحیم ہیں، باہم شفیق ہیں، ایک دوسرے کے دوست اور محبّ ہیں۔

یہ صفت دائمی تھی

پھر یہ صفتِ رحمت صرف چند ایک صحابۂ کرام کے لیے نہیں بلکہ تمام صحابۂ کرام کے لیے ہے۔ اور وہ مدّت العمر تک اس خصوصی صفت پر قائم و دائم رہے ہیں۔ جس طرح یہ حضرات کفار کے حق میں ہمیشہ ہمیشہ سخت اور شدید رہے ہیں۔ اور رکوع و سجود دائما کرتے رہے ہیں۔ "رُکّعًا سُجّدًا" کی صفت ان سے زائل نہیں ہوتی۔ اور دیگر ایمانی صفات: صوم، صلوٰۃ، زکوٰۃ، حج، جہاد فی سبیل اللہ، امر بالمعروف، نہی عن المنکر، تقویٰ، پرہیزگاری، اخلاصِ نیت وغیرہ میں بھی ان سے فروگذاشت نہیں ہوتی بلکہ اِن صفاتِ حمیدہ و خصائلِ برگزیدہ پر ہمیشہ کاربند اور عامل رہے ہیں۔ ٹھیک اسی طرح باہمی شفقت و رحمت کی صفت پر بھی ان کا عمل درآمد وقتی نہیں ہُوا ہے بلکہ دائمی رہا ہے۔

چنانچہ اس چیز کی تائید قرآنِ مجید میں موجود ہے۔ اِن ہی صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے حق میں فرمان ہوتا ہے کہ:

"وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا۔ (پارہ ۲۶۔ سورہ فتح رکوع ۳)

ترجمہ از شاہ رفیع الدّین: اور لازم کردی ان کو بات پرہیزگاری کی۔ اور تھے وہ بہت حق دار اس کے اور اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔

مُدّعائے تحریر

اس کے بعد مدعائے تحریر میں ہم ناظرین کرام پر یہ واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ مذکورہ صفت (رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ) میں بے شک تمام صحابۂ کرام شریک ہیں۔ مہاجر ہوں یا انصار، مکی ہوں یا مدنی، قریشی ہوں یا غیر قریشی، ان تمام بزرگوں کی باہمی خوش خلقی و خیر خواہی و ہمدردی و غم خواری کے واقعات سے اسلامی کتب لبریز ہیں۔ اس چیز میں کوئی خفا و اشتباہ نہیں۔ لیکن ہم اس کتاب میں خصوصی طور پر سیّدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ، اور سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے درمیان رحمت و شفقت اور اُلفت و محبّت کے واقعات مسلمانوں کے سامنے پیش کرنا چاہتے ہیں ـــــ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان حضرات اور ان کے خاندانوں کے متعلق خاص طور پر عداوت، نفرت، اختلاف، انتشار اور افتراق کو عوام میں پھیلایا گیا ہے۔ عامۃ الناس اور جاہل طبقہ میں تو بڑی کوشش سے یہ پروپگنڈا کیا جاتا ہے کہ یہ سب حضرات آپس میں مخالف تھے۔ ان کی باہمی سخت عداوت تھی اور ایک دوسرے کے حق میں جور و ظلم کو روا رکھنے والے تھے۔ اور انہوں نے ایک دوسرے کے جائز حقوق کو ضائع کر ڈالا ہے۔ خاندانِ نبوّت پر انہوں نے بڑے بڑے مظالم ڈھائے ہیں جو زبانِ بیان سے بالاتر اور دید و شنید سے بلند تر ہیں۔ لہٰذا اس صورتِ حال کی بنا پر ہم نے یہ ارادہ کیا ہے کہ:

(۱)

لوگ خلفاء اربعہ حضرات کی دشمنی اور ناچاقی اور غضبنا کی بیان کرتے ہیں ہم ان کی صلح و دوستی، اور امن و آشتی کے حالات و کوائف کو مدلل طریق سے ذکر کریں گے۔ (ان شاء اللہ العزیز)

(۲)

لوگ ان بزرگوں کی آپس میں کشیدگی، رنجیدگی، آزردگی اور آزردہ دلی کے عجیب عجیب قصے تصنیف کر کے شائع کرتے ہیں ہم ان کی باہمی خوشدلی، خورسندی، اور قرابتِ نسبی کے تعلقات پیش کریں گے۔

(۳)

لوگ اُن کی آپس میں بدخواہی، بدسلوکی، حق تلفی اور چپقلش کی داستانیں سناتے ہیں۔ ہم ان کی باہمی خیر خواہی، خیر طلبی، خوشنودی اور رضامندی و حقوق کی ادائیگی بدلائل ثابت کریں گے۔

(۴)

خلاصہ یہ ہے کہ یہ مہربان، خلفاء اربعہ کے مابین کینہ وری، خشمگینی، درشتگی، جور و ظلم اور تعدی کے فرضی قصے[1] گن گن کر ارشاد فرماتے ہیں۔ ہم انشاء اللہ العزیز ان پاک طینت

حاشیہ لہ۔ (قولنا فرضی قصے) ناظرین کی خدمت میں عرض ہے کہ اس مقام پر مناسب تھا کہ عداوت و نفرت اور ظلم و تعدی کے جو قصے انہوں نے تراش کر تیار کیے ہوئے ہیں، ان کا کچھ قلیل سا نمونہ ان لوگوں کے کلام میں سے من وعن پیش کیا جاتا، لیکن تقاضائے وقت اس کے خلاف ہے۔ اس پُر آشوب اور پُر فتن دَور میں ضرورت ہے کہ مسلمانوں کے درمیان صلح و آشتی کی فضا پیدا کی جائے، اور اخوت و برادری کی راہ ہموار کی جائے۔ نہ کہ ان کے مابین اختلافات و انتشار کی آتش کو اور بھڑکایا جائے۔ ان ملّی مفادات، قومی منافع اور ملکی مصالح کے پیش نظر ہم نے ایسے حوالہ جات پیش کرنے سے قصداً گریز کیا ہے۔

اگر خواہ مخواہ کسی صاحب کو اس پُر خار وادی کی سیر کرنے کا شوق ہے تو اس کو

بزرگوں کے متعلق باہم غمخواری، غم گساری، ہمدردی، عدل گستری، انصاف پسندی کے واقعات چن چن کر قوم کے سامنے پیش کرنا چاہتے ہیں (بعونہٖ تعالیٰ)

—— اہلِ انصاف و حق پسند طبائع ان امور پر نظرِ غائر ڈالیں گے تو حق بات خود بخود واضح ہو جائے گی۔

روایات کے ردّ و قبول کے قوانین و قواعد ہم قبل ازیں مقدمہ کتاب میں بیان

(بقیہ حاشیہ صفحہ سابق)

زیادہ ورق گردانی کرنے کی حاجت نہیں، صرف ایک دعا "صنمی قریش" کا ملاحظہ فرما لینا ہی کافی ہے۔ ان دوستوں کے ہاں بڑے بڑے مشکل مراحل حل کرنے کے لیے یہ دعا اکسیرِ اعظم ہے۔ حضرت علیؓ کی زبان سے اس کو جاری و ساری بتایا گیا ہے۔ ان کی مذہبی کتب میں متداول چلی آتی ہے۔ "صحیفہ علویہ" اور "احقاق الحق" (از قاضی نور اللہ شوشتری) وغیرہ میں موجود ہے۔ ملاحظہ فرمالیں۔ (القلیل یدل علی الکثیر)۔ اس کے علاوہ یہ عرض کر دینا بھی خالی از فائدہ نہیں ہے کہ دوستوں کی سابقہ کتب میں صحابہ کرام کے مطاعن کے لیے الگ باب قائم ہوتے تھے۔ اور اب کے دَور میں انہوں نے ترقی کر کے مطاعنِ صحابہ کی خاطر مستقل تصانیف علیحدہ شائع کرنا شروع کر دی ہیں۔ مثلاً

۱۔ کتاب "حضرت عمرؓ" ہر دو حصہ از سیّد علی حیدر بن سیّد علی اطہر شیعی مدیر جریدہ "اصلاح" کھجوا، بہار۔ ہند۔

۲۔ "آئینہ مذہب سُنّی" از ڈاکٹر نور حسین جھنگوی۔

۳۔ کتاب "ماہیّتِ معاویہ" از مولوی احمد علی صاحب کربلائی۔

۴۔ کتاب "کلیدِ مناظرہ" از تصنیف گوشہ نشین برکت علی صاحب۔ وغیرہ

(منہ)

کر چکے ہیں۔ اس دستور کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے پیش کردہ واقعات کو ملاحظہ فرما لیں۔ پس جو روایات نصوصِ قرآنی کے متعارض و متصادم ہوں ان کو متروک کر دیں اور جو نصوصِ صریحہ کے خلاف نہ ہوں ان کو تسلیم کر لیں۔ نیز عدل و انصاف کا ترازو ہاتھ میں رکھیں۔ اس طریقہ سے حق بات آپ پر مخفی نہیں رہ سکے گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

باب اوّل

فصل اوّل

حضرتِ فاروقؓ کے ساتھ علی المرتضیٰؓ کا بیعت کرنا

جس طرح "رُحماءُ بینہم" کے حصہ صدیقی میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صدیق اکبرؓ کے ساتھ تعجیلاً بیعت ذکر کی گئی ہے اور اس کے شواہد و مؤیدات عمدہ طریقہ سے بیان کر دیے گئے ہیں۔ اسی طرح یہاں (رُحماءُ بینہم کے فاروقی حصہ میں) حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیعت سیدنا عمر بن الخطابؓ کے ساتھ بیان کی جاتی ہے۔ (بعونہٖ تعالیٰ)

صدیق اکبرؓ کے انتقال سے قبل کی صورتِ حال

مسلمانوں کو معلوم ہونا چاہیے کہ جب صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا آخری وقت آپہنچا تو آنجناب نے جہاں اور مختلف وصایا و نصائح اقارب و اجانب کو فرمائے وہاں مسلمانوں کے مسئلہ خلافت کی طرف خصوصی توجہ کی۔ اسلام اور مسلمانوں کی خیر خواہی کرتے ہوئے انہوں نے یہ تدبیر کی کہ اپنا قائم مقام حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کو تجویز فرما کر حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں مسلمانوں کے سامنے ایک تحریر پیش کی اور فرمایا کہ اس تحریر میں جس شخص کو آپ لوگوں کا امیر تجویز کیا گیا ہے کیا وہ منظور ہے؟ تو تمام لوگوں نے رضامندی ظاہر کی اور خاص طور پر حضرت علیؓ نے اعلان فرما دیا کہ اگر اس میں عمر بن الخطاب کو امیر بنایا

گیا ہے تو بہتر ورنہ ان کے بغیر ہم کسی دوسرے شخص کا خلیفہ وامیر بننا تسلیم نہیں کریں گے۔ چنانچہ اُسی وقت ظاہر کر دیا گیا کہ مسلمانوں کے لیے امیر وخلیفہ حضرت عمرؓ ہی تجویز کر دیئے گئے ہیں پس تمام مسلمانوں نے اس چیز کو تسلیم کر لیا اور اس مسئلہ پر رضامند ہو گئے اور حضرت علیؓ سمیت سب لوگوں نے حضرت عمرؓ کی بیعت کر لی۔

اِس واقعہ کو متعدد علماء نے ذکر کیا ہے۔ طبقات ابن سعد تذکرہ ابی بکرؓ میں ذرا مجملاً بیان کیا گیا ہے اور ابن اثیر الجزری نے ایک سند کے ساتھ اُسد الغابہ تذکرہ عمر بن الخطاب میں واضح درج کیا ہے اور "ریاض النضرۃ" میں مُحِبّ الطبری نے اس کو ذکر کیا ہے۔ اسی طرح ابن عساکر کے حوالہ سے علامہ سیوطی نے "تاریخ الخلفاء" (فصل مرض الوفات ابوبکر الصدیقؓ) میں اور ابن حجر ہیثمی المکی نے ابن عساکر کے حوالہ سے الصواعق المحرقہ (الفصل الثانی فی استخلاف ابی بکرؓ لعمرؓ فی مرض موتہ) میں یہ واقعہ ذکر کیا ہے۔ ناظرین کرام کے اطمینان کے لیے اب واقعہ ہٰذا کی عبارت مع ترجمہ نقل کی جاتی ہے۔

(۱)

طبقات ابن سعد میں ہے:۔

"ثُمَّ اَمَرَهٗ فَخَرَجَ بِالْكِتَابِ مَخْتُوْمًا وَّمَعَهٗ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَ اُسَيْدُ بْنُ سَعِيْدِ الْقُرَظِيُّ فَقَالَ عُثْمَانُ لِلنَّاسِ اَتُبَايِعُوْنَ لِمَنْ فِيْ هٰذَا الْكِتَابِ فَقَالُوْا نَعَمْ وَقَالَ بَعْضُهُمْ (قَالَ ابْنُ سَعْدٍ عَلِيٌّ الْقَائِلُ) وَهُوَ عُمَرُ فَاَقَرُّوْا بِذٰلِكَ جَمِيْعًا وَّرَضُوْا وَبَايَعُوْا... الخ"

(طبقات ابن سعد تذکرہ ابی بکرؓ، جلد ۳ ص ۱۴۲ طبع لیدن)

خلاصہ یہ ہے کہ صدیق اکبرؓ کے حکم سے حضرت عثمانؓ ایک تحریر سربمہر کر کے (صدیقؓ کے دولت خانہ سے) باہر لائے۔ عمر بن خطاب اور

اُسید القرظی ساتھ تھے۔ لوگوں کو حضرت عثمانؓ نے صدیق اکبرؓ کی طرف سے کہا کہ اس کاغذ میں جس شخص کی تجویز ہو چکی ہے کیا اس کے حق میں بیعت کرنے کے لیے آپ تیار ہیں؟ سب حضرات نے کہا کہ ہمیں تسلیم ہے اور ہم بیعت کرتے ہیں۔ ان میں سے بعض نے کہا (کہنے والے حضرت علیؓ تھے) وہ شخص ہمیں معلوم ہو گیا ہے کہ وہ عمرؓ ہیں۔ سب لوگوں نے اس چیز کو تسلیم کر لیا اور اس پر رضامند ہو گئے اور سب نے بیعت کر لی۔"

—— اسی واقعہ کو ان الفاظ کے ساتھ مندرجہ ذیل مصنفین نے بھی لکھا ہے:

(۲)

"..... عن یسار بن حمزۃ قَالَ لَمَّا ثَقُلَ اَبُوْبَكْرٍ اَشْرَفَ عَلَى النَّاسِ مِنْ كُوَّةٍ فَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ قَدْ عَهِدْتُ عَهْدًا اَفَتَرْضَوْنَ بِهٖ فَقَالَ النَّاسُ قَدْ رَضِيْنَا يَا خَلِيْفَةَ رَسُوْلِ اللهِ فَقَالَ عَلِيٌّ لَا نَرْضٰى اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ"

(۱) اُسد الغابہ لعز الدین ابی الحسن علی بن محمد المعروف بابن اثیر الجزری۔ تذکرہ عمر بن الخطاب جلد ۴ ص ۷۰۔

(۲) ریاض النضرۃ فی مناقب العشرۃ الفصل العاشر فی خلافتہ جلد ۲ ص ۸۸۔

(۳) تاریخ الخلفاء سیوطی فصل فی مرضہ ووفاتہ ووصیتہ ص ۶۱ طبع دہلی۔

(۴) الصواعق المحرقہ لابن حجر المکی الہیتمی، الفصل الثانی فی استخلاف ابی بکر لعمر ص ۵۴، طبع مصر۔

حاصل یہ ہے کہ جب ابوبکر الصدیقؓ کے انتقال کا وقت قریب ہوا ہے تو

گھر کے دریچہ سے (لوگوں کو خطاب کرنے کے لیے) جھانکا اور فرمایا کہ (خلافت کے بارے میں) میں نے ایک عہد کیا ہے کیا تم اس پر رضامند ہوتے ہو؟ لوگوں نے جواباً عرض کیا کہ اے خلیفۂ رسولؐ ہم اس بات پر راضی ہیں! اور حضرت علی المرتضیٰؓ کہنے لگے کہ عمر بن الخطاب کے بغیر (اس معاملہ میں) ہم کسی دوسرے شخص کے حق میں راضی نہیں ہونگے۔"

حضرت علی المرتضیٰؓ کے بیانات اپنی خلافت کے دوران

سابقہ سطور میں روایات بالا حضرت صدیق اکبرؓ کے انتقال کے زمانہ میں حضرت علیؓ نے مسئلہ خلافت و امارت کے متعلق اپنا خیال ظاہر فرمایا۔ اب ہم ان کی اپنی خلافت کے دور میں جو بیانات اس مسئلہ کے بارے میں حضرت علیؓ نے دیے ہیں وہ درج کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ قارئین کرام ان کے ملاحظہ کرنے کے بعد بڑے اطمینان بخش نتائج برآمد کر سکیں گے اور کسی دور از کار تاویل کے محتاج نہیں رہیں گے۔ جبر و استبداد کی داستانیں خود ساختہ افسانوں سے زیادہ وزن نہیں رکھیں گی۔ تھوڑے سے انصاف کے ساتھ غور فرمائیں گے تو مسئلہ بڑے عمدہ طریق پر حل ہو جاتے گا۔

یہاں مقصد بالا کی خاطر تین عدد روایات پیش کی جا رہی ہیں — دو عدد اہل السنۃ والجماعت کی کتابوں سے نقل ہونگی، اور ایک عدد روایت شیعہ احباب کی معتبر کتابوں سے اخذ کی جائے گی، اور اس بحث کے آخر میں درج ہوگی، تاکہ بحث ہٰذا کی تکمیل و تتمیم کا کام دے سکے۔

(۱)

محدث ابن راہویہ (المتوفیٰ ۲۳۸ھ) کی روایت

صاحب کنز العمال نے باب کتاب الفتن میں واقعہ جمل کے تحت یہ روایت

ذکر کی ہے، اس کو مفصلاً حصہ اول صدیقی میں ہم درج کر چکے ہیں۔ یہاں مختصراً نقل کی جاتی ہے۔ اصل میں عبداللہ بن الکواء اور ابن عباد کے سوالات کے جواب میں یہ حضرت علیؓ کا کلام ہے۔ حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ:

"..... فَلَمَّا قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَظَرَ الْمُسْلِمُوْنَ فِيْ أَمْرِهِمْ فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ وَلّٰى اَبَا بَكْرٍ اَمْرَ دِيْنِهِمْ فَوَلَّوْهُ اَمْرَ دُنْيَاهُمْ فَبَايَعَهُ الْمُسْلِمُوْنَ وَبَايَعْتُهُ مَعَهُمْ فَكُنْتُ اَغْزُوْ اِذَا اَغْزَانِيْ وَاٰخُذُ اِذَا اَعْطَانِيْ ..... فَاَشَارَ لِعُمَرَ وَلَمْ يَأْلُ فَبَايَعَهُ الْمُسْلِمُوْنَ وَبَايَعْتُهُ مَعَهُمْ فَكُنْتُ اَغْزُوْ اِذَا اَغْزَانِيْ وَاٰخُذُ اِذَا اَعْطَانِيْ .... فَاَخَذَ (عبد الرحمٰن بن عوف) بِيَدِ عُثْمَانَ فَبَايَعَهُ وَلَقَدْ عَرَضَ فِيْ نَفْسِيْ عِنْدَ ذَالِكَ فَلَمَّا نَظَرْتُ فِيْ اَمْرِيْ فَاِذَا عَهْدِيْ قَدْ سَبَقَ بَيْعَتِيْ فَبَايَعْتُ وَسَلَّمْتُ وَكُنْتُ اَغْزُوْ اِذَا اَغْزَانِيْ وَاٰخُذُ اِذَا اَعْطَانِيْ ....."

(کنز العمال، کتاب الفتن تحت واقعۃ الجمل، ص ۸۲، ج ۶، طبع اول)

خلاصہ یہ ہے کہ (حضرت علیؓ فرماتے ہیں) جب سرورِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا تو مسلمانوں نے (خلافت) کے معاملہ میں غور و فکر کیا، معلوم ہوا کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے امرِ دین (یعنی نماز) کے مسئلہ میں ابوبکرؓ کو والی بنایا ہے تو دنیاوی معاملات میں بھی ابوبکرؓ کو والی مقرر کرنا چاہیے۔ پس مسلمانوں نے ابوبکرؓ کی بیعت کی تو میں نے بھی مسلمانوں کے ساتھ ان کی بیعت کی۔ پس جب وہ جہاد کے لیے مجھے کہتے تو میں جہاد

یں شریک ہوتا جب وہ مجھے عطایا و ہدایا دیتے تو میں قبول کرتا ...
...... پس ابوبکرؓ نے (آخری وقت میں) عمرؓ کے حق میں اشارہ
کیا اور اس معاملہ میں انہوں نے کوئی کوتاہی نہیں کی۔ پس مسلمانوں نے
عمرؓ بن الخطاب سے بیعت کی۔ میں نے بھی مسلمانوں کے ساتھ عمرؓ کی بیعت
کی۔ جب وہ غزوات میں مجھے طلب کرتے تو میں ان کا شریک کار ہوتا اور عطیات
وغنائم وغیرہ جب وہ مجھے عنایت کرتے تو میں ان کو قبول کرتا ....
...... (پھر حضرت عمرؓ کی چھ آدمیوں کی منتخب شدہ
کمیٹی میں میں بھی تھا اس صورت میں) عبدالرحمٰنؓ بن عوف نے عثمانؓ بن عفان
کا ہاتھ پکڑ کر بیعت کی۔ اس وقت میں اپنے دل میں غور کرنے لگا۔ میں نے
یہ فکر کیا کہ میرا عہد میری بیعت سے سبقت کر چکا ہے پس میں نے عثمانؓ
سے بیعت کی اور (معاملہ ہٰذا) ان کے سپرد کر دیا۔ جب وہ جنگی ضرورتوں
میں مجھے طلب کرتے تو غزوات میں شریک ہوتا اور جب وہ غنائم و
عطیات مجھے دیتے تو میں ان کو وصول کرتا تھا۔ ...... الخ"

(کنز العمال، ج ۶، ص ۸۲ بحوالہ ابن
راہویہ۔ طبع اول، دکن)

(۴)

محدث ابی عوانہ کی روایت

ابوطالب العشاری نے فضائل ابی بکر الصدیقؓ لکھے ہیں۔ انہوں نے اپنی سند کے
ساتھ ابوعوانہ مشہور محدث سے یہ روایت نقل کی ہے۔ یہ روایت قبل ازیں حصہ
اول (صدیقی) میں مسئلہ بیعت کی تائیدی روایات کے تحت نمبر ہفتم میں درج کی جا چکی

ہے۔ ناظرین کی تسلی کے لیے اب یہاں پھر نقل کی جاتی ہے۔

"...... حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ
بْنِ اَبِیْ بَکْرَةَ قَالَ اَتَانِیْ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ عَائِدًا فَقَالَ تُوُفِّیَ رَسُوْلُ
اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَبَایَعَ النَّاسُ اَبَا بَکْرٍؓ فَبَایَعْتُ وَرَضِیْتُ
ثُمَّ تُوُفِّیَ اَبُوْبَکْرٍؓ فَاسْتُخْلِفَ عُمَرُؓ فَبَایَعْتُ وَرَضِیْتُ ثُمَّ تُوُفِّیَ
عُمَرُؓ فَجَعَلَهَا شُوْرٰی فَبَایَعُوْا عُثْمَانَ فَبَایَعْتُ وَرَضِیْتُ"

(فضائل ابی بکر الصدیق لابی طالب العشاری مع دیگر رسائل
ثلاثیات البخاری وغیرہا۔ طبع مصر۔ مکتبۃ السلفیۃ، ملتان)

حاصل یہ ہے کہ:۔ عبدالرحمٰن بن ابی بکرة کہتے ہیں کہ میری بیمار پرسی
کے لیے (ایک دفعہ) حضرت علیؓ تشریف لائے (اس وقت بیعت خلافت
کا مسئلہ چلا) تو علی المرتضیٰؓ فرمانے لگے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا
انتقال ہوا تو لوگوں نے ابوبکرؓ کی بیعت کی۔ میں نے بھی بیعت کی اور رضامند
ہوا۔ پھر ابوبکرؓ فوت ہوئے اور عمرؓ بن الخطاب خلیفہ بنائے گئے تو میں
نے برضامندی ان کی بیعت کی۔ پھر عمر فوت ہوئے تو انہوں نے ایک مجلس
شوریٰ بنا دی پس (اہل مشورہ نے) عثمانؓ بن عفان کی بیعت کی تو میں نے
بھی عثمانؓ کی بیعت کی اور راضی ہوا"

(فضائل ابی طالب عشاری، ص ۵)

ناظرین بالتمکین کے اطمینان کے لیے ذکر کیا جاتا ہے کہ حضرت فاروق اعظمؓ نے
انتقال سے قبل حضرت علی المرتضیٰؓ کو مجوزہ مجلس شوریٰ میں اول نمبر پر خود تجویز کیا
تھا۔ اس مسئلہ کو لاتعداد محدثین و مورخین نے اپنی اپنی تصانیف میں ذکر کیا ہے۔
چنانچہ مصنف عبدالرزاق جلد پنجم ص ۴۴۷ و ۴۸۰ پر بھی منقول ہے اور اس مسئلہ کو

کتاب ہٰذا کے باب سوم فصل چہارم نمبر ۵ کے تحت ہم ان شاء اللہ تعالیٰ وضاحت سے نقل کریں گے۔

ان روایات کے بعد اب شیعہ احباب کی "معتبر تصنیف" سے اس مسئلہ کی تائید وتصدیق کے لیے حضرت علیؓ کی ایک روایت پیش کی جاتی ہے۔ اُمید ہے اس بیان کے ملاحظہ کر لینے کے بعد مزید کسی حوالہ کی حاجت نہ رہے گی۔

(۵)

"امالی شیخ طوسی کی روایت"

اس کلام کا موقعہ ومحل اس طرح ہے کہ جنگِ جمل کے بعد شکست خوردہ جماعت حضرت علیؓ کے ہاں پیش ہو کر معذرت کرنے لگی ہے حضرت علیؓ نے ان کے متکلم کو روک کر اپنا بیان شروع فرمایا۔ جو اپنے مفہوم میں واضح تر ہے۔

"...... قَالَ (علیؓ) فَبَايَعْتُمْ اَبَا بَكْرٍ وَعَدَلْتُمْ عَنِّي فَبَايَعْتُ اَبَا بَكْرٍ كَمَا بَايَعْتُمُوْهُ .... فَبَايَعْتُ عُمَرَ كَمَا بَايَعْتُمُوْهُ .... فَوَفَيْتُ لَهٗ بِبَيْعَتِهٖ حَتّٰى لَمَّا قُتِلَ جَعَلَنِيْ سَادِسَ سِتَّةٍ فَدَخَلْتُ حَيْثُ اَدْخَلَنِيْ .... فَبَايَعْتُمْ عُثْمَانَ فَبَايَعْتُهٗ ...... الخ

(امالی شیخ ابی جعفر الطوسی، جلد ثانی، ص ۱۲۱
طبع نجف اشرف، عراق)

"یعنی مجھ سے اِعراض کر کے تم نے ابوبکرؓ سے بیعت کی جس طرح تم نے ابوبکرؓ سے بیعت کی، اسی طرح میں نے بھی ان سے بیعت کی .... پھر جس طرح تم نے عمرؓ کی بیعت کی میں نے بھی اسی طرح عمرؓ

کی بیعت کی اور اس بیعت کے حقوق کو میں نے پورا کیا حتیٰ کہ جب عمرؓ پر قاتلانہ حملہ ہوا تو عمرؓ نے مجھے چھ آدمیوں (کی سب کمیٹی) میں ایک ممبر قرار دے کر شامل کیا اور میں نے شامل ہونا قبول کر لیا .... پس تم نے عثمانؓ بن عفان کی بیعت کی تو میں نے بھی عثمانؓ کی بیعت کی ..... الخ"

[امالی شیخ ابی جعفر محمد بن الحسن الطوسی المتوفی ۴۶۰ھ
المعروف شیخ الطائفہ، ج ۲، ص ۱۲۱ (جزء ثامن عشر)
طبع نجف اشرف - عراق]

مندرجہ بالا روایات کے فوائد ونتائج

۱ - حضرت صدیق اکبرؓ کی طرف سے خلافت کے مسئلہ میں جو انتخاب ہوا تھا اس معاملہ میں حضرت علیؓ موجود تھے اور اس صدیقی تجویز پر راضی تھے۔

۲ - حضرت علی المرتضیٰ حضرت عثمانؓ کی خلافت پر غور وفکر کرنے کے بعد رضامند ہوتے تھے اور بیعت کر لی تھی۔

۳ - نیز واضح ہوا کہ حضرت علیؓ حضرت عمرؓ کے ساتھ بیعت کرنے کے بعد خلافت فاروقی کے جنگی معاملات میں بھی شریکِ کار رہتے تھے اور مالِ غنیمت وغیرہ کی آمدن سے اپنا حصہ لیتے تھے۔

۴ - اور ان مرتضوی بیانات سے معلوم ہوا کہ جس طرح اور تمام مسلمانوں نے بخوشی اور برضاء ورغبت بیعت کی تھی اسی طرح حضرت علیؓ نے حضرت عمر فاروقؓ کے ساتھ بغیر جبر واکراہ کے بخوشی بیعت کی تھی۔

۵ - نیز ان روایات سے ثابت ہو رہا ہے کہ حضرت علیؓ حضرت عمرؓ کے نزدیک نہایت معتمد علیہ اور لائقِ خلافت بزرگ تھے۔ اسی بنا پر چھ افراد کی مجوزہ کمیٹی میں ان کو نمبر اول میں

لیا گیا۔ پھر حضرت عمرؓ حضرت علیؓ کے نزدیک راست کار، صحیح العمل، حق پسند وحق پرست خلیفہ تھے کہ انہوں نے منتخب کمیٹی میں شامل ہونا بخوشی پسند کیا اور ان کے ساتھ عہد و پیمان کو تمام کرتے ہوئے ان کے فیصلہ کو برضامندی قبول کیا۔

——— مندرجہ بالا روایات و واقعات بہ بانگِ دُہل تبلا رہے ہیں کہ یہ بزرگانِ دین آپس میں متفق العقیدہ تھے، متحد العمل تھے، باہم شفیق و رفیق تھے۔ ان حضرات کے درمیان کوئی عداوت و بغاوت نہ تھی اور لوگوں نے نزاعات و اختلافات کے جو افسانے ان کے مابین پھیلا رکھے ہیں وہ سب بے اصل و بے بنیاد ہیں۔

——— فصل ثانی ———

حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مختلف فضائل و متفرق مناقب جو سیدنا علی المرتضیٰؓ سے مروی و منقول ہیں ان کو چند عنوانات کی شکل میں یہاں ہم درج کر رہے ہیں اور آخری عنوان میں حضرت علیؓ کے فضائل جو حضرت عمر فاروقؓ سے مذکور ہیں ان کو نقل کیا جائے گا۔

یہ ایک ایک فضیلت و منقبت مستقل باب کی حیثیت رکھتی ہے لیکن طوالتِ مضمون سے اجتناب کرتے ہوئے یہ سب چیزیں ایک فصل میں جمع کر دی ہیں۔

اِس طریقہ سے جانبین کے فضائل جو ایک دوسرے سے مروی ہیں ایک فصل میں مجتمعاً ناظرین کے سامنے آسکیں گے اور دونوں جانب کے مضامین پر نظر غائر کرنے والے احباب باہمی اتحاد و اتفاق کا مسئلہ بڑے سہل طریقہ سے اخذ کر لیں گے۔

نیز ان حضرات کے آپس میں افتراق و انتشار کی داستانوں کا جواب خود پیدا کر سکیں گے۔

(۱)

عنوانِ اوّل

اب یہاں فاروقِ اعظمؓ کی وہ منقبت بیان کی جاتی ہے جو حضرت علیؓ سے بصورتِ القاب و اسماء منقول ہے۔ مختلف مواقع میں جو اسماء آپ نے بیان فرماتے ہیں۔ ان میں سے چند ایک یہاں ذکر کیے جاتے ہیں۔

۱۔ رَجُلِ مُبارک

فاضل شعبی نے ذکر کیا ہے جب حضرت عثمانؓ بن عفان کی شہادت ہوئی ہے تو لوگ دوڑ کر حضرت علیؓ کے پاس بیعت کے لیے پہنچے، اس وقت حضرت علیؓ نے فرمایا کہ:-

"لَا تَعْجَلُوا فَإِنَّ عُمَرَ كَانَ رَجُلًا مُبَارَكًا وَقَدْ اَوْصٰى بِهَا شُوْرٰى فَامْهِلُوا يَجْتَمِعُ النَّاسُ وَيَتَشَاوَرُوْنَ"

"(فرمایا) کہ (اس مسئلہ میں) جلدی نہ کرو کیونکہ عمر بن الخطّاب بڑے بابرکت آدمی تھے۔ انہوں نے ایک مجلسِ شوریٰ بنا کر وصیّت کی تھی (یعنی مسئلہ خلافت کو جلدی سے نہیں طے کیا تھا) پس تم بھی مہلت سے کام لو۔ اور لوگ جمع ہو کر مشورہ سے اس کو سرانجام دیں۔"

(تاریخ ابن جریر طبری کامل، جلد ۵، ص ۱۵۶۔ تحت سنۃ ۳۵ھ۔ طبع مصر قدیم)

۲۔ نجیبِ اُمّت

...... عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَلِيْلٍ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُوْلُ اُعْطِيَ كُلُّ نَبِيٍّ سَبْعَةَ نُجَبَاءَ مِنْ اُمَّتِهٖ وَ اُعْطِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعَةَ عَشَرَ نَجِيْبًا مِنْ اُمَّتِهٖ مِنْهُمْ اَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ

رَضِیَ اللّٰہُ عَنۡہُمۡ "

یعنی "عبداللہ بن حلیل نے حضرت علیؓ سے سُنا آپ فرماتے تھے کہ ہر نبی کو اس کی اُمّت میں سے سات عدد نجیب (یعنی مخلص و شریف) افراد عطا کیے گئے اور حضور علیہ السّلام کی ذات گرامی کو اپنی اُمّت سے چودہ عدد نجباء (یعنی شرفاء و مخلصین) عنایت فرمائے گئے ہیں، ان میں ابوبکرؓ و عمرؓ ہیں"۔

(۱) مُسند احمد، مُسندات حضرت علیؓ، ج ۱، ص ۱۴۲، طبع مصر معہ منتخب کنز۔

(۲) ترمذی شریف ابواب المناقب۔ باب مناقب اہل البیت، ص ۵۴۱۔ اصح المطابع لکھنؤ (ہند)

(۳) حلیۃ الاولیاء ابونعیم اصفہانی، ج ۱، ص ۱۲۸۔

۳۔ فاروق حق و باطل میں فرق کرنے والے تھے

"...... عن نزال بن السبرۃ الہلالی قَالَ وَافَقۡنَا مِنۡ عَلِیّ بۡنِ اَبِیۡ طَالِبٍ ذَاتَ یَوۡمٍ طِیۡبِ نَفۡسٍ فَقُلۡنَا یَا اَمِیۡرَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ حَدِّثۡنَا عَنۡ عُمَرَ بۡنِ الۡخَطَّابِ قَالَ ذَاکَ اِمۡرُؤٌ سَمَّاہُ اللّٰہُ الۡفَارُوۡقَ فَرَّقَ بَیۡنَ الۡحَقِّ وَالۡبَاطِلِ سَمِعۡتُ رَسُوۡلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ اَللّٰہُمَّ اَعِزَّ الۡاِسۡلَامَ بِعُمَرَؓ "۔

"...... نزال کہتا ہے کہ ایک روز ہم حضرت علیؓ سے ملے حضرت خوشی و مُسرّت کی حالت میں تھے۔ ہم نے عرض کیا کہ اے امیر المومنین! عمرؓ بن الخطاب کے متعلق کچھ حال بیان فرمائیے۔ انہوں نے فرمایا عمرؓ بن الخطاب وہ بزرگ تھے جن کا نام اللہ تعالیٰ نے فاروق (حق و باطل میں فرق کرنے والا) رکھا ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے سُنا کہ آپؐ فرماتے تھے اے اللہ! عمرؓ کے ذریعہ اسلام کو عزت اور غلبہ عطا فرما"۔

(۱) تاریخ عمر بن الخطابؓ للشیخ ابی الفرج عبدالرحمٰن بن علی بن محمد ابن الجوزی المتوفی ۵۹۷ھ۔ طبع مصر۔

(۲) ریاض النضرہ لمحب الطبری جلد اوّل، ص ۲۴۶۔ الفصل الثانی من الباب الثانی۔ طبع مصر بحوالہ ابن السمان

۴۔ خلیل و صدیق، مخلص و ناصح

"...... حَدَّثَنَا اَبُوۡ مُعَاوِیَۃَ عَنۡ خَلَفِ بۡنِ حَوۡشَبٍ عَنۡ اَبِی السَّفَرِ قَالَ رُاِیَ عَلٰی عَلِیٍّ بُرۡدٌ کَانَ یُکۡثِرُ لُبۡسَہٗ فَقِیۡلَ لَہٗ اِنَّکَ لَتُکۡثِرُ لُبۡسَ ھٰذَا الۡبُرۡدِ فَقَالَ اِنَّہٗ کَسَانِیۡہِ خَلِیۡلِیۡ وَصَفِیَّتِیۡ وَصِدِّیۡقِیۡ وَخَاصَّتِیۡ عُمَرُؓ اِنَّ عُمَرَ نَاصَحَ اللّٰہَ فَنَصَحَہٗ ثُمَّ بَکٰی "۔

(حاصل یہ ہے) "حضرت علیؓ ایک چادر اکثر اوقات استعمال کرتے تھے، آپ کو عرض کیا گیا (کیا مصلحت ہے؟) آپ اس چادر کو بہت دفعہ استعمال فرماتے ہیں۔ فرمایا کہ یہ میرے مخلص و مہربان خصوصی دوست عمر بن الخطابؓ نے مجھے پہنائی تھی۔ بیشک عمر اللہ کے دین کی خیر خواہی کرنے والے تھے پس اللہ نے ان کی خیر خواہی کی۔ پھر حضرت علیؓ رونے لگے"۔

(المصنّف لابن ابی شیبہ جلد چہارم (قلمی۔ پیر جھنڈا۔ سندھ) تحت باب ما ذکر فی فضل عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ ص ۱۶۹)

القویّ الامین کا خطاب

تاریخ ابن جریر طبری میں مذکور ہے کہ:

"...... عن ابی بکر العبسی قَالَ دَخَلۡتُ حَیۡرَ الصَّدَقَۃِ مَعَ عُمَرَ بۡنِ الۡخَطَّابِ وَعَلِیِّ بۡنِ اَبِیۡ طَالِبٍ قَالَ فَجَلَسَ عُثۡمَانُ فِی الظِّلِّ

يَكْتُبُ فَقَامَ عَلِيٌّ عَلَى رَأْسِهِ يُمْلِي عَلَيْهِ مَا يَقُولُ عُمَرُ وَعُمَرُ فِي الشَّمْسِ قَائِمٌ فِي يَوْمٍ حَارٍّ شَدِيدِ الْحَرِّ عَلَيْهِ بُرْدَانِ أَسْوَدَانِ مُتَّزِرًا بِوَاحِدٍ وَقَدْ لَفَّ عَلَى رَأْسِهِ آخَرَ۔ يَعُدُّ إِبِلَ الصَّدَقَةِ يَكْتُبُ أَلْوَانَهَا وَأَسْنَانَهَا فَقَالَ عَلِيٌّ لِعُثْمَانَ وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ نَعَتَ بِنْتُ شُعَيْبٍ (عليه السلام) فِي كِتَابِ اللّٰهِ يَا أَبَتِ اسْتَأْجِرْهُ إِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَأْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْأَمِينُ ثُمَّ أَشَارَ عَلِيٌّ بِيَدِهٖ إِلَى عُمَرَ فَقَالَ هٰذَا الْقَوِيُّ الْأَمِينُ"

ماحصل روایت یہ ہے کہ

"ابوبکر عبسی کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ و حضرت علیؓ کے ساتھ میں صدقہ کے اونٹوں کے باڑے میں داخل ہوا (اور حضرت عثمانؓ بھی پہنچے) حضرت عثمانؓ سایہ میں بیٹھ گئے اونٹوں کے کوائف اور تعداد تحریر کرنی تھی حضرت عمرؓ خود اونٹوں کے پاس جاکر دھوپ اور سخت گرمی میں کھڑے ہو گئے انہوں نے اپنے اوپر سیاہی مائل دو چادریں کی ہوئی تھیں۔ ایک کی تہبند باندھ رکھی تھی دوسری چادر سے سر ڈھانپے ہوئے تھے۔ صدقہ کے اونٹوں کا شمار کر کے ان کے رنگ اور ان کی عمر بیان کرتے جاتے تھے ادھر علی المرتضیٰؓ حضرت عثمانؓ کو لکھوا دیتے تھے (اس دوران میں) میں نے سنا کہ حضرت علیؓ حضرت عثمانؓ کو کہہ رہے ہیں کہ قرآن مجید میں شعیب علیہ السلام کی لڑکی نے اپنے باپ سے کہا تھا کہ (اے باپ اس شخص کو اجرت پر رکھ لیں جن کو آپ اجرت پر رکھیں گے ان میں سے بہترین یہ شخص قوی اور امین ہے)۔ یہ بات کرنے کے بعد حضرت علیؓ نے اپنے ہاتھ سے حضرت عمرؓ کی طرف اشارہ کر کے کہا کہ یہ شخص قوی بھی ہے اور امین بھی ہے۔"

(۱) تاریخ الامم والملوک لابن جریر الطبری، ج ۵، ص ۱۸۔
تحت سنۃ ۲۳ھ۔ طبع قدیم، مصر۔

(۲) التاریخ الکامل لابن اثیر الجزری، جلد ۳۔ ص ۲۹
ذکر بعض سیرۃ عمرؓ۔ طبع مصر۔

(۳) ریاض النضرۃ فی مناقب العشرۃ المبشرۃ، ج ۲ ص ۸۳
باب ذکر محافظتہ علی مال المسلمین۔ از محب الطبری

امام ہدایت، راشد، مرشد، مصلح، منجح

طبقات ابن سعد میں ہے کہ:

"...... سُئِلَ عَلِيٌّ عَنْ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ فَقَالَ كَانَا إِمَامَيْ هُدًى رَاشِدَيْنِ مُرْشِدَيْنِ مُصْلِحَيْنِ مُنْجِحَيْنِ خَرَجَا مِنَ الدُّنْيَا خَمِيصَيْنِ"

یعنی حضرت علیؓ سے حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ کے حق میں سوال کیا گیا جواب میں فرمایا کہ یہ دونوں حضرات رشد و ہدایت کے امام تھے (قوم کے) رہنما اور مصلح تھے (امت کو) کامیاب کرنے والے تھے۔ اس دنیا سے فقر و فاقہ کی حالت میں رخصت ہوئے (یعنی طمع و لالچ کی خاطر مال فراہم نہیں کیا)"

(۱) طبقات ابن سعد جلد ثالث قسم اول، ص ۱۴۹۔
تذکرہ ابی بکر الصدیق۔

(۲) سیرت عمر بن الخطاب للشیخ ابی الفرج عبدالرحمٰن
ابن الجوزی، المتوفی ۵۹۷ھ، ص ۳۱۔ طبع مصر

نوٹ: طبقات ابن سعد کی روایت کے مفہوماً و معنیً قریب روایت ابن جوزی نے ذکر کی ہے۔ عبارت بالا طبقات ابن سعد کے الفاظ میں مذکور ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ

"عنوان ثانی" کے تحت چند ایک روایات نقل کی ہیں جو حضرت علیؓ سے مروی ہیں۔ اس نوع کی روایات بہت سی دستیاب ہو سکتی ہیں۔ یہ بطور نمونہ ذکر کر دی ہیں۔ اور یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت علیؓ المرتضیٰ کے نزدیک سیدنا فاروق اعظمؓ

- گوناگوں فضائل و مناقب کی اہلیت رکھتے تھے۔
- کئی قسم کی عظمتوں کے مستحق تھے۔
- بے حد تعریفوں کے لائق تھے۔
- لاتعداد فضیلتوں کے مالک تھے۔
- ان گنت خوبیوں کے حامل تھے۔
- بے شمار مدائح و محامد میں کامل تھے۔

یہ تمام چیزیں ان کے باہمی اتحاد و اتفاق کی بیّن علامات ہیں جو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے تاریخ کے اوراق پر درخشندہ و تابندہ رہیں گی۔

۲

عنوانِ دوم

عنوان ہٰذا میں یہ ذکر کیا جاتا ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے حضرت فاروق اعظمؓ کو کمالِ تقویٰ کی ترغیب دی ہے اور سابق خلیفہ کی پیروی کی طرف توجہ دلاتی ہے۔

چنانچہ حنفی علماء کی مشہور و معروف کتاب "کتاب الخراج" لامام ابی یوسفؒ کے اوائل میں بعبارتِ ذیل یہ واقعہ درج ہے اور "کنز العمّال" میں بحوالہ بیہقی یحییٰ بن عقیل حضرت علیؓ سے ناقل ہیں۔

— قَالَ اَبُوْ يُوْسُفَ سَمِعْتُ اَبَا حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى يَقُوْلُ قَالَ عَلِيٌّ لِعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا حِيْنَ اُسْتُخْلِفَ اِنْ اَرَدْتَ اَنْ

تَلْحَقَ صَاحِبَيْكَ فَارْقَعِ الْقَمِيْصَ وَنَكِّسِ الْاِزَارَ وَاخْصِفِ النَّعْلَ وَارْقَعِ الْخُفَّ وَقَصِّرِ الْاَمَلَ وَكُلْ دُوْنَ الشِّبَعِ "

"یعنی ابو یوسفؒ نے امام ابو حنیفہؒ سے سنا وہ فرماتے تھے کہ جب حضرت عمرؓ خلیفہ بنائے گئے تو اُس وقت حضرت علیؓ نے ترغیب و تلقین کرتے ہوئے حضرت عمرؓ کو کہا کہ اگر آپ اپنے دونوں سابق رفقاء کے ساتھ (تقویٰ کے اعتبار سے) ملنا چاہتے ہیں تو اپنی قمیص کو پیوند لگائیے۔ اپنی چادر اٹھا رکھیے اور اپنے جوتے و موزے کو پیوند لگائیے۔ (دنیاوی) امیدیں کم کر دیجیے اور سیر ہو کر کھانا نہ کھائیے۔"

(۱) کتاب الخراج لامام ابی یوسفؒ ص ۱۵۔ طبع مصر

(۲) کنز العمّال (ھب) یعنی بحوالہ شعب الایمان بیہقی، ج ۸ ص ۲۱۹۔ روایت ۳۵۳۶۔ طبع اوّل دکن۔

فوائد حوالہ ہٰذا

(۱) پہلی یہ چیز ثابت ہوئی اور حضرت علیؓ کے ذریعہ اس کی توثیق ہوئی کہ صدیق اکبر تارک الدنیا اور متّقی بزرگ تھے۔

(۲) دوسری چیز یہ واضح ہوئی کہ حضرت علیؓ کے نزدیک خلیفہ اوّل قابلِ تقلید بزرگ تھے۔

(۳) تیسری یہ چیز معلوم ہوئی کہ حضرت علیؓ نے فاروق اعظمؓ کے حق میں یہ خیر خواہانہ کلام کیا ہے جو ان کے باہمی روابط و تعلقات کی نشاندہی کرتا ہے۔

(۳)

عنوانِ سوم

ابن الجوزیؒ نے سیرۃ عمر بن الخطاب الباب الخمسون فی ذکر خوفہ من اللہ تعالیٰ میں ایک

واقعہ (جو علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے) ذکر کیا ہے۔ پہلے عربی عبارت میں پیش خدمت ہے۔

عَنْ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ رَاَیْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ عَلٰی قَتَبٍ یَعْدُوْ فَقُلْتُ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَیْنَ تَذْھَبُ؟ فَقَالَ نَدَّ بَعِیْرٌ مِنْ اِبِلِ الصَّدَقَۃِ اَطْلُبُہٗ فَقُلْتُ لَقَدْ اَذْلَلْتَ الْخُلَفَاءَ بَعْدَکَ فَقَالَ یَا اَبَا الْحَسَنِ، لَا تَلُمْنِیْ فَوَالَّذِیْ بَعَثَ مُحَمَّدًا بِالنُّبُوَّۃِ لَوْ اَنَّ عَنَاقًا ذَھَبَتْ بِشَاطِئِ الْفُرَاتِ لَاُخِذَ بِھَا عُمَرُ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ۔"

"حاصل یہ ہے کہ (خلافتِ فاروقی کے دوران) حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ سواری پر سوار ہو کر دوڑاتے جا رہے ہیں دریافت کرنے لگے۔ اے امیر المومنین کہاں تشریف لے جا رہے ہیں؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ (بیت المال کے اموال میں سے) صدقہ کا ایک اونٹ فرار ہو گیا ہے اس کی تلاش کرنے جا رہا ہوں (یہ سُنکر) حضرت علی رضی اللہ عنہ فرمانے لگے "آپ نے اپنے بعد کے خلفاء اور قائم مقام لوگوں کو مذلّت اور مشقت میں ڈال دیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے ابو الحسن (یہ چیز) قابلِ ملامت نہیں ہے، اُس ذات کی قسم جس نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو رسالت و نبوّت عطا کی۔ اگر بکری کا ایک بچہ بھی فرات کے کنارے جا کر گم ہو جائے تو قیامت کے روز اس کی بھی عمر رضی اللہ عنہ سے باز پرس ہو گی۔"

(۱) سیرۃ عمر بن الخطاب ابن جوزی ص ۸۰ طبع مصر۔

(۲) البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۱۳۶۔

خلاصہ یہ ہے کہ:

—— حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف سے تصدیق و توثیق ہو رہی ہے کہ بیت المال کے اموال و صدقات کے مویشیوں تک کی نگرانی بعض دفعہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ خود کیا کرتے تھے اور اس میں کوتاہی نہیں ہونے دیتے تھے۔

—— حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی کمال دیانتداری کو قوم کے سامنے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نشر کیا ہے۔

—— اور یہ بھی بیان کیا کہ قیامت کے معاملات کے متعلق حضرت عمر رضی اللہ عنہ کس قدر خائف رہتے تھے۔

—— یہ باہمی دوستانہ کلام اور خیر خواہانہ گفتگو ایک دوسرے کے ساتھ روابط پر دلالت کرتی ہے۔

(۴)

عنوان چہارم

عنوانِ ہٰذا میں ذکر ہو گا کہ خلیفۂ ثانی حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت و کردار اور ان کی خلافت کے اُمورِ انتظامیہ سب کے سب حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے نزدیک درست تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی کارکردگی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے نزدیک صحیح تھی۔ خلافتِ فاروقی کی کارگزاریاں من وعن ٹھیک تھیں۔

یہ مضمون اسلامی روایات، فقہ اور تاریخ کی معتبر کتابوں میں موجود ہے۔ ہم ناظرین کرام کے سامنے چند ایک حوالہ جات اس مضمون پر پیش کرنا چاہتے ہیں۔

سیرتِ مرتضوی سیرتِ فاروقی کے موافق تھی

اُمّت کے اکابر علماء نے ذکر کیا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلافت کا انتظامی کاروبار حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی خلافت کی طرح جاری تھا اور ان دونوں بزرگوں کی سیرت ایک دوسرے کے مشابہ تھی یحییٰ بن آدم القرشی المتوفی ۲۰۳ھ نے کتاب الخراج میں لکھا ہے کہ

—— "قَالَ حَدَّثَنَا یَحْیٰی قَالَ ثَنَا شَرِیْکٌ عَنْ زُبَیْدٍ کَانَ عَلِیٌّ یُشْبِہُ بِعُمَرَ یَعْنِیْ فِی السِّیْرَۃِ۔"

"یعنی شریک نے زُبَید سے نقل کیا ہے کہ حضرت علیؓ کی سیرت حضرت عمرؓ کی سیرت سے مشابہ تھی (ان کی خلافت کا کاروبار فاروقی خلافت کے انتظام کے مطابق چلتا تھا)۔

کتاب الخراج یحییٰ بن آدم، ص ۴۲ - طبع مصر

مزید برآں اس سلسلہ میں یہ چیز بھی حضرت علیؓ سے منقول ہے کہ جب حضرت علیؓ کوفہ میں تشریف لائے ہیں اس وقت فرمایا کہ جن چیزوں کو حضرت عمرؓ نے سربستہ کر دیا ہے میں ان کی کشائش نہیں کروں گا۔

چنانچہ شعبیؒ نے حضرت علیؓ سے نقل کیا ہے۔

"...... ثنا ابو معاویۃ عن حجاج عمن اخبرہ عن الشعبی قَالَ قَالَ عَلِیٌّ حِیْنَ قَدِمَ الْکُوْفَۃَ مَا کُنْتُ لِاُحِلَّ عُقْدَۃً شَدَّھَا عُمَرُؓ"

مطلب یہ ہے کہ حضرت علیؓ جب کوفہ میں تشریف لائے تو فرمایا کہ جو گرہ عمرؓ نے لگا دی ہیں اس کو نہیں کھولوں گا (یعنی جو کام عمرؓ نے سرانجام دیے ہیں ان میں میں تبدیلی نہیں کرونگا۔"

(۱) کتاب الخراج یحییٰ بن آدم، ص ۴۲ طبع مصر

(۲) کتاب الاموال لابی عبید قاسم بن سلام المتوفی ۲۲۴ھ ص ۲۳۲ - روایت ۶۴۸ - طبع مصر

حضرت فاروق اعظمؓ، حضرت علیؓ کے نزدیک رشید الامر تھے یعنی صحیح الرائے تھے

گذشتہ مندرجات سے معلوم ہوا کہ ان دونوں بزرگوں کی انتظامی کارکردگی ایک دوسرے کے موافق تھی۔ حضرت شیرِ خداؓ نے اپنی عملی زندگی میں حضرت فاروقِ اعظمؓ کے خلاف بالکل نہیں

کیا۔ یہ چیز ان کے باہمی متحد العمل ہونے کی بڑی عمدہ تصدیق و توثیق ہے۔

اب یہ ذکر کیا جاتا ہے کہ حضرت علیؓ نے حضرت عمرؓ کو (معاملاتِ خلافت میں پختگی اور امورِ انتظامیہ میں درستگی کے پیشِ نظر) رشید الامر کا خطاب دیا ہے جیسا کہ حوالہ جات ذیل میں مندرج ہے۔ امام بخاری نے تاریخ الکبیر میں اور یحییٰ بن آدم نے کتاب الخراج میں اس کو ذکر کیا ہے۔ عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

..... عَنْ عَبْدِ خَیْرٍ سَمِعَ عَلِیًّا یَقُوْلُ اِنَّ عُمَرَ کَانَ مُوَفَّقًا رَشِیْدًا فِی الْاُمُوْرِ وَاللّٰہِ لَا اُغَیِّرُ شَیْئًا صَنَعَہٗ عُمَرُؓ۔"

(۱) تاریخ کبیر بخاری ج ۴ ق ۲، ص ۱۴۵ طبع دکن۔

(۲) کتاب الخراج یحییٰ ابن آدم، ص ۲۳ طبع مصر

یعنی عبد خیر کہتا ہے کہ میں نے حضرت علیؓ سے سنا۔ آپ فرماتے تھے کہ عمرؓ بن الخطاب بہتر توفیق دیئے گئے تھے اور اُمور (خلافت) میں درست فیصلہ کرنے والے اور صحیح معاملہ فہم تھے اللہ کی قسم جو کام عمرؓ نے کر دیے ہیں ان کو میں تبدیل نہیں کروں گا۔"

چنانچہ ایک دفعہ نجران کے عیسائیوں کا ایک وفد حضرت علیؓ کی خدمت میں پیش ہوا جس کی تفصیل ذیل میں درج کی جا رہی ہے) اس وقت حضرت علیؓ نے حضرت عمرؓ کو رُشید الامر (یعنی ٹھیک معاملہ کرنے والا) اور صحیح الرائے کے خطاب سے یاد کیا ہے۔

عن الاعمش عن سالم بن ابی الجعد قَالَ کَانَ اَھْلُ نَجْرَانَ بَلَغُوْا اَرْبَعِیْنَ اَلْفًا وَکَانَ عُمَرُؓ یَخَافُھُمْ اَنْ یَّمِیْلُوْا عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ فَتَحَاسَدُوْا بَیْنَھُمْ فَاَتَوْا عُمَرَ قَالُوْا اِنَّا قَدْ تَحَاسَدْنَا بَیْنَنَا فَاَجْلِنَا وَکَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَدْ کَتَبَ لَھُمْ کِتَابًا اَنْ لَا یُجْلَوْا فَاغْتَنَمَھَا عُمَرُؓ فَاَجْلَاھُمْ فَنَدِمُوْا فَاَتَوْہُ فَقَالُوْا اَقِلْنَا فَاَبٰی

اَنْ یُقْتِلَہُمْ فَلَمَّا وَلِیَ عَلِیٌّ اَتَوْہُ فَقَالُوْا اِنَّا نَسْئَلُکَ بِخَطِّ یَمِیْنِکَ وَ شَفَاعَتِکَ عِنْدَ نَبِیِّکَ اَلاَّ اَقَلْتَنَا فَاَبٰی وَقَالَ وَیْحَکُمْ اَنَّ عُمَرَ کَانَ رَشِیْدَ الْاَمْرِ فَلَا اُغَیِّرُ شَیْئًا صَنَعَہٗ عُمَرُ قَالَ سَالِمٌ فَکَانُوْا یَرَوْنَ اَنَّ عَلِیًّا لَوْ کَانَ طَاعِنًا عَلٰی عُمَرَ فِیْ شَیْءٍ مِنْ اَمْرِہٖ طَعَنَ فِیْ اَھْلِ نَجْرَانَ ۔"

حاصل واقعہ ہٰذا یہ ہے کہ

"نجران کے عیسائی لوگ قریباً چالیس ہزار افراد تھے۔ ان کا آپس میں تحاسد و تعانُد و تخالُف پیدا ہو گیا تھا۔ عمر بن الخطاب کی خدمت میں پہنچ کر انہوں نے عرض کیا کہ ہمارا اس علاقہ سے اجلاء (یعنی انتقالِ وطن) کر دیا جائے۔ حضرت عمرؓ کو مسلمانوں کے حق میں ان لوگوں سے خطرہ و خوف لاحق تھا (انہوں نے بہت کچھ اسلحہ اور گھوڑے جمع کر لیے تھے) امیر المؤمنین عمرؓ نے اس موقعہ کو غنیمت سمجھ کر فوراً ترکِ وطن کا حکم دے دیا (یعنی نجرانِ یمن سے ان کو "نجرانِ عراق" کی طرف منتقلی کا آرڈر کر دیا)۔

اس کے بعد ان کو اس چیز پر (از خود) ندامت ہوئی۔ پھر حضرت عمرؓ کو اس حکم کی منسوخی کے لیے (دوبارہ عرض کیا) حضرت عمرؓ نے انکار کر دیا (اس میں تبدیلی نہیں ہو سکتی) پھر حضرت علی المرتضیٰؓ جب خلیفہ وقت ہوئے ہیں اس وقت یہ نجران کے عیسائی حکمِ سابق کی منسوخی کے لیے حضرت علیؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ ہم آپ کو قسم دے کر کہتے ہیں کہ یہ وثیقہ (اور تحریر) آپ کے ہاتھوں (حضور علیہ السلام کے دور میں لکھی گئی تھی) اور آپ کی سفارش (ساتھ تھی) اب اس حکم کا ہم سے ازالہ کر دیا جائے (یعنی واپس لے لیا جائے)۔

"حضرت علیؓ نے جواباً فرمایا کہ عمر بن الخطاب رشید الامر تھے (یعنی معاملہ فہم اور صحیح فیصلہ کنندہ اور درست رائے رکھنے والے تھے) میں ان کے خلاف کرنا ناپسند کرتا ہوں ان کے جاری کردہ حکم کو میں بالکل تبدیل نہیں کروں گا۔
(ناقلِ واقعہ ہٰذا) سالم بن ابی جعد کہتا ہے کہ حضرت عمرؓ کی سیرت کے کسی معاملہ کے متعلق اگر حضرت علیؓ طعن و تشنیع کرنا چاہتے تو یہ اہلِ نجران کا مسئلہ نقد و اعتراض کے لیے بہترین موقعہ تھا۔ اگر حضرت علیؓ کی طرف سے اس پر کوئی اعتراض نہیں کیا گیا بلکہ تائید و تصدیق ہی کی ہے۔"

یہ واقعہ حضرت علیؓ کے دورِ خلافت جمادی الاخریٰ ۳۷ھ میں پیش آیا تھا۔[1]

(۱) کتاب الخراج امام ابو یوسفؒ، المتوفی ۱۸۲ھ ص ۴۴، طبع مصر
(۲) کتاب الاموال لابی عبید القاسم بن سلام المتوفی ۲۲۴ھ ص ۹۸۔ روایت ۲۷۳۔ طبع مصر
(۳) فتوح البلدان بلاذری احمد بن یحییٰ بن جابر بغدادی المتوفی ۲۷۹ھ ص ۷۳۔۷۴۔ باب صلح نجران۔ طبع مصر۔
(۴) السنن الکبریٰ للبیہقی، جلد ۱۰، ص ۱۲۰۔ کتاب آداب القاضی باب من اجتہد من الحکام ثم تغیر اجتہادہ۔
(۵) کنز العمال، ج ۲، ص ۳۰۳۔ طبع اول دائرۃ المعارف، دکن کتاب الجہاد من قسم الافعال فصل فی احکام المتفرقہ (اخراج الیہود)
(۶) الکامل لابن اثیر الجزری، ج ۲، ص ۲۰۱، طبع مصری۔ باب

---

[1] نصاریٰ نجران کا یہ واقعہ مختلف الفاظ کے ساتھ مندرجہ بالا کتب میں مذکور و مندرج ہے۔ ہم نے یہاں صرف کنز العمال کے الفاظ متن میں نقل کیے ہیں۔ اہلِ علم کے لیے وضاحت کر دی ہے۔ (منہ)

ذکر وفد نجران مع العاقب والسیّد۔

(۷) المصنّف لابن ابی شیبہ۔ کتاب الغزوات۔

حضرت علیؓ کی کوفہ میں تشریف آوری

عنوان بالا کے تحت حضرت علیؓ کی کوفہ میں تشریف آوری کا ایک واقعہ نقل کیا جاتا ہے جو صاحبِ اخبار الطوال دینوری (شیعی) نے اپنی کتاب ہٰذا میں درج کیا ہے:۔

"۔۔۔۔ قَالُوْا وَكَانَ مَقْدَمُهُ الْكُوْفَةَ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ لِاِثْنَتَيْ عَشْرَةَ لَيْلَةً خَلَتْ مِنْ رَجَبٍ سَنَةَ (سـ۳۶ـھ) وَقِيْلَ لَهٗ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَتَنْزِلُ الْقَصْرَ؟ قَالَ لَا حَاجَةَ لِيْ فِيْ نُزُوْلِهٖ لِاَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يُبْغِضُهٗ وَلٰكِنِّيْ نَازِلُ الرَّحْبَةِ، ثُمَّ اَقْبَلَ حَتّٰى دَخَلَ الْمَسْجِدَ الْاَعْظَمَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ نَزَلَ الرَّحْبَةَ"

"یعنی حضرت علیؓ ۱۲ رجب سـ۳۶ـھ میں کوفہ تشریف لائے تو لوگوں نے عرض کیا کہ اے امیر المومنین آپ محل (یعنی قصرِ شاہی) میں قیام فرمائیں گے؟ فرمایا کہ مجھے وہاں قیام کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ کیونکہ عمرؓ بن الخطاب (ایسے) محلّات میں قیام رکھنے کو ناپسند کرتے تھے ولیکن میں ایک عام چبوترہ پر اُترونگا۔ پھر آپ جامع مسجد میں تشریف لے گئے۔ وہاں دو رکعت نماز ادا فرمائی۔ اس کے بعد آپ اس چبوترہ پر تشریف فرما ہوتے۔"

(الاخبار الطوال لابی حنیفہ احمد بن داود دینوری المتوفیٰ سـ۲۸۲ـھ تحت وقعۃ الجمل ص ۱۵۲ طبع جدید)

مندرجاتِ بالا کے فوائد

۱۔ حضرت علیؓ کی سیرت حضرت عمرؓ کی سیرت کے موافق تھی۔ دونوں بزرگ باعتبارِ

کردار کے متحد و متفق تھے۔

۲۔ حضرت علیؓ نے حضرت عمرؓ کا جاری کردہ دستور العمل جاری و ساری رکھا۔ اسی کو قابلِ عمل سمجھا اس میں کوئی تغیّر و تبدّل روا نہیں رکھا۔

۳۔ حضرت علیؓ المرتضیٰ حضرت عمرؓ کو اپنی خلافت کے دوران "رشید الامر" کے الفاظ سے یاد فرمایا کرتے تھے جس کا مفہوم یہ ہے کہ وہ ہر معاملہ میں درست کار اور صحیح الرائے تھے کسی کام میں بھٹکنے والے نہیں تھے۔

خلاصہ یہ ہُوا کہ فاروقی خلافت کا کاروبار و کارکردگی حضرت علیؓ کے نزدیک بالکل صحیح اور قابلِ عمل و لائقِ تقلید تھی۔ یہ ان کی شانِ اخوّت کا نمایاں و درخشندہ پہلو ہے جو ہر دَور میں ہر شخص کے سامنے موجود ہے۔

ایک اِشتباہ

مخالفین کی جانب سے ایک اعتراض کیا جاتا ہے کہ "سیّدنا عمرؓ کی شہادت کے بعد جب خلافت کا مشورہ اہلِ الشوریٰ کے درمیان ہونے لگا ہے اس وقت حضرت علیؓ المرتضیٰ نے عبدالرحمٰنؓ بن عوف کو جواب دیتے ہُوئے حضرات شیخینؓ (ابوبکر و عمر) کی سیرت پر عمل کرنے سے انکار کر دیا تھا"

معلوم ہُوا کہ حضرت علیؓ کے نزدیک ابوبکرؓ و عمرؓ کی سیرت قابلِ اعتماد نہیں اور اُن کی خلافت کی کارگزاری لائقِ عمل نہیں۔

الجواب

(۱)

اوّلاً یہ عرض ہے کہ جہاں حضرت علیؓ المرتضیٰ سے سیرۃِ شیخین پر عمل کرنے سے انکار

منقول ہُوا ہے، وہاں اِس نوع کی اور چیزیں بھی درج ہیں۔ مثلاً حضرت علیؓ کا عبدالرحمٰن بن عوف سے کہنا کہ "آپ نے ہمارے ساتھ دھوکہ کیا ہے" وغیرہ۔ ان چیزوں کو باسند نقل کرنے والوں میں سب سے بلند ماخذ تاریخ الامم والملوک لابن جریر طبری ہے۔ اِس موقعہ پر مناقشہ خیز اور کدورت انگیز مواد طبری وغیرہ بزرگوں نے درج کیا ہے۔ ملاحظہ ہو (تاریخ ابن جریر طبری، ج ۵، ص ۳۸-۴۰، باب قصّۃ شوریٰ تحت آخر سنۃ ۲۳ھ)

طبری میں یہاں بڑی طویل و عریض روایت ذکر کی گئی ہے جس سے یہ مذکورہ مطاعن تجویز کیے جاتے ہیں۔ اس مقام کے اسنادِ مندرجہ کی طرف (تحقیق کے لیے) رجوع کیا گیا ہے۔ بعض رواۃ (ابو مخنف وغیرہ) تو بحمداللہ شیعی، کذّاب، دروغ گو بزرگ پائے گئے ہیں اور بعض دیگر (مثلاً سالم بن جنادہ و سلیمان بن عبدالعزیز بن ابی ثابت وغیرہما) مجہول الذات و مجہول الصّفات نظر آئے ہیں۔ متداول رجال کی کتابوں میں باوجود کوشش کے دستیاب نہیں ہو سکے۔

اب اہلِ انصاف خود غور فرمائیں کہ ایسی روایات جن کے ناقلین اس قسم کے لوگ ہوں ان سے تیار کردہ مطاعن کو صحیح تسلیم کر لینا کس طرح جائز ہو سکتا ہے؟ ایسی روایات سے مجوّزہ اعتراضات کو درست مان لینا تو سچ اور جھوٹ، حق اور باطل کے امتیاز کو ختم کر دینے کے مترادف ہے۔

(۲)

ثانیاً عرض ہے کہ اس موقع کی روایات کے متعلق حافظ ابنِ کثیرؒ کی تحقیق لائقِ توجہ ہے اس سے ہماری گذارشات کی انشاءاللہ تائید ہو سکے گی۔

حافظ ابن کثیر البدایہ میں تحت سنۃ ۲۴ھ اس موقعہ کی روایات پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

"۔۔۔۔ وَمَا يَذْكُرُهُ كَثِيْرٌ مِّنَ الْمُؤَرِّخِيْنَ كَابْنِ جَرِيْرٍ الطَّبَرِيِّ

وَغَيْرِهٖ عَنْ رِجَالٍ لَا يُعْرَفُوْنَ اَنَّ عَلِيًّاؓ قَالَ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ خَدَعْتَنِيْ الخ ۔۔۔۔۔۔ اِلٰى غَيْرِ ذَالِكَ مِنَ الْاَخْبَارِ الْمُخَالِفَةِ لِمَا ثَبَتَ فِي الصِّحَاحِ فَهِيَ مَرْدُوْدَةٌ عَلٰى قَائِلِيْهَا وَنَاقِلِيْهَا۔ وَالْمَظْنُوْنُ بِالصَّحَابَةِؓ خِلَافَ مَا يَتَوَهَّمُ كَثِيْرٌ مِّنَ الرَّافِضَةِ وَاَغْبِيَاءِ الْقُصَّاصِ الَّذِيْنَ لَا تَمْيِيْزَ عِنْدَهُمْ بَيْنَ صَحِيْحِ الْاَخْبَارِ وَضَعِيْفِهَا وَمُسْتَقِيْمِهَا وَسَقِيْمِهَا وَمَبَادِهَا وَقَوِيْمِهَا وَاللّٰهُ الْمُوَفِّقُ لِلصَّوَابِ"

(حاصل کلام یہ ہے) کہ اور وہ چیزیں جو بیشتر مؤرخین (طبری وغیرہ) نے ایسے راویوں سے نقل کی ہیں جن کا (کتبِ رجال میں) کچھ پتہ نہیں چلتا، مثلاً حضرت علیؓ نے عبدالرحمٰن بن عوف کو کہا کہ "تُو نے مجھے دھوکہ میں رکھا ہے" وغیرہ۔ اس قسم کی جو خبریں بھی صحیح روایات کے خلاف پائی جاتی ہیں وہ تمام کی تمام ان کے نقل کرنے والوں پر رد کر دینے کے قابل ہیں اور مردود ہیں (یعنی غیر مقبول ہیں)۔۔۔۔۔۔ اور صحابۂ کرام کے ساتھ ہمارے (حُسنِ ظن) کا تقاضا ان اوہام و تخیلات کے خلاف ہے جو بہت سے رافضیوں نے اور قصّہ گو غبی لوگوں نے نقل کر دیے ہیں جن کو صحیح و غلط، قوی و ضعیف، درست و سقیم کی کوئی تمیز نہیں۔" (البدایہ لابن کثیر ص ۱۴۷-ج ۷ تحت سنۃ ۲۴ھ)

(۳)

ثالثاً عرض ہے کہ تاریخ ابن جریر طبری میں اسی موقعہ پر حضرت علیؓ المرتضیٰ کی وہ روایت بھی مذکور ہے جس میں شیخین (ابوبکرؓ و عمرؓ) کی سیرت و طریقہ کار پر عمل درآمد کرنے کی حضرت علیؓ نے آمادگی ظاہر کی ہے۔ چنانچہ الفاظِ روایت اس طرح ہیں:

"۔۔۔۔ دَعَا عَلِيًّا فَقَالَ عَلَيْكَ عَهْدَ اللّٰهِ وَمِيْثَاقَهٗ لَتَعْمَلَنَّ بِكِتَابِ اللّٰهِ وَسُنَّةِ رَسُوْلِهٖ وَسِيْرَةِ الْخَلِيْفَتَيْنِ مِنْ

بَعْدِہٖ قَالَ اَرْجُوْ اَنْ اَفْعَلَ وَ اَعْمَلَ بِمَبْلَغِ عِلْمِیْ وَطَاقَتِیْ "۔

"یعنی عبدالرحمٰن بن عوف نے علی المرتضیٰ کو بلایا اور کہا کہ آپ کو قسم دے کر کہتا ہوں کہ آپ کتاب اللہ اور سُنّتِ نبوی اور ابوبکرؓ و عمرؓ ہر دو خلفاء کی سیرت پر ضرور عمل کریں گے۔ اس وقت حضرت علیؓ نے جواب دیا کہ میں اپنے وسعتِ علم کے مطابق حتی المقدور ان پر عمل کروں گا۔"

(تاریخ ابن جریر طبری، ج ۵ ص ۳۷ تحت سنہ ۲۳ھ
حالات وفات فاروق اعظم و قصہ شوریٰ طبع مصری)

(۴)

رابعاً یہ چیز ہے کہ حضرت علیؓ کے شاگرد عبدِ خیر سے روایت ہے جس میں حضرت علیؓ کی جانب سے اقرار پایا گیا ہے کہ ان دونوں خلفاء حضرات کا طرزِ عمل اور سیرتِ زندگی سُنّتِ نبوی کے عین مطابق تھی۔ چنانچہ ذیل میں روایت درج کی جاتی ہے۔

"عَنْ عَبْدِ خَیْرٍ قَالَ قَامَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَلَی الْمِنْبَرِ فَذَکَرَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاسْتُخْلِفَ اَبُوْبَکْرٍ فَعَمِلَ بِعَمَلِہٖ وَسَارَ بِسِیْرَتِہٖ حَتّٰی قَبَضَہُ اللّٰہُ عَلٰی ذٰلِکَ ثُمَّ اسْتُخْلِفَ عُمَرُ فَعَمِلَ بِعَمَلِہِمَا وَسَارَ بِسِیْرَتِہِمَا حَتّٰی قَبَضَہُ اللّٰہُ عَلٰی ذٰلِکَ۔

(۱) مسند احمد جلد اول، مسندات مرتضوی ج ۱ ص ۱۲۸
طبع مصر معہ منتخب کنز العمال۔

(۲) کتاب مجمع الزوائد نورالدین الہیثمی کتاب الخلافۃ
باب الخلفاء الاربعۃ، ص ۱۷۶، جلد ۵۔

"یعنی عبدِ خیر کہتے ہیں کہ حضرت علیؓ منبر پر کھڑے ہوئے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا ذکر خیر فرما کر کہا کہ حضور علیہ السلام کے انتقال کے بعد ابوبکرؓ

خلیفہ ہوئے پس ابوبکرؓ نے حضور نبی کریمؐ کی سیرت اور کردار کے موافق عمل درآمد کیا۔ حتیٰ کہ ان کی اسی حالت پر وفات ہوئی۔ پھر عمرؓ بن الخطاب خلیفہ ہوئے تو انہوں نے حضور علیہ السلام اور ابوبکر الصدیق دونوں کی سیرت کے موافق خلافت کے امور سرانجام دیئے۔ حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اسی حالت پر اپنی طرف بلا لیا۔

ظاہر بات ہے کہ جب حضرت علیؓ شیخین کریمین کے کردار اور طرزِ زندگی کو سُنّتِ نبوی کے موافق و مطابق تسلیم کرتے ہیں تو انہوں نے اس پر عمل کرنے سے انکار کیسے کیا ہوگا؟

(۵)

خامساً یہ ذکر کیا جاتا ہے کہ عنوان چہارم میں جو مرویات درج ہوئی ہیں آپ نے ان کو ملاحظہ فرما لیا ہے۔ خصوصی طور پر حضرت علیؓ کی طرف سے حضرت عمرؓ کے لیے "رشید الامر" کا خطاب تجویز کرنا قوی قرینہ ہے کہ حضرت علیؓ کے نزدیک خلافتِ فاروقی کے تمام انتظامی امور بالکل ٹھیک ٹھیک واقع ہوتے ہیں۔ اندریں حالات صاف طور پر واضح ہوا کہ حضرت علیؓ نے سیرتِ شیخین پر عمل کرنے سے ہرگز انکار نہیں کیا تھا۔ یہ اعتراض بالکل بے اصل ہے اور دلیلِ اعتراض سو فیصد بے بنیاد ہے۔ آخر میں گذارش کی جاتی ہے کہ اگر اس اعتراض کے دفع کے لیے مزید شیعی حوالہ جات کے ذریعہ تسلی حاصل کرنا مطلوب ہو تو حصہ صدیقی کے باب چہارم عنوان نمبر ۱ کے تحت کتب شیعہ کے حوالے مذکور ہیں۔ طوالت کے لیے یہاں ان کا اعادہ نہیں کیا گیا۔ وہاں ملاحظہ فرماویں۔

(۵)

عنوان پنجم

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اب یہ منقبت ذکر کی جاتی ہے کہ اللہ

نے حق وصداقت کی حمایت کا جذبہ حضرت عمرؓ کو اکمل طریقہ سے عطا فرمایا تھا۔ حق بات کہنا، حق کی تائید کرنا حضرت فاروقؓ کی فطرت میں داخل تھا۔ چنانچہ حضور علیہ السلام کا فرمان ہے کہ اِنَّ اللّٰہَ جَعَلَ الْحَقَّ عَلٰی لِسَانِ عُمَرَؓ وَقَلْبِہٖ۔ یعنی اللہ نے عمرؓ کی زبان اور قلب پر حق بات کو رکھ دیا ہے اور راست چیز کو جاری فرمایا ہے۔"

(مشکوٰۃ المصابیح، باب مناقب عمرؓ بحوالہ ترمذی و ابوداؤد، ص ۵۵۷ الفصل الثانی طبع نور محمدی دہلی)

ان کلمات کو پیش کرنے کے بعد مضمون سابق کی طرف عود کیا جاتا ہے کہ حضرت علیؓ المرتضیٰ حضرت عمرؓ کے حق میں فرمایا کرتے تھے کہ ہم لوگ اپنی جگہ اس چیز میں کوئی شک محسوس نہیں کرتے تھے کہ عمر بن الخطاب کی زبان پر (قدرت کی طرف سے) سکینہ نازل ہوتی ہے اور ان کے قلب پر (غیب کی طرف سے) تسلی القا کی جاتی ہے۔

اسی وجہ سے وہ ہر معاملہ میں امرِ حق کی ہی تائید کرتے تھے اور حق بات کے خلاف کچھ بھی برداشت کرنے کے لیے بالکل آمادہ نہیں ہوتے تھے۔

حضرت علیؓ کا یہ بیان مندرجہ ذیل مقامات میں اکابر علماء نے ذکر کیا ہے:

۱۔ مَا كُنَّا نَبْعُدُ اَنَّ السَّكِيْنَةَ تَنْطِقُ عَلٰى لِسَانِ عُمَرَؓ۔

(۱) "المصنف" لعبد الرزاق، ج ۱۱، ص ۲۲۲۔

(۲) کتاب الاموال لابی عبید القاسم بن سلام ص ۵۴۳۔ طبع مصر

۲۔ ۔ ۔ ۔ ۔ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ قَالَ اِذَا ذُكِرَ الصَّالِحُوْنَ فَحَيَّ هَلَا بِعُمَرَؓ مَا كُنَّا نُنْكِرُ وَنَحْنُ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ مُتَوَافِرُوْنَ اَنَّ السَّكِيْنَةَ تَنْطِقُ عَلٰى لِسَانِ عُمَرَؓ۔

(حلیۃ الاولیاء لابی نعیم اصفہانی، جلد ۴ ص ۱۵۲۔ تذکرہ عمرو بن میمون الاودی)

(۴) ۔ ۔ ۔ ۔ عن زہیر عن اسماعیل بن ابی خالد عن شعبی عَنْ عَلِيٍّؓ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ قَالَ مَا كُنَّا نَشُكُّ اِلَّا اَنَّ السَّكِيْنَةَ تَنْطِقُ عَلٰى لِسَانِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا رَوَاهُ الثَّوْرِيُّ وَابْنُ عُيَيْنَةَ وَشَرِيْكٌ وَهُرَيْمٌ وَاَسْبَاطُ وَابْنُ السَّمَّاكِ وَسَعِيْدُ بْنُ الصَّلْتِ فِيْ اٰخَرِيْنَ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ مِثْلَهٗ۔"

(حلیۃ الاولیاء لابی نعیم اصفہانی ج ۴ ص ۳۲۸۔ تذکرہ عامر الشعبی)

(۵) عَنْ عَلِيٍّؓ قَالَ اِنْ ذُكِرَ الصَّالِحُوْنَ فَحَيَّ هَلَا بِعُمَرَ مَا كُنَّا نَبْعُدُ اَصْحَابُ مُحَمَّدٍ اَنَّ السَّكِيْنَةَ تَنْطِقُ عَلٰى لِسَانِ عُمَرَ۔"

(۱) مجمع الزوائد الہیثمی رواہ الطبرانی فی الاوسط واسنادہ حسن باب فضائل عمر بن الخطاب، جلد ۹، ص ۶۷۔ طبع مصر)

(۲) مشکوٰۃ المصابیح۔ باب مناقب عمر بن الخطاب۔ الفصل الثانی بحوالہ رواہ البیہقی فی دلائل النبوۃ۔ ص ۵۵۷۔

(۶)۔ اَخْرَجَ ابْنُ مَنِيْعٍ فِيْ مُسْنَدِهٖ عَنْ عَلِيٍّؓ قَالَ كُنَّا اَصْحَابُ مُحَمَّدٍ (صلی اللہ علیہ وسلم) لَا نَشُكُّ اَنَّ السَّكِيْنَةَ تَنْطِقُ عَلٰى لِسَانِ عُمَرَؓ۔

(۱) تاریخ الخلفاء جلال الدین السیوطی ص ۸۴ طبع دہلی فصل فی الاحادیث الواردۃ فی فضلہ غیر ما تقدم فی الصدیق)

(۲) ریاض النضرہ فی مناقب العشرہ لمحب الطبری، ج ۲ ص ۲۷۔ باب فضائل و مناقب عمرؓ۔

(۳) کنز العمال بحوالہ الطبرانی فی طس جلد ۶۔ ص ۳۴۰ بحوالہ ابن عساکر، ج ۶ ص ۳۲۷ و ۳۷۰ طبع اول حیدرآباد دکن)

(۷)۔ عَنْ وَهْبٍ السَّوَائِيِّ قَالَ خَطَبَ عَلِيٌّؓ النَّاسَ فَقَالَ مَنْ خَيْرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا قَالُوْا اَنْتَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَ لَا بَلْ اَبُوْبَكْرٍ ثُمَّ عُمَرُ اِنَّا كُنَّا

نَطُقُ اِنَّ السَّكِيْنَةَ لَتَنْطِقُ عَلٰى لِسَانِ عُمَرَؓ"۔

(کنز العمال بحوالہ ابن عساکر، جلد۶ ص ۲۴۰
طبع قدیم اوّل۔ حیدر آباد دکن)

——— مندرجہ بالا روایات کا خلاصہ یہ ہے:
کہ حضرت علی المرتضیٰؓ نے فرمایا کہ جب نیک لوگوں کا تذکرہ کیا جائے تو عمرؓ بن الخطاب بطریقِ اولیٰ ذکرِ خیر کے قابل ہیں۔ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ اس بات میں کچھ شک نہیں کیا کرتے تھے کہ عمرؓ بن الخطاب کی زبان پر سکینہ جاری ہوتی ہے (یعنی ایسی چیز جاری ہوتی ہے جس سے نفسوں کو تسکین اور قلوب کو اطمینان حاصل ہوتا ہے) اور (قدرت کی طرف سے) حق بات کا ان کی زبان پر القاء ہوتا ہے"۔

——— اس مسئلہ کی تائید حضرت علیؓ کی اس روایت سے بھی ہوتی ہے جو انہوں نے حضرت امیر عمرؓ کے حق میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نقل کیا ہے۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا "رَحِمَ اللّٰهُ عُمَرَ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَاِنْ كَانَ مُرًّا تَرَكَهُ الْحَقُّ وَمَالَهٗ مِنْ صَدِيْقٍ" یعنی عمرؓ پر اللہ رحم فرمائے کہ حق بات ہی کہتے ہیں اگرچہ (لوگوں کے لیے) تلخ معلوم ہو۔ اس حق گوئی نے ان کو اس حالت میں کر دیا ہے کہ ان کا (دنیا میں) کوئی دوست نہیں رہا"۔

(اُسد الغابہ لابن اثیر جزری، ج ۴ ص ۶۵۔ تذکرہ عمرؓ بن الخطاب)

مذکورہ مرویات کے فوائد

۱۔ حضرت عمرؓ کی صداقت و حقانیت کی گواہی زبانِ نبوت اور زبانِ امامت نے دی ہے۔

۲۔ مزید یہ واضح ہوا کہ حضرت علیؓ سمیت تمام صحابہ کرام حضرت عمرؓ کی حق گوئی اور صدق بیانی کے قائل تھے اور اس کو صحیح تسلیم کرتے تھے۔

۳۔ حضرت علیؓ کے بیانات سے معلوم ہوا کہ حضرت فاروقؓ کے قلبِ مبارک پر قدرت کی جانب سے القاء ہوتا تھا اس کو "سکینۃ" کے نام سے تعبیر کیا گیا ہے۔

۴۔ مندرجات ہذا سے ثابت ہوا کہ حضرت علیؓ اور حضرت عمرؓ ایک دوسرے کے قدردان، عزت شناس اور باہمی احترام و اکرام ملحوظ رکھنے والے تھے"۔

عنوانِ ششم

عنوانِ ہذا میں یہ ذکر کیا جاتا ہے کہ حضرت علیؓ کے نزدیک حضرت فاروقِ اعظمؓ سرورِ دوعالم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفۂ برحق تھے اور حضرت صدیقِ اکبرؓ کے بعد دوسرے نمبر پر ان کا مقام ہے اور نبیؐ و صدیقؓ کے بعد تمام اُمت سے بہترین عمر فاروقؓ ہیں۔

اس مقصود کی وضاحت کی خاطر اگرچہ "رُحَمَآءُ بَیْنَہُمْ" حصہ اوّل صدیقی، باب چہارم کے نوع یازدہم و دوازدہم میں تقریباً اکیاون عدد روایات (ستائیس۲۷ افراد سے) بیشتر حوالہ جات کے ساتھ درج کر چکے ہیں۔ تاہم یہاں "حصہ فاروقی" کے باب اوّل فصل ثانی میں (تحت نوع ششم) حضرت علیؓ کے گذشتہ فرمودات میں سے ۱۲ عدد یہاں ہم دوبارہ نقل کرتے ہیں تاکہ جس شخص کی نظر سے حصہ صدیقی نہیں گزرا وہ فرموداتِ مرتضوی سے محروم نہ رہ جائے اور پوری طرح مستفید ہو سکے۔ یہ ایک ضرورت کی بنا پر تکرار واقع ہو رہا ہے امید ہے ناظرین کرام ناپسند نہیں فرمائیں گے۔

روایتِ اوّل

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے محمد بن حنفیہ نے اپنے والد شریف کی خدمت میں ایک دفعہ عرض کیا کہ:

"اَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْبَكْرٍ

قَالَ ثُمَّ مَنْ ؟ قَالَ عُمَرُ ! وَخَشِيْتُ اَنْ يَّقُوْلَ عُثْمَانَ ـ قُلْتُ ثُمَّ اَنْتَ ؟ قَالَ مَا اَنَا اِلاَّ رَجُلٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ''

(۱) صحیح البخاری، جلد اول، ص ۵۱۸ ـ باب مناقب ابی بکرؓ ـ طبع دہلی

(۲) ابوداؤد، جلد ثانی، ص ۲۸۸ ـ کتاب السنہ، باب التفضیل ـ طبع دہلی

''یعنی محمد بن حنفیہ کہتے ہیں کہ مَیں نے اپنے والد شریف علی المرتضیٰؓ کی خدمت میں عرض کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تمام لوگوں میں سے بہترین شخص کون ہے ؟ تو انہوں نے جواب میں فرمایا کہ سب سے بہترین ابوبکرؓ ہیں ـ پھر مَیں نے کہا کہ اُن کے بعد کون شخص بہترینِ اُمّت ہے تو جواب دیا کہ پھر عمرؓ بن الخطاب سب سے بہتر ہیں ـ مجھے خیال ہُوا کہ عمرؓ کے بعد عثمان کا نام لیں گے ـ مَیں نے از خود کہہ دیا کہ پھر آپ سب سے بہترین ہیں ؟ تو (بطورِ تواضع) فرمایا کہ مَیں مسلمانوں میں سے ایک مُسلمان ہُوں''

ایک شیعی روایت

ناظرین کرام پر واضح ہو کہ محمد بن حنفیہ کی یہ روایت اہل السُّنۃ کی کتابوں سے پیش کی گئی ہے جس سے حضرت علیؓ کے ہاں حضرت عمرؓ کا خیرِ اُمّت ہونا ثابت ہے ـ اب اِس مضمون کے مناسب ایک شیعی روایت شیعہ کتب سے پیشِ خدمت کی جاتی ہے اِس روایت میں حضرت علیؓ اپنے بیٹے محمد بن حنفیہ کو فرمان دیتے ہیں کہ حضرت عمرؓ کو کلماتِ خیر کے ساتھ یاد کیا کرو، ان کے حق میں کلمۂ خیر کے بغیر کچھ نہ کہو''

ـــــ (شیعہ روایات کے موافق) اِس مرتضوی فرمان کا موقعہ اس طرح ہے کہ صِفّین کے مقام میں بروز چہارم کارزار (جنگ) جاری ہے ـ عبید اللہ بن عمر بن الخطّاب محمد بن حنفیہ کے مقابلہ میں نکلا ہے تو ابن حنفیہ عبید اللہ کو اور حضرت عمرؓ کو سخت بُرے الفاظ کہنے لگا ـ ادھر حضرت علیؓ نے یہ سُن لیا ـ آپ نے ابن حنفیہ کو خطاب کرکے فرمایا :

'' فَقَالَ لاَ تَذْكُرْ اَبَاهُ وَلاَ تَقُلْ فِيْهِ اِلاَّ خَيْرًا رَحِمَ اللهُ اَبَاهُ ''

''یعنی اس کے باپ کو بُرائی کے کلمات سے مت یاد کرو اور صرف کلماتِ خیر ہی اُن کے حق میں کہو ـ اللہ اس کے باپ پر رحمت نازل فرمائے ـ

(شرح نہج البلاغہ لابن ابی الحدید شیعی معتزلی بروایت نصر بن مزاحم ـ ج ۱، ص ۶۴۴ ـ طبع بیروت ـ
تحت عنوان فی لبعض شمائلہ و ادعیتہ عند الحرب)

حضرت علیؓ کے اِس بیان سے معلوم ہُوا کہ حضرت عمرؓ بن الخطّاب حضرت علیؓ کے نزدیک بہتر کلمات اور ترحُّم و شفقت کے الفاظ کے حقدار ہیں کسی مذمّت و بُرائی کے الفاظ سے یاد کرنے کے قابل نہیں ہیں ـ قوم کے بہترین بزرگ ہیں ـ دعائیہ الفاظ ہی ان کی شان کے مناسب ہیں ـ

روایتِ دوم

امام بخاریؒ نے اپنی تصنیف التاریخ الکبیر جزء ثانی قسم اوّل میں رافع کی روایت باسند نقل کی ہے :ـ

''. . . . فَقَالَ لِرَافِعٍ بَعْضُ الْقَوْمِ يَا اَبَا الْجَعْدِ بِمَا قَامَ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ يَعْنِىْ عَلِيًّا قَالَ سَمِعْتُهُ اَلاَ اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ بَعْدَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبُوْبَكْرٍ ثُمَّ عُمَرُ ''

(۱) التاریخ الکبیر لامام البخاری، ج ۲ ـ ق ۱ ص ۲۸۰
طبع دکن ـ تحت رافع بن سلمہ ـ

(۲) السنن لابن ماجہ، باب فضائل عمرؓ ص ۱۱
طبع علیمی دہلی ـ از عبد اللہ بن سلمہ ـ

"حاصل یہ ہے کہ بعض لوگوں نے رافع (ابوالجعد) سے دریافت کیا کہ علی المرتضیٰؓ امیر المومنین نے کیا خطاب کیا ہے تو رافع نے جواب دیا کہ میں نے سنا امیر المومنین نے فرمایا کہ خبردار لوگو! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب سے بہترین ابوبکر ہیں۔ ان کے بعد عمر بن الخطاب ہیں۔"

روایتِ سوم

"۔۔۔۔ عبد الملک بن سلع عَنْ عَبْدِ خَیْرٍ قَالَ سَمِعْتُ عَلِیًّا رضؓ یَقُوْلُ قُبِضَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی خَیْرِ مَا قُبِضَ عَلَیْہِ نَبِیٌّ مِنَ الْاَنْبِیَآءِ وَاُثْنِیَ عَلَیْہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثُمَّ اسْتُخْلِفَ اَبُوْبَکْرٍ نَعْمَلَ بِعَمَلِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَسُنَّتِہٖ ثُمَّ قُبِضَ اَبُوْبَکْرٍ عَلٰی خَیْرِ مَا قُبِضَ عَلَیْہِ اَحَدٌ کَانَ خَیْرَ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ بَعْدَ نَبِیِّھَا ثُمَّ اسْتُخْلِفَ عُمَرُ نَعْمَلَ بِعَمَلِھِمَا وَسُنَّتِھِمَا ثُمَّ قُبِضَ عَلٰی خَیْرِ مَا قُبِضَ عَلَیْہِ اَحَدٌ فَکَانَ خَیْرَ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ بَعْدَ نَبِیِّھَا وَبَعْدَ اَبِیْ بَکْرٍ۔"

(۱) المصنف لابن ابی شیبہ، جلد ۴ ص ۸۸۷۔ قلمی پیر جھنڈا سندھ
باب ما جاء فی خلافۃ ابی بکرؓ۔

(۲) مسند امام احمد، ج ۱، ص ۱۲۸ مسندات علی المرتضیٰؓ، معہ منتخب کنز۔ طبع مصر۔

(۳) کنز العمال، ج ۶، ص ۳۶۹ بحوالہ (کر۔ ش)۔ باب فضل الشیخین ابی بکرؓ و عمرؓ۔ طبع قدیم۔

حاصل یہ ہے کہ عبدِ خیر کہتا ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ نے فرمایا کہ نبی کریم

علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا انتقال بہتر و خیر حالت پر ہوا جس طرح ایک نبی کا وصال بہترین حالت میں ہوتا ہے۔ پھر ابوبکرؓ خلیفہ بنائے گئے پس انہوں نے نبیؐ کے طریقہ اور سُنت کے مطابق عمل درآمد کیا۔ پھر وہ بہتر حالت پر فوت ہوئے۔ وہ اس اُمت کے نبی کے بعد بہترین شخص تھے۔ پھر عمرؓ خلیفہ ہوئے۔ عمرؓ نے نبی کریمؐ اور ابوبکرؓ کے طریقۂ کار کے موافق عمل کیا۔ پھر وہ بہتر حالت پر فوت ہوئے اور وہ نبی کریم اور ابوبکرؓ کے بعد تمام اُمت سے بہتر آدمی تھے۔"

روایتِ چہارم

مُسندِ امام احمدؒ میں منقول ہے:۔

"۔۔۔۔ عَنِ الْمُسَیَّبِ بْنِ عَبْدِ خَیْرٍ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ قَامَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فَقَالَ خَیْرُ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ بَعْدَ نَبِیِّھَا اَبُوْبَکْرٍ وَعُمَرُ وَاِنَّا قَدْ اَحْدَثْنَا بَعْدَھُمْ اَحْدَاثًا یَقْضِیْ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْھَا مَا شَآءَ۔"

(مسند امام احمد، ج ۱، ص ۱۱۵۔ مسندات علیؓ معہ منتخب کنز)

یعنی عبدِ خیر کہتا ہے کہ حضرت علیؓ نے (ایک دفعہ) کھڑے ہو کر فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب سے بہترین آدمی ابوبکرؓ و عمرؓ ہیں۔ ان کے بعد ہم سے کئی جدید چیزیں صادر ہوئیں۔ اللہ ان کے بارے میں جو چاہے گا فیصلہ فرمائے گا۔"

روایتِ پنجم

مُسندِ احمدؒ میں درج ہے کہ:۔

"۔۔۔۔ عَنِ الشَّعْبِیِّ حَدَّثَنِیْ اَبُوْ جُحَیْفَۃَ الَّذِیْ کَانَ عَلِیٌّ رضؓ

يُسَمِّيهِ وَهَبَ الْخَيْرِ فَقَالَ قَالَ عَلِيٌّ رض يَا اَبَا جُحَيْفَةَ اَلَا اُخْبِرُكَ بِاَفْضَلِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا قَالَ قُلْتُ بَلٰى قَالَ وَلَمْ اَكُنْ اَرٰى اَنَّ اَحَدًا اَفْضَلَ مِنْهُ قَالَ اَفْضَلُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا اَبُوْبَكْرٍ وَبَعْدَ اَبِيْ بَكْرٍ رض عُمَرُ رض وَبَعْدَهُمَا ثَالِثٌ لَمْ يُسَمِّهِ "

(مُسندِ امام احمدؒ، مسندات حضرت علیؓ، ج ا ص ۱۰۶ - طبع مصر)

"یعنی وھب الخیر ابو جُحَیفہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے (براہِ راست) ذکر کرتا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مجھے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کے بعد جو شخص افضلِ اُمّت ہے مَیں اس کی تجھے خبر نہ دُوں؟ مَیں نے عرض کیا کہ جی ہاں فرمائیے! اور میرا یہ خیال تھا کہ کوئی شخص اُمّت میں حضرت علیؓ سے افضل نہیں ہے۔ تو علی المرتضیٰؓ نے فرمایا کہ نبیؐ کے بعد اس اُمّت میں سب سے افضل ابوبکرؓ ہیں اور ابوبکرؓ کے بعد عمر بن الخطّاب افضل ہیں۔ ان کے بعد تیسرا شخص ہے جس کا نام (اس وقت) نہیں ذکر فرمایا۔"

روایتِ ششم

ابونعیم اصفہانی نے حلیۃ الاولیاء جلد سابع تذکرہ شعبہ بن حجاج میں ذکر کیا ہے کہ:

"..... ثنا شعبة عن الحكم عن عَبْدِ خَيْرٍ قَالَ قَامَ عَلِيٌّ رض عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا؟ قَالُوْا بَلٰى! قَالَ اَبُوْبَكْرٍ ثُمَّ سَكَتَ سَكْتَةً ثُمَّ قَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدَ اَبِيْ بَكْرٍ رض عُمَرُ رض "

(حلیۃ الاولیاء لابی نعیم اصفہانی المتوفی سنہ ۴۳۰ھ جلد ۷، ص ۱۹۹ - تذکرہ شعبہ - طبع مصر)

"یعنی عبدِ خیر کہتا ہے کہ حضرت علی المرتضیٰؓ شیرِ خدا نے منبر پر کھڑے ہو کر فرمایا کیا مَیں تم کو ایسے شخص کی خبر نہ دُوں جو نبیؐ کے بعد تمام اُمّت سے بہتر ہے؟ انہوں نے عرض کیا کہ جی ہاں بیان فرمائیے۔ آپ نے فرمایا کہ وہ ابوبکرؓ ہیں۔ پھر آپ نے قلیل سی خاموشی کے بعد فرمایا کہ مَیں تمہیں اطّلاع نہ دوں کہ ابوبکرؓ کے بعد بہترینِ اُمّت کون فرد ہیں؟ وہ عمرؓ ہیں۔"

روایتِ ہفتم

"..... عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ قَالَ سَمِعْتُ حَدِيْثًا عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ فَلَقِيْتُهُ فَسَاَلْتُهُ فَحَدَّثَنِيْ اَنَّهُ سَمِعَ عَلِيًّا يَقُوْلُ خَيْرُ النَّاسِ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبُوْبَكْرٍ رض ثُمَّ عُمَرُ رض "

(۱) حلیۃ الاولیاء ابونعیم اصفہانی متوفی سنہ ۴۳۰ھ
جلد ۷، ص ۱۹۹ - تذکرہ شعبہ بن حجاج

(۲) الاستیعاب لابن عبدالبرؒ تذکرہ عمر بن الخطّاب
ج ۲، ص ۴۵۶ معہ اصابہ لابن حجرؒ - طبع مصر

خلاصہ یہ ہے کہ عبدِ خیر نے حضرت علیؓ سے سُنا آپ فرماتے تھے کہ حضور نبی کریم علیہ السّلام کے بعد تمام لوگوں سے بہتر ابوبکر الصدّیق ہیں۔ ان کے بعد سب سے بہتر عمر بن الخطّاب ہیں۔"

روایتِ ہشتم

"..... عَنِ الْحَكَمِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا جُحَيْفَةَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُوْلُ خَيْرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا اَبُوْبَكْرٍ وَخَيْرُهُمْ بَعْدَ

اَبِی بَکْرٍ عُمَرُ وَ لَوْ شِئْتُ اَنْ اُسَمِّیَ الثَّالِثَ لَسَمَّیْتُ صَحِیْحٌ مَشْهُوْرٌ مِنْ حَدِیْثِ شُعْبَةَ عَنِ الْحَکَمِ۔"

(حلیۃ الاولیاء اصفہانی، ج ۷، ص ۱۹۹ ۔ تذکرہ شعبہ بن حجاج)

"یعنی شعبہ حکم سے نقل کرتا ہے حکم نے ابو جحیفہ سے سنا وہ کہتا تھا کہ میں نے حضرت علی المرتضیٰؓ سے سنا آپ فرماتے تھے کہ نبیؐ کے بعد اس امت کے اچھے شخص ابوبکرؓ ہیں اور ابوبکرؓ کے بعد عمرؓ سب سے اچھے ہیں۔ اگر میں تیسرے شخص کا نام ذکر کروں تو کر سکتا ہوں۔"

روایت نہم

تذکرۃ الحفاظ ذہبی میں مذکور ہے:

"...... ثنا سفیان عن ابی اسحٰق عَنْ عَبْدِ خَیْرٍ عَنْ عَلِیٍّؓ قَالَ خَیْرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدَ نَبِیِّهَا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَبُوْ بَکْرٍؓ وَّ عُمَرُؓ۔"

(تذکرۃ الحفاظ للذہبی تحت تذکرۃ السمان الحافظ الکبیر جلد ۳ ص ۳۰۱ طبع دکن۔ ج ۳ ص ۱۱۲۳، طبع بیروت، مرۃ رابعہ)

مطلب یہ ہے کہ ابو اسحاق نے عبد خیر سے نقل کیا ہے کہ حضرت علی المرتضیٰؓ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم علیہ السلام کے بعد اس امت کے بہترین آدمی ابوبکرؓ و عمرؓ ہیں۔"

نوٹ: اب ذیل میں حضرت علیؓ کا وہ فرمان نقل کیا جاتا ہے جس میں انہوں نے اس عقیدہ کو تسلیم نہ کرنے پر وعید شدید کی ہے اور سخت تنبیہ فرمائی ہے۔

روایت دہم

ابن عبد البرؒ نے "استیعاب" (تذکرہ صدیق اکبرؓ) میں باسند روایت حضرت علیؓ سے نقل کی ہے وہ ملاحظہ فرمادیں۔

"...... عَنِ الْحَکَمِ بْنِ الْجَحْلِ قَالَ قَالَ عَلِیٌّؓ لَا یُفَضِّلُنِیْ اَحَدٌ عَلٰی اَبِیْ بَکْرٍ وَ عُمَرَ اِلَّا جَلَدْتُّهٗ حَدَّ الْمُفْتَرِیْ۔"

(۱) الاستیعاب جلد ثانی معہ اصابہ، ج ۲ ص ۲۴۴ ۔ تذکرہ صدیق اکبرؓ

(۲) کنز العمال، ج ۶ ص ۳۷۱ بحوالہ ابن ابی عاصم و خیثمہ فی فضائل الصحابہ۔ طبع اول دکن۔

یعنی حکم بن جحل کہتا ہے کہ حضرت علیؓ نے فرمایا جو شخص بھی مجھے ابوبکرؓ و عمرؓ پر فضیلت دے گا میں اس کو مفتری کی سزا دوں گا (جو اسّی درّے ہوتی ہے)۔

روایت یازدہم

حنفی علماء کے امام ابو یوسف نے اپنے شیخ سیدنا امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ سے اپنی تصنیف "کتاب الآثار" میں مکمل سند کے ساتھ حضرت علی المرتضیٰؓ سے روایت درج کی ہے ملاحظہ فرماویں:-

"قَالَ حَدَّثَنَا یُوْسُفُ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ اَنَّ رَجُلًا اَتٰی عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ مَا رَاَیْتُ اَحَدًا خَیْرًا مِّنْكَ فَقَالَ لَهٗ هَلْ رَاَیْتَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ لَا قَالَ هَلْ رَاَیْتَ اَبَا بَکْرٍؓ وَّ عُمَرَؓ؟ قَالَ لَا! قَالَ لَوْ اَخْبَرْتَنِیْ اَنَّكَ رَاَیْتَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ضَرَبْتُ عُنُقَكَ وَلَوْ اَخْبَرْتَنِیْ اَنَّكَ رَاَیْتَ اَبَا بَکْرٍ وَّ عُمَرَؓ لَاَوْجَعْتُكَ

عُقُوْبَةً "

(۱) کتاب الآثار لامام ابی یوسفؒ، ص ۲۰۷، نمبر روایت ۹۲۴ طبع لجنہ احیاء معارف النعمانیہ حیدر آباد دکن۔

(۲) فضائل ابی بکر الصدیق لابی طالب العشاری ص ۸۔ معہ شرح ثلاثیات بخاری۔

(۳) کنز العمال (بحوالہ العشاری) ج ۶ ص ۳۷۰، طبع اول دکن تحت فضل الشیخین ابی بکر و عمر رضی اللہ عنہما۔

"یعنی امام ابو حنیفہؒ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص حضرت علیؓ کی خدمت میں آکر کہنے لگا کہ میں نے آپ سے بہتر کوئی آدمی نہیں دیکھا تو حضرت علیؓ نے اس کو فرمایا کہ تو نے نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی ہے؟ اس نے کہا نہیں! پھر حضرت علیؓ نے فرمایا کہ تو نے ابوبکرؓ و عمرؓ کو دیکھا ہے؟ اُس نے عرض کیا کہ نہیں دیکھا۔ آپ نے فرمایا کہ اگر تو بتلاتا کہ میں نے رسولِ خدا کو دیکھا ہے تو میں تیری گردن اُڑا دیتا اور اگر تو بیان کرتا کہ میں نے ابوبکرؓ و عمرؓ کو دیکھا ہے تو میں تجھے دردناک سزا دیتا۔"

روایتِ دوازدہم ۱۲

حافظ ابنِ حجر عسقلانی نے "لسان المیزان"، جلد ثالث، عبداللہ بن سبا کے تذکرہ میں حضرت علیؓ کی یہ روایت باسند ذکر کی ہے:-

" . . . . عَنْ زَیْدِ بْنِ وَھْبٍ اَنَّ سُوَیْدَ بْنَ غَفَلَةَ دَخَلَ عَلٰی عَلِیٍّ فِیْ اِمَارَتِہٖ فَقَالَ اِنِّیْ مَرَرْتُ بِنَفَرٍ یَذْکُرُوْنَ اَبَا بَکْرٍ وَعُمَرَ یَرَوْنَ اَنَّكَ تُضْمِرُ لَھُمَا مِثْلَ ذٰلِكَ مِنْھُمْ عَبْدُ اللہِ بْنُ سَبَا وَکَانَ عَبْدُ اللہِ

اَوَّلَ مَنْ اَظْھَرَ ذٰلِكَ فَقَالَ عَلِیٌّ مَالِیْ وَلِھٰذَا الْخَبِیْثِ الْاَسْوَدِ ثُمَّ قَالَ مَعَاذَ اللہِ اَنْ اُضْمِرَ لَھُمَا اِلَّا الْحَسَنَ الْجَمِیْلَ ثُمَّ اَرْسَلَ اِلٰی عَبْدِ اللہِ بْنِ سَبَا فَسَیَّرَہٗ اِلَی الْمَدَائِنِ وَقَالَ لَا یُسَاکِنُنِیْ فِیْ بَلْدَةٍ اَبَدًا ثُمَّ نَھَضَ اِلَی الْمِنْبَرِ حَتّٰی اجْتَمَعَ النَّاسُ فَذَکَرَ الْقِصَّةَ فِیْ ثَنَائِہٖ عَلَیْھِمَا بِطُوْلِہٖ وَفِیْ آخِرِہٖ اَلَا لَا یَبْلُغُنِیْ عَنْ اَحَدٍ یُفَضِّلُنِیْ عَلَیْھِمَا اِلَّا جَلَدْتُہٗ حَدَّ الْمُفْتَرِیْ۔"

"خلاصہ یہ ہے کہ سُوید بن غفلہ حضرت علیؓ کے ہاں ان کی خلافت کے دوران میں حاضر ہُوا اور کہا کہ ایک جماعت کے ہاں میرا گذر ہُوا ہے وہ ابوبکرؓ و عمرؓ کی (عیب چینی اور تنقیص) ذکر کر رہے تھے اور وہ لوگ یہ خیال بھی رکھتے ہیں کہ آپ بھی اپنے دل میں ان کے متعلق اسی طرح بدگمانی رکھتے ہیں۔ اس جماعت میں عبداللہ بن سبا ہے۔

اور ابن سبا پہلا وہ شخص ہے جس نے شیخین (ابوبکرؓ و عمرؓ) کے حق میں بدگمانی کا اظہار کیا ہے۔ یہ سُن کر حضرت علیؓ نے فرمایا کہ میرا اور اس سیاہ خبیث کا کیا تعلق ہے؟ اور اس سے میرا کیا واسطہ ہے؟ پھر فرمایا معاذ اللہ کہ میں ان دونوں کے متعلق حسنِ ظنی کے بغیر کسی چیز کو دل میں جگہ دُوں۔ پھر ابن سبا کی طرف آدمی بھیجا کہ اس کو شہر مدائن کی طرف نکال دیا جائے (یعنی جلا وطن کر دیا جائے) اور یہ شخص ہمارے شہر میں مقیم نہ رہے۔

اس کے بعد حضرت علیؓ منبر پر تشریف لائے۔ سامعین جمع ہو گئے، آپ نے ابوبکرؓ و عمرؓ کے حق میں ثناء جمیل ذکر کی اور ان کی فضیلت میں بڑا طویل بیان فرمایا۔ اس خطبہ کے آخر میں اعلان کیا کہ جو شخص ابوبکرؓ و عمرؓ پر مجھے فضیلت دے گا اور ان سے مجھے افضل قرار دے گا میں اس شخص پر مفتری (اور کذّاب) کی حد جاری کروں گا (یعنی اسّی دُرّہ لگانے کا حکم صادر کرونگا)۔"

ایک وضاحت

عبداللہ بن سبا یہودی کے متعلق مذکورہ روایت میں درج ہُوا ہے کہ حضرت علیؓ نے اس کو مدائن شہر کی طرف کوفہ سے نکال دیا تھا یعنی شہر بدر کر دیا تھا معلوم ہُوا کہ یہ ابن سبا کی ابتدائی کارستانیوں کا دَور ہے جب اس کا گمراہانہ پروپگنڈا زیادہ ہو گیا اور حُبِّ اہل بیت کے عنوان کے تحت اس کی تحریکِ ضلالت تیز تر ہوگئی تو حضرت علیؓ نے بھی گرفت شدید کر دی۔ آخر کار اس کو اور اس کے ہمنوا محبّین کو آگ میں جلوا دیا۔ اور ان غالیوں کے ساتھ کوئی رعایت نہیں فرمائی تھی۔ ملاحظہ ہو:

(۱) لسان المیزان لابن حجر عسقلانی جلد سوم تذکرہ عبداللہ بن سباؒ

(۲) رجال کشی تذکرہ عبداللہ بن سبا (شیعہ)

(۳) تحفۃ الاحباب شیخ عباس القمی تذکرہ عبداللہ بن سبا (شیعہ)

دوازدہ [۱۲] روایات کے فوائد

(۱)

حضرت علی المرتضیٰ شیرِ خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک بعد از رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم تمام اُمت سے افضل ترین شیخین (ابوبکر الصدیقؓ و عمر فاروقؓ) ہیں۔

(۲)

اور جو شخص اس ارشادِ مرتضوی کے موافق عقیدہ نہ رکھے گا وہ حضرت علی المرتضیٰ کے فرمان کے مطابق مجرم ہے اور قابلِ سزا مجرم ہے۔ سزا مندرجہ روایات میں مذکور ہو چکی ہے اور وہ اَسّی دُرّے ہے۔

(۳)

شیعہ سُنّی کتابوں میں علی الاعلان حضرت علیؓ کا فرمان ہو رہا ہے۔ حضرت ابوبکرؓ و

حضرت عمرؓ صاحبِ خیر ہیں ان کو خیر کے ساتھ ہی یاد کرو۔

(۴)

مندرجہ بالا تمام واقعات اور روایات صاف بتلا رہی ہیں کہ ان بزرگانِ دین (ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ، علیؓ وغیرہم) کے درمیان باہمی مودّت و محبّت ہے، دوستی و آشنائی ہے، ہم آہنگی و ہم نوائی ہے۔

ایک اہم تنبیہ

قارئینِ کرام کی خدمت میں عرض کی جاتی ہے کہ "تفریق بین المسلمین" کی تحریک کا اوّل موجد و بانی عبداللہ بن سبا یہودی النسل ہے۔ اس کا تذکرہ و ترجمہ اپنی تفصیلات کے ساتھ شیعہ و سُنّی دونوں حضرات کی کتابوں میں موجود ہے۔ شیعہ کتابوں مثلاً رجال کشی وغیرہ (جو چہارم صدی ہجری کی تصنیف ہے) سے لے کر اس آخری دَور (چودھویں صدی) مثلاً صاحبِ "تحفۃ الاحباب" شیخ عباس قمی تک تمام شیعی علماء و مجتہدین نے اس کے احوال درج کیے ہیں۔ اِس مسئلہ میں کسی بحث و مناظرہ کی حاجت نہیں ہے۔ ان کی اپنی کتابوں میں ان کے اپنے محقق علماء کی تصانیف میں ابن سبا کے ترجمہ کا مسئلہ درج ہے۔ اہلِ علم رجوع فرما کر تسلّی و تشفّی کر سکتے ہیں۔

اب اس دَور کے آخر میں پہنچ کر عبداللہ بن سبا مذکور کے حامیوں نے اس پر وارد شدہ اعتراضات سے جان بچانے کے لیے یہ سکیم چلائی ہے کہ عبداللہ بن سبا کا نام بالکل فرضی ہے اس نام کا کوئی آدمی یہودی النسل نہ تھا، نہ وہ مسلمان ہُوا نہ اس نے حُبِّ اہل بیت کا لبادہ اوڑھ کر تفریق کی بنیاد قائم کی، وغیرہ۔ اسی کا نام ہے کہ

"نہ رہے بانس نہ بجے بانسری"

—— شیعہ کی تراجم کی مشہور کتاب "رجال کشی" اب تازہ ترین طبع ہو کر طہران سے آئی ہے

اس میں عبداللہ بن سباء کا جہاں تذکرہ ہے اس مقام کے حواشی میں اس کے فرضی وجود کا مسئلہ درج فرمایا گیا ہے اور جن جن حضرات نے اس جدید تحقیق اور "نرالی ریسرچ" پر خامہ فرسائی فرمائی ہے ان کے اسمائے گرامی یہ لکھے ہیں: ایک سید مرتضیٰ العسکری۔ دوسرے الشیخ عبداللہ السبیتی۔ تیسرے ڈاکٹر طٰہٰ حسین نابینا بزرگ ہیں۔

اب ان شاء اللہ انکار شخصیت کی اس تحریک کو بہت جلد فروغ دیا جائے گا۔ دین، قوم، ملت کے خیر خواہ افراد تیز تر طریقوں سے نشر و اشاعت فرمائیں گے۔

—— اس مسئلہ کی مثال ایسی ہے جیسا کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی ایک صاحبزادی ہونے کے مسئلہ کو کھڑا کر کے باقی تین لڑکیوں کی شخصیت کا انکار کر دیا ہے اور یہ مسئلہ بہت تیزی سے قوم میں پھیلایا گیا ہے۔ حالانکہ واقعات کے بالکل برخلاف ہے۔ اہل سنت بلکہ تمام اہل تاریخ کے ہاں حضورؐ کی چار صاحبزادیاں ایک مسلّمہ حقیقت ہیں، جس میں کسی شبہ و اختلاف کی قطعاً گنجائش نہیں۔ اور شیعہ کتب میں بھی صحیح ترین قول و راجح قول و قابل قبول چار صاحبزادیوں کا ہی ہے۔ ایک صاحبزادی کے قول کو خود ان کے مجتہدین (ملا باقر مجلسی وغیرہ نے) رد کر دیا ہوا ہے اور یہ فیصلہ کب کا طے شدہ ہے (ملاحظہ ہو حیات القلوب جلد دوم ملا باقر بحث اولاد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم)

—— اب ابن سباء مذکور کے وجود کے انکار کا مسئلہ بھی اسی طرح اٹھایا جا رہا ہے اس صدی سے قبل غالباً کسی فرد نے بھی اس حقیقت کا انکار نہیں کیا۔

—— اس سلسلہ کے آخر میں اگر ہم اتنی گزارش کریں تو شاید بے جا نہ ہوگا کہ ان "خیر خواہان ملت" کو چاہیے کہ جن جن لوگوں کے ذریعہ کسی وجہ سے اعتراض قائم ہونے کا خطرہ ہو سکتا ہے ان کے وجود کا انکار کرتے چلے جائیں۔ مثلاً محمد بن حنفیہ کا انکار کر دینا چاہیے۔ یہ ابوبکر الصدیقؓ کے دور کی عطا فرمودہ لونڈی سے حضرت علیؓ کا لڑکا تھا۔ اسی طرح عمر بن علی المرتضیٰؓ کا انکار کرنا چاہیے اس لیے کہ ایک تو اس کا نام عمرؓ ہے جو خلیفہ ثانیؓ کا ہم نام ہے، دوسرا اس کی ماں

(الصہباء) حضرت ابوبکر الصدیقؓ کے دور کی عطا کردہ ہے۔ نیز اسی طرح ام کلثوم دختر علی المرتضیٰؓ جو حضرت فاطمہؓ سے ہے اور اس کی شادی و نکاح حضرت عمرؓ سے ہوا، اس کے وجود کا انکار کر دینا چاہیے اور برملا کہہ دیا جائے کہ ام کلثوم مذکورہ ایک فرضی وجود ہے جس کی کوئی حقیقت نہیں۔ علیٰ ہٰذا القیاس یہ سب کے سب وجود فرضی تھے ان کے نام کا کوئی شخص نہ تھا۔ اس قسم کے بہت سے افراد فرضی بنائے جا سکتے ہیں۔

اگر انہی چیزوں کا نام "تحقیق و ریسرچ" ہے تو ماشاء اللہ مذہب و ملت کے نشانات جلد ختم ہو جائیں گے اور حق و باطل کی تمیز، صدق و کذب کا فرق، راستی و دروغ کا امتیاز نیست و نابود ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو ہدایت نصیب فرمائے اور انصاف اور عدم انصاف کے پہچاننے کی توفیق عطا فرمائے۔ ان دعائیہ کلمات پر ہم اس تنبیہ کو ختم کرتے ہیں۔

عنوان ہفتم

عنوان ہٰذا میں شیخین حضراتؓ کی دو فضیلتیں یہاں درج کی جاتی ہیں جو حضرت علیؓ سے منقول ہیں۔ پہلی یہ چیز ہے کہ حضرت ابوبکر الصدیقؓ اور عمر فاروقؓ دونوں بزرگ تمام امت سے پہلے جنت میں تشریف لے جائیں گے۔ اس مقصد کے لیے مندرجہ روایات ملاحظہ فرما دیں:-

(۱) "۔۔۔۔ عَنْ عَبْدِ خَیْرٍ صَاحِبِ لِوَاءِ عَلِیٍّ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ إِنَّ أَوَّلَ مَنْ یَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ أَبُوبَکْرٍ وَعُمَرُ قَالَ فَقَالَ رَجُلٌ یَا أَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ یَدْخُلَانِهَا قَبْلَكَ؟ قَالَ إِیْ وَالَّذِیْ فَلَقَ الْحَبَّةَ وَبَرَأَ النَّسَمَةَ لَیَدْخُلَانِهَا قَبْلِیْ۔ الخ

(۱) کتاب الکنیٰ والاسماء للشیخ ابی بشر محمد بن احمد بن حماد الدولابی، المتوفی سنہ ۳۱۰ھ۔ ج ۱ ص ۱۲۰۔ تحت کنیت ابی بکر من التابعین ومن بعدھم۔ طبع حیدرآباد دکن۔

(۲) سیرۃ عمر بن الخطاب لابی الفرج عبد الرحمٰن بن علی بن الجوزی القرشی، المتوفی ۵۹۷ھ۔ باب الحادی والعشرون ص۳۴ طبع مصر

(۳) ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء از مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، المتوفی ۱۱۷۶ھ بحوالہ ابی القاسم، جلد اول ص ۶۸ و ۳۱۷۔ طبع اول قدیم بریلی۔

خلاصہ یہ ہے کہ حضرت علی شیرِ خدا کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ اس اُمت میں سے اوّل اوّل جنت میں داخل ہونے والے ابوبکرؓ و عمرؓ ہیں۔ ایک شخص نے کہا کہ اے امیر المومنین! آپ سے بھی قبل یہ حضرات جنت میں داخل ہونگے؟ تو حضرت علیؓ نے فرمایا کہ اس ذات کی قسم جس نے دانہ کو پیدا کیا ہے اور رُوح کو تخلیق کیا ہے، یقیناً ابوبکرؓ و عمرؓ مجھ سے پہلے جنت میں داخل ہونگے۔"

دوسری یہ چیز ہے

کہ یہ دونوں بزرگ (اُمت کے) پختہ عمر کے جنتیوں کے سردار ہونگے۔ یہ مسئلہ حضرت علیؓ نے خود رسُولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلّم سے نقل کیا ہے۔ چنانچہ مندرجہ ذیل مقامات قابلِ التفات ہیں۔ رجُوع فرما دیں۔

—— .... "عَنْ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ طَلَعَ اَبُوْبَكْرٍ وَّعُمَرُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَانِ سَيِّدَا كُهُوْلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ اِلَّا النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ يَا عَلِيُّ لَا تُخْبِرْهُمَا"

(۱) ترمذی شریف، جلد ثانی، ابواب المناقب، باب مناقب ابی بکرؓ۔ ص ۵۲۶ طبع لکھنؤ

حضرت علیؓ کی یہ روایت مرفوعاً مندرجہ ذیل علماء حدیث نے اپنی اپنی سند کے ساتھ درج کی ہے۔ تطویل و اطناب سے اجتناب کے لیے یہاں صرف حوالہ جات پر اکتفا کیا جاتا ہے، اہلِ علم رجوع فرما سکیں گے۔ مزید تفصیل حصّہ اوّل صدّیقی باب چہارم میں گزر چکی ہے۔

(۲) مُسند امام احمد ص۸۰ جلد اول، مسنداتِ علیؓ (حسن عن علیؓ)

(۳) السنن لابن ماجہ ص۱۰، باب فضل ابی بکرؓ (الحارث عن علیؓ)

(۴) کتاب الکنیٰ جلد ثانی ص۹۹ (للدولابی)، باب العین، ج ۲ ص (عن زر عن علیؓ)۔

(۵) مسند ابی یعلیٰ، مسندات حضرت علیؓ، ج ۱ ص ۵، (قلمی نسخہ درگاہ شریف پیر گوٹھ (سندھ)) - (عن الشعبی عن علیؓ)

خلاصہ روایات

یہ ہے کہ حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ میں نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی خدمت میں حاضر تھا۔ ناگہاں سامنے سے ابوبکرؓ و عمرؓ تشریف لائے۔ اس وقت حضور علیہ السلام نے مجھے خطاب کر کے فرمایا کہ انبیاء علیہم السلام کے ماسوا تمام پختہ عمر کے جنتیوں کے یہ دونوں سردار ہونگے (فی الحال) ان کو اس کی اطلاع نہ کرنا۔"

معلوم ہوا کہ

—— حضرت علیؓ کے نزدیک بھی شیخینؓ تمام اہلِ جنّت کے (بغیر انبیاء کے) سردار ہوں گے۔

—— اور ان کا جنت میں دخول بھی تمام لوگوں سے پہلے ہوگا۔ یہ حضرت علیؓ کے فرمودات ہیں خود انصاف کا تقاضا ہے کہ ان کی قدردانی کی جائے اور ان کو بدل و جان تسلیم کیا جائے۔

عنوان ہشتم

اب اس عنوان میں حضرت عمرؓ کی فضیلت و منقبت اور ان کی خلافت کی حقانیت

وصداقت جو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے کلام میں مذکور ہے اور نہج البلاغہ کے خطبات اور اس کی شروح وغیرہ کی تشریحات نے اس کو بیان کیا ہے لکھی جاتی ہے۔ اس مقصد کے لیے ذیل میں ایک ترتیب کے ساتھ صرف مرتضوی فرمودات (شیعہ کتابوں) سے منقول ہو کر پیش خدمت ہوتے ہیں، ملاحظہ فرما دیں۔

اِن مندرجات سے ہر دو بزرگواروں کا ایک دوسرے کے حق میں حُسنِ ظن اور نیک رکھنا، ارادت وعقیدت کا اظہار کرنا، صداقت وحقانیت کا اقرار کرنا ثابت ہوتا ہے۔ انصاف شرط ہے۔

(۱)

نہج البلاغہ باب المختار من حکمہ ومواعظہ علیہ السلام کے آخر میں حضرت علیؓ کا فرمان لکھا ہے۔

" وَوَلِيَهُمْ وَالٍ فَاَقَامَ وَاسْتَقَامَ حَتّٰى ضَرَبَ الدِّيْنُ بِجِرَانِهٖ الخ

اَلْمَنْقُوْلُ اَنَّ الْوَالِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَضَرْبُهٗ بِجِرَانِهٖ كِنَايَةٌ بِالْوَصْفِ الْمُسْتَعَارِ عَنْ اِسْتِقْرَارِهٖ وَتَمَكُّنِهٖ كَتَمَكُّنِ الْبَعِيْرِ الْبَارِكِ مِنَ الْاَرْضِ... الخ

"یعنی (عمرؓ بن الخطّاب) مسلمانوں کے والی ہوئے پس انہوں نے دین کو قائم کیا اور خود دین پر مستقیم رہے، حتیٰ کہ دین ٹھیک طرح قائم ہو گیا جس طرح کہ شتر زمین پر گردن رکھ کر (استراحت کے لیے) ٹھیک طرح بیٹھ جاتا ہے۔"

(۱) شرح نہج البلاغہ از کمال الدین میثم بن علی بن میثم البحرانی المتوفی ۶۷۹ھ۔ باب المختار من حکمہ ومواعظہ علیہ السلام طبع قدیم ایرانی، ج ۴ ص ۶۳۲ وطبع جدید طہرانی، ج ۵ ص ۴۶۳۔

(۲) الدرۃ النجفیہ (شرح نہج البلاغہ) ص ۳۹۳ طبع قدیم ایرانی۔ آخر باب المواعظ والحکم الخ۔ تالیف شیخ ابراہیم بن حاجی حسین الدنبلی۔ تاریخ تالیف شرح ہذا ۱۲۹۱ھ

(۲)

امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وہ خط جو ابو مسلم الخولانی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس کوفہ میں لایا تھا اس کے جواب میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا یہ کلام پیش کیا جاتا ہے اس میں خلیفۂ اوّل ابوبکر الصدّیق رضی اللہ عنہ اور خلیفۂ ثانی عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی عظمت وفضیلت کا اقرار واشگاف الفاظ میں کیا گیا ہے پہلے عبارت ملاحظہ فرما دیں۔ اس کے بعد اس سے فوائد ونتائج خود مرتب فرما دیں۔

"..... فَكَانَ اَفْضَلَهُمْ فِي الْاِسْلَامِ كَمَا زَعَمْتَ وَاَنْصَحَهُمْ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ الْخَلِيْفَةُ الصِّدِّيْقُ ثُمَّ خَلِيْفَةُ الْخَلِيْفَةِ الْفَارُوْقُ وَلَعَمْرِيْ اَنَّ مَكَانَهُمَا فِي الْاِسْلَامِ لَعَظِيْمٌ وَاَنَّ الْمُصَابَ بِهِمَا لَجُرْحٌ فِي الْاِسْلَامِ شَدِيْدٌ فَرَحِمَهُمَا اللّٰهُ وَجَزَاهُمَا بِاَحْسَنِ مَا عَمِلَا"

"حاصل یہ ہے کہ اے معاویہ جیسا کہ تم نے بیان کیا بلاشک اسلام میں سب سے افضل اور اللہ ورسول کے ساتھ خلوص رکھنے میں سب سے بڑھ کر خلیفہ صدیق تھے۔ پھر خلیفہ کے خلیفہ فاروق رضی اللہ عنہ تھے۔ مجھے اپنی زندگی کی قسم کہ اسلام میں ان دونوں کا مرتبہ عظیم ہے اور ان کی فوتیدگی کی وجہ سے اسلام کو سخت زخم پہنچا ہے۔ اللہ کریم ان دونوں پر اپنی رحمت نازل فرمائے اور ان کو ان کے اعمال کا عمدہ بدلہ نصیب فرمائے۔

(۱) شرح نہج البلاغہ از کمال الدین میثم بن علی بن میثم البحرانی المتوفی ۶۷۹ھ فی کتاب کتبہ علیہ السلام الی معاویہ بن ابی سفیان۔ طبع قدیم ایرانی، ج ۳، ص ۴۸۶ وطبع جدید طہرانی، ج ۴، ص ۳۶۲ تحت خطبہ ۹۔

(۲) کتاب ناسخ التواریخ از مرزا محمد تقی لسان الملک سپہر کاشانی۔ المتوفی ۱۲۹۷ھ، جلد سوم از کتاب دوم المعروف بہ کتاب "صفین" از کتب امیر المومنین علیہ السلام۔ ص ۱۶۱۔

(۳)

یہ حضرت علیؓ کا کلام نہج البلاغہ میں مذکور ہے۔ اس میں حضرت عمرؓ کے بیشتر فضائل و کمالات حضرت علیؓ نے بیان فرمائے ہیں۔ بڑا قیمتی خطبہ ہے۔ اس کو بار بار ملاحظہ فرمادیں اور ایمان تازہ کریں:۔

... "لِلّٰہِ بِلَادُ فُلَانٍ فَقَدْ قَوَّمَ الْاَوَدَ وَدَاوَی الْعَمَدَ وَخَلَّفَ الْفِتْنَۃَ وَاَقَامَ السُّنَّۃَ ذَھَبَ نَقِیَّ الثَّوْبِ قَلِیْلَ الْعَیْبِ اَصَابَ خَیْرَھَا وَ سَبَقَ شَرَّھَا اَدّٰی اِلَی اللّٰہِ طَاعَتَہٗ وَاتَّقَاہُ بِحَقِّہٖ الخ"

(نہج البلاغہ طبع مصری ج ا ص ۴۵۷ و طبع دیگر، ج ۲ ص ۲۴۹ خطبہ ۲۲۳)

ابن ابی الحدید شیعی معتزلی نے اس کلام کے تحت لکھا ہے کہ:

ھٰذِہِ الصِّفَاتُ اِذَا تَامَّلَھَا الْمُنْصِفُ وَاَمَاطَ عَنْ نَفْسِہِ الْھَوٰی عَلِمَ اَنَّ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیْہِ السَّلَامُ لَمْ یَعْنِ بِھَا اِلَّا عُمَرَؓ۔

(شرح نہج البلاغہ لابن الحدید، المتوفی ۶۵۶ھ طبع قدیم ایرانی، ج ۱۲ ص ۴۹ و طبع بیروتی، ج ۳ ص ۱۳۵)۔

ابن میثم بحرانی نے اپنی شرح نہج البلاغہ میں تشریح کی ہے کہ اَلْمَنْقُوْلُ اَنَّ الْمُرَادَ بِفُلَانٍ عُمَرُ الخ۔ اسی طرح دُرّہ نجفیہ میں لکھا ہے کہ فلاں سے مراد عمرؓ ہے، یہی منقول چلا آتا ہے۔ اگرچہ شیعی علماء و شیعی شراح نے حضرت ابوبکر الصدیقؓ بھی اس فلاں سے مراد لیا ہے۔ اب مذکورہ مندرجہ کلام مرتضوی کی تشریح پہلے فارسی میں شیعہ شراح سے نقل کر کے درج کی جاتی ہے پھر اُردو میں حاصل ترجمہ ذکر کیا جائے گا۔ شیعہ مجتہد فیض الاسلام سید علی نقی اپنی فارسی شرح میں اس کا مطلب بالفاظ ذیل لکھتے ہیں۔

"خدا شہرہائے فلان (عمر بن الخطاب) را برکت دہد و نگاہدارد کہ کجی را راست نمود و بیماری را معالجہ کرد و سنّت را برپا داشت (احکام پیغمبر را اجرا نمود) و تباہ کاری را پشت سر انداخت (در زمان او فتنہ رو نداد) پاک جامہ و کم عیب از دنیا رفت نیکوئی خلافت را دریافت و از شر آں پیشی گرفت، طاعت خدا را بجا آوردہ از نافرمانی او پرہیز کردہ حقش را ادا نمود۔"

(ترجمہ و شرح فارسی نہج البلاغہ از سید علی نقی فیض الاسلام طبع طہران، جلد ۴، ص ۷۱۲)

حاصل یہ ہے کہ حضرت علیؓ فرماتے ہیں فلاں شخص (یعنی عمر بن الخطاب) کے شہروں میں خدا برکت دے اور ان کو محفوظ رکھے جس نے کجی کو درست کیا اور بیماری کا علاج کیا اور سنّت طریقہ کو جاری کیا اور فتنے کے اُمور کو پس پُشت ڈال دیا۔ اس عالم سے پاک دامن ہو کر گیا، کم عیوب کے ساتھ رخصت ہُوا۔ اس نے خلافت کی خوبیوں کو پایا اور اس کے شرور اور بُرائیوں سے پہلے چلا گیا۔ اور اللہ تعالیٰ کی تابعداری کو بجالایا اور اس کے حق کو ادا کیا۔"

(۱) شرح نہج البلاغہ لابن ابی حدید شیعی و معتزلی، المتوفی ۶۵۵ھ / ۶۵۶، ج ۱۲، ص ۴۹ طبع قدیم ایرانی ج ۳، ص ۱۳۴ - طبع بیروت۔

(۲) شرح نہج البلاغہ لابن میثم بحرانی الشیعی المتوفی ۶۷۹ھ، ج ۲ ص ۴۱۳ طبع قدیم ایرانی - طبع جدید طہرانی، ص ۹۶-۹۷، جلد چہارم خطبہ ۲۱۹ -

(۳) الدرۃ النجفیہ شرح نہج البلاغہ شیخ ابراہیم بن حاجی حسین الشیعی ص ۲۵۷ - طبع قدیم ایران۔

(۴) شرح نہج البلاغہ فارسی از فیض الاسلام علی نقی، ج ۴، ص ۷۱۲ - طبع ایران۔

حضرت علیؓ کے مندرجۂ بالا خطبات و کلمات کے فوائد و ثمراتِ ذیل برآمد ہوتے ہیں، یہ دس عدد ہیں :۔

۱ - حضرت عمرؓ دین کے معاملے میں صاحبِ استقامت تھے ان کے کام میں کجی نہ تھی۔

۲ - امراضِ نفسانیہ کا انہوں نے علاج اور مداوا کیا تھا۔

۳ - سُنّت طریقہ کو اپنے لوازمات کے ساتھ جاری رکھا (جو ان کے تقویٰ و دیانتداری کی گواہی ہے)۔

۴ - حُسنِ تدبیر کی بنا پر فسادات و فتن میں نہیں پڑے ان سے قبل ہی رخصت ہو گئے۔

۵ - مذمتوں کی میل سے ان کا دامن صاف رہا۔ (جو ان کی صداقت و حقانیت کی نشانی ہے)۔

۶ - اور عیوب و نقائص میں بہت کم ملوّث ہوئے۔

۷ - انہوں نے خلافت کی خیر (یعنی عدل و انصاف) کو حاصل کیا اور اس کے شر اور فتنوں سے سبقت کی۔

۸ - اللہ تعالیٰ کی کما حقہٗ اطاعت کی۔

۹ - خدا کی گرفت سے پوری طرح خوف کیا

۱۰ - انہوں نے سفرِ آخرت اُس وقت اختیار کیا جب لوگ مختلف حالات میں مبتلا تھے۔

ناظرینِ کرام کو حق و صداقت کا واسطہ دے کر دعوتِ غور و فکر دی جاتی ہے۔ ان بیانات کو بار بار ملاحظہ فرماویں اور مقصد کتاب ہذا کی تائید و تصویب فرماویں۔

عنوانِ نہم

بابِ اول میں دو فصل تھے، پھر فصلِ ثانی میں متعدد عنوانات کی شکل میں مختلف

فضائل و مکارمِ فاروقی بزبانِ مرتضوی ذکر ہو رہے تھے۔ اب ان عنوانات میں سے آخری عنوان درج کیا جاتا ہے۔ اس میں حضرت عمرؓ اور ابن عمرؓ کی زبانی حضرت علیؓ کے گوناگوں مدائح و مراتب ذکر کیے جاتے ہیں (جیسا کہ عنوانِ مذکور میں حضرت علیؓ کی زبانی فاروقی درجات و مقامات نقل ہو چکے ہیں)۔

عنوانِ ہذا کے تحت سات عدد مرتضوی فضیلتیں درج کرنے کا ارادہ ہے۔ پھر ان کے اندراج کے بعد فوائد و نتائج ذکر کر کے یہ عنوانات ختم کر دیئے جائیں گے۔ ناظرین البتہ اتنی چیز سے باخبر رہیں کہ عنوانِ ہذا (یعنی عنوان ۹) میں شیعہ و سُنّی دونوں حضرات کی کتابوں سے مرویات کو مخلوطاً نقل کیا گیا ہے۔ اختلاطِ ہذا پر متنبہ رہیں۔

(۱)

حضرت عمرؓ کے لڑکے عبداللہ بن عمرؓ کے پاس آکر ایک شخص کا حضرت علیؓ کے حق میں تحقیر آمیز الفاظ کہنا، پھر اس موقعہ پر ابن عمرؓ کا جواب میں عظمتِ مرتضوی بیان کرنا یہ واقعہ مصنف ابن ابی شیبہ جلد چہارم، باب فضائلِ علیؓ میں موجود ہے۔ عبارت مع حاصل ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

" حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ عَنْ أَبِي هَارُونَ قَالَ كُنْتُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ جَالِسًا إِذْ جَاءَهُ نَافِعُ بْنُ الْأَزْرَقِ فَقَامَ عَلَى رَأْسِهِ فَقَالَ إِنِّي وَاللَّهِ لَأُبْغِضُ عَلِيًّا قَالَ فَرَفَعَ إِلَيْهِ ابْنُ عُمَرَ رَأْسَهُ فَقَالَ أَبْغَضَكَ اللَّهُ تُبْغِضُ رَجُلًا سَابِقَةٌ مِنْ سَوَابِقِهِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا "

یعنی عبداللہ بن عمرؓ کے پاس ایک دفعہ نافع بن ازرق آکر کہنے لگا کہ میں علی بن ابی طالب کو مبغوض و ناپسند جانتا ہوں۔ یہ سُن کر ابن عمرؓ اس کو خطاب کر کے فرمانے لگے اللہ تجھے ناپسند کرے اور مبغوض رکھے تو ایسے شخص کے

ساتھ بغض رکھتا ہے جس کی ایک نیکی جو ابتداءِ اسلام میں صادر ہوئی تھی وہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔"

(المصنف لابن ابی شیبہ، جلد رابع، ص ۲۰۳ قلمی تحت باب فضائل الامام علی بن ابی طالب (پیر جھنڈا سندھ)

(۲)

"وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَقَدْ ذُكِرَ عِنْدَهُ عَلِيٌّ قَالَ ذَاكَ صِهْرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكَ أَنْ تُزَوِّجَ فَاطِمَةَ ابْنَتَكَ مِنْ عَلِيٍّ، أَخْرَجَهُ ابْنُ السَّمَانِ۔"

"یعنی حضرت عمرؓ کے پاس حضرت علیؓ کا ذکر ہوا تو اس وقت حضرت عمرؓ کہنے لگے کہ علی المرتضیٰ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے داماد ہیں۔ جبریل اللہ کی طرف سے نبی کریمؐ کے ہاں حکم لاتے تھے کہ اپنی لڑکی فاطمہؓ کو ان سے نکاح کر دیں۔"

(ریاض النضرہ فی مناقب العشرہ بحوالہ ابن السمان فی الموافقۃ ج ۲ ص ۲۴۴۔ باب ذکر قدم اختصاصہ بتزویج فاطمہؓ)

(۳)

"امالی" شیخ ابی جعفر الطوسی الشیعی میں ہے کہ:-

"..... عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ أَبِيْهِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عِيَادَةُ بَنِيْ هَاشِمٍ سُنَّةٌ وَزِيَارَتُهُمْ نَافِلَةٌ۔"

"مطلب یہ ہے کہ امام زین العابدین اپنے والد سے ذکر کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ عمر بن الخطاب کہتے تھے کہ بنی ہاشم کی عیادت یعنی بیمار پرسی کرنا سنت

ہے اور ان کی ملاقات کرنا کارِ خیر ہے۔"

(امالی شیخ ابی جعفر محمد بن حسن شیخ الطائفہ الطوسی الشیعی ج ۱۲ ص ۳۴۵، جلد اول طبع نجف اشرف۔ عراق)

(۴)

"امالی" شیخ صدوق (ابی جعفر محمد بن علی بن بابویہ القمی) میں حضرت علیؓ کی تعریف کا واقعہ حضرت عمرؓ سے مروی ہے:-

"..... لَمَّا أَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ بِيَدِ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ فَقَالَ أَلَسْتُ أَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ قَالُوْا نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ بَخٍ بَخٍ يَا ابْنَ أَبِيْ طَالِبٍ أَصْبَحْتَ مَوْلَايَ وَمَوْلَا كُلِّ مُسْلِمٍ۔"

(حضرت علیؓ پر وارد شدہ الزامات کی تردید کرتے ہوئے جب حضور علیہ السلام نے حضرت علیؓ کا ہاتھ پکڑ کر (اعلانِ مودّت کرتے ہوئے) فرمایا کہ کیا مومنوں کے متعلق میں زیادہ حقدار نہیں ہوں؟ لوگوں نے عرض کیا کہ بلاشک ہیں! تو پھر فرمایا کہ جس کا میں دوست ہوں علی المرتضیٰ بھی اس کے دوست ہیں۔ یہ فرمانِ نبوت سن کر حضرت عمرؓ حضرت علیؓ سے کہنے لگے شاد باش خوش رہیے! آپ ہمارے اور ہر مسلمان کے محبوب ٹھہرے.... الخ۔

(امالی الشیخ الصدوق الشیعی طبع قدیم ایران، ص ۳۔ المجلس الاول فی الحدیث الاول)

مطلب یہ ہے کہ الزامات کے جواب میں فضیلت کا اثبات مقصد ہے مسئلہ خلافت اور خلافت بھی بلافصل کے ساتھ اس روایت کا کچھ تعلق نہیں ہے۔ اور اس میں بے شک فضیلت مرتضوی کا ثبوت ہے اور یاد رہے کہ یہ مضمون مذکور ہماری روایت میں بھی

منقول ہے مثلاً مشکوٰۃ شریف، باب مناقب علیؓ، الفصل الثالث میں بحوالہ احمد درج کیا ہے
صرف الفاظ کا تفاوت ہے۔

(۵)

حضرت علیؓ کے احترام کا واقعہ جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی و منقول ہے، اہلِ سنت اور شیعہ دونوں حضرات کی کتابوں میں سے نقل کر کے درج کیا جاتا ہے:

"..... اَنَّ رَجُلًا وَقَعَ فِي عَلِيٍّ بِمَحْضَرٍ مِنْ عُمَرَ فَقَالَ تَعْرِفُ صَاحِبَ هٰذَا الْقَبْرِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَعَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ لَا تَذْكُرْ عَلِيًّا اِلَّا بِخَيْرٍ فَاِنَّكَ اِنْ اٰذَيْتَهُ اٰذَيْتَ هٰذَا فِي قَبْرِهٖ"

حاصل یہ ہے کہ ایک دفعہ حضرت عمرؓ کی موجودگی میں حضرت علیؓ کے حق میں ایک شخص کم و بیش کہنے لگا۔ اس وقت حضرت عمرؓ نے کہا کہ تو صاحبِ قبر یعنی نبی کریمؐ بن عبداللہ بن عبدالمطلب کو جانتا ہے؟ علیؓ بن ابی طالب بھی عبدالمطلب کے پوتے ہیں۔ پس علیؓ بن ابی طالب کو کلماتِ خیر کے بغیر مت یاد کرنا۔ اگر تو نے علیؓ کو اذیت و تکلیف پہنچائی تو گویا تو نے حضور علیہ السلام کو قبر مبارک میں ایذا پہنچائی۔"

(۱) کنز العمال علی منتقی الہندی، جلد ۶ (بحوالہ ابن عساکر) ص ۳۹۵ ۔ روایت ۶۰۳۱ (طبع قدیم) طبع حیدرآباد دکن۔

(۲) امالی شیخ صدوق الشیعی (المتوفی ۳۸۱ھ)، ص ۲۲۳۴۔ المجلس الحادی والستون۔ طبع قدیم ایران۔

(۳) امالی شیخ ابی جعفر شیخ الطائفۃ الطوسی الشیعی المتوفی ۴۶۰ھ۔ جلد ۲، ص ۴۶۔

(۶)

حضرت عمرؓ نے حضرت علیؓ کا مقام و منزلت بیان کرتے ہوئے مندرجہ ذیل تصریح ذکر کی ہے۔ مناقب ابن شہر آشوب (شیعہ) میں "خصائص النطنزی" کے حوالہ سے لکھا ہے:

"..... قَالَ ابْنُ عُمَرَ سَاَلَ رَجُلٌ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ عَنْ عَلِيٍّ فَقَالَ هٰذَا مَنْزِلُ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَهٰذَا مَنْزِلُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ وَهٰذَا الْمَنْزِلُ فِيْهِ صَاحِبُهٗ"

"عبداللہ ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت عمرؓ سے حضرت علیؓ (کے مقام و منزلت) کے متعلق دریافت کیا تو عمر بن الخطابؓ نے فرمایا کہ یہ حضور علیہ السلام کا (بابرکت) گھر ہے۔ یہ ساتھ حضرت علیؓ کا گھر ہے اور یہ نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) کے ساتھی (یعنی ابوبکرؓ) کا گھر ہے۔" یعنی قربِ مکانی سے قربِ مقام و مرتبہ معلوم کیا جا سکتا ہے۔

(مناقب ابن شہر آشوب ج دوم ص ۱۵۴ طبع ہند
فصل فی اختصاص امیر المومنین برسول اللہ صلعم)

(۷)

اس آخری عنوان ہفتم میں حضرت علی المرتضیٰؓ کی وہ فضیلت ہم ذکر کرنا چاہتے ہیں جو دونوں حضرات کی کتابوں میں موجود ہے اور دونوں فریق کے ہاں تسلیم شدہ ہے مختلف الفاظ و عباراتِ متنوعہ میں پائی جاتی ہے۔ اس کی تعبیرات ملاحظہ فرماویں۔ اس کے بعد خلاصہ مضمون پیش ہو گا۔

(۱)۔ "كَانَ عُمَرُ يَتَعَوَّذُ بِاللهِ مِنْ مُعْضَلَةٍ لَيْسَ فِيْهَا اَبُو الْحَسَنِ"

(۱) طبقات ابن سعد، ج ۲۔ ق ۲، ص ۱۰۳، تذکرہ علیؓ من کان یفتی بالمدینۃ و یقتدیٰ بہ من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عنوان کے تحت یہ عبارت ہے۔

(۲) الاستیعاب لابن عبدالبر ج ۳ ص ۳۹ معہ اصابہ، تذکرہ علیؓ۔

(۲) - لَوْلَا عَلِیٌّ لَهَلَكَ عُمَرُ - (بعض کتب نحویہ و بعض کتب فضائل و رجال، مثلاً الاستیعاب، ج ۳ ص ۳۹ معہ اصابہ: تذکرہ علیؓ)

(۳) قَالَ عُمَرُ لَا عِشْتُ فِی اُمَّةٍ لَسْتَ فِيهَا يَا اَبَا الْحَسَنِ -

(امالی شیخ ابی جعفر الطوسی الشیعی، ج ۲ ص ۹۲ - طبع جدید، عراق) -

(۴) اِنَّ عُمَرَ قَالَ لَا اَبْقَانِیَ اللّٰهُ بَعْدَكَ يَا عَلِیُّ -

(مناقب ابن شہر آشوب شیعہ، ج ۳ ص ۷ - باب قضایا علیؓ، طبع ہندوستان) -

حضرت عمرؓ بن الخطاب فاروق اعظم خلیفہ ثانیؓ کے یہ اقوال ہیں جو انہوں نے حضرت علی المرتضیٰؓ کے حق میں عمدہ فیصلہ جات کرنے کے سلسلہ میں ہمت افزائی اور قدر دانی کے طور پر موقعہ بموقعہ فرمائے۔ اسی طرح ایک موقع پر معاذ بن جبلؓ کے حق میں بھی حضرت عمرؓ نے ان کی قدر دانی و عزت افزائی فرماتے ہوئے فرمایا تھا کہ عَجَزَتِ النِّسَاءُ اَنْ تَلِدْنَ مِثْلَ مُعَاذٍ لَوْلَا مُعَاذٌ هَلَكَ عُمَرُ - (اصابہ: تذکرہ معاذ بن جبلؓ)

ان کا حاصل یہ ہے :-

۱ - ایسے مشکل معاملہ میں جہاں علی المرتضیٰ موجود نہ ہوں عمرؓ بن الخطاب اللہ کی طرف پناہ چاہتے ہیں۔

۲ - بعض اوقات فرمایا کہ اگر علیؓ نہ ہوتے تو عمرؓ ہلاک ہو جاتا۔

۳ - عمرؓ بن الخطاب نے فرمایا جس قوم میں ابوالحسن (علی المرتضیٰؓ) موجود نہ ہوں، میں اس میں زندہ نہ رہوں۔

۴ - عمرؓ نے فرمایا کہ اے علی آپ کے بعد اللہ تعالیٰ مجھے باقی نہ رکھے۔

فوائد و نتائج

—— حضرت عمرؓ اور ان کے لڑکے عبداللہ بن عمرؓ کے بیانات کی روشنی میں مرتضوی فضائل بہ ترتیب ذیل واضح ہو رہے ہیں :-

(۱)

—— حضرت علی المرتضیٰؓ کی ایک ایک نیکی دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

(۲)

—— حضرت علی رضی اللہ عنہ کی تزویج آسمانی حکم کے تحت عمل میں لائی گئی۔

(۳)

—— بنی ہاشم کی عبادت و زیارت کا بہت بڑا ثواب ہے۔

(۴)

—— تمام مسلمانوں کے محبوب اور دوست علی المرتضیٰ ہیں۔

(۵)

—— حضرت علیؓ کی تنقیص اور عیب جوئی حضور علیہ السلام کی اذیت کا باعث ہوتی ہے۔

(۶)

—— علی المرتضیٰؓ جیسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مکاناً قریب ہیں اسی طرح مرتبہ کے اعتبار سے بھی نزدیک ہیں۔

(۷)

—— یہ دونوں (حضرت عمرؓ و حضرت علیؓ) ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی اور قدر دانی ملحوظ رکھتے تھے۔

خلاصہ یہ ہے کہ :-

یہ تمام چیزیں ان کے آپس کے وفاق و اتفاق، باہمی دوستی و یگانگت کے نشانات میں سے ہیں۔ چشمِ بصیرت درکار ہے جو ان واقعات کی قدر کر سکے۔

تم ہو آپس میں غضب ناک وہ آپس میں رحیم
تم خطاکار و خطا بیں وہ خطا پوش و کریم

ــــ فصلِ ثانی میں چند عنوانات قائم کیے تھے وہ یہاں آکر تمام ہوتے۔ ان پر بتوفیقہٖ تعالیٰ باب اوّل یہاں ختم ہوا۔ اب باب دوم شروع ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

باب دوم

اب بحمداللہ باب دوم شروع کیا جاتا ہے۔ اس میں چار فصل قائم کرنے کا قصد ہے۔
فصل اوّل میں عہدۂ قضا و افتاء کا ذکر ہوگا۔ فصل دوم میں مسائلِ شرعیہ میں مشورہ کرنا۔ فصل سوم میں انتظامی امور میں مشورہ جات و رفاقت کے واقعات کا بیان ہوگا۔ اور فصل چہارم میں مالی حقوق کی رعایت کرنا اور تقسیمِ غنائم میں شریک ہونا اور ان کے وصول اور عطیات کے حصول میں شامل ہونا مندرج ہوگا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ)

فصل اوّل

عہدۂ قضا و افتاء کے متعلّقات

انتظامِ سلطنت کے لیے تقسیمِ کار ضروری امر ہوتا ہے اور حکومت کے بے شمار انتظامی شعبے ہوا کرتے ہیں۔ مثلاً شعبۂ تعلیم، شعبۂ افتاء و قضا، شعبۂ دفاع، شعبۂ مال وغیرہ۔
خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے دورِ مقدس میں بھی اسی طرح تقسیمِ عہدہ جات کی شکل میں کاروبائے خلافت جاری رہتے تھے۔ تقسیمِ کار کا یہ مسئلہ کئی روایات میں مذکور ہے۔

(۱) سُننِ سعید بن منصور اور سُننِ کبریٰ بیہقی میں حضرتِ امیر عمرؓ کا ایک خطبہ نقل کیا گیا ہے جو جابیہ کے مقام پر انہوں نے بیان فرمایا تھا۔ اس میں مذکور ہے:۔
"خَطَبَ النَّاسَ بِالْجَابِيَةِ فَقَالَ فِيْ خُطْبَتِهٖ "مَنْ جَاءَ يَسْأَلُ عَنِ

الْقُرْآنِ فَلْيَأْتِ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ وَمَنْ جَاءَ يَسْأَلُ عَنِ الْحَلَالِ وَالْحَرَامِ فَلْيَأْتِ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ وَمَنْ جَاءَ يَسْأَلُ عَنِ الْفَرَائِضِ فَلْيَأْتِ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ وَمَنْ جَاءَ يَسْأَلُ عَنِ الْمَالِ فَلْيَأْتِنِي فَإِنَّ اللّٰهَ جَعَلَنِي خَازِنًا فَإِنِّي بَادٍ بِأَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمُعْطِيهِنَّ ثُمَّ بِالْمُهَاجِرِينَ الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ ثُمَّ بِالْأَنْصَارِ ....الخ

"یعنی امیر المومنین عمرؓ نے شام کے ملک میں جابیہ کے مقام پر لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے فرمایا کہ جو شخص قرأت قرآنی کے متعلق دریافت کرنا چاہتا ہے وہ اُبیّ بن کعبؓ کے پاس آکر دریافت کرے اور جو آدمی حلال وحرام کے مسائل پوچھنا چاہتا ہے وہ مُعاذ بنؓ جبل سے پوچھ لے۔ اور جس کو میراث کا مسئلہ طلب کرنا مقصود ہے وہ زیدؓ بن ثابت سے دریافت کرے۔ اور جس کو مال کی ضرورت ہو وہ میرے پاس آجائے۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے اموال کے لیے خزانچی بنایا ہے پس پہلے مَیں ازواجِ مطہرات کو ادا کروں گا، پھر اس کے بعد (حسبِ مرتبہ) مہاجرین کو دونگا جن کو اپنے گھروں اور مال سے نکالا گیا، پھر انصار کو....الخ

(۱) السنن لسعید بن منصور، جلد ثانی، ص ۱۳۲، ۱۳۳ - مطبوعہ مجلس علمی ڈابھیل وکراچی۔

(۲) کتاب الاموال لابی عبید القاسم بن سلام، ص ۲۲۳ - ۲۲۴، باب فرض الاعطیہ من الفیئ۔

(۳) السنن الکبریٰ للبیہقی، جلد ۶، ص ۲۱۰ - باب کتاب الفرائض

(۴) کنز العمال، جلد ثانی طبع اول قدیم دکن - روایت ۶۴۸۷ ص ۳۱۴ - کتاب الجہاد بحث الارزاق والعطایا۔

مذکورہ روایت میں شعبۂ تعلیم کی تقسیم کار کا ایک نقشہ ذکر کیا ہے اور ساتھ ہی شعبۂ مال کی تحویل کا براہِ راست خلیفۂ وقت کے تحت ہونا بیان کیا گیا ہے۔

(۲) اب طبقات ابن سعد کی روایت پیش کی جاتی ہے جس میں شعبۂ اِفتا و قضاء کا ایک خاکہ مذکور ہے۔ اور یہ روایت ذرا تفصیل کے ساتھ قبل ازیں ہم حصّۂ صدیقی میں بیان کر چکے ہیں۔ اسی روایت کا ایک ٹکڑا یہ ہے کہ:-

"..... ثُمَّ وَلِيَ عُمَرُ فَكَانَ يَدْعُو هٰؤُلَاءِ النَّفَرَ... الخ

یعنی "ابوبکر الصدیقؓ کے بعد عمر بن الخطاب خلیفہ اور والی حکومت ہوئے۔ وہ افتاء و فتویٰ کے لیے ان حضرات (عثمانؓ بن عفانؓ، علیؓ بنؓ ابی طالب، عبدالرحمٰنؓ بن عوف، مُعاذ بنؓ جبل، ابی بنؓ کعبؓ، زیدؓ بن ثابت) کو بلاتے تھے۔"

(طبقات ابن سعد، باب اہل العلم والفتویٰ من اصحاب النبیؐ، ص ۱۰۹، ج ۲، القسم الثانی طبع لیدن۔ قدیم طبع)

مطلب یہ ہے کہ بعض مہاجرین حضرات مفتی و قاضی تھے اور ساتھ ہی بعض انصار بزرگ بھی مفتی و قاضی تھے۔ دونوں طبقوں میں فرق نہ تھا۔ نہ کوئی ترجیح قائم تھی۔ اتفاق و اتحاد کے ساتھ یہ معاملات جاری تھے۔

(۳) حضرت سیدنا امیر عمر فاروق اعظمؓ نے اپنے دورِ خلافت میں اس مسئلہ کے بیان کے لیے بعض تصریحات فرمائی ہیں۔ ناظرین کے اطمینان کے لیے ان کو ذکر کیا جاتا ہے۔ ان میں جہاں مسئلہ افتاء و قضاء واضح ہوتا ہے وہاں ساتھ ساتھ ان حضرات کے حُسنِ تعلقات اور باہمی روابط کی پختگی پر خوب روشنی پڑتی ہے۔

سرِدست اس مضمون کے چھ حوالہ جات اپنی اپنی عبارت میں لکھے جاتے ہیں۔

(۱) ---- طبقات ابن سعد میں باسند مذکور ہے:-

"عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ خَطَبَنَا عُمَرُ فَقَالَ عَلِيٌّ

اَقْضَانَا وَاُبَیٌّ اَقْرَؤُنَا ‘‘

(۱) طبقات ابن سعد جلد ثانی ۔ القسم الثانی ، ص ۱۰۲ ۔ تحت علی المرتضیٰ

(۲) بخاری شریف جلد ثانی ، ج ۲ ص ۶۴۴ ۔ کتاب التفسیر آیۃ مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰیَۃٍ ...

(۳) امالی شیخ ابی جعفر الطوسی الشیعی ، ص ۲۵۶ ۔ جلد اول ، طبع جدید ، نجف اشرف ۔

’’ ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ عمر بن الخطاب نے خطبہ دے کر فرمایا کہ علی المرتضیٰؓ ہمارے بہترین قاضی ہیں اور اُبی بن کعب ہمارے بہترین قاری ہیں ‘‘

(۲) ـــ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَلِیٌّ اَقْضَانَا ‘‘

(طبقات ابن سعد ، باب علیؓ ، طبع قدیم لیدن ، ص ۱۰۲ جلد ثانی ، قسم ثانی)

(۳) ـــ ... ’’ عَنْ اَبِیْ مُلَيْكَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عُمَرَؓ قَالَ اَقْضَانَا عَلِیٌّ وَاَقْرَؤُنَا اُبَیٌّ ‘‘

(الاستیعاب ص ۴۱ ، مع اصابہ جلد ثالث ۔ تذکرہ علی المرتضیٰؓ)

(۴) عَنْ عَطَاءٍ قَالَ كَانَ عُمَرُؓ يَقُوْلُ عَلِیٌّ اَقْضَانَا لِلْقَضَاءِ وَاُبَیٌّ اَقْرَؤُنَا لِلْقُرْاٰنِ ‘‘ (طبقات ابن سعد ج ۲ ، ق ۲ ص ۱۰۲ ۔ طبع قدیم)

ان سب مرویات کا ماحصل ایک ہے ۔ حضرت عمرؓ فرمایا کرتے تھے کہ علیؓ قوم کے بہترین قاضی ہیں اور اُبیؓ بہترین قاری ہیں ‘‘

(۵) .... عَنْ شُعَيْبٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ النَّخْعِیِّ قَالَ لَمَّا وَلِیَ عُمَرُؓ قَالَ لِعَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اِقْضِ بَيْنَ النَّاسِ وَتَجَرَّدْ لِلْحَرْبِ ‘‘

’’ یعنی جب عمر فاروقؓ خلیفہ ہوتے ہیں اس وقت انہوں نے علی المرتضیٰؓ سے کہا کہ آپ لوگوں میں تنازعات کے فیصلے کیجیے اور جنگی امور سے آپ علیحدگی اختیار کریں ‘‘

(سیرۃ عمر بن الخطاب لابن الجوزی تحت باب ۳۳ ص ۶۳ طبع مصر)

(۶) ـ البدایہ لابن کثیر جلد ہفتم سن تیرہ ہجری کے حالات میں لکھا ہے کہ :۔

’’ وفيها وَلِیَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَوْمَ الثُّلَثَاءِ لِثَمَانٍ بَقِيْنَ مِنْ جُمَادَى الْاٰخِرَةِ مِنْهَا فَوَلّٰى قَضَاءَ الْمَدِيْنَةِ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ وَ اسْتَنَابَ عَلَى الشَّامِ اَبَا عُبَيْدَةَ عَامِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجَرَّاحِ الْفِهْرِیَّ الخ ‘‘

حاصل یہ ہے کہ ۱۳ھ جمادی الآخریٰ میں سے آٹھ یوم باقی تھے منگل کے دن حضرت عمرؓ خلیفہ مقرر ہوتے اور مدینہ طیبہ کا قاضی انہوں نے علی المرتضیٰ کو متعین فرمایا اور ملک شام کے لیے اپنا نائب مناب ابوعبیدہ بن الجراح کو مقرر فرمایا ‘‘ (البدایہ لابن کثیر ص ۳۱ ، ج ۷ ، تحت ۱۳ھ)

خلاصۃ المرام

(۱)

جس طرح فاروقی حکومت میں دیگر قاضی و مفتی کام کر رہے تھے وہاں حضرت فاروق اعظمؓ کے نزدیک علی المرتضیٰ بہترین قاضی تھے اور عہدۂ قضاء و افتاء میں ان کا خاص مقام تھا ۔ اور شعبۂ قرأت و تجوید میں ابی بن کعبؓ کو اعلیٰ مقام حاصل تھا ۔

(۲)

دوسری یہ چیز ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس خاص شعبۂ قضاء و افتاء

کے ساتھ ایک مناسبت قائم تھی۔ وہ یہ کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے ان کے حق میں کلماتِ دعائیہ فرمائے تھے یمن کے علاقہ کی طرف روانہ کرتے وقت ان کے لیے فرمایا کہ اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْ لِسَانَہٗ وَاھْدِ قَلْبَہٗ (البدایہ لابن کثیر بحوالہ مُسند احمد ج ۵ ص ۲۸) یعنی اے اللہ ان کی زبان کو ثابت رکھنا اور ان کے دل کو ہدایت دینا۔" (ج ۵ ص ۱۰۷)

(۴)

تیسری یہ چیز واضح صورت میں عیاں ہو گئی ہے کہ سیدنا امیر المؤمنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور علی المرتضیٰ کے درمیان کوئی عداوت، بغض، عناد، تضاد، فساد وغیرہ ہرگز نہ تھا، نہ فاروقی خلافت سے قبل تھا نہ بعد میں تھا۔ ورنہ جن لوگوں کے طبائع میں پوشیدہ عداوت کارفرما ہوتی ہے اور ان کے سینے کینے سے پُر ہوتے ہیں وہ لوگ ایک دوسرے کو دیکھ نہیں سکتے۔ ایک دوسرے کے قریب رہنا پسند نہیں کرتے۔ باہم مل کر بیٹھنا ان کے لیے دشوار ہوتا ہے۔ ایک دوسرے کی ترقی اور خوشحالی ان کو ناگوار گزرتی ہے۔ یہاں معاملات ہی دوسرے ہیں۔ جو کچھ ہمیں شیعہ احباب اور دشمنانِ صحابہ کرامؓ مخالفت کے حالات اور تنازع کے واقعات سُناتے ہیں وہ سب ان چیزوں کے سراسر خلاف ہیں۔

ناظرین کرام اور باانصاف طبائع کی خدمت میں ہم گزارش کرتے ہیں کہ ان مندرجاتِ بالا کو پڑھ کر غور و فکر کریں۔ حق و انصاف کو سامنے رکھیں۔ جو بات حق نظر آئے اُس کی تائید فرماویں۔ امید ہے صحیح چیز مخفی نہ رہے گی۔

فاروقی عدالت میں مقدمات کی مرافعہ

قبل ازیں ہم نے ذکر کیا ہے کہ فاروقی حکومت میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ لوگوں کے مقدمات کا فیصلہ کیا کرتے تھے اور ان کی طرف پبلک کے تنازعات کی مرافعت ہوتی تھی گویا حضرت علی رضی اللہ عنہ چیف جج کی حیثیت سے کام کرتے تھے۔

ناظرین کرام کی خدمت میں اب یہ ذکر کیا جاتا ہے جب حضرت علی المرتضیٰؓ کو خود کسی تنازعہ کا فیصلہ کرانے کی ضرورت پیش آتی تو وہ امیر المؤمنین عمر فاروق کی خدمت میں مرافعت کرتے (یعنی مقدمہ لے جاتے) اور ان سے فیصلہ طلب کرتے تھے۔

چنانچہ اس سلسلہ میں کئی ایک واقعات حدیث و روایات کی کتابوں میں پائے جاتے ہیں۔ یہاں صرف چند واقعات درج کیے جاتے ہیں۔

مُرافعہ کا ایک واقعہ

صحاح ستّہ کی کتابوں میں منقول ہے (اس کو اجمالاً لکھا جاتا ہے) . . . . . . کہ حضرت عباس بن عبدالمطلبؓ اور حضرت علیؓ دونوں نے اموال بنی نضیر و اموالِ فئے کے متعلق حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی عدالت میں اپنا تنازعہ پیش کیا (اور یہ تولیت و نگرانی و تصرف کے متعلق تنازعہ تھا)۔ امیر المؤمنین عمرؓ نے فرمایا کہ اس جائیداد وغیرہ کو آپ لوگوں میں مالکانہ حقوق دے کر تقسیم نہیں کیا جائے گا۔ البتہ اس کی آمدنی و منافع آپ حضرات کے درمیان دورِ نبوی کے دستور کے موافق تقسیم ہوتے رہیں گے اور باقاعدہ جاری رہیں گے۔ اگر تمہارے درمیان ان اموال کی نگرانی بھی قابلِ نزاع ہو رہی ہے تو یہ مجھے واپس کر دیں میں خود نگرانی کا انتظام کروں گا اور اس کی آمدنی آپ لوگوں کو باقاعدہ حاصل ہوتی رہے گی۔"

(۱) بخاری ج ۱ ص ۴۳۵، ۴۳۶ باب فرض الخمس (۲) بخاری ج ۲ ص ۸۰۶-۸۰۷ باب حبس الرجل قوت سنۃ علی اھلہ (۳) مسلم شریف ج ۲ ص ۸۱۔ باب حکم الفئی۔

اِس نوعیّت کا ایک دُوسرا واقعہ

کتاب الآثار امام ابو یوسف اور کتاب الآثار امام محمد میں یہ مرافعت کا واقعہ مذکور ہے۔

عَنْ اَبِیْ یُوْسُفَ عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ اَنَّ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍؓ وَالزُّبَیْرَ بْنَ الْعَوَّامِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا اخْتَصَمَا اِلٰی عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

فِی مَوْلیٰ لِصَفِیَّۃَ بِنْتِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا فَقَالَ عَلِیٌّ اَنَا عَصَبَۃُ عَمَّتِیْ وَاَنَا اَعْقِلُ عَنْ مَوْلَاھَا وَاَرِثُہٗ ثُمَّ قَالَ الزُّبَیْرُ اُمِّیْ وَاَنَا اَرِثُ مَوْلَاھَا فَقَضٰی عُمَرُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ لِلزُّبَیْرِ بِالْمِیْرَاثِ وَقَضٰی بِالْعَقْلِ عَلٰی عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ "

(۱) کتاب الآثار لامام ابی یوسفؒ باب الفرائض،
روایت ۷۷۵۔ طبع حیدر آباد دکن۔ ۱۳۵۵ھ

(۲) کتاب الآثار لامام محمدؒ، ص ۱۲۰۔ باب میراث الموالی
طبع انوار محمدی۔ لکھنؤ۔

مصنّف عبدالرزاق اور سُنن سعید بن منصور میں یہ واقعہ ذیل عبارت میں پایا گیا ہے۔

"۔۔۔۔۔ سَعِیْدٌ قَالَ نَا اَبُوْ مُعَاوِیَۃَ قَالَ نَا عُبَیْدَۃُ الضَّبِّیُّ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ قَالَ اِخْتَصَمَ عَلِیٌّ وَالزُّبَیْرُ اِلٰی عُمَرَ فِیْ مَوْلیٰ صَفِیَّۃَ فَقَالَ عَلِیٌّ مَوْلیٰ عَمَّتِیْ وَاَنَا اَعْقِلُ عَنْہُ وَقَالَ الزُّبَیْرُ مَوْلیٰ اُمِّیْ وَاَنَا اَرِثُہٗ فَقَضٰی عُمَرُ لِلزُّبَیْرِ بِالْمِیْرَاثِ وَقَضٰی عَلٰی عَلِیٍّ بِالْمِیْرَاثِ "

(۱) المصنّف لعبد الرزاق، ص ۳۵۔ ۴۵۔ باب
میراث المرأۃ الخ، جلد تاسع۔

(۲) کتاب السُّنن لسعید بن منصور الخراسانی المکی المتوفی
سنہ ۲۲۷ھ القسم الاول من المجلد الثالث باب الرجل۔
یعتق نیمت و یترک ورثتہ ص ۴۷۔ حدیث ۲۷۴
مجلس علمی کراچی۔ ڈابھیل۔

(۳) کنز العمّال جلد ششم، ص ۷۔ کتاب الفرائض من
قسم الافعال۔

حوالہ جات بالا کا حاصل یہ ہے کہ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی عمّۃ محترمہ (پھوپھی) صفیہ بنت عبدالمطلب کا ایک خادم و غلام فوت ہوگیا (اس کے متروکہ مال و اموال) کے متعلق حضرت علیؓ اور زبیرؓ بن عوام کے درمیان تنازعہ ہوگیا۔ اس مقدمہ کو حضرت فاروق اعظمؓ کی عدالت میں لے گئے۔ حضرت علی کہتے تھے کہ یہ میری پھوپھی کا خادم اور غلام تھا میں اپنی پھوپھی کے حق میں عَصبہ ہوں ان کی دیت و ضمانت ادا کرنا میرے ذمّہ ہے فلہٰذا میں زیادہ حقدار ہوں۔ اور زُبیر کہتے تھے کہ صفیہ میری ماں تھی۔ یہ میری ماں کا خادم تھا تو اس غلام کا میں جائز وارث ہوں۔ (دونوں فریقوں کے ان بیانات کے بعد) حضرت فاروقؓ نے اس تنازعہ کا فیصلہ یہ فرمایا کہ صفیہؓ کا بیٹا زبیرؓ اس مال کا حقدار ہے علی المرتضیٰؓ اس کے حقدار نہیں ہیں (یہاں سے یہ مسئلہ چلتا ہے کہ قریب وارث کو بہ نسبت بعید وارث کے مقدم رکھا جاتا ہے)۔

مندرجات کے فوائد

(۱)

—— لوگوں کے لیے حضرت علی المرتضیٰ قاضی و مفتی ہوتے تھے اور ان کے اپنے تنازعات کے لیے عمر فاروقؓ قاضی تھے، بلکہ قاضی القضاۃ تھے۔ یعنی فاروق اعظمؓ عام پبلک کے مسائل کے فیصلے حضرت علیؓ کے سپرد کر دیتے تھے اور مرتضوی تنازعات کے فیصلے خود کرتے تھے۔ اس طریقہ سے بڑا عمدہ نظم قائم کیے ہوئے تھے۔

—— نیز ثابت ہوا کہ حضرت عمرؓ کی عدالت بالکل برحق تھی تب ہی تو عند الضرورۃ حضرت علیؓ ان کی طرف رجوع کرتے تھے۔ ورنہ علی المرتضیٰ (کتاب و سنّت پر عامل ہونے کی وجہ سے) باطل عدالت کی طرف نہیں جا سکتے تھے۔ اور نہ ہی ظالم و جابر حاکموں سے

فیصلہ طلب کرسکتے تھے (جیسا کہ فروع کافی جلد سوم کتاب القضایا والاحکام باب کراہتہ الارتفاع الی قضاۃ الجور، ج ۳ ص ۲۲۵، طبع لکھنؤ پر درج ہے)۔

(۳)

جب عدالتِ فاروقی صحیح ہے تو خلافتِ فاروقی کی حقانیت میں کوئی شبہ نہ رہا۔ اور فاروقی خلافت کی صداقت روزِ روشن کی طرح واضح ہوگئی۔

(۴)

اور یہ تمام واقعات بہانگ دہل تبلا رہے ہیں کہ فاروقِ اعظمؓ اور علی المرتضیٰ شیرِ خدا رضی اللہ عنہما کی آپس میں محبت تھی، عداوت نہ تھی، شفقت تھی، نفرت نہ تھی، دوستی تھی، دشمنی نہ تھی، ان کے باہمی تعلقات بہترین قائم تھے کشیدہ خاطر بالکل نہ تھے۔

باہمی تنازعات و مناقشات کی روایات کی حیثیت دروغِ بے فروغ سے زیادہ کچھ نہیں۔ ناظرین کرام یاد رکھیں۔

تنبیہ

فصل ہٰذا کے آخر میں حضرت علیؓ کے دورِ خلافت کا اپنا طرزِ عمل ذکر کیا جاتا ہے۔ اس پر فصل اوّل کا اختتام ہوگا۔ ناظرین کرام کو معلوم ہونا چاہیے کہ اُمّ الولد (یعنی وہ لونڈی جس سے مالک کی اولاد ہو) کی بیع اور فروخت کو حضرت علیؓ اور حضرت عمر فاروقؓ دونوں ناجائز کہتے تھے۔ بعد میں حضرت علیؓ کی اس بارے میں یہ رائے ٹھہری کہ یہ فروخت جائز ہے۔ پھر جب حضرت علیؓ کی اپنی خلافت کا دور آیا ہے اس وقت حضرت علیؓ کے ایک قاضی عَبیدۃ السلمانی نے عند الضرورۃ آپ سے دریافت کیا کہ اُمّ ولد کی بیع کے سلسلہ میں اب ہم کیا صورت اختیار کریں تو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے یہ فرمان صادر فرمایا۔ یہ بخاری شریف میں باسند مذکور ہے:۔

"...... عَنْ اَیُّوْبَ عَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ عَنْ عُبَیْدَةَ السَّلْمَانِیْ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ اِقْضُوْا کَمَا تَقْضُوْنَ فَاِنِّیْ اَکْرَہُ الْاِخْتِلَافَ حَتّٰی یَکُوْنَ النَّاسُ جَمَاعَةً اَوْ اَمُوْتَ کَمَا مَاتَ اَصْحَابِیْ۔"

"(یعنی عُبیدہ سلمانی حضرت علیؓ سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت علیؓ نے اپنے قُضاۃ و عُمّال کو حکم دیا کہ جیسے تم پہلے فیصلے کیا کرتے تھے اسی طرح تم اب بھی فیصلے کیا کرو۔ میں (گذشتہ احباب و اصحاب کے ساتھ) اختلاف کرنے کو ناپسند کرتا ہوں تاکہ لوگ اجتماعی شکل میں رہیں، یہاں تک کہ میری وفات ہو جائے، جیسا کہ میرے احباب و اصحاب (بغیر اختلاف کے اس عالم سے) رحلت کر گئے ہیں۔" (بخاری شریف، جلد اوّل باب مناقب علی، ص ۵۲۶)

قارئین کرام کو معلوم رہے کہ مصنّف عبدالرزاق، جلد یازدہم، ص ۳۲۹ میں بھی حضرت علیؓ کا یہ قول باسند منقول ہے۔

فوائد

—— یہ مرتضوی کلام اُمّ الولد کی بیع کے متعلق ہے کسی دوسرے مسئلہ کے متعلق نہیں ہے (جیسا کہ شیعہ احباب اس کو کھینچ کر کہیں دوسری طرف لے جاتے ہیں)۔

—— یہ مرتضوی فرمان تقیہ شریفہ کے طور پر نہیں ہوسکتا کیونکہ اپنی حکومت اور اپنا راج ہے اپنے قاضی و جج ہیں۔

—— یہ حضرات باہم صالح قلب، نیک دل، پاک طینت تھے۔ ضد، تعصّب، ہٹ دھرمی سے مُبرّا تھے۔

—— حضرت علیؓ کے لیے کسی مسئلہ میں رجوع کر لینا اور اپنی رائے کو واپس لے لینا عار نہیں تھا اور نہ ہی اس کو سُقم جانتے تھے۔

—— ہر مرحلہ پر ان حضرات کو حتی المقدور جماعتی اتحاد و اتفاق ملحوظ رہتا تھا انتشار پھیلانا

اور اس کو ہوا دینا ان لوگوں کو ناپسند تھا۔

—— كَمَا مَاتَ اَصْحَابِیْ (یعنی جس طرح میرے احباب ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ فوت ہوئے) کے الفاظ سے اصل مضمون کی بڑی عمدہ تائید پائی جاتی ہے کہ یہ بزرگانِ دین ایک دوسرے کے فیصلہ جات کی قدر کرتے تھے اور رعایت فرماتے تھے۔ خلاف فیصلہ صادر کرنے کو مکروہ جانتے تھے۔ باہم حبیب و رفیق تھے۔ ایک دوسرے کے معاند و مخالف نہ تھے۔

—— پھر ان واقعاتِ حقیقیہ کے ہوتے ہوئے دوستوں کا یہ کہنا کہ لڑائی اور فساد کے خطرہ کے پیش نظر حضرت علیؓ اس طرح کا جواب اپنے سائلین کو دے دیتے تھے صحیح نہیں ہے۔ حضرت علیؓ کا ظاہر اور باطن دو طرح کا نہیں ہو سکتا۔ حضرت علیؓ کی زبان اور دل ایک دوسرے کے خلاف نہیں ہو سکتے۔ مصلحت بین، ابن الوقت، دفع الوقتی کرنے والے اور لوگ ہوا کرتے ہیں۔ حق بات یہ ہے کہ حضرتِ علیؓ شیرِ خدا کی شانِ شجاعت، شانِ صداقت، شانِ دیانت کے یہ چیزیں برخلاف ہیں۔ حضرت مرتضیٰؓ کے اقوال و اعمال اپنی جگہ پر بالکل صحیح ہیں۔ دو رُخی روش اور دو رخی پالیسی پر ہرگز محمول نہیں ہیں۔

فصل ثانی

مسائلِ شرعیہ میں مشورے اور باہمی تلقین

فصل ثانی میں یہ چیز ذکر کی جاتی ہے کہ سیّدنا فاروق اعظمؓ اور سیّدنا علی المرتضیٰؓ کے درمیان علمی مذاکرات جاری رہتے تھے۔ ایک دوسرے سے دینی مسائل کی دریافت ہوتی تھی۔

حضرت علیؓ خلافت میں چونکہ قاضی کے عہدہ پر فائز تھے اس بنا پر کئی مسائل فیصلہ کے لیے ان کے حوالہ کیے جاتے تھے۔ اور مزید برآں حضرت فاروق اعظمؓ پیش آمدہ کئی جدید مسائل میں اکابر صحابہ کرامؓ سے مشورے لیتے تھے۔ اس سلسلہ میں حضرت علی المرتضیٰ کے مشورہ کو بہت دفعہ مُصیب اور درست قرار دے کر اس پر عمل درآمد کا فیصلہ دے دیتے تھے۔

چنانچہ اس موقعہ پر ہم حدیث و روایات کی کتابوں سے چند ایک مسائل کو نقل کرتے ہیں۔

ان ہر دو بزرگوں کے درمیان علمی تعلقات کا استیعاب و استقصاء پیش نظر نہیں ہے۔ صرف چند علمی روابط ذکر کیے جاتے ہیں۔ ان مندرجات سے بسہولت اندازہ ہو سکتا ہے کہ یہ بزرگانِ دین آپس میں شیر و شکر تھے۔ ان کے باہمی مراسم کس درجہ کے تھے؟ دینی معاملات میں متحد و متفق ہو کر کیسے نظامِ خلافت چلاتے تھے؟ اِن ہر دو ہستیوں کے مابین کوئی انشقاق و انقباض ہرگز نہ تھا اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ (مومن باہم بھائی بھائی ہی ہوتے ہیں) کا پورا پورا نمونہ تھے۔ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ کے صحیح مصداق تھے۔

—— آئندہ واقعات سے قبل یہ درج کیا جاتا ہے کہ حضرت علی اور حضرت عمرؓ کے درمیان علمی گفتگو ہوتی تھی۔ اس ضمن میں حضرت علیؓ کی طرف سے بعض دفعہ ناصحانہ اور خیر خواہانہ

کلمات بھی حضرت عمرؓ کے حق میں پائے جاتے ہیں۔ شیعہ علماء نے اس چیز کو نقل کیا ہے۔ یہ بات علمی روابط کے ساتھ ساتھ ہمدردی اور خیر خواہی پر بھی دلالت کرتی ہے۔

علمی گفتگو

سالم بن عبداللہ بن عمرؓ نے اپنے والد سے حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ کا مکالمہ ذکر کیا ہے جو حلیۃ الاولیاء ابونعیم اصفہانی میں مندرجہ ذیل عبارت کے ساتھ درج ہے:۔

"۔۔۔۔ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لِعَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا رُبَّمَا شَهِدْتَ وَغِبْنَا وَرُبَّمَا غِبْتَ وَشَهِدْنَا فَهَلْ عِنْدَكَ عِلْمٌ بِالرَّجُلِ يُحَدِّثُ بِالْحَدِيْثِ اِذَا نَسِيَهُ اِسْتَذْكَرَهُ فَقَالَ عَلِيٌّ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنَ الْقُلُوْبِ قَلْبٌ اِلَّا وَلَهُ سَحَابَةٌ كَسَحَابَةِ الْقَمَرِ بَيْنَمَا الْقَمَرُ مُضِيْئٌ اِذْ عَلَتْهُ سَحَابَةٌ فَاَظْلَمَ اِذْ تَجَلَّتْ عَنْهُ فَاَضَاءَ وَبَيْنَمَا الرَّجُلُ يُحَدِّثُ اِذْ عَلَتْهُ سَحَابَةٌ فَنَسِيَ اِذْ تَجَلَّتْ عَنْهُ فَذَكَرَهُ"

(حلیۃ الاولیاء لابی نعیم الاصفہانی، ج ۲ ص ۱۹۶۔ تذکرہ سالم بن عبداللہ)

حاصل یہ ہے کہ سالم نے اپنے والد عبداللہ بن عمر سے نقل کیا ہے کہ ایک دفعہ حضرت فاروق اعظمؓ نے حضرت علی المرتضیٰ کو کہا کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے عہدِ مقدس میں آنحضرت صلعم کی خدمت میں بعض اوقات آپ موجود رہتے اور ہم غائب اور غیر حاضر ہوتے تھے۔ بعض دفعہ آپ غیر حاضر ہوتے اور ہم خدمت میں موجود ہوتے تھے۔ ایسے شخص کے متعلق تمہارے ہاں کچھ علم ہے جس کو پہلے بات یاد تھی اس کو بیان کرتا تھا جب اس کو بھول گیا ہے تو اب اس کو یاد کرتا ہے۔

تو حضرت علی المرتضیٰ نے فرمایا کہ میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے کہ ہر آدمی کے قلب کی ایسی مثال ہے جیسے قمر بادل کے تحت آجانے سے پوشیدہ ہو جاتا ہے اور اندھیرا چھا جاتا ہے اور جب وہ بادل قمر سے ہٹ جاتا ہے تو قمر روشن ہو جاتا ہے اسی طرح انسان کے دل پر جب گھٹا سی آجاتی ہے تو بھول جاتا ہے جب وہ گھٹا قلب سے الگ ہو جاتی ہے تو انسان کو وہ چیز یاد آجاتی ہے۔"

ناصحانہ کلمات

شیعی علماء نے ذکر کیا ہے کہ ایک بار حضرت علیؓ نے حضرت عمرؓ کے ساتھ گفتگو فرماتے ہوئے ان کو تین نصیحتیں فرمائی تھیں، عبارتِ ذیل ملاحظہ فرمائیں۔

"قَالَ اَبُوْعَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِعُمَرَؓ بْنِ الْخَطَّابِ ثَلَاثٌ اِنْ حَفِظْتَهُنَّ وَعَمِلْتَ بِهِنَّ كَفَتْكَ مَا سِوَاهُنَّ فَاِنْ تَرَكْتَهُنَّ لَمْ يَنْفَعْكَ شَيْءٌ سِوَاهُنَّ قَالَ وَمَا هُنَّ يَا اَبَا الْحَسَنِؓ۔ قَالَ اِقَامَةُ الْحُدُوْدِ عَلَى الْقَرِيْبِ وَالْبَعِيْدِ وَالْحُكْمُ بِكِتَابِ اللّٰهِ فِي الرِّضَا وَالسُّخْطِ۔ وَالْقَسْمُ بِالْعَدْلِ بَيْنَ الْاَسْوَدِ وَالْاَحْمَرِ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ لَعَمْرِيْ لَقَدْ اَوْجَزْتَ وَاَبْلَغْتَ"

"یعنی حضرت علیؓ نے فرمایا کہ یہ تین چیزیں ہیں اگر ان کو آپ محفوظ کرلیں اور ان پر عمل درآمد کریں تو یہ آپ کے لیے دیگر اشیاء سے کفایت کریں گی اور چیزوں کی حاجت نہ رہے گی۔ اور اگر آپ ان کو ترک کر دیں گے تو ان کے سوا آپ کو کوئی چیز نفع نہ دے گی۔ اس وقت عمر بن الخطّاب نے فرمایا کہ بیان کیجیے وہ کیا چیزیں ہیں؟ تو حضرت علی المرتضیٰؓ نے فرمایا کہ ایک تو قریب و بعید سب لوگوں پر اللہ کے حدود و قوانین جاری کیجیے! دوسرا یہ کہ کتاب اللہ کے موافق رضامندی

اور ناراضگی دونوں حالتوں میں یکساں حکم لگاتے ہیں! تیسرا یہ کہ سیاہ و سفید ہر قسم کے آدمیوں میں حق و انصاف کے ساتھ تقسیم کیجیے! یہ کلام سننے کے بعد حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ مجھے اپنی زندگی کی قسم ہے کہ آپ نے مختصر کلام کی مگر ابلاغ و تبلیغ کا حق ادا کر دیا ہے۔"

(۱) تاریخ یعقوبی شیعی تحت ایام عمرؓ، ج ۲، ص ۲۰۸ طبع جدید بیروتی۔

(۲) تہذیب الاحکام للشیخ الطوسی الشیعی، ج ۲، ص ۱۷۔ کتاب القضاء باب آداب الحکام۔ طبع قدیم ایران۔

(۳) المناقب لابن شہر آشوب الشیعی، ج ۲، ص ۱۲۰۔ فصل فی مسابقتہ بالحزم و ترک المداہنۃ طبع ہندوستان۔

دینی مسائل میں مشاورت

ذیل میں کچھ ایسے مسائل ذکر کیے جاتے ہیں جن میں وقتاً فوقتاً ہر دو حضرات سیدنا فاروق اعظمؓ اور سیدنا علی المرتضیٰؓ کے درمیان مشورہ ہوا اور سیدنا حضرت عمرؓ نے اس پر عمل کیا۔ یہ واقعات ان بزرگوں کی باہمی مودت، دوستی، خیر خواہی اور اخلاص پر دلالت کرتے ہیں اور اصل مضمون پر کھلی شہادت پیش کرتے ہیں۔ صرف انصاف سے غور کرنے کی ضرورت ہے۔

(۱)

صدقہ کے بارہ میں مشورہ

مسند امام احمدؒ مسانید عمر بن الخطاب میں اہل شام کا ایک واقعہ درج ہے:

"عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ عَنْ حَارِثَةَ قَالَ جَاءَ نَاسٌ مِنْ اَهْلِ الشَّامِ اِلٰى عُمَرَؓ فَقَالُوْا اِنَّا قَدْ اَصَبْنَا اَمْوَالًا وَّخَيْلًا وَرَقِيْقًا نُحِبُّ اَنْ

يَّكُوْنَ لَنَا فِيْهَا زَكٰوةٌ وَّطَهُوْرٌ قَالَ مَا فَعَلَهُ صَاحِبَایَ قَبْلِیْ فَاَفْعَلَهُ وَ اسْتَشَارَ اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِيْهِمْ عَلِیٌّ (ابْنُ اَبِیْ طَالِبٍ) فَقَالَ عَلِیٌّؓ هُوَ حَسَنٌ اِنْ لَّمْ يَكُنْ جِزْيَةً رَاتِبَةً يُؤْخَذُوْنَ بِهَا مِنْ بَعْدِكَ۔"

(۱) مسند امام احمد معہ منتخب کنز مسانید عمرؓ بن الخطاب ج ۱، ص ۱۴۔ طبع مصر

(۲) السنن للدارقطنی، ج ۱، ص ۲۱۹۔ طبع انصاری دہلی باب الحث علی اخراج الصدقہ۔

(۳) طحاوی شریف ج ۱، ص ۳۱۱۔ کتاب الزکوٰۃ باب الخیل

حارثہ کہتا ہے کہ اہل شام سے کچھ لوگ حضرت عمرؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے کہنے لگے کہ ہمیں بہت سا مال اور گھوڑے اور غلام دستیاب ہوتے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس میں سے زکوٰۃ ادا کریں جس سے طہارتِ مال ہوتی ہے۔ حضرت عمرؓ نے کہا کہ مجھ سے پہلے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور صدیقِ اکبرؓ ایسی صورت میں جو حکم دیتے تھے اس کے موافق حکم دیا جاتے گا۔ فاروقِ اعظمؓ نے اس امر کے لیے صحابۂ کرامؓ سے مشورہ کیا۔ علی بن ابی طالب بھی موجود تھے۔ حضرت علیؓ نے رائے دی ان اموال سے (وقتی طور پر) صدقہ ادا کر دیں تو اچھا ہے بشرطیکہ آپ کے بعد ان پر یہ سالانہ ٹیکس کے طور پر لازم نہ کر دیا جائے۔"

(۲)

دیت (خوں بہا) کے مسئلہ میں مشورہ

کنز العمال میں مصنف عبدالرزاق کے حوالہ سے یہ واقعہ مذکور ہے۔ ملاحظہ فرماویں۔

"عن حیی بن یعلی یخبر ان رجلا اتی یعلی فقال ھذا قاتل اخی

فَدَفَعَهُ إِلَيْهِ فَجَدَعَهُ بِالسَّيْفِ حَتّٰى رَأٰى أَنَّهُ قَتَلَهُ وَبِهِ رَمَقٌ فَأَخَذَهُ أَهْلُهُ فَدَاوَوْهُ حَتّٰى بَرِئَ فَجَاءَ يَعْلٰى فَقَالَ قَاتِلُ أَخِي فَقَالَ أَوَلَيْسَ قَدْ دَفَعْتُهُ إِلَيْكَ فَأَخْبَرَهُ خَبَرَهُ فَدَعَاهُ يَعْلٰى فَإِذَا هُوَ قَدْ شُلَّ فَحَسَبَ جُرُوحَهُ فَوُجِدَ فِيهِ الدِّيَةُ فَقَالَ لَهُ يَعْلٰى إِنْ شِئْتَ فَادْفَعْ إِلَيْهِ دِيَتَهُ وَاقْتُلْهُ وَإِلَّا فَدَعْهُ فَلَحِقَ بِعُمَرَ رضی اللہ عنہ فَاسْتَعْدٰى عَلٰى يَعْلٰى فَكَتَبَ عُمَرُ رضی اللہ عنہ إِلٰى يَعْلٰى أَنْ أَقْدِمْ عَلَيَّ فَقَدِمَ عَلَيْهِ فَأَخْبَرَهُ الْخَبَرَ فَاسْتَشَارَ عُمَرُ رضی اللہ عنہ عَلِيَّ ابْنَ أَبِي طَالِبٍ فَأَشَارَ عَلَيْهِ بِمَا قَضٰى بِهِ يَعْلٰى فَاتَّفَقَ عَلِيٌّ رضی اللہ عنہ وَعُمَرُ رضی اللہ عنہ عَلٰى قَضَاءِ يَعْلٰى أَنْ يَدْفَعَ إِلَيْهِ الدِّيَةَ وَيَقْتُلَهُ أَوْ يَدَعَهُ فَلَا يَقْتُلُهُ۔ وَقَالَ عُمَرُ رضی اللہ عنہ لِيَعْلٰى إِنَّكَ لَقَاضٍ وَرَدَّهُ عَلٰى عَمَلِهِ "

(۱) المصنّف لعبدالرزاق، ج ۹، ص ۴۳۲ -

(۲) کنزالعمّال، ج ۷ - ص ۳۰۰ - روایت ۳۴۸۱ -

طبع اوّل قدیم -

" ایک شخص (حضرت عمرؓ کے قاضی) یعلیٰ نامی کے پاس آکر کہنے لگا کہ یہ آدمی میرے بھائی کا قاتل ہے - قاضی یعلیٰ نے اس شخص کو مدعی کے حوالے کر دیا - مدعی نے اس آدمی کو تلوار سے وار کر کے کاٹ ڈالا اور خیال کیا کہ یہ اب قتل ہو چکا ہے - اس کے آخری سانس تھے - مجروح کو اس کے وارثوں نے اٹھا لیا - علاج و معالجہ کیا وہ ٹھیک ہو گیا - پھر مدعی (مذکور) نے قاضی یعلیٰ کے پاس آکر (دعویٰ کر دیا) کہا کہ یہ میرے بھائی کا قاتل ہے تو قاضی موصوف نے جواب دیا کہ میں نے اس کو تیرے حوالہ نہیں کر دیا تھا ؟ اس نے کہا کہ (میں نے وار کیے لیکن یہ علاج سے پھر درست ہو گیا ہے) تو قاضی یعلیٰ نے مدعا علیہ کو بلایا - اس کے بازو شل (اور بیکار) ہو چکے تھے - قاضی یعلیٰ نے اس کے زخم شمار کیے (جو اس کو

مدعی کے وار کرنے سے ہوئے تھے) ان پر شرعاً دیت اور تاوان ادا کرنا لازم ہوتا تھا - قاضی نے کہا کہ تیرے لیے (دو صورتیں ہیں) یا تو ان زخموں کے عوض نامیں تو اس مجروح کو تاوان ادا کر دے اور قتل کر لے، یا پھر اس کو بالکل چھوڑ دے (یعنی تو اپنے خیال میں قاتلانہ وار کر کے بدلہ لے چکا ہے لیکن یہ قدرتاً بچ گیا ہے) -

اس کے بعد اس مدعی نے حضرت عمرؓ کے پاس جا کر واقعہ ہٰذا بیان کر کے قاضی مذکور کی شکایت کی تو حضرت فاروق اعظمؓ نے قاضی مذکور کو بلایا وہ حاضر ہوا فیصلہ کی تفصیلات اس نے دوہرائیں - اس وقت حضرت عمرؓ نے حضرت علیؓ سے مشورہ طلب کیا - حضرت علیؓ نے قاضی یعلیٰ کے فیصلہ کی موافقت کی - پھر حضرت علیؓ و حضرت عمرؓ دونوں بزرگوں نے اس فیصلہ پر اتفاق کرتے ہوئے درست قرار دیا (کہ اگر ان زخموں کا تاوان ادا کرے تب تو قاتلانہ وار کر سکتا ہے ورنہ اس کو چھوڑ دے) حضرت عمرؓ نے قاضی یعلیٰ کو اس کے صحیح فیصلہ کی بنا پر بدستور قاضی مقرر رکھا "

(۴۳)

مجبور عورت کے حق میں مشورہ

" ...... عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِي قَالَ أُتِيَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ بِامْرَأَةٍ جَهَدَهَا الْعَطَشُ فَمَرَّتْ عَلٰى رَاعٍ فَاسْتَسْقَتْ فَأَبٰى أَنْ يَسْقِيَهَا إِلَّا أَنْ تُمَكِّنَهُ مِنْ نَفْسِهَا فَفَعَلَتْ فَشَاوَرَ النَّاسَ فِي رَجْمِهَا فَقَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ هٰذِهِ مُضْطَرَّةٌ أَرٰى أَنْ تُخَلِّيَ سَبِيلَهَا فَفَعَلَ "

(السنن الکبریٰ للبیہقی، ج ۸، ص ۲۳۶ - کتاب الحدود - باب من زنیٰ بامرأۃٍ مستکرہۃ)

"یعنی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ایک عورت کا قصہ پیش ہوا جو شدتِ پیاس کی وجہ سے ایک چرواہا کے پاس گئی پانی طلب کیا۔ اس نے پانی دینے سے انکار کیا مگر اس صورت میں کہ وہ عورت اس کو بدفعلی کرنے دے (تب پانی ملے گا) عورت نے مجبور ہو کر یہ فعل کرنے دیا۔ اس مسئلہ کے لیے حضرت عمرؓ نے صحابہ کرام سے مشورہ طلب کیا حضرت علیؓ نے رائے دی کہ یہ عورت مجبور ہے۔ میرا خیال ہے کہ اس کو چھوڑ دیا جائے۔ پس حضرت عمرؓ نے حضرت علیؓ کا مشورہ قبول کرتے ہوئے اس کو سزا نہ دی اور چھوڑ دیا۔"

واضح رہے کہ یہ واقعہ کتاب سُنَن سعید بن منصور المکی الخراسانی جلد ثانی صفحہ ۲، میں مذکور ہے۔ اور مُصنّف عبدالرزاق، جلد چہارم صفحہ ۱۰۸ میں موجود ہے۔

(۴)

بدفعلی کی سزا میں مُشاورت

یہ واقعہ شیعہ عُلماء نے کتاب الحدود۔ باب الحد فی اللواط میں درج کیا ہے یہاں فروع کافی کی عبارت پیش کی جاتی ہے:۔

"...... قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عَبْدِاللهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَقُوْلُ وُجِدَ رَجُلٌ مَعَ رَجُلٍ فِيْ اِمَارَةِ عُمَرَ فَهَرَبَ اَحَدُهُمَا وَاُخِذَ الْاٰخَرُ فَجِيْءَ بِهِ اِلٰى عُمَرَ فَقَالَ لِلنَّاسِ مَا تَرَوْنَ قَالَ فَقَالَ هٰذَا اِصْنَعْ كَذَا وَقَالَ هٰذَا اِصْنَعْ كَذَا ۔ قَالَ فَقَالَ مَا تَقُوْلُ يَا اَبَا الْحَسَنِ! قَالَ اِضْرِبْ عُنُقَهُ فَضُرِبَ عُنُقُهُ قَالَ ثُمَّ اَرَادَ اَنْ يَحْمِلَهُ فَقَالَ مَهْ اِنَّهُ قَدْ بَقِيَ مِنْ حُدُوْدِهِ شَيْءٌ قَالَ اَيُّ شَيْءٍ بَقِيَ؟

قَالَ اُدْعُ بِحَطَبٍ قَالَ فَدَعَا عُمَرُ بِحَطَبٍ فَاَمَرَ بِهِ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَاُحْرِقَ بِهِ"

(۱) الفروع من الکافی، جلد ثالث ص ۱۰۹ (محمد بن یعقوب کلینی رازی، شیعی۔
کتاب الحدود۔ باب الحد فی اللواط طبع لکھنؤ۔

(۲) الاستبصار للشیخ ابی جعفر الطوسی الشیعی۔
کتاب الحدود۔ باب الحد فی اللواط ج ۲ ص ۲۰۶ طبع لکھنؤ

"امام جعفر صادقؒ نے فرمایا کہ عمر بن الخطاب کی خلافت کے زمانہ میں ایک مرد نے دوسرے مرد کے ساتھ بدفعلی کی۔ ایک فرار ہو گیا دوسرا گرفتار ہوا (عمر بن الخطاب کی خدمت میں لایا گیا) عمر بن الخطاب نے حاضر لوگوں سے اس کی سزا دریافت کی بعض نے کہا اس طرح کریں، دوسروں نے کہا اس طرح سزا دیں۔ عمر بن الخطاب نے علی بن ابی طالب سے دریافت کیا اے ابوالحسن! آپ کی کیا رائے ہے؟ علی المرتضیٰ نے کہا کہ اس کی گردن اڑا دیں۔ گردن مار دی گئی۔ لاش اٹھانے لگے تو علی المرتضیٰ نے کہا ٹھہریئے ابھی کچھ (سزا) باقی ہے۔ عمر بن الخطاب نے دریافت کیا کہ وہ کیا ہے؟ علی بن ابی طالبؓ نے کہا اس کو جلانے کے لیے لکڑی منگائیے پھر حکم دیا کہ اس کو جلا دو۔ چنانچہ وہ جلا دیا گیا۔"

(۵)

شراب خوری کی سزا کے متعلق مشورہ

"...... عن ابن دبرة قَالَ اَرْسَلَنِيْ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ اِلٰى عُمَرَؓ

فَاَتَيْتُهٗ وَمَعَهٗ عُثْمَانُؓ بْنُ عَفَّانَ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ وَعَلِيٌّ وَطَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ وَهُمْ مَعَهٗ مُتَّكِئُوْنَ فِي الْمَسْجِدِ فَقُلْتُ اِنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ اَرْسَلَنِيْ اِلَيْكَ وَهُوَ يَقْرَأُ عَلَيْكَ السَّلَامَ وَيَقُوْلُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ اِنْهَمَكُوْا فِي الْخَمْرِ وَتَحَاقَرُوا الْعُقُوْبَةَ فِيْهِ فَقَالَ عُمَرُ هُمْ هٰؤُلَاءِ عِنْدَكَ فَسَلْهُمْ فَقَالَ عَلِيٌّ نَرَاهُ اِذَا سَكِرَ هَذٰى وَاِذَا هَذٰى اِفْتَرٰى وَعَلَى الْمُفْتَرِيْ ثَمَانِيْنَ فَقَالَ اَبْلِغْ صَاحِبَكَ مَا قَالَ۔ قَالَ فَجَلَدَ خَالِدٌ ثَمَانِيْنَ جَلْدَةً وَجَلَدَ عُمَرُؓ ثَمَانِيْنَ۔"

(۱) السنن للدارقطنی، ج ۲، ص ۳۵۴-۳۵۸ مع التعلیق المغنی، طبع دہلی۔ تحت مسائل حدود۔

(۲) المستدرک للحاکم، ج ۴، ص ۳۷۵۔ کتاب الحدود۔ طبع حیدر آباد دکن۔

(۳) مؤطا امام مالک، ما جاء فی الحد فی الخمر ص ۳۵۷۔ طبع دہلی

(۴) طحاوی (شرح معانی الآثار) ج ۲، ص ۸۸۔ کتاب الحدود۔

(۵) کنز العمال، جلد ۳، ص ۱۰۰-۱۰۱-۱۰۴۔ بحوالہ ابن جریر و بیہقی و عبد الرزاق وغیرہ۔ طبع اوّل قدیم دائرۃ المعارف حیدر آباد دکن۔ کتاب الحدود۔ حد الخمر۔

(۶) المصنف لعبد الرزاق، ج ۷، ص ۳۷۸۔ طبع بیروت (حد خمر)

ابن دبرہ کہتا ہے کہ مجھے خالد بن ولید نے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی خدمت میں (ایک مسئلہ کی خاطر) روانہ کیا۔ میں حضرت عمرؓ کے ہاں پہنچا تو ان کے پاس عثمانؓ بن عفان، عبد الرحمٰنؓ بن عوف، علیؓ بن ابی طالب، طلحہؓ بن عبید اللہ اور زبیرؓ بن العوام مسجد (نبوی) میں موجود تھے۔ میں نے حاضر ہو کر کہا کہ مجھے خالد

بن ولید نے آپ کی خدمت میں بھیجا ہے۔ وہ سلام کہتے ہیں اور عرض کرتے ہیں کہ لوگ شراب خوری میں منہمک ہو رہے ہیں (موجودہ تجویزہ) سزا کو معمولی سمجھنے لگے ہیں۔ حضرت فاروقؓ نے (حالات سن کر) فرمایا کہ یہ حضرات (عثمانؓ، عبد الرحمٰنؓ، علی المرتضیٰؓ وغیرہم) تیرے سامنے موجود ہیں ان سے دریافت کر لے کہ (کس طرح کرنا چاہیے) حضرت علیؓ نے کہا کہ ہماری رائے یہ ہے کہ انسان جس وقت شراب پی کر بدمست ہو جاتا ہے تو بکواس بکتا ہے۔ بکواس بکنے کی حالت میں لوگوں پر بہتان تراشی کرتا ہے اور بہتان باندھنے کی سزا اسّی درے لگانا ہے لہٰذا شراب خور کی سزا بھی اسّی دُرّے مقرر کرنی چاہیے۔ حضرت عمرؓ نے (شراب خور) کی سزا اسّی دُرّے ٹھہرا دی۔ پھر خالد بن ولید نے یہی سزا دی اور حضرت عمرؓ نے بعد میں شراب خوری کی حد یہی مقرر رکھی۔"

(۶)

سرقہ کے متعلق مشورہ اور سارق نے تیسری بار سرقہ کیا ہو تو اس کے بارے میں بھی حضرت عمرؓ نے صحابہؓ کرام کے مشورہ کے بعد حضرت علیؓ کی رائے سے اتفاق کیا یعنی سارق کا حبسِ دوام کیا جائے۔ ملاحظہ ہو:۔ علاء الدین ابن ترکمانی کی الجوہر النقی علی سنن البیہقی، جلد ۸ ص ۲۷۵۔ عبارت اس طرح ہے: اِنَّ عُمَرَؓ اِسْتَشَارَهُمْ فِيْ سَارِقٍ فَاَجْمَعُوْا عَلٰى مِثْلِ قَوْلِ عَلِيٍّ۔

تنبیہ

یاد رہے کہ شیعہ علماء نے بھی یہ چیز ذکر کی ہے کہ پہلے پہلے شراب کی سزا اور حد قلیل تھی "ثُمَّ لَمْ يَزَلِ النَّاسُ يَزِيْدُوْنَ حَتّٰى وَقَفَ عَلٰى ثَمَانِيْنَ اَشَارَ بِذٰلِكَ عَلِيٌّ عَلٰى عُمَرَؓ فَرَضِيَ بِهَا۔" (شراب کی سزا کو) لوگ بڑھاتے رہے حتیٰ کہ ہشتاد (اسّی) درّے تک پہنچی۔ اسّی درّہ کی سزا کے لیے حضرت علیؓ نے حضرت عمرؓ کو اشارہ کیا تھا، پس انہوں نے اس کو قبول کر لیا۔"

(کتاب فروع کافی، باب مایجب فیہ من الحد من الشراب
ج ۳ ص ۱۱۷ - طبع نول کشور لکھنؤ)

یہ روایت فروع کافی کے علاوہ دیگر کتب شیعہ میں بھی دستیاب ہوتی ہے۔ ہم نے بلا یہ تائید اتنا ذکر کر دینا کافی خیال کیا ہے۔

فصل ہٰذا کے فوائد

۱۔ حضرت امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے درمیان علمی گفتگو ہوتی تھی۔ ایک دوسرے کے حق میں ناصحانہ کلمات اور خیر خواہی کے جملے کہتے تھے۔

۲۔ حلِ مسائل کے لیے بعض اوقات آپس میں مشاورت ہوتی تھی۔ پھر طے شدہ تجاویز پر عمل درآمد ہوتا تھا۔ گویا قرآن مجید میں جو مومنوں کی صفت وَ اَمۡرُهُمۡ شُوۡرٰى بَيۡنَهُمۡ (باہم مشورے سے ان کے معاملات طے ہوتے ہیں) بیان فرمائی گئی ہے، یہ حضرات پوری طرح اس کے محمل و مصداق تھے۔

یہ تمام واقعات اس چیز پر شاہد ہیں کہ ان بزرگانِ دین اور اکابرینِ اُمّت کے درمیان مواساۃ اور محبت و مودّۃ موجود تھی۔ کسی قسم کی مخاصمت و معاندت اور منافرت بالکل نہ تھی۔

رفعِ اشتباہ
بمع انتباہ

جب حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے باہمی مسائل میں تبادلۂ خیالات و علمی تذکرے اور دینی مسائل میں مشورے، علمی گفتگو وغیرہ واقعات بیان کیے جاتے ہیں تو اس وقت مخالفین صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ان تمام چیزوں کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی لاعلمی پر محمول کرنے لگتے ہیں اور ان کی دینی مسائل میں ناواقفی اور نااہلیت کا پروپیگنڈہ شروع کر دیتے ہیں جو درحقیقت واقعات کے خلاف ہے اور سراسر کج فہمی پر مبنی ہے۔

جن لوگوں کو ان کی تصانیف دیکھنے کا اتفاق ہوا ہے وہ اس طریق کار سے خوب واقف ہیں، ان بزرگوں نے فاروقی مطاعن کے لیے مستقل ابواب و فصول مرتب کیے ہوئے ہیں وہاں حضرت مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا بہ نسبت حضرت فاروق رضی اللہ عنہ کے علمی تفوّق و برتری ثابت کرتے ہوئے یہ بحث شروع کر دیتے ہیں۔

کتاب "فلک النجاۃ" جلد اوّل باب چہارم۔ "آئینۂ مذہب سُنّی" وغیرہ ملاحظہ فرما دیں تو اُمید ہے ان گذارشات کی تصدیق ہو جائے گی۔ یہ کتابیں ہمارے ضلع جھنگ کے شیعہ احباب کی تالیفات ہیں۔

معترض دوستوں کے شبہات کو رفع کرنے اور ان کو اطمینان دلانے کے لیے چند ایک مسائل اور واقعات پیش کیے جاتے ہیں ان میں حضرت علی المرتضیٰ نے

—— بعض مواضع میں توصاف طور پر اپنی لاعلمی کا اظہار فرمایا ہے۔

—— اور بعض مواقع میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سوا دیگر صحابہ کا مسئلہ درست تھا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کا عمل اس مسئلہ میں صحیح نہیں تھا۔ یہ بات حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اقرار کے ذریعہ ثابت ہوتی۔

—— اور کئی مسائل میں اس طرح ہوا کہ اس مسئلہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی پہلے رائے ایک طرح تھی اور اس پر عمل درآمد کرنا ٹھیک قرار دیتے تھے لیکن بعد میں ان کی رائے بدل گئی اور اس قول سے رجوع کر لیا۔ یعنی اپنے قول کو متروک فرما کر دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے قول کی موافقت کر لی اور اس کی وجہ سے کوئی انقباض و اعراض نہیں فرمایا۔

اب ان مندرجات پر چند حوالہ جات مختصراً نقل کیے جاتے ہیں توجہ کے ساتھ ملاحظہ فرما دیں:۔

(۱)

سب سے پہلے نہج البلاغہ سے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا کلام ملاحظہ فرما دیں۔ فرماتے ہیں:۔

"..... فَلَا تَكُفُّوا عَنْ مَقَالَةٍ بِحَقٍّ اَوْ مَشُوْرَةٍ بِعَدْلٍ فَاِنِّیْ لَسْتُ فِیْ نَفْسِیْ بِفَوْقِ اَنْ اُخْطِئَ وَلَا اٰمَنُ ذَالِكَ مِنْ فِعْلِیْ اِلَّا اَنْ يَكْفِیَ اللّٰهُ مِنْ نَفْسِیْ مَا هُوَ اَمْلَكُ بِهٖ مِنِّیْ"۔

(نہج البلاغہ، ج ا صفحہ ۴۳۶ خطبتہ علیہ السّلام بصفین)

"یعنی (اے مخاطبین) حق بات کہنے اور انصاف کا مشورہ دینے سے مت رکو، کیونکہ میں اپنی جگہ خطا کرنے سے بالاتر نہیں ہوں، اور میں اپنے فعل میں غلطی سے بے خوف نہیں ہوں مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ میری کفایت کرلے جو مجھ سے زیادہ قدرت والا ہے"۔

"کنز العمال میں بحوالہ ابن جریر و ابن عبد البر حضرت علیؓ سے منقول ہے

"عن محمد بن کعب قَالَ سَاَلَ رَجُلٌ عَلِيًّاؓ عَنْ مَسْئَلَةٍ فَقَالَ فِيْهَا فَقَالَ الرَّجُلُ لَيْسَ هٰكَذَا وَلٰكِنْ كَذَا وَكَذَا قَالَ اَصَبْتَ وَاَخْطَاْتُ وَفَوْقَ كُلِّ ذِیْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ"۔

مطلب یہ ہے "کہ ایک شخص نے حضرت علیؓ سے مسئلہ دریافت کیا۔ حضرت علیؓ نے جواب دیا۔ وہ کہنے لگا کہ اس طرح مسئلہ نہیں بلکہ اس طرح ہے (جواب سُنکر) حضرت علیؓ نے فرمایا کہ تُو نے مسئلہ ٹھیک کہا ہے اور میں چوک گیا ہوں۔ ہر علم والے سے دوسرا زیادہ عالم ہو سکتا ہے"۔ (کنز العمال، ج ۵، ص ۲۴۱ باب فی آداب العلماء والعلماء، طبع اول۔ (۲)

"عن ربیعۃ بن دراج اَنَّ عَلِيًّاؓ صَلّٰی بَعْدَ الْعَصْرِ رَكْعَتَيْنِ فَتَغَيَّظَ عَلَيْهِ عُمَرُؓ وَقَالَ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْهَانَا عَنْهَا"۔

(۱) المصنّف لعبد الرزاق، ج ۲، ص ۴۳۰ مجلس علمی

(۲) مسند امام احمد، ج ا ص ۱۷ تحت مسندات عمرؓ معہ منتخب کنز۔

حاصل یہ ہے (مکہ کے راستہ میں) ایک دفعہ حضرت علی المرتضیٰؓ نے عصر کے بعد دو رکعت نفل پڑھے تو حضرت عمرؓ حضرت علیؓ پر ناراض ہوئے اور فرمایا کہ آپ کو معلوم نہیں کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم عصر کے بعد نوافل پڑھنے سے ہمیں منع فرماتے تھے"۔

"عَنْ عِكْرِمَةَ اَنَّ عَلِيًّا حَرَّقَ قَوْمًا اِرْتَدُّوْا مِنَ الْاِسْلَامِ فَبَلَغَ ذَالِكَ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ لَوْ كُنْتُ اَنَا لَقَتَلْتُهُمْ بِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ بَدَّلَ دِيْنَهٗ فَاقْتُلُوْهُ وَلَمْ اَكُنْ لِاُحَرِّقَهُمْ لِاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُعَذِّبُوْا بِعَذَابِ اللّٰهِ۔ فَبَلَغَ ذَالِكَ عَلِيًّاؓ فَقَالَ صَدَقَ ابْنُ عَبَّاسٍؓ۔ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ

(جامع الترمذی، ابواب الحدود۔ باب ما جاء فی المرتد، ص ۲۳۰-۱۷۶، مطبع مجتبائی دہلی)

"یعنی عکرمہ (تابعی جو ابن عباسؓ کا شاگرد ہے) کہتا ہے کہ ایک قوم مرتد ہو گئی۔ ان کو حضرت علیؓ نے آگ میں جلوا دیا۔ جب اس چیز کی عبداللہ بن عباسؓ کو اطلاع ہوئی تو انہوں نے فرمایا کہ اگر میں اُن کو سزا دیتا تو قتل کر دیتا اس لیے کہ فرمانِ نبویؐ اس طرح ہے جو شخص اپنا دین اسلام چھوڑ دے اس کو قتل کر دو۔ میں آگ میں نہ جلاتا اس لیے کہ نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم کا فرمان ہے: اللہ کا عذاب نہ دیا کرو۔ جب یہ خبر حضرت علیؓ کو ہوئی تو انہوں نے فرمایا کہ ابن عباسؓ نے سچ فرمایا ہے"۔

اور متعدد مسائل ایسے ہیں جن میں حضرت علیؓ نے اپنی رائے ترک کر دی۔ مثلاً:۔

(١) - امہات الاولاد (جن لونڈیوں سے انسان کی اولاد ہو چکی ہو) کے فروخت کے مسئلہ میں - حضرت عمرؓ اس فروخت کو منع کرتے تھے اور حضرت علیؓ اس کے جواز کے قائل تھے حضرت علی المرتضیٰؓ کے اپنے قاضی عبیدہ سلمانی نے ان سے عرض کیا کہ اس مسئلہ میں آپکی جداگانہ رائے سے جماعتی رائے ہمیں زیادہ پسند ہے (جو عمر بن الخطاب کی تحقیق ہے) -

—— چنانچہ خلافتِ مرتضوی کے دور میں قاضی عبیدہ مذکور فاروق اعظمؓ کے فرمان کے مطابق عمل درآمد کرتے تھے اور حضرت علی اس مسئلہ میں اپنی رائے ترک کر کے قاضی مذکور کو فرمایا کرتے تھے اِقضُوا کَمَا کُنتُم تَقضُونَ الخ یعنی اس بارے میں تم اسی طرح فیصلہ کرو جس طرح پہلے کیا کرتے تھے"

(١) بخاری شریف، ج ١ ص ٥٢٦ - باب مناقب علیؓ

(٢) کتاب المغنی للقاضی عبدالجبار المعتزلی، ص ١٨

(٣) منہاج السنہ لابن تیمیۃ الحرانی، ج ٣، ص ١٥٦ -

(٢) - حضرت علی بن ابی طالب، جد مع الاخوۃ (دادا کے ساتھ میت کے بھائی) کی صورت میں دادا کو ثلث ($\frac{1}{3}$) دینے کے قائل تھے - پھر آپ نے دوسرے صحابہ کرام کے موافق سدس یعنی چھٹا ($\frac{1}{6}$) حصہ دینا اختیار فرمایا اور سابق قول کو ترک فرما دیا"

(١) کتاب المغنی للقاضی عبدالجبار ہمدانی، ص ١٨

(٢) منہاج السنہ لابن تیمیۃ الحرانی، ج ٣، ص ١٥٦

(٣) دورِ نبوت میں حضرت مرتضیٰؓ نے دختر ابی جہل کے ساتھ نکاح کرنے کا ارادہ کیا - جناب رسالتمآب علیہ الصلوٰۃ والسلام اس بات پر سخت ناراض ہو گئے تو حضرت علیؓ کو یہ خیال ترک کرنا پڑا" (١) بخاری شریف، ج ١ ص ٤٣٨، کتاب الجہاد، باب ما ذکر من درع النبی و عصاہ و سیفہ - طبع نور محمدی، دہلی -

(٢) بخاری، ج ١ ص ٥٢٨ - کتاب المناقب، باب ذکر اصہار النبی صلعم طبع نور محمدی دہلی

—— اس نوعیت کے کئی مسائل کتب میں منقول ہیں - یہ صرف چند ایک واقعات منصف مزاج لوگوں کے غور و فکر کرنے کی خاطر پیش خدمت کر دیے ہیں -

—— ان تمام چیزوں پر منصفانہ نظر کرنے سے یہ چیز واضح ہوتی ہے کہ بعض مسائل میں لاعلمی کا اظہار کرنا، اور واقعات میں خطا کرنا، اپنی تحقیق کو ترک کر کے دوسروں کے قول کو اختیار کرنا وغیرہ کوئی نقص و عیب کی بات نہیں اور قابلِ تنقید فعل نہیں ہے - اگر یہ چیزیں قابلِ اعتراض ہیں تو دونوں طرف پائی جاتی ہیں - اگر کوئی خامی و اعتراض کی چیز نہیں تو دونوں جانب نہ ہوگی - تھوڑا سا انصاف سے کام لیا جائے تو یہ مسئلے جلد طے ہو سکتے ہیں - کسی سوال و جواب کی حاجت نہیں رہتی -

اِنتباہ

اس مقام میں یہ چیز قابلِ وضاحت ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے دورِ خلافت کے مسائل اور واقعات میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دورِ خلافت کا اتباع کیا اور اپنی حکومت کے دوران حضرت علیؓ نے کوئی دوسری راہ نہیں اختیار کی اور نہ ہی کوئی الگ قوانینِ سلطنت مرتب کیے نہ علیحدہ کوئی آئین تجویز کیا نہ دستور میں کوئی تبدیلی کی بلکہ فاروقی دستور اور فیصلوں کی تابعداری کرتے رہے اور انہی کے قواعد کی روشنی میں اپنا تمام انتظامِ خلافت قائم رکھا -

اس چیز کو اکابر علماءِ اُمت نے اپنی تصانیف میں تصریحاً ذکر کیا ہے -

علامہ ابن رجب حنبلیؒ اپنی تصنیف جامع العلوم والحکم فی شرح خمسین حدیثاً میں فرماتے ہیں کہ:

"...... وَکَانَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللہُ عَنہُ یَتَّبِعُ قَضَایَاہُ وَاَحکَامَہُ وَ یَقُولُ اَنَّ عُمَرَ کَانَ رَشِیدَ الاَمرِ"

(جامع العلوم والحکم، ص ۲۵۰ - الطبقۃ الرابعۃ تالیف
زین الدین ابو الفرج عبدالرحمٰن بن شہاب الدین بن
رجب الحنبلی البغدادی من علماء القرن الثامن)

یعنی حضرت علیؓ حضرت عمرؓ کے (فیصلہ شدہ) اُمور واحکام کی اِتباع کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ حضرت عمرؓ درست معاملہ کرنے والے اور صحیح فیصلہ کنندہ تھے۔

—— نیز چند حوالہ جات قبل ازیں (حصّہ فاروقی ہٰذا) کے باب اوّل، فصل ثانی (تحت عنوانِ چہارم) درج کیے جا چکے ہیں۔ جن سے مسئلہ بالا کی تائید ہوتی ہے اور مضمون ہٰذا کی تصدیق ہوتی ہے۔ بطور یاد دہانی کے ان میں سے یہاں مختصراً درج کیے جاتے ہیں۔

(۱) - مثلاً شریک زُبید سے نقل کرتا ہے اور حضرت زیدؒ کا بھی یہ قول ہے کہ:

"ان عَلِیًّا رضی کَانَ یُشْبِہُ لِعُمَرَ فِی السِّیْرَۃِ"

(۱) کتاب الخراج لیحییٰ بن آدم، ص ۲۴ - طبع مصر
(۲) ریاض النضرۃ محب الطبری، جلد ثانی، ج ۲، ص ۸۵
فصل فیما رواہ علیؓ فی فضل عمرؓ۔

حاصل یہ ہے کہ حضرت علیؓ کی سیرۃ (یعنی عملی نظام) حضرت عمرؓ کے (نظام کے) مشابہ و مطابق تھا۔

(۲) - اور سیّدنا محمد باقرؒ مسئلہ خمس کے بارے میں تصریحاً فرماتے ہیں:

—— عَنْ اَبِیْ جَعْفَرٍ قَالَ سَلَکَ عَلِیٌّ بِالْخُمُسِ طَرِیْقَھُمَا"

(المصنّف لعبد الرزاق جلد خامس، ج ۵، ص ۲۳۷
باب ذکر الخمس.... الخ)

—— قَالَ (اَبُوْ جَعْفَرٍ) سَلَکَ بِہٖ وَاللّٰہِ سَبِیْلَ اَبِیْ بَکْرٍ رض وَّعُمَرَ رض۔

(شرح معانی الآثار للطحاوی، ج ۲، ص ۱۳۵ - جلد ثانی - باب سہم ذوی القربیٰ طبع دہلی)

خلاصہ یہ ہے کہ امام محمد باقر فرماتے ہیں کہ:

"اللہ تعالیٰ کی قسم حضرت علی المرتضیٰؓ نے خمس کے بارے میں ابوبکر الصدیقؓ اور عمر بن الخطابؓ کا راستہ اختیار کیا (یعنی اپنا کوئی الگ دستور نہیں چلایا)

(۳) - حضرت سیّدنا حسن بن علیؓ کا فرمان منقول ہے کہ

—— لَا اَعْلَمُ عَلِیًّا رض خَالَفَ عُمَرَ رض وَلَا غَیَّرَ شَیْئًا مِمَّا صَنَعَ حِیْنَ قَدِمَ الْکُوْفَۃَ"

(ریاض النضرہ لمحب الطبری، ج ۲ ص ۸۵ - فصل فیما رواہ علی فی فضل عمرؓ الخ)

یعنی حسن بن علی المرتضیٰؓ فرماتے ہیں کہ حضرت علیؓ جب سے کوفہ تشریف لائے تو مجھے معلوم نہیں کہ آپ نے (کسی معاملہ میں) عمر بن الخطاب کی مخالفت کی ہو یا ان کے کسی کام میں تغیّر پیدا کر دیا ہو۔"

(۴) حضرت علیؓ کے معتمد شاگرد عبدِ خیر سے مروی ہے کہ

"سَمِعَ عَلِیًّا یَقُوْلُ اِنَّ عُمَرَ رض کَانَ مُوَفَّقًا رَشِیْدًا فِی الْاُمُوْرِ وَاللّٰہِ لَا اُغَیِّرُ شَیْئًا صَنَعَہٗ عُمَرُ رض۔

(۱) تاریخ کبیر امام بخاری، ج ۴ - ق ۲ - ص ۱۴۵ -
(۲) کتاب الخراج لیحییٰ ابن آدم ص ۲۳ - طبع مصر)

عبدِ خیر کہتا ہے کہ میں نے حضرت علیؓ سے سُنا، آپ فرماتے تھے کہ عمر بن الخطاب بہتر توفیق دیئے گئے تھے اور امورِ (خلافت) میں صحیح و درست فیصلہ کرنے والے تھے اللہ کی قسم جو کام عمرؓ بن الخطاب نے کر دیئے ہیں میں نہیں تبدیل کروں گا۔

(۵) علّامہ شعبی کا قول ہے کہ:

قَالَ قَالَ عَلِیٌّ رضی اللہ عنہ حِیْنَ قَدِمَ الْکُوْفَۃَ مَا کُنْتُ لِاُحِلَّ عُقْدَۃً شَدَّ ھَا عُمَرُ رضی اللہ عنہ۔

(۱) کتاب الخراج یحییٰ بن آدم ص ۲۴ طبع مصری

(۲) کتاب الاموال لابی عبید، ص ۲۳۲ طبع مصر

"یعنی حضرت علی جب کوفہ میں تشریف لائے تو فرمایا کہ جو گرہ عمرؓ نے لگا دی میں اس کو نہیں کھولوں گا" (جو کام عمرؓ نے سر انجام دیئے ہیں ان میں تبدیلی نہیں کروں گا)۔

خلاصۃ المرام

یہ ہے کہ صرف یہ چند ایک مندرجات انصاف پسند طبائع کے غور و فکر کے لیے پیش کر دیئے ہیں ورنہ اس نوعیت کے کئی عنوانات کتابوں میں موجود ہیں۔ ان سے یہ مسئلہ بالکل عیاں ہو رہا ہے کہ

(۱) حضرت علی بن طالبؓ اپنے دورِ خلافت میں فاروقی نظامِ خلافت کا اتباع کرتے تھے اور فاروقی فیصلہ شدہ احکامات و قضایا کی تابعداری کا خاص خیال رکھتے تھے۔

(۲) نیز "مرتضوی سیرت" "فاروقی سیرت" کے ساتھ بالکل مشابہ و مطابق تھی۔ ان ہر دو حضرات کی سیرتِ عملی میں کوئی فرق نہ تھا۔

(۳) فاروقی نظامِ خلافت میں جو امور طے ہو گئے تھے ان کو حضرت علی المرتضیٰ کے دور میں من وعن قائم و ثابت رکھا گیا ان میں کوئی تبدیلی و تغیر ہرگز نہ کیا گیا۔ اس طریقہ کار کے ذریعہ جہاں خلافتِ فاروقی کی حقانیت و صداقت بالبداہت ثابت ہوتی ہے وہاں ان اکابر کے درمیان آپس میں اتحاد و اتفاق و مودت و محبت بالیقین عیاں ہوتی ہے۔

فصلِ ثالث

فصل ہذا میں وہ واقعات درج کیے جاتے ہیں جن میں حضرت فاروق اعظمؓ اور حضرت علیؓ کے درمیان وقتاً فوقتاً انتظامی معاملات میں مشورے ہوئے اور حضرت علیؓ کی رائے کو پسند کیا گیا اور اس پر عمل درآمد ہوا۔ نیز وہ واقعات تحریر کیے جاتے ہیں جن میں حضرت عمرؓ نے حضرت علیؓ کو متعدد دفعہ اپنا قائم مقام بنایا۔ پھر اس کے بعد مزید چند واقعات رفاقت بیان کیے گئے ہیں۔ اس نوع کے بے شمار واقعات پائے جاتے ہیں۔ یہاں نمونہ کے طور پر چند واقعات تحریر کیے گئے ہیں۔

ان حالات کے ملاحظہ کرنے کے بعد دونوں حضرات کے تعلقات و روابط کا اندازہ ہر ذی شعور انسان کر سکتا ہے۔

انتظامی اُمور میں مشورے

(۱)

فاروقی وظیفہ کے متعلق مشورہ

جب فاروق اعظمؓ خلیفۃ المسلمین و امیر المومنین مقرر ہوتے ہیں تو ان کا سابقہ تجارت کا شغل ترک ہو گیا۔ ان کے وظیفہ کے لیے صحابہ کرام کے درمیان مشورہ ہوا۔ طبقات ابن سعد اور تاریخ طبری میں یہ واقعہ عبارتِ ذیل میں مذکور ہے۔

"عَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ بْنِ سَہْلٍ قَالَ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ وَاَرْسَلَ اِلٰی اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاسْتَشَارَھُمْ فَقَالَ قَدْ شَغَلْتُ نَفْسِیْ

فِی هٰذَا الْاَمْرِ فَمَا یَصْلُحُ لِیْ مِنْهُ فَقَالَ عُثْمَانُ ابْنُ عَفَّانَ کُلْ وَاَطْعِمْ قَالَ وَقَالَ ذَالِکَ سَعِیْدُ بْنُ زَیْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَیْلٍ وَقَالَ لِعَلِیٍّ مَا تَقُوْلُ اَنْتَ فِیْ ذَالِکَ قَالَ غَدَاءٌ وَّعَشَاءٌ قَالَ فَاَخَذَ عُمَرُ بِذَالِکَ۔

(۱) طبقات ابن سعد، ج ۳ ص ۲۲۱۔ باب عمرؓ طبع لیدن یورپ)

"عَنِ ابْنِ عُمَرَ ...... فَقَالَ اِنِّیْ کُنْتُ امْرَأً تَاجِرًا یُغْنِی اللّٰهُ عِیَالِیْ بِتِجَارَتِیْ وَقَدْ شَغَلْتُمُوْنِیْ بِاَمْرِکُمْ فَمَاذَا تَرَوْنَ اَنَّهُ یَحِلُّ لِیْ مِنْ هٰذَا الْمَالِ فَاَکْثَرَ الْقَوْمُ وَعَلِیٌّ سَاکِتٌ فَقَالَ مَا تَقُوْلُ یَا عَلِیُّ فَقَالَ مَا اَصْلَحَکَ وَاَصْلَحَ عِیَالَکَ بِالْمَعْرُوْفِ لَیْسَ لَکَ مِنْ هٰذَا الْمَالِ غَیْرُهُ فَقَالَ الْقَوْمُ الْقَوْلُ قَوْلُ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ"

(۲) تاریخ الامم والملوک لابن جریر طبری، ج ۴، ص ۱۶۴۔
تحت سنۃ الخامسۃ عشرۃ۔ طبع مصری، قدیم۔

(۳) سیرۃ عمر بن الخطاب لابن الجوزی، ص ۸۹۔۹۰ طبع مصری۔

خلاصہ یہ ہے کہ صحابۂ کرام کی طرف حضرت عمرؓ نے آدمی بھیجا اور اس مسئلہ (وظیفہ) کے لیے مشورہ طلب کیا اور فرمایا کہ میری گذران تجارت کے ذریعہ تھی، تم نے مجھے اس شغل سے روک کر اس خلافت کے کام میں مصروف کر دیا ہے۔ اب بیت المال سے میرے لیے کیا کچھ لینا جائز ہے؟ سیدنا عثمانؓ بن عفان اور سعید بن زید نے رائے دی کہ آپ اس مال سے خود بھی کھا سکتے ہیں اور دوسروں کو بھی دے سکتے ہیں۔ پھر حضرت عمرؓ نے حضرت علیؓ سے دریافت کیا، آپ کا کیا مشورہ ہے؟ حضرت علیؓ نے کہا کہ آپ اپنا خرچہ اور بال بچوں کے مصارف لے سکتے ہیں اور بس۔ حضرت علیؓ کا مشورہ منظور کر لیا گیا۔"

علماء نے لکھا ہے کہ حضرت عمرؓ کو بیت المال سے خرچہ خوراک ملتا تھا اور لباس کے لیے

دو جوڑے، ایک گرمیوں کے لیے ایک سردیوں کے لیے ملتے تھے، سفری ضرورت کے لیے ایک اونٹنی ان کے لیے مہیا کی جاتی تھی اور ایک خادم ان کو دیا جاتا تھا۔ بس یہ کل منفعت تھی جو خلیفۂ اسلام کو مسلمانوں کی طرف سے حاصل ہوتی تھی۔

۲

اسلامی تاریخ کے متعلق مشورہ

عیسائیوں میں عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت سے سن عیسوی (میلادی) چلا آرہا تھا۔ حضرت فاروق اعظمؓ کے دورِ خلافت میں مہاجرین اور دیگر حضرات کے درمیان مشورہ ہوا کہ مسلمانوں کا سال تاریخی کس وقت سے شروع کیا جائے۔ بعض لوگوں نے کچھ مشورہ دیا اور بعض نے کچھ۔ اس واقعہ کو امام بخاریؒ نے تاریخ صغیر اور تاریخ کبیر میں مندرجۂ ذیل عبارت کے ساتھ ذکر کیا ہے:۔

"...... عَنْ عُثْمَانَ بْنِ رَافِعٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِیْدَ بْنَ الْمُسَیَّبِ یَقُوْلُ قَالَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ مَتٰی نَکْتُبُ التَّارِیْخَ؟ فَجَمَعَ الْمُهَاجِرِیْنَ فَقَالَ لَهُ عَلِیٌّ مِنْ یَوْمِ هَاجَرَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَی الْمَدِیْنَةِ فَکَتَبَ التَّارِیْخَ"

(۱) التاریخ الصغیر لامام البخاری ص ۶۔ طبع انوار محمدی
الٰہ آباد (ہندوستان)

(۲) التاریخ الکبیر، امام بخاری، ج ۱، ص ۹ طبع حیدر آباد دکن۔

(۳) المستدرک للحاکم کتاب الہجرت، ج ۳ ص ۱۴ طبع حیدر آباد دکن

(۴) سیرۃ عمر بن الخطاب لابن الجوزی، ص ۵۱۔ طبع مصری

اور حافظ ابن کثیرؒ نے البدایہ والنہایہ، ج ۷، ص ۷۴ میں مزید تفصیل کے ساتھ یہ واقعہ درج کیا ہے۔ عبارت ملاحظہ ہو:۔

"...... قَالَ قَائِلُوْنَ اَرِّخُوْا مِنْ مَوْلِدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَقَالَ اٰخَرُوْنَ مِنْ مَبْعَثِہٖ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَاَشَارَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَاٰخَرُوْنَ اَنْ یُّؤَرِّخَ مِنْ ھِجْرَتِہٖ مِنْ مَکَّۃَ اِلَی الْمَدِیْنَۃِ لِظُھُوْرِہٖ لِکُلِّ اَحَدٍ فَاِنَّہٗ اَظْھَرُ مِنَ الْمَوْلِدِ وَالْمَبْعَثِ فَاسْتَحْسَنَ ذٰلِکَ عُمَرُ وَالصَّحَابَۃُ فَاَمَرَ عُمَرُ اَنْ یُّؤَرِّخَ مِنْ ھِجْرَۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَرِّخُوْا مِنْ اَوَّلِ تِلْکَ السَّنَۃِ مِنْ مُحَرَّمِھَا۔

(البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۷۴، طبع مصری)

"مطلب یہ ہے کہ حضرت امیر المؤمنین عمر فاروق نے مہاجرین اور دیگر بزرگوں کو جمع کر کے اسلامی تاریخ چلانے کی غرض سے مشورہ طلب کیا۔ بعض نے رائے دی کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی ولادت باسعادت سے تاریخ جاری کی جائے۔ اور بعض نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت اور مبعث سے تاریخ شروع کی جائے۔ اس کے بعد حضرت علیؓ المرتضیٰ نے بمع دیگر احباب کے یہ مشورہ دیا کہ ہجرت نبوی کے روز سے (جب مکہ سے مدینہ کی طرف سفر ہوا تھا) یہ تاریخ چلائی جائے، اس لیے کہ یہ سفر مولد نبوی اور بعثت نبوی سے زیادہ مشہور ہے اور ہر ایک شخص کو معلوم ہے۔ پس اس آخری مشورہ کو حضرت عمر فاروقؓ نے پسند فرمایا اور اسی سال ہی ابتداءِ ہجرتِ نبوی سے اسلامی تاریخ جاری کرنے کا حکم صادر فرمایا۔"

علماء نے لکھا ہے کہ اسلامی تاریخ کا اجراء فاروقی خلافت کے اڑھائی سال گزر جانے کے بعد محرم سے کیا گیا تھا۔ (سیرت عمر بن الخطاب لابن الجوزی، ص ۵۱)

(۳)

۱۷ھ میں شام کے علاقہ میں "فتح الجزیرہ" کے نام سے ایک فتح ہوئی۔ وہاں کے لوگ

مذہباً نصرانی تھے۔ سیدنا سعد بن ابی وقاصؓ نے ان کے رؤساء کا ایک وفد حضرت فاروق اعظمؓ کی خدمت میں مدینہ منورہ روانہ کیا تاکہ اپنے جزیہ ٹیکس وغیرہ کے متعلق خلیفۂ اسلام سے خود فیصلہ کر لیں۔ وفد کے لوگ حضرت فاروقِ اعظمؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ بات چیت ہوئی۔ انہوں نے عرض کیا کہ:

"فَخُذْ مِنَّا شَیْئًا وَّلَا تُسَمِّہٖ جِزْیَۃً فَقَالَ اِنَّا نَحْنُ فَنُسَمِّیْہِ جِزْیَۃً وَاَمَّا اَنْتُمْ فَسَمُّوْہُ مَا شِئْتُمْ فَقَالَ لَہٗ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ اَلَمْ یُضْعِفْ عَلَیْھِمْ سَعْدٌ الصَّدَقَۃَ؟ قَالَ بَلٰی وَاَصْغٰی اِلَیْہِ وَرَضِیَ بِہٖ مِنْھُمْ جَزَاءً (جِزْیَۃً)۔"

(۱) تاریخ ابن جریر طبری، ج ۴، ص ۱۹۸ تحت فتح الجزیرہ ۱۷ھ

(۲) البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۷۶۔ بحث فتح الجزیرہ ۱۷ھ

مطلب یہ ہے کہ آپ ہم سے جو چیز وصول کریں اس کا نام جزیہ یعنی ٹیکس نہ رکھیں۔ حضرت فاروقؓ نے فرمایا کہ ہم تو اس مقرر چیز کا نام جزیہ ہی رکھیں گے آپ لوگ جو چاہیں اس کو کہہ لیں۔ علی بن ابی طالب (موجود تھے انہوں نے) کہا کہ سعد بن ابی وقاص نے قبل ازیں ان لوگوں پر صدقہ کی مقدار دگنی نہیں کر دی؟ امیر المومنین عمرؓ نے فرمایا کہ ہاں انہوں نے ایسا کر دیا ہے۔ پس حضرت عمرؓ نے حضرت علیؓ کی رائے کی طرف توجہ کی اور جزیہ کے عوض اس کو پسند کر لیا۔"

(۴)

مفتوحہ زمین عراق کے متعلق ایک مشورہ

جب عراق کا علاقہ اہل اسلام نے فتح کیا اس زمانہ میں علاقہ کے زرخیز رقبہ جات کے کاشت کاروں کے متعلق خاص مشورہ ہوا تھا کہ ان کے متعلق کیا صورت اختیار کرنی چاہیے۔

واقعہ ہٰذا کو محدثین و فقہاء نے اپنی تصانیف میں درج کیا ہے۔ عبارت ملاحظہ فرماویں:

"...... حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّقْسِمَ السَّوَادَ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَاَمَرَ بِهِمْ اَنْ يُّحْصَوْا فَوَجَدَ الرَّجُلَ الْمُسْلِمَ يُصِيْبُهٗ ثَلَاثَةٌ مِّنَ الْفَلَاحِيْنَ يَعْنِي الْعُلُوْجَ فَشَاوَرَ اَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ذَالِكَ فَقَالَ لَهٗ عَلِيٌّ رض بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ دَعْهُمْ يَكُوْنُوْنَ مَادَّةً لِّلْمُسْلِمِيْنَ فَتَرَكَهُمْ فَبَعَثَ عُثْمَانَ بْنَ حُنَيْفٍ فَوَضَعَ عَلَيْهِمْ ثَمَانِيَةً وَّاَرْبَعِيْنَ وَاَرْبَعَةً وَّعِشْرِيْنَ وَاثْنَيْ عَشَرَ۔ الخ"

(۱) کتاب الخراج لیحییٰ بن آدم (المتوفی ۲۰۳ھ) طبع مصری ص۴۲

(۲) کتاب الاموال لابی عبید القاسم بن سلام (متوفی ۲۲۴ھ) طبع مصری، ص۵۹

(۳) السنن الکبریٰ للبیہقی، ج۹، ص۱۳۴۔ کتاب السیر، باب السواد۔ طبع دکن۔

(۴) کنز العمّال، طبع اوّل، ج۲، ص۳۰۱۔ کتاب الجهاد طبع حیدرآباد دکن (بحوالہ ابن زنجویہ والخرائطی ق، کتاب الجهاد من قسم الافعال بحث (الجزیہ)۔

حاصل یہ ہے کہ حارثہ بن مضرب کہتا ہے کہ جب عراق کی اراضی مفتوح ہوئیں تو حضرت عمر فاروق رضؓ نے ان اراضی کو مسلمانوں کے مابین تقسیم کرنے کا ارادہ فرمایا۔ پہلے ایک اندازہ لگانے کا حکم جاری کیا۔ اس میں یہ مقدار تجویز کی گئی کہ ایک مرد مسلمان کے لیے تین تین کافر کاشتکاروں کا رقبہ حصے میں آسکتا ہے۔ اس کے بعد فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ نے اس مسئلہ کے لیے صحابۂ کرام سے مشورہ کیا۔ (اہلِ مشورہ نے اپنی اپنی رائے پیش کی) حضرت علی المرتضیٰؓ نے یہ مشورہ دیا کہ اصل زمین کے حصے بخرے نہ کریں بلکہ مسلمانوں کی خاطر مستقل آمدنی کے طور پر اس زمین کو اسی طرح چھوڑ دیں اور آمدنی پر بطور ٹیکس خراج مؤظف مقرر کریں۔ پس حضرت عمرؓ نے عثمان بن حنیف کو بھیج کر اسی طرح عمل درآمد کر دیا اور مختلف حیثیت کے ان پر ٹیکس لگا دیئے۔ الخ"

(۵)

علاقہ نہاوند کے لیے ایک مشورہ

سنہ ۲۱ھ میں نہاوند کے علاقہ میں اہلِ فارس کے اجتماعِ جیوش کی خبریں جب مدینہ طیبہ پہنچیں تو امیر المومنین فاروق اعظمؓ نے صحابۂ کرام کی ایک مجلسِ مشاورت قائم کی، اس میں مندرجہ ذیل بیانات صحابۂ کرامؓ نے دیئے۔ ابن کثیر نے البدایہ، جلد سابع میں یہ الفاظ لکھے ہیں:

"فَقَامَ عُثْمَانُ وَطَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ فِيْ رِجَالٍ مِّنْ اَهْلِ الرَّاْيِ فَتَكَلَّمَ كُلٌّ مِّنْهُمْ بِانْفِرَادِهٖ فَاَحْسَنَ وَاَجَادَ وَاتَّفَقَ رَاْيُهُمْ عَلٰى اَنْ لَّا يَسِيْرَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ وَلٰكِنْ يَّبْعَثُ الْبُعُوْثَ وَيُحْضِرُهُمْ بِرَاْيِهٖ وَدُعَائِهٖ وَكَانَ مِنْ كَلَامِ عَلِيٍّ رض اَنْ قَالَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِنَّ هٰذَا الْاَمْرَ لَمْ يَكُنْ نَصْرُهٗ وَلَا خِذْلَانُهٗ بِكَثْرَةٍ وَّلَا قِلَّةٍ هُوَ دِيْنُهُ الَّذِيْ اَظْهَرَهٗ وَجُنْدُهُ الَّذِيْ اَعَزَّهٗ وَاَمَدَّهٗ بِالْمَلَائِكَةِ حَتّٰى بَلَغَ مَا بَلَغَ فَنَحْنُ عَلٰى مَوْعُوْدٍ مِّنَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ مُنْجِزٌ وَعْدَهٗ وَنَاصِرٌ جُنْدَهٗ وَمَكَانُكَ فِيْهِمْ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ مَكَانُ النِّظَامِ مِنَ الْخَرَزِ يَجْمَعُهٗ وَيُمْسِكُهٗ فَاِذَا انْحَلَّ تَفَرَّقَ مَا فِيْهِ وَذَهَبَ ثُمَّ لَمْ يَجْتَمِعْ بِحَذَافِيْرِهٖ اَبَدًا وَالْعَرَبُ الْيَوْمَ وَاِنْ كَانُوْا قَلِيْلًا فَهُمْ كَثِيْرٌ"

عَزِیْزٌ بِالْاِسْلَامِ فَاَقِمْ مَکَانَکَ فَاَعْجَبَ عُمَرُؓ قَوْلَ عَلِیٍّؓ وَسَرَّبِہٖ وَ کَانَ عُمَرُؓ اِذَا اسْتَشَارَ اَحَدًا لَا یَبْرَمُ اَمْرًا حَتّٰی یُشَاوِرَ الْعَبَّاسَؓ فَلَمَّا اَعْجَبَہٗ کَلَامُ الصَّحَابَۃِ فِیْ ھٰذَا الْمَقَامِ عَرَضَہٗ عَلَی الْعَبَّاسِؓ الخ

(۱) البدایہ، ج ۷، ص ۱۰۷ تحت سنۃ ۲۱ھ

(۲) تاریخ طبری ج ۴ ص ۲۳۷ تحت فتح نہاوند ۲۱ھ

نوٹ۔ مشورہ ہذا مندرجہ ذیل مقامات میں بھی درج ہے۔ عبارت کا کچھ فرق ہے۔ ملاحظہ ہو:۔

(۳) کتاب الاموال لابن ابی عُبَید، ص ۲۵۲۔

(۴) تاریخ خلیفہ ابن خیّاط، ج ۱ ص ۱۲۰۔

ابن کثیرؒ کے کلام کا حاصل یہ ہے کہ حضرت عثمانؓ بن عفان، طلحہؓ، زبیرؓ اور عبدالرحمٰنؓ بن عوف اس مجلس میں کھڑے ہوئے۔ ہر ایک نے اپنا اپنا مشورہ پیش کیا اور عمدہ طریقہ سے اظہار ما فی الضمیر کیا اور اس چیز پر سب کا اتفاق ہو گیا کہ امیرالمومنین عمرؓ فاروق مدینہ طیبہ سے باہر تشریف نہ لے جائیں۔ (یہیں مقیم رہ کر) اسلامی افواج کو (احکام دے کر) روانہ کرتے رہیں اور یہ فوجیں خلیفۂ وقت کی رائے اور فرمان کی پابند رہیں۔ حضرت علیؓ نے اس موقع پر یہ بیان دیا کہ اَے امیرالمومنین! آپ پر واضح ہے کہ اس دین و اسلام کی فتح و نصرت اور ذلّت کا مدار (لوگوں کی) کثرت و قلت پر نہیں ہے۔ یہ وہ دین ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے غالب کر دیا ہے اور یہ وہ گروہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے خود عزت دی ہے اور فرشتوں کے ذریعے اس کی امداد کی ہے حتیٰ کہ یہ پہنچا جہاں تک پہنچا۔ پس ہم لوگ اللہ کے وعدۂ برحق پر یقین کیے ہوئے ہیں۔ اللہ اپنے وعدہ کو پورا کرنے والا ہے اور اپنے

لشکر کی خود امداد کرنے والا ہے۔

اَے امیرالمومنین! (مسلمانوں کے لیے) آپ کا مقام ایسا ہے جیسے ہار کے دانوں کے لیے ہار کے تاگے کا ہوتا ہے تاگہ ہار کے دانوں کو جمع کیے ہوئے اور روکے رکھتا ہے۔ جب وہ تاگہ ٹوٹ جاتا اور کھُل جاتا ہے تو اس کے تمام جمع شدہ دانے متفرق و منتشر ہو جاتے ہیں، پھر اس طرح وہ مجتمع نہیں ہو سکتے۔ عرب اگرچہ آجکل قلیل ہیں (لیکن) اسلام کی طاقت کے ذریعہ یہ کثیر اور غالب ہیں۔

اَے امیرالمومنین! آپ اپنے مقام پر تشریف رکھیے!

پس حضرت امیرالمومنین حضرت عمر فاروقؓ کو حضرت علیؓ کا یہ کلام بہت پسند آیا اور اس پر خوش ہوئے۔ حضرت فاروق اعظمؓ کو جب قابل مشورہ چیز پیش آتی تو کوئی فیصلہ کرنے سے قبل حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب کے سامنے پیش کیا کرتے تھے۔" الخ

چنانچہ اس دفعہ بھی جب صحابہ کرام مذکور اور حضرت علیؓ کی تجاویز حضرت عمر فاروقؓ کو پسند آئیں تو حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب کے سامنے یہ چیز پیش کی اور ان کی تائید حاصل کی۔ پھر اس کے موافق عمل درآمد کیا گیا

مذکورہ مشورہ کا مضمون شیعہ کتب سے

فتح نہاوند کے موقع پر جو مشورہ ان حضرات کے درمیان ہوا اس کو شیعہ علماء نے بھی اپنی معتبر تصانیف نہج البلاغہ وغیرہ میں ذکر کیا ہے۔ چنانچہ نہج البلاغہ میں حضرت علیؓ کا ایک مستقل خطبہ مذکور ہے جس میں غزوۂ فارس کے موقع پر حضرت علی المرتضیٰؓ کا فاروق اعظمؓ کو خیرخواہانہ و مخلصانہ مشورہ دینا مفصل درج ہے۔ اکثر و بیشتر اس کا مضمون وہی ہے جو اوپر البدایہ لابن کثیر سے ہم نقل کر چکے ہیں۔ گویا اس واقعہ کو سُنّی و شیعہ دونوں مؤرخین نے نقل کیا ہے اور حضرت عمرؓ کے

حق میں حضرت علیؓ کی خیر خواہی واخلاص اور دوستی کھول کر بیان کی ہے۔ حضرت علیؓ فرماتے ہیں:

(مِنْ كَلَامٍ لَهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَقَدِ اسْتَشَارَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فِي الشُّخُوصِ لِقِتَالِ الْفُرْسِ بِنَفْسِهِ)

إِنَّ هٰذَا الْأَمْرَ لَمْ يَكُنْ نَصْرُهُ وَلَا خِذْلَانُهُ بِكَثْرَةٍ وَلَا بِقِلَّةٍ وَهُوَ دِينُ اللّٰهِ الَّذِي أَظْهَرَهُ وَجُنْدُهُ الَّذِي أَعَدَّهُ وَأَمَدَّهُ حَتّٰى بَلَغَ مَا بَلَغَ وَطَلَعَ حَيْثُ طَلَعَ وَنَحْنُ عَلٰى مَوْعُودٍ مِّنَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ مُنْجِزٌ وَعْدَهُ وَنَاصِرٌ جُنْدَهُ وَمَكَانُ الْقَيِّمِ بِالْأَمْرِ مَكَانُ النِّظَامِ مِنَ الْخَرَزِ يَجْمَعُهُ وَيَضُمُّهُ فَإِنِ انْقَطَعَ النِّظَامُ تَفَرَّقَ وَذَهَبَ ثُمَّ لَمْ يَجْتَمِعْ بِحَذَافِيرِهِ أَبَدًا وَالْعَرَبُ الْيَوْمَ وَإِنْ كَانُوا قَلِيلًا فَهُمْ كَثِيرُونَ بِالْإِسْلَامِ وَعَزِيزُونَ بِالْاِجْتِمَاعِ فَكُنْ قُطْبًا وَاسْتَدِرِ الرَّحٰى بِالْعَرَبِ وَأَصْلِهِمْ دُونَكَ نَارَ الْحَرْبِ فَإِنَّكَ إِنْ شَخَصْتَ مِنْ هٰذِهِ الْأَرْضِ انْتَقَضَتْ عَلَيْكَ الْعَرَبُ مِنْ أَطْرَافِهَا وَأَقْطَارِهَا ، الخ"

حاصل کلام یہ ہے کہ "قتالِ فارس کے موقعہ پر، حضرت علی المرتضیٰؓ حضرت فاروقؓ کو مخلصانہ مشورہ دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اس دینِ اسلام کی فتح و نصرت اور ذِلّت کا مدار (لوگوں کی) کثرت اور قلّت پر نہیں ہے، یہ اللہ کا دین ہے جس کو اس نے غالب کر دیا ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کا گروہ ہے جس کو اس نے تیار کیا اور اس کی امداد کی ہے یہاں تک کہ پہنچا جہاں پہنچا اور ظاہر ہوا جہاں یہ ظاہر ہوا۔ اور ہم لوگ اللہ تعالیٰ کے وعدۂ برحق پر یقین کیے ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے وعدہ کو پورا کرنے والا ہے اور اپنے لشکر کی امداد کرنے والا ہے اور دین کے نگران (خلیفہ) کا درجہ وہی ہوتا ہے جو ہار کے دانوں میں تاگہ کی حیثیت ہوتی ہے وہ دانوں کو منظم و مجتمع کیے ہوتے ہوتا ہے اگر تاگہ ٹوٹ جائے تو تمام دانے (اور منکے)

منتشر و منفرق ہو جائیں گے پھر بالکل کبھی مجتمع نہ ہو سکیں گے۔ اور عرب لوگ اگرچہ آج (بظاہر) قلیل ہیں (لیکن) اسلامی طاقت کے ذریعہ سے کثیر ہیں۔ اور اجتماعی طاقت کی بنا پر غالب ہیں پس (اے خلیفۃ المومنین) آپ قطب بن جائیے۔ اور عرب کی چکی کو (اپنے گرد) گھمائیے۔ اور دوسرے لوگوں کو جنگ کی آتش میں داخل کیجیے خود نہ جائیے۔ (بالفرض) اگر آپ خود اس مقام و مرکز سے باہر نکل پڑے تو لوگ اطراف و جوانب سے آپ پر ٹوٹ پڑیں گے۔"

(۱) کتاب نہج البلاغہ طبع مصری۔ ص ۲۶۴۔ جلد اوّل خطبہ علیؓ، قتالِ فرس کے متعلق۔

(۲) کتاب اخبار الطوال دینوری، ص ۱۳۴ طبع جدید مصری۔

مندرجہ بالا حوالہ جات کے فوائد

(۱) حضرت عمر فاروقؓ اہم مشوروں میں حضرت علیؓ کو شریکِ کار رکھتے تھے۔ یہ باہمی اخلاص و اعتماد کی روشن دلیل ہے۔

(۲) خلافت کا خدائی وعدہ جو قرآن مجید میں مذکور ہے حضرت علیؓ نے اس کا صادق ہونا عہدِ فاروقی میں بیان فرمایا ہے اور اپنی ذات کو حضرتِ عمرؓ کی جماعت میں داخل کر کے ظاہر فرمایا ہے۔ یہ ان کی یگانگت و اتحاد کا نمونہ ہے۔

(۳) حضرت علی المرتضیٰؓ نے حضرت عمر فاروقؓ کو تمام اہلِ اسلام کا قیّم بالامر قرار دیا ہے۔ یعنی مسلمانوں کے نگران اور محافظ ہیں۔ نیز حضرت علیؓ نے حضرت عمرؓ کے دین کو اللہ کا دین اور ان کے لشکر کو اللہ کا لشکر قرار دیا ہے۔ یہ چیز خلافتِ فاروقی کے برحق ہونے کی شہادت و گواہی ہے۔

(۴) حضرت علیؓ نے حضرت عمرؓ کو تسبیح کے تاگہ کے ساتھ تشبیہ دے کر واضح کر دیا ہے کہ

دشمن (رومی) کی طرف جائیں گے اور بذاتِ خود اس سے مقابلہ و مقاتلہ کریں گے (خدانخواستہ) اگر آپ پر مصیبت آجائے (یعنی موت آجائے) تو پھر مسلمانوں کو اپنے آخری شہروں تک کوئی جائے پناہ نہیں ملے گی (اس وجہ سے کہ) آپ کے بعد کوئی شخصیت ایسی نہیں ہے جس کی طرف مسلمان رجوع کریں فلہٰذا آپ کسی تجربہ کار شخص کو ان کی جانب بھیجیں اور اس کے ساتھ پختہ عمل، آزمودہ کار، اور لوگوں کے خیر خواہ کو روانہ کیجیے ان کو اللہ تعالیٰ غلبہ دے گا یہی آپ کا مقصود و مطلوب ہے اور اگر کوئی دوسری صورت (یعنی شکست وغیرہ) پیش آگئی تو آپ مسلمانوں کے لیے جائے پناہ اور جائے رجوع موجود ہیں (کچھ فکر نہ ہوگا)۔"

اور ابن ابی الحدید کی مذکورہ عبارت کا حاصل یہ ہے کہ یہ مذکورہ غزوہ فلسطین کا ہے جس میں فتح بیت المقدس ہوئی تھی۔ دوسرا طبری کے حوالہ سے یہ ذکر کیا کہ جب عمرؓ بن الخطاب غزوہ شام کی طرف گئے تھے تو مدینہ طیبہ پر اپنا قائم مقام حضرت علی المرتضیٰؓ کو بنایا تھا۔ الخ"

مذکورہ حوالہ کے ثمرات

(۱) حضرت علیؓ نے حضرت فاروق اعظمؓ کو مسلمانوں کا مرجع اور جائے بازگشت فرمایا۔

(۲) حضرت مرتضیٰؓ نے حضرت عمرؓ کو مسلمانوں کی جائے پناہ قرار دیا۔

(۳) فاروق اعظمؓ کو حضرت علیؓ کا یہ با اخلاص مشورہ دینا ان کے حق میں بہتری اور خیر خواہی کی دلیل ہے۔

(۴) نیز یہ کلام فاروقی خلافت کی حقانیت اور صداقت کی طرف نشاندہی کرتی ہے۔ اگر یہ خلافت ظالمانہ اور غاصبانہ ہوتی (جیسا کہ بعض کا خیال ہے) تو حضرت علی المرتضیٰ

شیر خداؓ ان کے ساتھ ہر مرحلہ ہر مقام میں اخلاص و محبت کے ساتھ کیسے پیش آسکتے تھے؟ اور خیر خواہانہ مشورے کیسے دے سکتے تھے؟

اور اگر ان کے ساتھ معارضہ کی قدرت نہ تھی اور ان سے مقابلہ کرنا خلافِ مصلحت تھا تو اُن خلفائے جور کے ساتھ اختلاط و ارتباط نہ رکھتے بلکہ ان سے انقباض و اجتناب فرماتے۔ اور فرمانِ خداوندی وَلَا تَرْكَنُوْا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ (یعنی ظالموں کی طرف میلان مت کرو ورنہ تمہیں آگ چھوئے گی) پر عمل درآمد کرتے۔ اہلِ فہم و انصاف ان معاملات پر غور و فکر فرما کر صحیح نتائج خود اخذ کر سکتے ہیں۔

(۷)

تقسیمِ مال کے متعلق مشورہ

حضرت امیر المومنین عمرؓ کی خدمت میں فتوحات کے سلسلہ میں مال پہنچا ہے۔ اس کی تقسیم کے بعد بقایا مال کے متعلق اس وقت مشورہ ہوا۔ یہ چیز حافظ نور الدین الہیثمی نے مجمع الزوائد میں محدث البزار کے حوالہ سے بیان کی ہے وہاں علی المرتضیٰ کی جانب سے اس مسئلہ میں رائے دینا مذکور ہے۔

"عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ اُتِيَ عُمَرُ بِمَالٍ فَقَسَمَهُ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَفَضَلَتْ مِنْهُ فَضْلَةٌ فَاسْتَشَارَ فِيْهَا فَقَالُوْا لَوْ تَرَكْتَهُ لِنَائِبَةٍ اِنْ كَانَتْ قَالَ وَعَلِيٌّ سَاكِتٌ لَا يَتَكَلَّمُ فَقَالَ مَالَكَ يَا اَبَا الْحَسَنِ لَا تَتَكَلَّمُ قَالَ قَدْ اَخْبَرَ الْقَوْمُ فَقَالَ عُمَرُ لَتُكَلِّمَنِّيْ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ فَرَغَ مِنْ قِسْمَتِهِ هٰذَا الْمَالِ وَذَكَرَ مَالَ الْبَحْرَيْنِ حِيْنَ جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَالَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ اَنْ يَقْسِمَهُ اللَّيْلُ فَصَلَّى الصَّلَوَاتِ فِي الْمَسْجِدِ فَلَقَدْ رَاَيْتُ ذٰلِكَ فِيْ وَجْهِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى

اللہ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَتّٰی فَرَغَ مِنْہُ فَقَالَ لَاجَرَمَ لَتُقْسِمَنَّہٗ فَقَسَمَہٗ عَلِیٌّ فَاَصَابَنِیْ مِنْہُ ثَمَانُ مِائَۃِ دِرْھَمٍ۔"

(۱) مجمع الزوائد لنور الدین الہیثمی علی بن ابی بکر المتوفی ۸۰۷ھ ج۱۰، ص ۲۳۸ ۔ جلد العاشر، باب فی الانفاق و الامساک ۔ طبع مصری۔

(۲) اصول فخر الاسلام البزدوی علی بن محمد الحنفی المتوفی ۴۸۲ھ ۔ ص ۲۴۰ ۔ ۲۳۹ ۔ طبع جدید نور محمدی کراچی، معہ تخریج القاسم بن قطلوبغا حنفی ۔

(۳) کشف الاسرار، شرح اصول بزدوی للبخاری، جلد۳ ص ۹۴۹ ۔ طبع قدیم ۔

حاصل مفہوم یہ ہے کہ طلحہ کہتے ہیں کہ امیر المومنین عمرؓ کے ہاں مال پہنچا۔ حضرت عمرؓ نے اس کو اہلِ اسلام میں تقسیم کیا، اس مال سے کچھ بچ گیا۔ اس بقیہ مال کے متعلق صحابہؓ سے مشورہ کیا گیا۔ بعض صحابہ نے مشورہ دیا کہ وقتی ضرورت پیش آجاتی ہے، اس کے لیے آپ اس بقایا مال کو محفوظ کر دیں (تقسیم نہ کریں تو اچھا ہوگا)۔ تا حال حضرت علی المرتضیٰؓ خاموش تھے۔ امیر المومنین عمرؓ نے فرمایا کہ آپ کیوں خاموش ہیں؟ بیان فرمایئے! حضرت علیؓ نے کہا کہ یہ چیز دوسرے حضرات نے بیان کر دی ہے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ آپ بھی اپنی رائے کا اظہار کریں۔ اس وقت حضرت علیؓ نے مشورہ دیتے ہوئے فرمایا کہ (پہلی چیز تو یہ ہے) کہ ان اموال کے مصارف کو اللہ نے بیان فرما دیا ہے (دوسری یہ چیز ہے) کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی خدمت میں علاقہ بحرین کا مال آیا تھا پھر رات سامنے آگئی (جلد تقسیم نہ ہو سکا) تو اس

تاخیر کی وجہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ انور میں (پریشانی کے آثار نمودار) تھے جب تک تقسیم مال سے فارغ نہیں ہوئے (چین و آرام نہیں کیا) حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ آپ (ہی) اس مال کو ضرور تقسیم کر دیں۔ پھر یہ مال حضرت علیؓ کے ہاتھوں تقسیم ہوا۔ حضرت طلحہؓ کہتے ہیں کہ مجھے بھی اس سے آٹھ سو درہم حصہ میں ملے تھے۔"

——————(۸)- - - - -

فاروق اعظمؓ کے ہاں ایک مشورہ

فخر الاسلام علی بن محمد البزدوی الحنفی نے اپنے "اصول" میں مختصر عبارت کے ساتھ یہ واقعہ نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں کہ:۔

"۔۔۔۔ وَشَاوَرَھُمْ (الصحابۃ) فِیْ اِمْلَاصِ الْمَرْاَۃِ فَاَشَارُوْا بِاَنَّ لَا غُرْمَ عَلَیْہِ وَعَلِیٌّ سَاکِتٌ فَلَمَّا سَاَلَہٗ قَالَ اَرٰی عَلَیْکَ الْغُرَّۃَ۔"

مقصد یہ ہے کہ ایک حاملہ عورت کو حضرت عمر فاروقؓ نے (اس کی ایک شکایت کے سلسلہ میں) بلا بھیجا (رُعب و ہیبت کی وجہ سے راستہ میں) اس کا حمل ساقط ہو گیا (اور مر گیا) اس چیز کے متعلق حضرت عمرؓ نے صحابہ کرامؓ سے مشورہ طلب کیا کہ آیا اس بچہ کا تاوان اور ضمان مجھ پر لازم ہے یا نہیں؟ صحابہ نے مشورہ دیا کہ آپ پر کوئی ضمان وغیرہ نہیں ہے۔ حضرت علیؓ خاموش تھے جب ان سے حضرت عمرؓ نے سوال کیا۔ آپ کا مشورہ اور رائے کیا ہے؟ تو انہوں نے کہا کہ میری رائے یہ ہے کہ آپ پر اس بچہ کا تاوان و ضمان ادا کرنا لازم ہے۔"

(۱) اصول فخر الاسلام بزدوی، ص ۲۳۹ ۔ باب الاجماع طبع جدید نور محمدی کراچی۔ مع تخریج ابن قطلوبغا۔

(٢) اصول السرخسی ابوبکر محمد بن احمد بن ابی سہل شمس الائمہ المتوفی سنہ ۴۸۳ھ/۴۹۰ھ، ج ۱ ص ۳۰۴ طبع حیدرآباد دکن۔

(٣) کشف الاسرار شرح اصول بزدوی، للشیخ عبدالعزیز البخاری ج ۳ ص ۹۴۹، باب الاجماع۔ طبع قدیم مصری۔

(٤) کنز العمّال علی متقی ہندی، جلد ۷ ص ۳۰۰۔ روایت ۳۴۸۵۔ بحوالہ عبدالرزاق و بیہقی۔ طبع اوّل قدیم۔

(٥) المصنّف لعبدالرزاق، جلد ۹ ص ۴۵۸ طبع بیروت باب من افزعہ السلطان۔

مرتضوی نیابت کا مسئلہ

قبل ازیں چند ایک مشورے کے واقعات ذکر کیے گئے ہیں۔ اب تعلقات کے سلسلہ میں ایک دوسری چیز ذکر کی جاتی ہے وہ یہ ہے کہ حضرت امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو جب مدینہ منورہ سے باہر جانے کی ضرورت پیش آتی تو متعدد بار حضرت علی المرتضیٰ کو اپنا قائم مقام مدینہ طیبہ میں مقرر و متعیّن فرمایا۔ اس کے متعلق کئی واقعات تاریخ میں دستیاب ہوتے ہیں۔ ہم بھی یہاں چند واقعات اس مضمون کے متعلق پیش کرتے ہیں۔ امید ہے ناظرین کرام ان چیزوں کو ملاحظہ فرما کر ان دونوں حضرات کے درمیان اعتماد و اتحاد کا اندازہ لگا سکیں گے۔ یہ حالات روزِ روشن کی طرح اس امر کی تصدیق و تائید کرتے ہیں کہ ان اکابرین کے درمیان کسی قسم کا بغض و عناد و تضاد نہ تھا۔ ورنہ ایک دوسرے کو اپنا قائم مقام اور نائب مناب تجویز کرنا کسی صورت میں درست نہیں ہو سکتا۔ جہاں عداوت و دشمنی ہوتی ہے وہاں ایک دوسرے کو دیکھنا ہی گوارا نہیں ہوتا۔ کسی کلیدی منصب کا عطاء کرنا اور اپنا خلیفہ بنانا تو دور کی بات ہے۔ اب تاریخ سے

چند واقعاتِ نیابت ملاحظہ فرماویں۔

(۱)

تاریخ ابن جریر طبری اور تاریخ ابن کثیر دونوں میں سن ہجری ۱۴ھ کے تحت مندرجہ ذیل واقعہ درج ہے:-

وَرَكِبَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي أَوَّلِ يَوْمٍ مِنْ مُحَرَّمٍ هٰذِهِ السَّنَةِ (سنہ ۱۴ھ) فِي الْجُيُوشِ مِنَ الْمَدِينَةِ فَنَزَلَ عَلٰى مَاءٍ يُقَالُ لَهُ صِرَارٌ فَعَسْكَرَ بِهِ عَازِمًا عَلٰى غَزْوِ الْعِرَاقِ بِنَفْسِهِ وَاسْتَخْلَفَ عَلَى الْمَدِينَةِ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ وَاسْتَصْحَبَ مَعَهُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ وَسَادَاتِ الصَّحَابَةِ ثُمَّ عَقَدَ مَجْلِسًا لِاسْتِشَارَةِ الصَّحَابَةِ فِيمَا عَزَمَ عَلَيْهِ وَنُودِيَ إِنَّ الصَّلٰوةَ جَامِعَةٌ وَقَدْ أَرْسَلَ إِلٰى عَلِيٍّ فَقَدِمَ مِنَ الْمَدِينَةِ ثُمَّ اسْتَشَارَهُمْ فَكُلُّهُمْ وَافَقُوهُ عَلَى الذَّهَابِ إِلَى الْعِرَاقِ إِلَّا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ الخ

حاصل یہ ہے کہ

سنہ ۱۴ھ پہلی محرم کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ مدینہ طیبہ سے باہر ایک پانی کے چشمہ پر جس کو صرار کہتے تھے، تشریف لائے۔ یہ تمام لشکر لے کر بہ نفسِ نفیس غزوہ عراق کی طرف جانے کا عزم کیا اور مدینہ منوّرہ پر اپنا قائم مقام علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بن عفان اور دیگر صحابہ کرام کو ساتھ لیا۔ اس کے بعد ان تمام صحابہ کی ایک مجلس مشورہ اپنے ارادہ کے متعلق مشورہ لینے کے لیے قائم کی۔ نماز قائم کرنے کا اہتمام کرنے لگے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مدینہ طیبہ سے اس مجلسِ مشاورت کے لیے بلوا بھیجا۔ نماز کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ کے آنے پر مشورہ ہوا۔ عبدالرحمٰن بن عوف کے بغیر سب حضرات نے عراق کی طرف حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے خود تشریف لے جانے کو صحیح قرار دیا۔ ایک عبدالرحمٰن نے اس تجویز کی مخالفت کی اور کہا کہ اگر بالفرض آپ کو گزند اور تکلیف

پہنچ گئی تو زمین کے تمام اطراف کے مسلمانوں میں ضعف اور کمزوری واقع ہونے کا اندیشہ ہے آپ اپنی جگہ کسی اور صاحب کو ارسال کر دیں اور خود مدینہ منورہ میں واپس چلیں۔ چنانچہ یہ مشورہ منظور ہو گیا۔ فاروقِ اعظم واپس تشریف لائے اور ان کی جگہ سعد بن مالک (یعنی سعد بن ابی وقاصؓ) کو روانہ کیا۔

(۱) تاریخ ابن جریر طبری تحت سنہ ۱۴ھ، ج ۴ ص ۸۳۔ طبع مصری قدیمی۔

(۲) البدایہ لابن کثیر تحت ۱۴ھ، ج ۷ ص ۳۵ طبع مصری۔

(۲)

دوسرا واقعہ ۱۵ھ میں فتح بیت المقدس کے موقعہ پر پیش آیا ہے۔ ابن کثیرؒ کی عبارت ملاحظہ فرماویں:۔

"ثُمَّ حَاصَرَ (ابو عبیدہ) بَيْتَ الْمَقْدِسِ وَضَيَّقَ عَلَيْهِمْ حَتّٰى اَجَابُوْا اِلَى الصُّلْحِ بِشَرْطٍ اَنْ يَّقْدَمَ اِلَيْهِمْ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رض فَكَتَبَ اِلَيْهِ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بِذَالِكَ فَاسْتَشَارَ عُمَرُ النَّاسَ فِيْ ذَالِكَ فَاَشَارَ عُثْمَانُ ابْنُ عَفَّانَ بِاَنْ لَّا يَرْكَبَ اِلَيْهِمْ لِيَكُوْنَ اَحْقَرَ لَهُمْ وَاَرْغَمَ لِاُنُوْفِهِمْ وَاَشَارَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ بِالْمَسِيْرِ اِلَيْهِمْ لِيَكُوْنَ اَخَفَّ وَطْاَةً عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ حِصَارِهِمْ بَيْنَهُمْ فَهَوِيَ مَا قَالَ عَلِيٌّ وَلَمْ يَهْوَ مَا قَالَ عُثْمَانُ وَسَارَ بِالْجُيُوْشِ نَحْوَهُمْ وَاسْتَخْلَفَ عَلَى الْمَدِيْنَةِ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ وَسَارَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ عَلٰى مُقَدِّمَتِهٖ"

(البدایہ لابن کثیر، ج ۷، ص ۵۵ تحت سنہ ۱۵ھ

یعنی ابو عبیدہؓ نے بیت المقدس کا محاصرہ کر کے ان کو تنگ کر دیا حتیٰ کہ وہ صلح کے لیے تیار ہو گئے اس شرط پر کہ خلیفۃ المسلمین عمرؓ خود ان کی طرف بیت المقدس

پہنچیں۔ یہ شرط ابو عبیدہؓ نے لکھ کر حضرت عمرؓ کو ارسال کر دی۔ حضرت عمرؓ نے اس معاملہ کے لیے صحابہ کرام سے مشورہ کیا تو حضرت عثمانؓ نے اپنی رائے یہ دی کہ آپ وہاں تشریف نہ لے جائیں (اس میں) ان کی حقارت ہو گی اور شرم سے ان کی ناک خاک آلود ہو گی اور حضرت علیؓ نے ان کی طرف چلے جانے کی رائے پیش کی تاکہ اس محاصرہ کی حالت میں آپ کا تشریف لے جانا مسلمانوں کے معاملہ کے ہلکا اور خفیف ہونے کا سبب بنے گا۔ تو حضرت عمرؓ نے حضرت علیؓ کی رائے کی طرف میلان کیا اور حضرت عثمانؓ کے مشورہ کی طرف دھیان نہ دیا اور لشکر لے کر ان کی طرف چل دیئے اور مدینہ طیبہ پر حضرت علیؓ المرتضیٰ کو اپنا نائب مقرر و متعین فرمایا اور حضرت عباسؓ اس کارواں کے مقدمۃ الجیش کے طور پر آگے چل رہے تھے۔"

ناظرین حضرات پر واضح ہو کہ واقعہ مذکورہ کو ابن جریر طبری نے بھی اپنی مشہور کتاب تاریخ الامم والملوک میں ۱۵ھ کے حالات میں باب ذکر فتح المقدس کے تحت درج کیا ہے۔

عَنْ عَدِيِّ بْنِ سَهْلٍ قَالَ لَمَّا اسْتَمَدَّ اَهْلُ الشَّامِ عُمَرَ رض عَلٰى اَهْلِ فِلَسْطِيْنَ اِسْتَخْلَفَ عَلِيًّا وَخَرَجَ مُمِدًّا لَّهُمْ الخ۔

(۳)

ایک اور واقعہ استخلاف طبری نے ۱۷ھ کے واقعات میں مقام ایلہ کی طرف خروج کے تحت لکھا ہے کہ:

.... خَرَجَ عُمَرُ رض وَخَلَّفَ عَلِيًّا رض عَلَى الْمَدِيْنَةِ وَخَرَجَ مَعَهٗ بِالصَّحَابَةِ وَاَغَذُّوا السَّيْرَ وَاتَّخَذَ اَيْلَةَ طَرِيْقًا حَتّٰى اِذَا دَنَا مِنْهَا تَنَحّٰى عَنِ الطَّرِيْقِ الخ۔

(تاریخ طبری، ج ۴، ص ۲۰۳، ۱۷ھ)

حاصل یہ ہے کہ ۱۷ھ میں حضرت عمرؓ سفر پر تشریف لے گئے اور

حضرت علیؓ کو مدینہ منورہ پر اپنا قائم مقام اور نائب چھوڑا حضرت عمرؓ کے ساتھ اور بہت سے صحابہ کرام بھی نکلے۔ اور تیزی سے ایلہ کے راستہ چلے جب ایلہ مقام کے قریب پہنچے تو راستہ کو چھوڑ کر چلنے لگے۔"

کنز العمال میں امام ابن سیرین سے ایک واقعہ منقول ہے جس میں حضرت علیؓ کو حضرت عمرؓ کی طرف سے نجران کا حاکم اور والی بنا کر روانہ کیا گیا۔

عَنْ ابْنِ سِیْرِیْنَ قَالَ کَتَبَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اِلٰی اَھْلِ نَجْرَانَ اِنِّیْ قَدِ اسْتَوْصَیْتُ بِعَلِیٍّ بِمَنْ اَسْلَمَ مِنْکُمْ خَیْرًا وَاَمَرْتُہٗ اَنْ یُّعْطِیَہٗ نِصْفَ مَا عَمِلَ مِنَ الْاَرْضِ وَلَسْتُ اُرِیْدُ اِخْرَاجَکُمْ مِنْھَا مَا اَصْلَحْتُمْ وَرَضِیْتُ عَمَلَکُمْ۔"

(کنز العمال، بحوالہ دھب، طبع اوّل، ج ۲ ص ۳۱۳ طبع قدیم - کتاب الجہاد من قسم الافعال، بحث الخراج)

یعنی ابن سیرین کہتے ہیں کہ امیر المومنین عمرؓ نے اہلِ نجران کی طرف تحریر کیا کہ میں علیؓ بن ابی طالب کو آپ لوگوں کی طرف خاص وصیت کر کے روانہ کرتا ہوں کہ جو شخص تم میں سے اسلام لائے اس کے ساتھ بہتر و خوشتر معاملہ کیا جائے اور ان کو میں حکم دیتا ہوں کہ زمین کی کاشت و کارکردگی کی صورت میں اس کی آمد کا نصف دیا کریں۔ اور اس زمین سے میں تمہارے اخراج کا ارادہ نہیں رکھتا جب تک کہ تم معاملہ کو درست رکھو اور تمہاری کارکردگی پسندیدہ رہے۔"

—— مندرجہ روایات اور واقعات بتلا رہے ہیں کہ:-

۱) حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ حضرت امیر المومنین عمرؓ کے ساتھ انتظامی معاملات

اور اہم مشوروں میں شامل رہتے تھے۔

(۲) - حضرت علیؓ حضرت عمرؓ کے حق میں خیر خواہی کے کلمات کہتے اور مصلحانہ و مشفقانہ رائے پیش کرتے تھے۔

(۳) - حضرت عمر فاروقؓ نے حضرت علیؓ کو متعدد مواقع میں اپنا قائم مقام اور اپنا نائب مناب بنایا ہے اور بعض قبائل و علاقوں کی طرف حاکم اور والی بنا کر بھی روانہ کیا ہے۔

یہ تمام چیزیں ان ہر دو اکابر کے درمیان حسنِ سلوک باہمی اخلاص اور مودّت کی شہادت دے رہی ہیں۔

رفاقت کے چند واقعات

قبل ازیں فصل ہذا میں باہمی مشورہ جات کا بیان ہوا ہے۔ پھر اس کے بعد نیابت اور قائم مقامی کا ذکر ہوا ہے۔ اب اسلامی روایات سے چند مزید واقعات نقل کیے جاتے ہیں جن میں ان دونوں حضرات سیّدنا عمر فاروقؓ و سیّدنا علی المرتضیٰؓ کے درمیان بے تکلفی اور رفاقت و صداقت ثابت ہوتی ہے۔ ایک دوسرے کے معاملات کی تصدیق و تائید ہوتی ہے۔ یہ چیزیں ان کے باہمی حسنِ سلوک، خوش عقیدگی اور فرطِ محبّت پر دلالت کرتی ہیں۔

بے تکلفی کا واقعہ

ذہبیؒ نے ذکر کیا ہے کہ ایک دفعہ قیس بن عُبادہ مدینہ میں حصولِ علم و اخلاق کے لیے پہنچے۔ ایک شخص کو دیکھا کہ دو چادروں میں ملبوس ہے۔ سر پر زلفیں ہیں۔ حضرت عمرؓ کے دوشِ مبارک پر ہاتھ رکھے ہوتے ہے۔ لوگوں سے دریافت کیا کہ یہ کون صاحب ہیں؟ انہوں نے بتلایا کہ علی بن ابی طالب ہیں! عبارت ذیل

میں یہ واقعہ مذکور ہے :-

" ... عَنْ قَیْسِ بْنِ عُبَادَۃَ قَالَ دَخَلْتُ الْمَدِیْنَۃَ اَلْتَمِسُ الْعِلْمَ وَالشَّرَفَ فَرَاَیْتُ رَجُلاً عَلَیْہِ بُرْدَانِ لَہٗ ضَفِیْرَتَانِ وَاضِعًا یَدَہٗ عَلٰی عَاتِقِ عُمَرَؓ فَقُلْتُ مَنْ ھٰذَا ؟ فَقَالُوْا عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ "

(تذکرۃ الحفاظ للذہبیؒ، ج ۱ ص ۱۲ - ذکر علی بن ابی طالب - طبع حیدر آباد دکن)

تنویرِ مساجد پر حضرت علیؓ کا دعا دینا

علماء نے لکھا ہے کہ سن چودہ (۱۴) ہجری میں حضرت سیدنا امیر عمرؓ نے رمضان شریف میں تراویح کو ایک جماعت کے ساتھ پڑھنا تجویز کیا تھا، جیسا کہ تاریخ خلیفہ ابن خیاط نے ۱۴ھ کے تحت درج کیا ہے :-

" وَفِیْھَا (۱۴ھ) اَمَرَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ بِاِجْتِمَاعِ النَّاسِ فِی الْقِیَامِ فِیْ شَھْرِ رَمَضَانَ "

(۱) تاریخ خلیفہ ابن خیاط، ج ۱ ص ۹۸ -
(۲) تتمۃ المنتہیٰ، شیخ عباس قمی شیعی، ص تحت ذکر خلافت عمرؓ بن الخطاب، طبع تہران -

حضرت فاروق اعظمؓ کے انتقال کے بعد حضرت سیدنا عثمانؓ بن عفان کے دورِ خلافت میں ایک دفعہ حضرت علیؓ عشا کے وقت مسجد پہنچے، دیکھا کہ روشنی کا انتظام ہے، (لوگ مجتمع ہو کر تراویح میں مشغول ہیں) قرآن مجید کی تلاوت ہو رہی ہے - اس عجیب منظر کو دیکھ کر حضرت علیؓ نے حضرت عمرؓ کے حق میں فرمایا کہ:

" نَوَّرَ اللّٰہُ عَلٰی عُمَرَ قَبْرَہٗ کَمَا نَوَّرَ عَلَیْنَا مَسَاجِدَنَا "

یعنی اللہ تعالیٰ عمرؓ کی قبر کو روشن و منور فرمائے جس طرح انہوں نے ہماری

مساجد کو (قرآن کی رونق سے) روشن فرما دیا"

(۱) کتاب قیام اللیل وقیام رمضان وکتاب الوتر للشیخ ابی عبداللہ محمد بن نصر المروزی، ص ۱۵۶ -
(۲) سیرت عمر بن الخطاب ص ۵۵ - ۵۶ لابن الجوزی طبع مصر
(۳) ریاض النضرہ فی مناقب العشرہ لمحب الطبریؒ جلد اول ص ۲۱
(۴) تاریخ الخلفاء سیوطی ص ۹۷ بحوالہ ابن عساکر طبع مجتبائی دہلی (فصل اولیات عمرؓ)
(۵) کنز العمال، ج ۶ ص ۳۵۴ بحوالہ ابن عساکر وروا خط فی امالیہ روایت ۵۴۲۱ کتاب الفضائل (فضائل عمر فاروقؓ)
(۶) کنز العمال، ج ۴ بحوالہ ابن شاہین، ص ۲۸۴ طبع اول قدیم
(۷) شرح نہج البلاغہ لابن ابی الحدید شیعی، ج ۱۲ ص ۹۸، طبع قدیم ایرانی - (وطبع بیروتی، ج ۳، ص ۲۶۶ - ...... فاروقی طعن عاشر کے تحت)

ناظرین باتمکین کو معلوم ہونا چاہیے کہ تراویح کی جماعت باقاعدگی سے ۱۴ھ سے شروع ہوتی ہے - پھر تمام اہلِ دین اور اہلِ اسلام نے اس کو ہمیشہ ہر سال جاری رکھا ہے - فاروقی اور عثمانی خلافت میں بھی یہ جماعت جاری رہی اور حضرت علیؓ کی خلافت میں بھی تراویح کی یہ جماعت جاری رہی ہے اور حضرت علیؓ نے اس چیز کو پسند فرما کر جاری رکھا ہے، بند نہیں فرمایا - مطلب یہ ہوا کہ حضرت امیر المومنین عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے جو دین کا کام رواں جاری فرمایا تھا وہ دین تھا بدعت نہیں تھا، وہ درست و صحیح تھا غلط نہیں تھا، تب ہی تو حضرت علیؓ شیرِ خدا نے اس کو پسند فرمایا - اس کو دیکھ کر خوشی و مسرت کا اظہار فرماتے ہوئے حضرت عمرؓ کے حق میں دعا کی - پھر اسی پر اکتفا نہیں کی بلکہ دین کے

اس کارِ خیر کو اپنے زمانۂ اقتدار میں، اپنے دورِ حکومت میں، اپنی سلطنت میں جاری و ساری رکھا۔ ایسے کام جو خلفائے ثلاثہ (حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ) کے دور میں متفقاً و مجتمعاً ہوتے رہے ہوں ان کو بدعت کہنا اور خلافِ دین کہنا خود دین کے خلاف ہونا ہے اور حضرت علیؓ سمیت ان بزرگوں پر بدعات کے ارتکاب کی تہمت لگانا ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو ایسے غلط نظریات سے محفوظ فرمائے اور ان تمام بزرگوں کے ساتھ صحیح عقیدت اور اطاعت نصیب فرمائے۔ اور انہی کی طرح باہمی متفق و متحد رہنے کی توفیق بخشے۔

(۲)

واقعہ ساریۃ الجبل

مندرجہ ذیل مقامات میں مذکور ہے کہ ایک دفعہ مدینۂ طیبہ میں حضرت فاروقِ اعظمؓ خطبہ دے رہے تھے۔ خطبہ کے دوران (یکایک) فرمانے لگے:

"یَا سَارِیَۃَ اَلْجَبَلَ اَلْجَبَلَ مَنِ اسْتَرْعَی الذِّئْبَ ظَلَمَ"

یعنی اے ساریہ! پہاڑ کی طرف ہو جا پہاڑ کی طرف، جس نے بھیڑیے کی رعایت کی اس نے ظلم کیا۔"

لوگ کہنے لگے کہ آپ ساریہ کا یہاں ذکر کرنے لگے ہیں وہ تو غزوۂ عراق میں گیا ہوا ہے؟ اس وقت حضرت علیؓ نے یہ فرمایا کہ عمرؓ بن الخطاب کو رہنے دو (ان پر اعتراض نہ کرو) انہیں ایسی کوئی بات پیش آئے تو اُن کے نزدیک اس کا کوئی مخرج ضرور ہوتا ہے (بلاوجہ ایسا نہیں کرتے) چنانچہ کچھ ایام گزرنے کے بعد فتح عراق کی خوشخبری آئی، ساریہ اپنے ساتھیوں سمیت مدینہ منورہ پہنچے، انہوں نے کہا کہ ہم کو اس موقعہ پر امیر المومنین عمرؓ کی آواز سنائی دی پس ہم اسی وقت پہاڑ کی طرف ہو گئے تو اللہ تعالیٰ نے فتح عطا فرمائی۔

عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَؓ خَطَبَ عُمَرُؓ یَوْمًا بِالْمَدِیْنَۃِ فَقَالَ یَا

یَا سَارِیَۃُ اَلْجَبَلَ مَنِ اسْتَرْعَی الذِّئْبَ ظَلَمَ قَالَ فَقِیْلَ لَہٗ تَذْکُرُ سَارِیَۃَ وَسَارِیَۃُ بِالْعِرَاقِ فَقَالَ النَّاسُ لِعَلِیٍّ اَمَا سَمِعْتَ قَوْلَ عُمَرَؓ یَقُوْلُ یَا سَارِیَۃُ وَھُوَ یَخْطُبُ عَلَی الْمِنْبَرِ فَقَالَ وَیْحَکُمْ دَعُوْا عُمَرَؓ فَاِنَّہٗ مَا دَخَلَ فِیْ شَیْءٍ اِلَّا خَرَجَ مِنْہُ فَلَمْ یَلْبَثْ اِلَّا یَسِیْرًا حَتّٰی قَدِمَ سَارِیَۃُ فَقَالَ سَمِعْتُ صَوْتَ عُمَرَؓ فَصَعِدْتُ الْجَبَلَ۔

(۱) سیرت عمرؓ بن الخطاب لابن الجوزی، ص ۱۵۰، طبع مصر

(۲) اُسد الغابہ لابن اثیر الجزری، ج ۴ ص ۶۵۔ تذکرہ عمر فاروقؓ

(۳) کنز العمال، ج ۶، ص ۳۳۳۔ بحوالہ السلمی فی اربعین و ابن مردویہ، طبع قدیم۔ کتاب الفضائل (فضائل الفاروق)

(۳)

اُویس قرنی کی ملاقات کے لیے رفیقانہ سفر

ابو نعیم اصفہانی نے حلیۃ الاولیاء، جلد ثانی تذکرہ اویس قرنی میں ذکر کیا ہے کہ حضرت سیدنا امیر المومنین عمرؓ کا جب آخری سال تھا جس میں ان کا انتقال ہوا ہے، ایامِ حج میں حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ دونوں حضرت اُویس قرنیؒ کی تلاش میں عرفات کی طرف سوار ہو کر تشریف لائے۔ دیکھتے ہیں کہ ایک شخص کھڑے ہو کر درخت کو رُخ کیے ہوئے نماز پڑھ رہا ہے اور اونٹ اس کے گرد اگرد چر رہے ہیں۔ یہ دونوں حضرات اپنی سواری تیز کر کے اس کی طرف پہنچے اور السلام علیکم و رحمۃ اللہ کہا۔ اُویس نے نماز میں تخفیف کی، سلام کا جواب دیا۔ انہوں نے کہا کہ آپ کون بزرگ ہیں؟ جواب دیا کہ میں اپنی قوم کے اونٹوں کا چرواہا اور خادم ہوں . . . . . اور کہا کہ آپ کیسے آئے کیا کام ہے؟

ان دونوں نے کہا کہ ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص اُویس نامی کے چند اوصاف بیان کیے تھے وہ آپ میں معلوم ہوتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ وہی اویس ہیں آپ ہمارے لیے اللہ سے مغفرت طلب کیجیے ۔ یغفر اللہ لك ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ پھر اُویس نے کہا کہ آپ دونوں صاحبان کون ہیں ؟

قَالَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَمَّا ھٰذَا فَعُمَرُ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَاَمَّا اَنَا فَعَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ فَاسْتَوٰی اُوَیْسٌ قَائِمًا وَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ وَاَنْتَ یَا ابْنَ اَبِیْ طَالِبٍ فَجَزَاکُمَا اللّٰہُ عَنْ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ خَیْرًا ‘‘

’’یعنی حضرت علیؓ نے کہا کہ یہ امیر المومنین عمرؓ بن الخطاب ہیں اور میں علی بن ابی طالب ہوں ۔ پس یہ سن کر اُویس اُٹھ کھڑا ہوا اور کہا کہ اے امیر المومنین آپ پر سلام ہو اور اللہ کی رحمت ہو اور اس کی برکتیں ہوں ۔ اے علیؓ آپ پر بھی سلام ہو تم دونوں کو اس اُمت کی جانب سے اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرماتے ‘‘

(حلیۃ الاولیاء لابی نعیم اصفہانی ؛ تذکرہ اُویس قرنی ج ۲ ، ص ۸۱ ۔ ۸۲ ۔ طبع مصر) ۔

اِختتام فصل ثالث

فصل ہٰذا میں مندرجہ ذیل اشیاء مذکور ہوتی ہیں ۔ ایک تو حضرت عمرؓ اور علیؓ کے درمیان انتظامی معاملات میں مشاورت ۔ دوسری حضرت عمرؓ کا حضرت علی المرتضیٰؓ کو متعدد دفعہ اپنا نائب مناب اور قائم مقام متعین فرمانا ۔ تیسرا ایسے واقعات درج ہوتے ہیں جن میں ان کی رفاقت اور حُسنِ سلوک پایا جاتا ہے ۔ ان چیزوں میں غور و فکر کرنے کے بعد ایک منصف مزاج

غیر جانبدار ذہن کا آدمی یہی نتیجہ اخذ کرے گا کہ ان دونوں بزرگوں کے باہمی تعلقات بہترین تھے ۔ ان دونوں اکابر کے مابین پورا پورا اعتماد و اعتقاد تھا ۔ ایک دوسرے کے حق میں اخلاص و نیک نیتی رکھتے تھے ۔ محبت و مودّت کے ساتھ ان کے درمیان معاملات جاری تھے ۔ بالفرض اگر ان کے تعلقات کا یہ نقشہ نہیں ہے بلکہ دوسرا ہے یعنی ان کے درمیان دشمنی ہے مخالفت ہے عداوت ہے بغاوت ہے ، سوء ظنی ہے ، بدگمانی ہے (جیسا کہ بعض لوگوں کو غلط فہمی ہوئی ہے) تو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا عمل قرآنِ مجید کے موافق کیسے رہ سکتا ہے ؟

اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کا فرمان ہے کہ وَتَعَاوَنُوْا عَلَی الْبِرِّ وَالتَّقْوٰی وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَی الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاتَّقُوا اللّٰہَ اِنَّ اللّٰہَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ (سورہ مائدہ ۔ رکوع اوّل) یعنی نیکی اور تقویٰ کی بات میں باہم تعاون کرو اور گناہ و زیادتی کی بات میں ایک دوسرے کی مدد نہ کرو ۔ اللہ سے ڈرو اللہ سخت عذاب دینے والا ہے ‘‘

حضرات ! کلامِ خداوندی سراسر سچ ہے اور حضرت علی المرتضیٰؓ قرآن مجید کے عامل اور خدا کے فرماں بردار ہیں تو ان کا کردار اور عملی زندگی مالک کریم کے فرمان کے خلاف کیسے ہو سکتی ہے ؟

حاصل یہ ہے کہ حضرت علیؓ کی جس قدر کارکردگی اور کارگزاری فاروق اعظمؓ کے ساتھ معاملات و واقعات کی شکل میں ہم پیش کر رہے ہیں وہ سب صحیح اور درست ہے ۔ قرآن کریم پر عمل درآمد کا پورا پورا نمونہ ہے ۔ حضرت علیؓ جیسے حاملِ قرآن تھے ویسے ہی عاملِ قرآن تھے ۔ دورُخی پالیسی ان میں نہ تھی ۔ (وَاللّٰہُ عَلٰی مَا نَقُوْلُ وَکِیْلٌ)

فصل رابع

باب دوم کا آخری فصل چہارم شروع کیا جاتا ہے۔ اس میں سیدنا فاروقِ اعظمؓ اور حضرت علی المرتضیٰؓ کے وہ روابط ذکر کیے جائیں گے جن میں ایک دوسرے کے "مالی حقوق" کی رعایت کرنا اور حضرت علیؓ کا "اموالِ غنائم" سے حصہ وصول کرنا اور "عطیات" کا حاصل کرنا وغیرہ پایا جاتا ہے۔

ان واقعات کے ملاحظہ کرنے کے بعد ان ہر دو حضرات کے حُسنِ تعلقات اور باہمی حقوق کے ادا کرنے کا مسئلہ روزِ روشن کی طرح واضح ہوتا ہے۔

(۱)

یہاں پہلے یہ چیز ذکر کی جاتی ہے کہ حضور علیہ السّلام کے رشتہ داروں اور اہلِ بیتِ نبوّت کی عزت و احترام اور ان کے حقوق کا لحاظ فاروق اعظمؓ کے دل میں اس قدر تھا کہ جب فاروقی خلافت میں فتوحات کثیرہ مسلمانوں کو حاصل ہوئی ہیں تو سیدنا فاروقؓ نے صحابۂ کرام سے مشورہ کیا کہ مفتوحہ اموال کو مسلمانوں میں کس طرح تقسیم کیا جائے؟ بعض حضرات نے یہ رائے دی کہ جو مال جس سن و سال میں دستیاب ہو اس مال کو اسی سال میں تقسیم کر کے ختم کر دیا جائے بعض احباب نے کچھ دوسرا مشورہ دیا پھر ولید بن ہشام بن مغیرہ نے یہ ذکر کیا کہ ملکِ شام کی سلطنت میں یہ طریقہ رائج ہے کہ حکومت نے جن لوگوں کے حق میں مشاہرے اور وظائف جاری کرنے منظور کیے ہوں ان کے لیے ایک مستقل دفتر مرتب کرتے ہیں۔ اس دفتر میں سب قابلِ وظیفہ افراد و اشخاص کے اسماء مدوّن کیے جاتے ہیں۔ پھر ان میں سے اگر ضرورت پیش آئے تو لشکر و فوج کے لیے بعض افراد کا تعیّن و تقرّر آسانی سے ہو سکتا ہے۔

فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس دفتر کی تجویز کو پسند کرتے ہوئے حکم دیا کہ قابلِ وظیفہ لوگوں کے اسماء کو حسبِ مراتب ترتیب دے کر درج کریں یعنی جن لوگوں کی اسلام میں زیادہ خدمات ہوں ان کو پہلے رکھیں اور حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے قرابت داروں اور رشتہ داروں کو اس مسئلہ میں سب سے مقدم رکھیں۔ اپنی تفاصیل کے ساتھ یہ واقعہ مندرجۂ ذیل حوالہ جات میں مذکور ہے۔

یہاں طبقات ابن سعد، جلد ثالث، قسم اوّل، تذکرہ حضرت عمرؓ، ص ۲۱۲-۲۱۳، طبع اوّل لیدن۔ اور طبری سے یہ مضمون پیشِ خدمت ہے۔

"اِنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ اِسْتَشَارَ الْمُسْلِمِیْنَ فِیْ تَدْوِیْنِ الدِّیْوَانِ فَقَالَ لَهٗ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ تَقْسِمُ کُلَّ سَنَةٍ مَا اجْتَمَعَ اِلَیْكَ مِنْ مَالٍ وَلَا تُمْسِكُ مِنْهُ شَیْئًا وَقَالَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ اَرٰی مَالًا کَثِیْرًا یَسَعُ النَّاسَ وَاِنْ لَمْ یُحْصَوْا حَتّٰی تَعْرِفَ مَنْ اَخَذَ مِمَّنْ لَمْ یَاْخُذْ خَشِیْتُ اَنْ یَّنْتَشِرَ الْاَمْرُ فَقَالَ لَهُ الْوَلِیْدُ بْنُ هِشَامِ بْنِ الْمُغِیْرَةِ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ قَدْ جِئْتُ الشَّامَ فَرَاَیْتُ مُلُوْکَهَا قَدْ دَوَّنُوْا دِیْوَانًا وَجَنَّدُوْا جُنُوْدًا فَدَوِّنْ دِیْوَانًا وَجَنِّدْ جُنُوْدًا فَاَخَذَ بِقَوْلِهٖ فَدَعَا عَقِیْلَ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ وَمَخْرَمَةَ بْنَ نَوْفَلٍ وَجُبَیْرَ بْنَ مُطْعِمٍ وَکَانُوْا مِنْ نُسَّابِ قُرَیْشٍ فَقَالَ اُکْتُبُوا النَّاسَ عَلٰی مَنَازِلِهِمْ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اِلٰکِنَّ اِبْدَؤُا بِقَرَابَةِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْاَقْرَبَ فَالْاَقْرَبَ حَتّٰی تَضَعُوْا عُمَرَؓ حَیْثُ وَضَعَهُ اللّٰهُ"

(۱) طبقات ابن سعد ص ۲۱۲-۲۱۳، جلد ثالث قسم اوّل باب عمرؓ۔ طبع اوّل قدیم۔

(۲) تاریخ ابن جریر طبری جلد پنجم ص ۲۲-۲۳ تحت سنہ ۲۳ھ بحث تدوین الدواوین۔

(۳) کتاب الاموال لابی عبید القاسم بن سلام باب فرض الاعطیۃ من الفیٔ۔ ص ۲۲۴

(۴) کنز العمال، ج ۲، ص ۳۱۶۔ روایت ۶۵۰۷۔

(۵) السنن الکبریٰ للبیہقی، ج ۶، ص ۳۶۴۔

خلاصہ یہ ہے کہ:

"اجرائے وظائف کی تدوین کے سلسلہ میں حضرت فاروقِ اعظمؓ نے اکابرینِ اہلِ اسلام سے مشورہ کیا۔ علی المرتضیٰؓ کی رائے یہ تھی کہ جس سال میں جو مال درآمد ہو اس کو اسی سال کے اندر تقسیم کر کے ختم کر دیا جائے۔ اور حضرت عثمان غنیؓ نے یہ کہا کہ مالِ مفتوحہ بے شمار ہے۔ لوگوں کی تعداد شمار نہ بھی کی جائے تو بھی ان پر پورا ہو جائے گا۔ جس کو حصہ نہ مل سکا وہ بھی معلوم ہو جائے گا، بات کو پھیلایا نہ جائے۔ اور ولید بن ہشام بن مغیرہ نے یہ کہا کہ شام کی سلطنت کا یہ قاعدہ ہے کہ انہوں نے وظیفہ خواروں کے لیے رجسٹر قائم کیے ہوئے ہیں اور فوجی لوگوں کے لیے بھی دفتر قائم ہوئے ہیں (جن میں سے عند الضرورت ان کی تعداد آسانی سے دریافت ہو سکتی ہے)۔ پس حضرت عمر فاروقؓ نے ولید مذکور کی تجویز کو پسند کیا اور قبائل قریش کے انساب کے ماہرین عقیلؓ بن ابی طالب۔ مخرمہؓ بن نوفل، جبیرؓ بن مطعم کو بلا کر حکم دیا کہ قریشی قبائل کے تفصیل وار نام حسبِ مراتب رجسٹر میں درج کرائیں۔ (بعض روایات میں ہے کہ اندراجِ اسماء کے وقت عبد الرحمٰنؓ بن عوف وغیرہ نے کہا کہ پہلے آپ کا نام آپ کے قبیلہ کا نام درج ہونا چاہیے) تو اس وقت حضرت عمرؓ نے حکم دیا کہ نہیں بلکہ سب سے پہلے سرورِ دو عالم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریبی رشتہ داروں کے نام درج کریں۔ اَلْاَقْرَبُ فَالْاَقْرَبُ پر عمل کریں

یعنی پہلے قریب ترین پھر اس کے بعد تھوڑے قریبی، اس طرح درجہ بدرجہ تحریر کریں اور عمرؓ بن الخطاب کو اندراج ہذا میں وہاں جگہ دیں جہاں اس کو اللہ نے جگہ دے رکھی ہے۔"

— نیز طبقات ابن سعد اور کتاب الخراج لامام ابی یوسف میں مذکور ہے کہ:—

"وَفَرَضَ لِاَبْنَاءِ الْبَدْرِيِّيْنَ الْفَيْنِ اَلْفَيْنِ اِلَّا حَسَنًا وَحُسَيْنًا فَاِنَّهُ اَلْحَقَهُمَا بِفَرِيْضَةِ اَبِيْهِمَا لِقَرَابَتِهِمَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفَرَضَ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا خَمْسَةَ اٰلَافِ دِرْهَمٍ وَفَرَضَ لِلْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ خَمْسَةَ اٰلَافِ دِرْهَمٍ لِقَرَابَتِهٖ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ" وفی روایۃٍ فَفَرَضَ لِلْعَبَّاسِ ثُمَّ لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا۔

.... وَفَرَضَ لِنِسَاءِ الْمُهَاجِرَاتِ فَفَرَضَ لِصَفِيَّةَ بِنْتِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ سِتَّةَ اٰلَافِ دِرْهَمٍ وَلِاَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ اَلْفَ دِرْهَمٍ الخ۔

(۱) طبقات ابن سعد، ص ۲۱۳۔۲۱۴، جلد ثالث، قسم اول، باب تذکرہ عمرؓ

(۲) کتاب الخراج لامام ابی یوسفؒ تحت فصل کیف کان فرض عمرؓ لاصحاب الرسول صلعم تحت عنوان توزیع المال علی الصحابۃ۔ ص ۴۳۔۴۴۔ طبع مصری۔

(۳) فتوح البلدان لاحمد بن یحییٰ بن جابر البغدادی الشہیر بلاذری ص ۴۵۴۔۴۵۵۔ باب ذکر العطاء فی خلافۃ عمر بن الخطاب طبع مصری۔

(۴) کتاب الاموال لابی عبید القاسم بن سلام ص ۲۲۴ و ۲۲۶۔ باب فرض الاعطیۃ۔

ماحصل یہ ہے کہ:

"بدری صحابہؓ کے لیے پانچ پانچ ہزار درہم سالانہ حضرت عمرؓ نے مقرر فرمایا تھا اور بدری حضرات کے فرزندوں کے لیے دو دو ہزار درہم مقرر کیا مگر سیّدنا حسنؓ و سیّدنا حسینؓ کے لیے ان کے والد شریف کے وظیفہ کے موافق پانچ پانچ ہزار درہم سالانہ متعیّن فرماتے۔ اس لیے کہ یہ عزیزانِ نبی کریم صلعم ہیں اور قریبی رشتہ دار ہیں۔ اسی طرح حضرت عبّاسؓ بن عبدالمطّلب کا وظیفہ بھی پانچ ہزار درہم سالانہ متعیّن فرمایا اس لیے کہ نبی کریم صلعم کے چچا شریف ہیں۔ بعض روایات میں ہے کہ پہلے حضرت عباسؓ کے لیے وظیفہ مقرر کیا۔ پھر حضرت علیؓ کے لیے پانچ ہزار درہم مقرر کیا۔

.... دیگر مہاجر عورتوں کے لیے وظیفہ مقرر کیا تو سرورِ دو عالم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کی عمہ شریفہ (پھوپھی صاحبہ) صفیّہؓ بنت عبدالمطلب کے لیے چھ ہزار درہم سالانہ وظیفہ متعین فرمایا۔ اور اسماء بنت عُمیسؓ کے لیے (جو اس وقت حضرت علی المرتضیٰ کی بیوی تھی) ایک ہزار درہم مقرر فرمایا۔

خلاصہ یہ ہوا کہ یہ تمام وظائف بیت المال سے حضرت عمرؓ کی طرف سے جاری تھے، اور ہاشمی حضرات ان کو وصول کرتے تھے۔

اہلِ علم کی اطلاع کے لیے لکھا جاتا ہے کہ شارح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید شیعی معتزلی نے بھی اپنی شرح میں تقرّرِ وظائف کے واقعات کو مختلف اخباری و مؤرّخ لوگوں سے نقل کر کے بعبارتِ ذیل درج کیا ہے۔ گویا یہ واقعات فرضی قصے نہیں ہیں بلکہ اسلامی تاریخ کے مسلّمہ حالات ہیں۔

—— ...... فَاَخَذَ بِقَوْلِ وَلِیْدِ بْنِ هِشَامٍ فَدَعَا عَقِیْلَ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ وَمَخْرَمَةَ بْنَ نَوْفَلٍ وَجُبَیْرَ بْنَ مُطْعَمٍ وَکَانُوْا نُسَّابَ قُرَیْشٍ وَقَالَ اُکْتُبُوْا

النَّاسَ عَلٰی مَنَازِلِهِمْ فَکَتَبُوْا فَبَدَأُوْا بِبَنِیْ هَاشِمٍ ثُمَّ اَتْبَعُوْهُمْ اَبَا بَکْرٍؓ وَقَوْمَهٗ ثُمَّ عُمَرَؓ وَقَوْمَهٗ عَلٰی تَرْتِیْبِ الْخِلَافَةِ فَلَمَّا نَظَرَ اِلَیْهِ قَالَ وَدِدْتُ اِنَّهٗ کَانَ هٰکَذَا وَلٰکِنْ اَرٰی بِقَرَابَةِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ الْاَقْرَبُ فَالْاَقْرَبُ حَتّٰی تَضَعُوْا عُمَرَؓ حَیْثُ وَضَعَهُ اللّٰهُ۔

(شرح نہج حدیدی، ج ۳، ص ۱۷۶۔ طبع بیروت تحت
تمن للّٰہ بلاد فلان فقد قوم الاود الخ)

اس سے قبل ایک جگہ لکھا ہے کہ:

قَالَ لَا بَلْ اَبْدَأُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَبِاَهْلِهٖ ثُمَّ الْاَقْرَبُ فَالْاَقْرَبُ فَبَدَأَ بِبَنِیْ هَاشِمٍ ثُمَّ بَنِیْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ ثُمَّ بِعَبْدِ شَمْسٍ وَنَوْفَلٍ ثُمَّ بِسَائِرِ بُطُوْنِ قُرَیْشٍ الخ"

(شرح نہج البلاغہ حدیدی، ج ۳ ص ۱۶۶، تحت تمن للّٰہ
بلاد فلان فقد قوم الاود و داوی العمد الخ۔ طبع بیروت)

ناظرین نے مندرجات بالا ملاحظہ فرما لیے۔ یاد رہے کہ یہ وظائف و عطایا محرم ۲۰ھ میں باقاعدگی کے ساتھ جاری کیے گئے تھے۔ ان واقعات کے پیشِ نظر یہ بات واضح ہوئی کہ سیّدنا فاروق اعظمؓ کے نزدیک حضور علیہ السّلام اور ان کی اولاد شریف اور رشتہ داروں کی کیا کچھ عظمت تھی؟ ان کے ساتھ کس قدر عقیدت و محبت تھی؟ حضرت فاروق اعظمؓ نے تدوینِ عطایا اور تعیّنِ وظائف کے موقعہ پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کے قبیلہ کو اور حضور کے اہلِ بیت و اولاد کو سب سے مقدم و پیش پیش رکھا ہے اور اپنی ذات کو تمام قبیلہ بنی ہاشم سے حکماً مؤخّر کرتے ہوئے فرمایا کہ تَضَعُوْا عُمَرَؓ حَیْثُ وَضَعَهُ اللّٰهُ، یعنی اس اندراج و شمار میں عمرؓ کو بعد میں رکھیں — نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کے قبیلہ بنی ہاشم کو مقدم رکھیں۔

— ناظرینِ حضرات! جہاں اِس جملہ میں عمر فاروق رضؓ نے اپنی کسرِ نفسی و فروتنی کا اظہار کیا ہے وہاں بنی ہاشم کی قدر دانی اور عزت افزائی کی بہترین مثال قائم کی ہے۔

جو خلیفہ صرف اندراجِ رجسٹر میں تحریراً ان حضرات کی تاخیر گوارا نہیں کر سکتا وہ تقسیمِ اموال میں ان کے حقوق کا ضیاع کیسے کر سکتا ہے؟ یا ان کے منافع و آمدنی کو کیسے بند کر سکتا ہے، یا کسی طریقہ سے تعویق میں کیسے ڈال سکتا ہے؟

انصاف یہ ہے کہ یہ سب کچھ باہمی مودتِ خالص اور حبِ صادق کے آثار و نشاناتِ واضحہ ہیں جو حضرتِ فاروقؓ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھی اور آپ کے خاندان کے ساتھ تھی۔

اسی تقسیمِ اموال کے موقعہ پر حضرت فاروقِ اعظمؓ نے ایک اور جملہ بھی فرمایا تھا جو آبِ زر سے لکھنے کے قابل ہے۔ اس کو ناظرین غور و فکر سے ملاحظہ فرماویں اور فاروقِ اعظمؓ کی عقیدت مندی کی داد دیں۔ فرماتے ہیں کہ

وَاللّٰهِ مَا اَدْرَكْنَا الْفَضْلَ فِي الدُّنْيَا وَلَا مَا نَرْجُوْ مِنَ الْاٰخِرَةِ مِنْ ثَوَابِ اللّٰهِ عَلٰى مَا عَمِلْنَا اِلَّا بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهُوَ شَرَفُنَا وَقَوْمُهُ اَشْرَفُ الْعَرَبِ ثُمَّ الْاَقْرَبُ فَالْاَقْرَبُ الخ۔

یعنی اللہ کی قسم جو کچھ بھی ہمیں فضیلت دنیا میں حاصل ہوئی اور جس قدر بھی ثوابِ اعمال کی ہمیں آخرت میں ملنے کی امید ہے یہ سب کچھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت و ذریعہ سے نصیب ہوا۔ آپ ہمارے لیے سراسر شرافت و عزت ہیں اور آپ کی قوم تمام قبائلِ عرب سے ارفع و اعلیٰ ہے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم)۔

(۱) طبقات ابن سعد، ج ۳ ص ۲۱۲۔ ق اول۔ طبع لیدن۔
تذکرہ وحالات حضرت عمر بن الخطابؓ)

(۲) تاریخ ابن جریر طبری، ج ۵ ص ۲۳ تذکرۂ عمرؓ۔ تدوین الدواوین۔

(۳) فتوح البلدان بلاذری، ص ۴۵۵۔ باب ذکر العطاء فی خلافۃ عمرؓ بن الخطاب۔

(۲)

دوسری یہ چیز یہاں پیش کی جاتی ہے کہ شرعی اصول کے پیشِ نظر سردارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ داروں کا جو حصہ غنائم سے ادا کیا جاتا ہے اس کا نام سہمِ ذوی القربیٰ ہے اور اس کو خمس الخمس سے بھی تعبیر کرتے ہیں۔ اموالِ غنائم سے خمس کو خلیفۂ اول (صدیق اکبرؓ) بھی ادا کرتے تھے اور خلیفۂ ثانی فاروق اعظمؓ بھی یہ حصہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اقربا میں اور بنی ہاشم میں تقسیم کرتے تھے اور اس تقسیم خمس کے متولی خود حضرت علی المرتضیٰ ہوتے تھے اس مقصد کے اثبات کی خاطر مندرجۂ ذیل روایات کافی وافی ہیں۔ یہ حضرت علیؓ کے اپنے فرمودات ہیں جو محدثین نے اپنے اپنے اسانید کے ساتھ روایت کیے ہیں کسی دوسرے شخص کا قول نہیں

(۱)

کتاب الخراج میں امام ابو یوسفؒ نے اپنی سند کے ساتھ ذکر کیا ہے۔

...... قَالَ سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُوْلُ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَسَلَّمَ) اِنْ رَاَيْتَ اَنْ تُوَلِّيَنِيْ حَقَّنَا مِنَ الْخُمُسِ فَاَقْسِمُهُ فِيْ حَيَاتِكَ كَيْ لَا يُنَازِعَنَاهُ اَحَدٌ بَعْدَكَ فَافْعَلْ قَالَ فَفَعَلَ قَالَ فَوَلَّانِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَسَمْتُهُ فِيْ حَيَاتِهِ ثُمَّ وَلَّانِيْهِ اَبُوْ بَكْرٍ فَقَسَمْتُهُ فِيْ حَيَاتِهِ ثُمَّ وَلَّانِيْهِ عُمَرُ فَقَسَمْتُهُ فِيْ حَيَاتِهِ حَتّٰى اِذَا كَانَ اٰخِرُ سَنَةٍ مِنْ سِنِيْ عُمَرَ فَاَتَاهُ مَالٌ كَثِيْرٌ فَعَزَلَ حَقَّنَا ثُمَّ اَرْسَلَ اِلَيَّ فَقَالَ خُذْهُ فَاقْسِمْهُ فَقُلْتُ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ بِنَا عَنْهُ الْعَامَ غِنًى وَبِالْمُسْلِمِيْنَ حَاجَةٌ فَرَدَّهُ عَلَيْهِمْ الخ

(۱) کتاب الخراج لابی یوسفؒ، ص ۲۰، باب فی قسمۃ الغنائم۔ طبع مصری۔

(۲) — اور ابوداؤد سجستانی اپنے سُنن میں کتاب الخراج بیان مواضع قسم الخُمس میں حضرت علیؓ سے اس مضمون کی مفصّل روایت لاتے ہیں۔ عبارت یہ ہے، حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ:۔

"۔ ۔ ۔ ۔ اِجْتَمَعْتُ اَنَا وَالْعَبَّاسُ وَفَاطِمَۃُ وَزَیْدُ بْنُ حَارِثَۃَ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنْ رَأَیْتَ اَنْ تُوَلِّیَنِیْ حَقَّنَا مِنْ ہٰذَا الْخُمُسِ فِیْ کِتَابِ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ فَاَقْسِمُہٗ حَیَاتَکَ کَیْ لَا یُنَازِعَنِیْ اَحَدٌ بَعْدَکَ فَافْعَلْ قَالَ فَفَعَلَ ذَالِکَ قَالَ فَقَسَمْتُہٗ حَیَاۃَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثُمَّ وَلَّانِیْہِ اَبُوْبَکْرٍ حَتّٰی اِذَا کَانَتْ آخِرُ سَنَۃٍ مِنْ سِنِیْ عُمَرَ فَاِنَّہٗ اَتَاہُ مَالٌ کَثِیْرٌ فَعَزَلَ حَقَّنَا ثُمَّ اَرْسَلَ اِلَیَّ فَقُلْتُ بِنَا عَنْہُ الْعَامَ غِنًی وَبِالْمُسْلِمِیْنَ اِلَیْہِ حَاجَۃٌ فَارْدُدْہُ عَلَیْہِمْ فَرَدَّہٗ عَلَیْہِمْ الخ"

(۲) سنن ابی داؤد، ج ۲ ص ۶۱ طبع مجتبائی دہلی۔ باب بیان مواضع قسم الخمس (کتاب الخراج)

(۳) ۔ امام بخاریؒ نے تاریخ کبیر میں بہ الفاظِ ذیل یہ روایت درج کی ہے:

"عَنِ ابْنِ اَبِیْ لَیْلٰی قَالَ سَمِعْتُ عَلِیًّا قَالَ سَاَلْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ یُّوَلِّیَنِیَ الْخُمُسَ، فَاَعْطَانِیْ ثُمَّ اَبُوْبَکْرٍ فَاَعْطَانِیْ ثُمَّ عُمَرُ۔"

(تاریخ کبیر، ق ۱، ج ۱، ص ۳۸۱)۔

(۴) حضرت علیؓ کی یہ روایت امام احمد نے بھی اپنی سند کے ساتھ مُسند احمد، ج ۱، ص ۸۴ مُسندات علیؓ میں ذکر کی ہے۔

(۵) اِسی طرح فاضل بیہقیؒ نے یہ روایت السنن الکُبریٰ، جلد ۶ ص ۳۴۳۔ باب سہم ذوی القربیٰ من الخمس میں اپنی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

(۶) — اور مُسند ابی یعلیٰ میں محدث ابی یعلیٰ نے حضرت علیؓ کا یہ فرمان باسند نقل کیا ہے

ملاحظہ ہو: مُسند ابی یعلیٰ، ص ۳۴ قلمی تحت مُسندات علی (پیر جھنڈا شریف سندھ)

(۷) ۔ اور یہی حضرت علیؓ کی روایت فاضل متقی ہندی نے مصنّف ابن ابی شیبہ کے حوالہ سے کنز العُمّال، ج ۲، ص ۳۰۵، روایت ۶۳۸۰ میں درج کی ہے۔

——— حوالہ جات مندرجہ کو محدثین نے اپنے اپنے الفاظ میں نقل فرمایا ہے اور تمام باسند روایات ہیں۔ تطویل سے اجتناب کرتے ہوئے تمام کی عبارت درج نہیں کی۔ اب مذکورہ روایات کا خلاصہ عوام دوستوں کے لیے پیش کیا جاتا ہے، ملاحظہ فرما دیں:۔

——— ۔ ۔ ۔ ۔ یعنی حضرت علی المرتضیٰ شیرِ خدا رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ "میں نے عباسؓ بن عبد المطلب اور فاطمۃ الزہراؓ اور زید بن حارثہؓ کی موجودگی میں سردارِ دو عالم نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ ہمارا جو حصّہ اس خمس میں ہے اس کی تقسیم کا فریضہ جناب کی حیاتِ طیّبہ میں اگر میرے سپرد فرما دیا جائے تو مناسب ہوگا تاکہ جناب کے بعد کوئی صاحب ہمارے ساتھ اس معاملہ میں تنازع نہ کر سکے (حضرت علیؓ کی اس گذارش پر) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اس کام کا متولّی بنا دیا (علیؓ فرماتے ہیں) کہ نبوی دور میں میں اس خُمس کو (بنی ہاشم میں) تقسیم کرتا رہا۔ پھر ابوبکرؓ نے مجھے تقسیمِ خمس کے کام کا متولّی بنا دیا تو صدیقی دور میں بھی (بنی ہاشم میں) تقسیم کرتا رہا۔ پھر مجھے عمرؓ بن الخطّاب نے خمس کی تقسیم کا والی بنایا تو عہدِ فاروقی میں بھی میں ان میں تقسیم کرتا رہا۔ جب عہدِ فاروقی کے آخری سال ہوئے تو عمرؓ بن الخطّاب کے پاس بہت سا مالِ غنیمت پہنچا تو اس نے خمس سے ہم لوگوں کا حصّہ الگ کیا۔ میری طرف آدمی ارسال کر کے فرمان دیا کہ آپ اس مال کو اپنی تحویل میں لے کر (حسبِ دستورِ سابق) تقسیم کر دیں۔ میں نے جواب

میں کہا کہ اے امیر المؤمنین! ہم لوگوں (یعنی بنی ہاشم) کی معاشی حالت اب بہتر ہے، دیگر مسلمان زیادہ محتاج اور ضرورتمند ہیں تب عمر بن الخطاب نے وہ مال (محتاجوں کے لیے) بیت المال میں داخل کر دیا۔"

مندرجہ روایات کے فوائد

(۱) - حضرت علی المرتضیٰؓ کے ان فرمودات سے ثابت ہوا کہ صدیقی اور فاروقی دونوں ادوار میں بنی ہاشم کا مالی حق یعنی خمس وغیرہ ان کو باقاعدہ ملتا تھا اور حضور علیہ السلام کے تمام رشتہ داروں کے مالی حقوق حضرت علیؓ کے ہاتھوں پورے کیے جاتے تھے تاکہ حقداروں کو اپنا اپنا حق صحیح طریقہ سے پہنچ سکے۔ اور اس میں کوتاہی اور قصور رہ جانے کا شائبہ نہ رہے۔ دوسرے لفظوں میں ان حضرات کا حق نہ کسی نے غصب کیا نہ کسی نے سلب کیا، نہ کسی نے ضائع کیا بلکہ حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمرؓ ان سب کے حقوق ادا کرتے رہے۔

(۲) - دوسرا امر یہ معلوم ہوا کہ خمس تقسیم کرنے میں خمس حاصل کرنے والوں کے فقر و احتیاج کا خاص لحاظ رکھا جاتا تھا جیسا کہ حضرت علیؓ کے قول سے یہ چیز ثابت ہو رہی ہے اور فقہاء کرام نے اس مسئلہ میں حضرت علیؓ کے اس فرمان کو ہی مستدل قرار دیا ہے۔

(۳) - تیسرا یہ امر واضح ہوا کہ جس طرح حضرت عمرؓ نے ہاشمی حضرات کی قدردانی کرتے ہوئے ان کے مالی حقوق کی ادائیگی کی ہے اسی طرح اس واقعہ سے حضرت علیؓ کا جذبۂ خیر خواہی اور شانِ مواساۃ بھی نمایاں طریقہ سے ثابت ہوتی ہے کہ دیگر محتاج مسلمانوں کے فقر و فاقہ کے پیشِ نظر اپنے لیے منافع و محاصل کو ترک کر دیا۔ گویا بعض اوقات آسودہ حالی کی صورت میں اگر غنائم وغیرہ سے اپنے حصص حاصل نہیں کیے تو یہ ان کے تقویٰ اور زہد پر محمول ہے اور اگر یہ حقوق انہوں نے اکثر اوقات

وصول کیے ہیں جیسا کہ فریقین کی کتابیں شہادت دے رہی ہیں تو یہ ان کی ضرورت پر محمول ہے۔

(۴) چوتھا امر یہ ثابت ہوا کہ حضرت عمر فاروقؓ اور حضرت علیؓ کے درمیان کسی قسم کی منافست و خصومت ہرگز نہ تھی، نہ بغض و عداوت تھی نہ نفرت و بغاوت تھی، بلکہ یہ بزرگ ایک دوسرے کے حقوق کی رعایت کرنے والے تھے۔ ہر مرحلہ و ہر مقام پر باہمی الفت و محبت رکھنے والے تھے اور باہم متفق العمل اور متحد الامر تھے۔

اسی بنا پر اکابر علماء نے امام محمد باقر سے نقل کیا ہے کہ حضرت علی المرتضیٰؓ نے مسئلہ خمس کے متعلق اپنے دورِ خلافت میں وہی روش اختیار کی اور وہی طریقہ پسند فرمایا جو حضرت صدیق اکبرؓ اور فاروق اعظمؓ نے اختیار کیا ہوا تھا۔

(۱) عن ابی جعفر قال سلک علی بالخمس طریقہما"

(المصنف عبد الرزاق، جلد ۵ ص ۲۳۷، باب ذکر الخمس وسہم ذی القربیٰ)

(۲) .... قَالَ سَلَکَ بِهٖ وَاللّٰهِ سَبِیْلَ اَبِیْ بَکْرٍ وَعُمَرَ"

(طحاوی شریف، ج ۲ ص ۱۳۵، باب سہم ذوی القربیٰ)

مضمون ہذا کی شیعہ کتب سے تائید

شیعہ مجتہدین نے ایسی روایات ذکر کی ہیں جن سے اصل مسئلہ کی تصدیق ہوتی ہے یعنی حضرت ابوبکر الصدیق اور حضرت عمر فاروقؓ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے قریبی رشتہ داروں کے مالی حقوق ادا کرتے تھے۔

(۱) ملا باقر مجلسی نے "حق الیقین" باب مطاعن ابی بکر میں حلبی شیعی کے ذریعہ علامہ جوہری (ابوبکرؓ شیعی) کی روایت نقل کی ہے جو اس کی کتاب "السقیفہ" میں باسند مذکور ہے۔

اس میں مذکور ہے کہ حضرت سیّدہ فاطمہؓ اور حضرت علیؓ و دیگر ذوی القربیٰ نے ابوبکرؓ سے خمس کا مطالبہ کیا تو ابوبکرؓ نے جواب میں کہا کہ :-

"..... من ازیں آیت (آیت خمس) نمی فہمم کہ ہمہ را بشما بدہم ولیکن آں قدر کہ شمارا بس باشد میدہم وعمرؓ نیز دریں باب تصدیق او کرد۔"

(حق الیقین از ملا باقر مجلسی۔ باب دربیان مطاعن ابی بکر بحث مجعول بودن حدیث معاشر الانبیاء الخ صفحہ ۱۲۹ طبع قدیم۔ لکھنؤ۔ وصفحہ ۲۱۰ طبع طہران، بحث مذکورہ۔

مطلب یہ ہے کہ ابوبکرؓ نے کہا کہ مجھے اس آیت (خمس) سے یہ مفہوم نہیں ہوتا کہ تمام خمس آپ صاحبان کو دے دیا جائے لیکن جتنا قدر کہ آپ کی ضروریات کو کفایت کرے وہ دیا جائے گا اور عمرؓ بن الخطاب نے اس معاملہ میں ان کی تصدیق وتائید کی۔"

یعنی حضرت عمرؓ کی اس مسئلہ میں تصدیق کرنے سے معلوم ہوا کہ یہ ادائیگی خمس کے مؤید تھے مانع نہیں تھے۔ (ہٰذا ہو المطلوب)

(۲) ۔ دوسرا ابن ابی الحدید نے شرح نہج البلاغہ میں ابوبکر الجوہری الشیعی سے مکمل سند کے ساتھ ایک طویل روایت ذکر کی ہے اس میں حضرت فاطمۃ الزہراؓ کی طرف سے ابوبکر الصدیق سے فدک کی آمدنی کا مطالبہ کرنا مذکور ہے وہاں ابوبکر الصدیق نے اقرار کیا ہے کہ جس طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم آپ حضرات کے اخراجات آمد فدک سے پورا کرتے تھے اور زائد آمدنی کو بقایا ضروریات میں فی سبیل اللہ صرف فرمایا کرتے تھے میں بھی یقیناً اس طریقہ کے موافق عمل درآمد کروں گا۔ حضرت فاطمہؓ نے ابوبکر الصدیق کو قسم دے کر کہا کہ آپ ضرور اسی طرح عمل کریں گے؟ حضرت ابوبکرؓ نے کہا

کہ میں ضرور اسی طریقہ کے مطابق عمل جاری رکھوں گا اس وقت فاطمۃ الزہراؓ نے کہا کہ اے اللہ تو اس بات کا گواہ رہ۔ اس کے بعد مذکور ہے کہ :-

"وَكَانَ اَبُوْبَكْرٍ يَاْخُذُ غَلَّتَهَا وَيَدْفَعُ اِلَيْهِمْ مِنْهَا مَا يَكْفِيْهِمْ وَيُقَسِّمُ الْبَاقِيْ وَكَانَ عُمَرُ كَذَالِكَ ثُمَّ كَانَ عُثْمَانُ كَذَالِكَ ثُمَّ كَانَ عَلِيٌّ كَذَالِكَ وَفِيْ رِوَايَةٍ ثُمَّ فَعَلَتِ الْخُلَفَاءُ بَعْدَهٗ كَذَالِكَ۔"

(۱) ۔ شرح نہج البلاغہ لابن ابی الحدید شیعی معتزلی، ج ۴ ص ۲۹۶ طبع ایرانی قدیم وطبع بیروتی، ج ۴ ص ۱۱۱۔ باب ما فعل ابوبکر بفدک وما قالہ فی شانہا۔

(۲) ۔ شرح نہج البلاغہ (مصباح السالکین) لابن میثم بحرانی، ج ۵، ص ۵۴۳۔ طبع قدیم ایرانی وطبع جدید طہرانی، ج ۵، ص ۱۰۷۔ تحت مقصد ثامن تحت شرح من کتابہ علیہ السلام الی عثمان بن حنیف۔

(۳) ۔ دُرّہ نجفیہ شرح نہج البلاغہ لابراہیم بن حاجی حسین ص ۳۳۲ طبع قدیم ایرانی، تحت قولہ بلی کانت فی ایدینا فدک من کل ما اظلتہ السماء الخ

خلاصہ کلام یہ ہے کہ فدک کی آمدنی کا غلہ لے کر ابوبکر الصدیق ذوی القربیٰ حضرات کی ضرورت کے موافق ان کو دیتے تھے اور بقایا آمدنی (دیگر لوگوں میں) تقسیم کر دیتے تھے اور عمرؓ بن الخطاب بھی اسی طرح عمل درآمد کرتے تھے اور حضرت عثمانؓ بھی اسی طرح عمل کرتے تھے اور حضرت علی بھی اسی طرح عمل کرتے تھے۔"

نتائج وثمرات

(۱) ۔ شیعی مرویات ہٰذا سے ثابت ہوا کہ ذوی القربیٰ کے مالی حقوق (خمس وآمد فدک وغیرہ)

تو سیدنا ابوبکر الصدیق و سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ دونوں حضرات ادا کرتے تھے۔ شیخین رضی اللہ عنہما نے ان کے حقوق کو غصب نہیں کیا، ضائع اور تلف بھی نہیں کیا۔ بلکہ ٹھیک طریقہ سے اسلامی دستور کے موافق ادا کیا۔ اور اسی طرح حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بھی ذوی القربیٰ کے مالی حقوق سابق خلفاء کی طرح ادا کرتے تھے۔

(۲) — نیز واضح ہوا کہ رشتہ دارانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مالی حقوق کو خلفاء ثلاثہ حضرات نبوی طریقہ کے مطابق ادا کیا کرتے تھے۔ نبوی طریقہ کے خلاف معاملہ نہیں کیا گیا۔

(۳) — اور یہاں سے عیاں ہوتا ہے کہ حضرت فاطمۃ الزہراء، ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ سے اس معاملہ میں راضی و خوش ہو گئی تھیں اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی رضامندی کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ و دیگر حضرات کا رضامند ہو جانا تو خود بخود ثابت ہو جاتا ہے۔

تکمیلِ فوائد

ناظرین کی خدمت میں عرض ہے کہ ادائیگی خمس کی روایات ہم نے مختصراً پیش کی ہیں۔ اس سلسلہ میں مزید چند ایک روایات ہماری کتابوں میں دستیاب ہیں جس میں سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا بنی ہاشم اور اہلِ بیتِ نبوت کے حق میں ناصحانہ اور خیر خواہانہ جذبہ نمایاں طور پر موجود ہے۔ ہماری خواہش ہے کہ ناظرین تمکین بھی اس مضمون سے مسرّت اندوز ہوں۔

(۱)

"عن حماد بن زید عن النعمان بن راشد عن الزھری اَنَّ عُمَرَ رضی اللہ عنہ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ اِنْ جَآءَنِیْ خُمُسُ الْعِرَاقِ لَا اَدَعُ هَاشِمِیًّا اِلَّا زَوَّجْتُهٗ وَلَا مَنْ لَا جَارِيَةَ لَهٗ اِلَّا اَخْدَمْتُهٗ قَالَ وَكَانَ يُعْطِی الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ۔

(۱) — کتاب الاموال لابی عبید القاسم بن سلام۔ باب سہم ذوی القربیٰ من الخمس، ص ۳۳۵ طبع مصری۔

(۲) — الریاض النضرہ لمحب الطبری بحوالہ ابن البختری الرزاز ص ۲۸، جلد ثانی۔ باب ذکر صلتہ اقارب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

(۳) — کنز العمال طبع قدیم ص ۳۰۵، جلد ثانی۔ روایت ۶۳۷۸۔

یعنی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جب ہمارے پاس عراق مفتوح ہونے پر خمس آئیگا تو ہم ہر (غیر شادی شدہ) ہاشمی کی تزویج کر دیں گے اور جس ہاشمی کے پاس بھی خادمہ نہ ہو گی اس کو خدمت کے لیے خادمہ دینگے اور حضرت فاروق رضی اللہ عنہ حسن رضی اللہ عنہ و حسین رضی اللہ عنہ کو (خمس وغیر خمس سے) عطیات دیا کرتے تھے۔"

(۲)

— حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ نے مندرجہ ذیل واقعہ البدایہ جلد ہفتم میں ذکر کیا ہے:۔

"۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اِنَّ عُمَرَ رضی اللہ عنہ لَمَّا نَظَرَ اِلٰی ذَالِكَ قَالَ اِنَّ قَوْمًا اَدُّوْا هٰذَا لَاُمَنَاءُ فَقَالَ لَهٗ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ اِنَّكَ عَفَفْتَ عَفَتْ رَعِیَّتُكَ وَلَوْ رَتَعْتَ لَرَتَعَتْ ثُمَّ قَسَمَ عُمَرُ رضی اللہ عنہ ذَالِكَ فِی الْمُسْلِمِيْنَ فَاَصَابَ عَلِيًّا رضی اللہ عنہ قِطْعَةٌ مِنَ الْبِسَاطِ فَبَاعَهَا بِعِشْرِيْنَ اَلْفًا"۔

(۱) سیرۃ عمر بن الخطاب لابن الجوزی، ص ۹۶۔

(۲) البدایہ لابن کثیر، جلد ۷، ص ۶۷۔

مطلب یہ ہے کہ سنہ ۱۶ھ میں جب مدائن (جو کسریٰ کا مقامِ تخت تھا) فتح ہوا تو وہاں سے کافی اشیاء از قسم لباس و زیورات اور زیب و زینت کا متعلقہ سامان کثیر تعداد میں سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ارسال کیا اور غانمین کو حصص دے کر مزید چیزیں یہاں مدینہ طیبہ میں پہنچائیں۔ اس وقت حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ان چیزوں کی طرف نظر کر کے فرمایا کہ قوم نے امانتدار لوگوں کی طرف اس مال کو پہنچایا ہے تو حضرت

علی المرتضیٰؓ نے کہا کہ آپ قوم کے ساتھ عفت اور احتیاط کا معاملہ کرتے ہیں اس بنا پر رعیت نے بھی احتیاط کا برتاؤ کیا ہے۔ اگر آپ تنعم میں پڑ جاتے اور غفلت کرنے لگتے تو آپ کی رعیت بھی ایسا کرتی۔ پھر حضرت عمر فاروقؓ نے ان چیزوں کو مسلمانوں میں تقسیم کر دیا۔ حضرت علیؓ کو اس مال سے ایک بیش قیمت (فرش پوش) بچھونے کا ایک ٹکڑا حصے میں ملا جس کو حضرت علیؓ نے بیس ہزار درہم میں فروخت کیا۔"

اور "مصنف" عبدالرزاق، جلد یازدہم باب الدیوان میں خزائن کسریٰ کے متعلق ایک تفصیل پائی گئی ہے۔ اس موقعہ پر لکھا ہے کہ حضرت عمر فاروقؓ نے فرمایا کہ ان خزائن و اموال کو پیمانوں سے ماپ کر تقسیم کیا جائے؟ یا دونوں ہاتھ کی ہتھیلیوں سے اندازۃً دیا جائے؟

تو حضرت علی المرتضیٰؓ نے مشورہ دیا کہ ہاتھوں کی ہتھیلی سے دینا کافی ہے پھر مذکور ہے کہ حضرت عمرؓ نے سب سے پہلے سیدنا حسن بن علی المرتضیٰؓ کو بلا کر ہتھیلیوں سے ماپ کر دیا، پھر سیدنا حسین بن علیؓ کو بلا کر اسی طرح دیا۔ پھر اور لوگوں کو بلا بلا کر دینا شروع کیا اور لوگوں کے ناموں کے اندراج کے لیے رجسٹر قائم کیا اور ہر مہاجر کے لیے سالانہ پانچ پانچ ہزار درہم مقرر کیا اور ہر انصاری کے لیے چار چار ہزار درہم متعین کیا۔ اور ازواج مطہرات کے لیے (ہر ایک کے لیے) بارہ ہزار درہم سالانہ وظیفہ مقرر کیا الخ۔ یہ مضمون بعبارت ذیل درج ہے۔ اہل علم کے اطمینان کے لیے اصل عبارت نقل کی جاتی ہے:-

"..... ثُمَّ قَالَ اَنَكِيلُ لَهُمْ بِالصَّاعِ اَمْ نَحْثُو؟ فَقَالَ عَلِیٌّ بَلْ اِحْثُوا لَهُمْ۔ ثُمَّ دَعَا حَسَنَ بْنَ عَلِیٍّ اَوَّلَ النَّاسِ فَحَثَا لَهُ ثُمَّ دَعَا حُسَيْنًا ثُمَّ اَعْطَى النَّاسَ وَدَوَّنَ الدِّيْوَانَ وَفَرَضَ لِلْمُهَاجِرِيْنَ لِكُلِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ خَمْسَةَ آلَافِ دِرْهَمٍ فِیْ كُلِّ سَنَةٍ وَلِلْاَنْصَارِ لِكُلِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ اَرْبَعَةَ آلَافِ دِرْهَمٍ وَفَرَضَ لِاَزْوَاجِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لِكُلِّ اِمْرَاَةٍ مِنْهُنَّ اِثْنَیْ عَشَرَ اَلْفَ دِرْهَمٍ۔ الخ

(المصنف لعبدالرزاق، جلد یازدہم، ص ۱۰۰۔ باب الدیوان)

(۴۳)

فاروق اعظمؓ کی طرف سے بعض دفعہ حضرت علیؓ کو بعض اہم عطیات بھی دیئے جاتے تھے یہاں اس کے متعلق ایک واقعہ درج کیا جاتا ہے۔

(۱)۔ کتاب الخراج میں یحییٰ بن آدمؒ نے اپنی سند کے ساتھ ذکر کیا ہے کہ:

"..... سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْحَسَنِؓ يَقُوْلُ اِنَّ عَلِيًّاؓ سَاَلَ عُمَرَؓ بْنَ الْخَطَّابِ فَاَقْطَعَهٗ يَنْبُعَ"

(کتاب الخراج لیحییٰ بن آدم المتوفی ۲۰۳ھ طبع مصری، ص ۷۸، سن طباعت ۱۳۴۷ھ)

(۲)۔ اور فتوح البلدان بلاذری میں امام جعفر صادقؒ سے مکمل سند سے نقل کیا ہے:-

"..... عن جعفر بن محمد عن ابیہ اِنَّهٗ قَالَ اَقْطَعَ عُمَرُؓ بْنُ الْخَطَّابِ عَلِيًّا يَنْبُعَ فَاَضَافَ اِلَيْهَا غَيْرَهَا"

(فتوح البلدان لاحمد بن یحییٰ بن جابر البغدادی الشہیر بلاذری، المتوفی ۲۷۹ھ۔ ص ۲۰۔ طبع اولیٰ مصری)

(۳)۔ برہان الدین الطرابلسی الحنفی نے الاسعاف فی احکام الاوقاف میں تحریر کیا ہے کہ:-

"..... عن عبدالعزیز بن محمد عن ابیہ عن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ اِنَّ عُمَرَؓ بْنَ الْخَطَّابِ قَطَعَ لِعَلِیٍّؓ يَنْبُعَ ثُمَّ اشْتَرٰى عَلِیٌّ اِلٰى قَطِيْعَتِهٖ الَّتِیْ قَطَعَ لَهٗ عُمَرُؓ اَشْيَاءَ فَحَفَرَ فِيْهَا عَيْنًا فَبَيْنَا هُمْ يَعْمَلُوْنَ اِذْ تَفَجَّرَ عَلَيْهِمْ مِثْلُ عُنُقِ الْجَزُوْرِ مِنَ الْمَاءِ فَاَتٰى عَلِيًّاؓ فَبَشَّرَهٗ بِذٰلِكَ .... وَبَلَغَ جِدَادُهَا فِیْ زَمَنِ عَلِیٍّؓ اَلْفَ

وَسَقٍ "   (کتاب الاِسْعاف فی احکام الاوقاف ص ۷، ۸ -
لبرہان الدین ابراہیم بن موسٰی الطرابلسی الحنفی -
سنِ تالیف کتاب ہٰذا ۹۰۵ھ)

مندرجہ حوالہ جات کا خلاصہ یہ ہے کہ عمرؓ بن الخطاب نے حضرت علیؓ کے نام زمین کا ایک قطعہ ینبع کے مقام میں متعیّن و مقرر فرمایا۔ پھر حضرت علیؓ نے وہاں عطا شدہ رقبہ کے پاس کچھ اور (رقبہ) خرید کر کے اضافہ کر لیا۔ وہاں اپنے رقبہ میں کھدائی کرائی تو وہاں ایک پانی کا زوردار چشمہ پھوٹ نکلا .... (روایت کرنے والا ذکر کرتا ہے) کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ہی اس آباد رقبہ کی آمدنی ایک ہزار وسق تک[1] پہنچ گئی تھی "

—— ناظرین کرام! ان واقعات نے واضح کر دیا ہے کہ حضرت علیؓ اور حضرت عمرؓ کے باہمی تعلقات نہایت بہتر تھے اور ایک دوسرے سے عطیّات قبول کیا کرتے تھے۔ یہ چیزیں ان کے دوستانہ روابط کے واضح نشانات ہیں جو کسی تشریح و توضیح کے محتاج نہیں۔ ہر منصف مزاج باشعور آدمی ان سے نتائج اخذ کر سکتا ہے۔

---

[1] قولہ ایک ہزار وسق - اس دور میں وسق ایک پیمانہ تھا۔ ایک وسق ساٹھ۶۰ صاع کا ہوتا تھا اور ایک صاع قریبًا ساڑھے تین۳ سیر کا ہوتا ہے (۳½) اس حساب سے ایک ہزار وسق کی آمدنی قریبًا چھ سو چھپن خلوار دو من کی ہوتی ہے۔ (منہ)

باب سوم

بفضلہ تعالیٰ اب باب سوم شروع کیا جاتا ہے۔ اس میں چار فصل تجویز کیے گئے ہیں۔

فصل اوّل میں سیّدہ فاطمہؓ کے متعلق چند چیزیں ذکر ہونگی۔ اور حضرت عمر فاروق کی شادی میں حضرت علیؓ کا شامل ہونا ذکر کیا جائے گا۔

فصل دوم میں اُمّ کلثوم دختر علی المرتضیٰؓ کے فاروقی نکاح کے متعلقات و دیگر امور درج ہونگے۔

فصل سوم میں سیّدنا حسنؓ و سیّدنا حسینؓ اور فاروقِ اعظمؓ کے باہمی روابط تحریر کیے جائیں گے۔

فصل چہارم میں حضرت عُمر فاروقؓ کے آخری ایّام میں وصایا وغیرہ اور بعد از وفات کی متعلقہ چند اشیاء بیان کی جائیں گی جن سے حضرت علی المرتضیٰؓ اور حضرت عمر فاروقؓ کے تادمِ زیست تعلقات واضح ہونگے۔

فصل اوّل

حضرت سیّدنا فاروق اعظمؓ کو آقائے مقدّس نبی معظّم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے ساتھ ایسی عقیدت مندی تھی کہ وہ آپؐ کو اپنی جان و مال سے زیادہ مؤقر و مکرّم سمجھتے تھے اسی طرح وہ اپنے آقا کی اولاد شریف کے ساتھ ہمیشہ پورے احترام و تکریم، اعزاز و اکرام کا تعلق قائم رکھتے تھے۔ فاروقی زندگی کے حالات اس پر شاہد و گواہ ہیں۔

(۱)

چنانچہ جس وقت حضرت فاطمۃ الزہرا کی خواستگاری اور خطبہ کا مسئلہ پیش آیا تو اس سعادتمندی کے حصول کے لیے حضرت علیؓ کو آمادہ کرنے میں حضرت عمرؓ فاروق اور حضرت ابوبکر الصدیقؓ دونوں نے مکمل کوشش کی۔

اس چیز کے متعلق چند ایک حوالہ جات قبل ازیں "حصہ صدیقی" کے باب اوّل میں مکمل عبارت کے ساتھ پیش کیے گئے ہیں۔ یہاں ضرورت کے لیے دوبارہ ان کو اجمالاً تحریر کیا جاتا ہے۔

(۱) امالی شیخ طوسی میں شیخ الطائفہ ابوجعفر طوسی شیعی نے حضرت علیؓ کا فرمان نقل کیا ہے:-

"یَقُوْلُ اَتَانِیْ اَبُوْبَکْرٍ وَعُمَرُ فَقَالَا لَوْ اَتَیْتَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ فَذَکَرْتَ لَہٗ فَاطِمَۃَ قَالَ فَاَتَیْتُہٗ۔ الخ

(امالی شیخ طوسی شیعی، ج اوّل ص ۳۸ طبع نجف اشرف عراق)

اور مُلّا باقر مجلسی نے جلاء العیون میں ذکر کیا ہے کہ:

"...... روزے ابوبکر و عمر و سعد بن معاذ در مسجد حضرت رسولؐ نشستہ بودند و سخن مزاوجت حضرت فاطمہؓ درمیان آوردند ....

پس ابوبکر با عمر و سعد بن معاذ گفت کہ برخیزید بنزد علیؑ برویم و اورا تکلیف نمائیم کہ خواستگاری فاطمہؓ بکند و اگر تنگدستی اورا مانع شدہ باشد ما اورا دریں باب مدد کنیم .... پس ایشاں بہر نحویکہ بود آں حضرت را راضی کردند کہ بخدمت آنحضرت رسولؐ رود و فاطمہؓ را ازاں حضرت خواستگاری نماید۔ حضرت شتر خود را کشود و بخانہ خود آورد و بست و نعلین خود را پوشید و متوجہ خانۂ حضرت رسالت شد"

(۲) جلاء العیون ص ۱۲۱-۱۲۲- باب تزویج فاطمہؓ)

(۳) بحار الانوار باقر مجلسی جلد ۱۰ ص ۳۷-۳۸- باب تزویج فاطمہ بعلیؓ- طبع قدیم ایران-

(۴) اسی طرح حملہ حیدری میں میرزا رفیع باذل شیعی نے جلد اوّل تحت "وقائع سال دوم" ذکر خطبہ نمودن علی المرتضیٰ میں حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمرؓ کا حضرت علیؓ کو خطبہ و خواستگاری فاطمہؓ کے لیے آمادہ کرنا اشعار میں بڑا عمدہ نظم کیا ہے۔ چند شعر یہاں نقل کیے جاتے ہیں:-

بپاسخ چنیں گفت یعسوبِ دیں — کہ دارم دو مانع بر اقدام ایں
نخست آنکہ شرم آیدم از نبی — دوم خامشم کردہ دستِ تہی
بگفتند "یاران" ای شہریار — تو در خاطرِ خویش از ینہا میار
بہ ترغیبِ "یاراں" علیؓ ولی — بروزِ دگر رفت نزدِ نبیؐ

(حملہ حیدری، ج ۱ ص ۶۱- طبع قدیم سن طباعت ۱۲۶۷ھ
مرزا رفیع باذل ایرانی)

حضرات یہ سب حوالہ جات شیعہ کی معتبر کتب سے ہیں۔ ان حوالہ جات کا خلاصہ یہ ہے کہ:

"حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمرؓ و غیرہما میں ایک روز فاطمہؓ کے ساتھ نکاح و شادی کا ذکر آیا تو ان حضرات نے کہا کہ حضرت علی المرتضیٰؓ کے پاس جائیں اور ان کو اس نکاح کے لیے آمادہ کریں اور اگر ان کو فقر و فاقہ، زیر دستی و تنگدستی حارج و مانع ہو تو ان کی جا کر امداد کریں۔ .... ان حضرات نے حضرت علیؓ کو جا کر اس معاملہ کے لیے راضی کیا کہ آپ حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلّم کی خدمت میں جا کر یہ رشتہ طلب کریں۔ حضرت علیؓ نے اپنا اونٹ گھر باندھا اور پاپوش پہن لیے۔ رسولِ خدا کی خدمت میں اس مقصد کے لیے حاضر ہوئے۔ الخ

(۲)

پھر جس وقت شادی فاطمہؓ کے لیے رسُولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلّم نے مجلسِ نکاح منعقد فرمائی تو مجلسِ نکاح میں اس نکاح کے گواہ اور شاہد جو مقرر کیے گئے تھے ان میں حضرت سیّدنا عمرؓ بن الخطّاب بھی گواہ تھے۔ اس مسئلہ کے اثبات کے لیے ہم نے قبل ازیں پہلے "حصّہ صدّیقی"، باب اوّل میں مفصّل عبارتیں نقل کر دی ہیں۔ چند ایک حوالہ جات کا اختصاراً یہاں بھی نقل کیا جاتا ہے۔ اخطب خوارزم شیعی نے مناقبِ خوارزمی میں اور علی بن عیسیٰ اربلی شیعی نے کشف الغُمّہ اور مُلّا باقر مجلسی نے بحار الانوار جلد عاشر میں اور جلاء العیون میں یہ مضمون ذکر کیا ہے۔ یہ سب روایات شیعہ کی ہیں اور حضرت علی المرتضیٰؓ کا اپنا فرمان ہے۔ عبارت ملاحظہ ہو۔ حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ:۔

"۔ ۔ ۔ ۔ ۔ جب میں حضرت رسُول خدا صلعم کے گھر سے مسجد کی طرف جانے لگا تو فَاسْتَقْبَلَنِي اَبُوْ بَكْرٍ وَّ عُمَرُ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ وَرَجَعَا مَعِي اِلَى الْمَسْجِدِ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (راستے میں حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ سے میری ملاقات ہوئی اور وہ لوگ میرے ساتھ مسجد کی طرف چلے آئے) ۔ ۔ (پھر مسجد نبوی میں مجلسِ نکاح منعقد ہوئی۔ حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ تو پہلے موجود تھے) باقی مہاجرین و انصار کو بھی بُلایا گیا۔ حضرت رسُولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلّم نے خطبۂ نکاح پڑھتے ہُوئے فرمایا:

"وَاَمَرَنِي اَنْ اُزَوِّجَهٗ فِي الْاَرْضِ وَاُشْهِدَكُمْ عَلٰى ذَالِكَ"

(یعنی مجھے خداوند تعالیٰ کا حکم ہُوا ہے کہ فاطمہؓ کا علیؓ سے نکاح کر دوں اور میں تم سب کو اس نکاح کا گواہ بناؤں"

(۱) المناقب خوارزمی، ص ۲۵۱-۲۵۲ فصل فی تزویج رسول اللہ صلعم فاطمہؓ طبع مکتبہ حیدریہ نجف اشرف، عراق۔

(۲) کشف الغمّہ، ص ۴۸۳-۴۸۴، جلد اوّل۔ باب تزویجہ بسیّدۃ النساء، طبع جدید مع ترجمہ فارسی۔

(۳) بحار الانوار، جلد ۱۰، ص ۳۸-۳۹۔ باب مذکور

اور مُلّا باقر مجلسی نے روایتِ مذکورہ کو جلاء العیون بحث تزویج فاطمہؓ با علیؓ میں بھی چند چیزوں کے اضافہ کے ساتھ درج کیا ہے اور ابوبکر الصّدّیقؓ و عمرؓ بن الخطاب کے گواہ ہونے کے مسئلہ کو بھی ذکر کیا ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (روایت طویل جاری ہے)۔ حضور علیہ السّلام نے فرشتوں کو اس نکاح کا گواہ بنانے کے بعد اس مجلس کے حاضرین کو (جن میں ابوبکرؓ و عمرؓ موجود ہیں) خطاب کرتے ہُوئے فرمایا کہ "مرا (پروردگار) امر کرد کہ فاطمہؓ را با و تزویج نمایم در زمین شمارا گواہ میگیرم براین"۔ یعنی فاطمہؓ کو علیؓ سے تزویج کر دوں زمین میں اور تم کو اس پر گواہ بناؤں"۔

(۴) جلاء العیون ملا باقر مجلسی مجتہد گیارھویں صدی۔ ص ۱۲۵۔ باب تزویج سیّدہؓ با علی المرتضیٰ طبع تہران

(۳)

اب ہم تیسری چیز پیش کرتے ہیں۔ جس میں سیّدنا عمر فاروقؓ کے نزدیک حضرت فاطمہؓ کا احترام ملحوظ رکھنا اور آقائے نامدار (صلعم) کی صاحبزادی ہونے کی وجہ سے عزّت و توقیر کی نگاہ سے دیکھنا منقول ہے۔ یہ تمام چیزیں حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے ساتھ والہانہ عقیدت کے بیّن ثبوت ہیں۔ یہ روایت حاکم نیشاپوری نے مستدرک میں درج کی ہے:

"۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اِنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ دَخَلَ عَلٰى فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا فَاطِمَةُ وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ اَحَدًا اَحَبَّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مِنْكِ وَاللّٰهِ مَا كَانَ اَحَدٌ مِّنَ النَّاسِ بَعْدَ اَبِيْكِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْكِ"۔

(۱) المستدرک للحاکم جلد ثالث، ص ۱۵۵۔

(۲) کنز العمال، ج ۷، ص ۱۱۱ (ک)، طبع اول قدیم۔

یعنی حضرت عمرؓ بن الخطاب (ایک دفعہ) حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور یہ ذکر کیا کہ آپ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے زیادہ پیاری ہیں اور اللہ کی قسم میرے نزدیک بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ تمام لوگوں سے زیادہ محبوب ہیں۔"

(۴)

چوتھی چیز یہ عرض کی جاتی ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے انتقال کے بعد حضرت فاطمہؓ محزون و مغموم رہا کرتی تھیں۔ تقریباً چھ ماہ کے بعد ۱۱ھ میں ان کی وفات ہوئی۔ حضرت فاطمۃ الزہراؓ کی بیماری کے دوران حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمر رضی اللہ عنہما کا عیادت و بیمار پُرسی کے لیے جانا شیعہ علماء نے لکھا ہے مگر واقعات کو مسخ کر کے عداوت کی داستان مرتب کر دی ہے جیسا کہ ان دوستوں کا دیرینہ شیوہ ہے۔ کتاب سلیم بن قیس میں واقعہ عیادت ذکر کیا ہے اور دشمنی کی رنگ آمیزی کر کے نقشہ پیش کیا ہے۔ گویا دوستی کے واقعات کو دشمنی کی حسین شکل دے دی ہے۔

——— بعد ازیں اس مقام میں حضرت فاطمہؓ کے جنازہ میں حضرت عمر فاروقؓ کا شامل ہونا ہم درج کرنا چاہتے ہیں۔ یہ مسئلہ امام زین العابدینؒ اور امام محمد باقرؒ سے مختلف کتابوں میں مروی ہے۔ سرِ دست مندرجہ ذیل حوالہ جات اس مسئلہ کے لیے پیش خدمت ہیں اور حصّہ اوّل صدیقی میں یہ مسئلہ گزر چکا ہے۔ وہاں صدیق اکبرؓ کا جنازہ ہذا میں شامل ہونا لکھا گیا تھا، یہاں حضرت عمرؓ کا شامل ہونا ثابت کیا جا رہا ہے۔

زین العابدین علی بن الحسینؓ کی روایت

محب الطبری نے ابن السمان کے حوالہ سے ذکر کیا ہے کہ:۔

"۔۔۔۔ عن مَالِكٍ عن جعفر بن محمد عن اَبِيهِ عن جَدِّهٖ عَلِيّ بْنِ الْحُسَيْنِ قَالَ مَاتَتْ فَاطِمَةُ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ فَحَضَرَهَا اَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَالزُّبَيْرُ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ فَلَمَّا وُضِعَتْ لِيُصَلّٰى عَلَيْهَا قَالَ عَلِيٌّ تَقَدَّمْ يَا اَبَا بَكْرٍ قَالَ وَاَنْتَ شَاهِدٌ يَا اَبَا الْحَسَنِ؟ قَالَ نَعَمْ! تَقَدَّمْ فَوَاللّٰهِ لَا يُصَلِّيْ عَلَيْهَا غَيْرُكَ فَصَلّٰى عَلَيْهَا اَبُوْبَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ وَدُفِنَتْ لَيْلًا" خَرَّجَهُ الْبَصْرِيُّ وَخَرَّجَهُ السَّمَّانُ فِي الْمُوَافَقَةِ۔

(ریاض النضرۃ فی مناقب العشرۃ، ج ۱ ص ۱۵۶، باب وفاۃ فاطمہؓ)

"امام محمد باقرؒ کی روایت"

"۔۔۔۔۔ عن جعفر بن محمّدٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ مَاتَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَآءَ اَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ لِيُصَلُّوْا فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ لِعَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ تَقَدَّمْ فَقَالَ مَا كُنْتُ لِاَتَقَدَّمَ وَاَنْتَ خَلِيْفَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَقَدَّمَ اَبُوْبَكْرٍ وَصَلّٰى عَلَيْهَا"

(کنز العمال علی متقی ہندی، طبع اوّل، ج ۶، ص ۳۱۸
باب فضائل الصحابہ فصل فی تفضیلھم فضل الصدیق
بحوالہ خطی فی رواۃ مالک)

ہر دو روایات کا حاصل یہ ہے کہ

"جعفر صادق اپنے والد محمد باقرؒ سے اور وہ اپنے والد زین العابدین سے نقل کرتے ہیں کہ مغرب و عشا کے درمیان فاطمۃ الزہراؓ کی وفات ہوئی۔

(ان کی وفات پر) ابوبکر الصدیقؓ، عمر فاروقؓ، عثمان غنیؓ، زبیرؓ، عبدالرحمٰن بن عوفؓ یہ سب حضرات تشریف لاتے۔ جب نماز کے لیے جنازہ سامنے رکھا گیا تو علی المرتضیٰؓ نے ابوبکر الصدیقؓ کو کہا کہ آپ نماز پڑھانے کے لیے آگے تشریف لائیں۔ حضرت ابوبکرؓ نے جواب دیا کہ اے ابوالحسن! آپ کی موجودگی ہیں؟ انہوں نے کہا کہ ہاں! آپ پیش قدمی فرمائیں۔ آپ خلیفہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اللہ کی قسم! آپ کے بغیر کوئی دوسرا شخص فاطمہ پر نماز جنازہ نہیں پڑھائیگا۔ تب ابوبکر الصدیقؓ نے نماز جنازہ پڑھائی اور رات کو دفن کی گئیں۔"

(۵)

حضرت عمرؓ کی شادی میں حضرت علیؓ کی شمولیت

معاشرے میں دستور چلا آتا ہے کہ خوشی و غمی کے مواقع میں دوست و احباب ایک دوسرے کے ساتھ شریکِ حال ہوا کرتے ہیں۔ اس دستور کے موافق حضرت عمرؓ نے اپنی تقریبِ نکاح اور شادی میں دیگر لوگوں کے ساتھ حضرت علی المرتضیٰؓ کو بھی مدعو کر کے شامل کیا۔ اور انہوں نے اس دعوت کو بخوشی منظور کر کے شمولیت فرمائی۔ پھر وہاں حضرت علیؓ کی طرف سے انبساطِ طبع کا ایک واقعہ پیش آیا۔ مندرجہ ذیل کتابوں میں یہ مضمون موجود ہے۔ تطویل سے بچنے کے لیے صرف ایک کتاب (الاستیعاب) کی عبارت درج کی جاتی ہے یہ عام متداول کتاب ہے۔ باقی کتب کا حوالہ دے دینا کافی خیال کیا ہے۔

"..... فَتَزَوَّجَهَا (عَاتِكَةَ بِنْتَ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ) عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ سَنَةَ اِثْنَتَيْ عَشَرَ سَنَةً فَاَوْلَمَ عَلَيْهَا فَدَعَا جَمْعًا فِيْهِمْ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ فَقَالَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ دَعْنِيْ اُكَلِّمُ عَاتِكَةَ قَالَ افعل فَاَخَذَ بِجَانِبِيِ الْبَابِ وَقَالَ يَا عُدَيَّةَ نَفْسِهَا اَيْنَ قَوْلُكِ؟ فَآلَيْتُ

لَا تَنْفَكُّ عَيْنِيْ حَزِيْنَةً عَلَيْكَ وَلَا يَنْفَكُّ جِلْدِيْ اَغْبَرَا - فَبَكَتْ (عَاتِكَةُ) فَقَالَ عُمَرُ مَا دَعَاكَ اِلٰى هٰذَا يَا اَبَا الْحَسَنِ؟ كُلُّ نِسَاءٍ يَفْعَلْنَ هٰذَا" الخ

(۱) کتاب "نسبِ قریش" مصعب زبیری۔ تذکرہ والد عدی بن کعب، ج ۱۰، ص ۳۶۵۔

(۲) "الاستیعاب لابن عبدالبر، ج ۴ ص ۳۵۵ معہ اصابہ تذکرہ عاتکہ۔

(۳) کتاب التمہید لابن عبدالبر قلمی پیر جھنڈا (سندھ) ج ۶ ص ۲۵۲، تحت مرویات یحییٰ بن سعید ۴۶

(۴) اُسد الغابہ لابن اثیر الجزری، ج ۵ ص ۴۹۸ - تذکرہ عاتکہ بنت زید۔

ان حوالہ جات کا خلاصہ یہ ہے کہ:

"حضرت امیر عمرؓ نے مسماۃ عاتکہ بنتِ زید بن عمرو بن نفیل کے ساتھ ۱۲ھ میں شادی کی اور آپ نے ولیمہ کیا۔ دوست احباب کو مدعو کیا۔ ان میں حضرت علیؓ بن ابی طالب کو بھی شریکِ دعوت کیا۔ (خورد و نوش سے فراغت کے بعد) خوش طبعی کے طور پر حضرت علیؓ نے حضرت عمرؓ سے کہا کہ عاتکہ (مذکورہ) سے کلام و تکلم کی اجازت ہے؟ حضرت عمرؓ نے کہا کہ ہاں ٹھیک ہے۔ حضرت علیؓ نے خانگی پردہ سے باہر رہتے ہوئے عاتکہ کو اس کے چند اشعار یاد دلاتے (جو اس نے اپنے سابق خاوند عبداللہ بن ابی بکرؓ کی وفات پر غم کی حالت میں کہے تھے) پہلا شعر یہ ہے ؎

فَآلَيْتُ لَا تَنْفَكُّ عَيْنِيْ حَزِيْنَةً
عَلَيْكَ وَلَا يَنْفَكُّ جِلْدِيْ اَغْبَرَا

"یعنی اَے زَوج مَیں نے قسم کھا رکھی ہے کہ میری آنکھ تجھ پر ہمیشہ غمناک رہے گی اور میرا جسم ہمیشہ غبار آلود رہے گا۔"

تو عاتکہ اس یاد دہانی پر رونے لگی حضرت عمرؓ نے یہ سُنا تو علی المرتضیٰؓ کو کہا کہ اَے ابوالحسن (آپ اس کو غمناک کر رہے ہیں، عورتیں تو اسی طرح کیا کرتی ہیں (یعنی سابقہ چیز کو فراموش کر کے نیا معاملہ کر لیتی ہیں)۔

مندرجاتِ فصل ہذا

سے واضح ہوتا ہے کہ حضرت عمر فاروقؓ کا تعلق حضور نبی کریم علیہ السلام کی اولاد شریف کے ساتھ نہایت عقیدت مندی کا تعلق تھا۔ دوامًا ان کی عزت کو ملحوظ رکھتے تھے۔ پھر تا دمِ زیست اس نسبت کو قائم رکھا اور حقوقِ رفاقت کو ادا کرتے رہے اور حضرت علی المرتضیٰؓ کے ساتھ بھی دوستانہ روابط ہمیشہ سے قائم رکھے ہوتے تھے۔ خوشی و غمی میں ایک ساتھ رہتے تھے۔ ایک دوسرے کو مدعو کرتے تھے۔ باہمی دعوت قبول کرتے تھے۔ ان حضرات کے درمیان کوئی انقباض نہ تھا۔ یہ واقعات اس چیز کی واضح شہادت دے رہے ہیں۔

ایک رفعِ اشتباہ

باب سوم فصل اوّل میں ہم نے سیّدہ فاطمہؓ اور سیّدنا عمر فاروقؓ کے بعض تعلقات کا ذکر کیا ہے۔ اِس سلسلہ میں بعض لوگوں کی طرف سے شبہات ذکر کیے جاتے ہیں۔ ان کے ازالہ کی ضرورت ہے۔ لہٰذا مختصرًا شُبہ پیش کر کے اس کا جواب عرض کیا جاتا ہے۔ یہ بحث اہلِ علم کے مناسب ہو گی۔ عوام ناظرین اُکتا نہ جائیں۔

——— کتاب "الامامۃ والسیاسۃ" لابنِ قتیبہ دینوری۔ "العقد الفرید" لابن عبد ربّہ۔ "تاریخ الامم والملوک" لابنِ جریر طبری وغیرہا سے بعض لوگ ایک واقعہ پیش کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر الصدّیق

کی بیعت کے موقعہ پر ابوبکرؓ کے حکم سے حضرت عمرؓ حضرت فاطمہؓ اور حضرت علیؓ کے گھر گئے بقول بعض رواۃ کے آگ بھی ساتھ لے گئے ان کو ڈرایا دھمکایا، حضرت فاطمہؓ سے سخت کلامی ہوئی اور کہا کہ اگر تم لوگ ابوبکر الصدّیق سے بیعت نہ کرو گے تو مَیں تمہارا گھر جلا دوں گا تب حضرت علیؓ و زبیرؓ وغیرہ خوف زدہ ہو کر ابوبکر الصدّیقؓ کے پاس گئے اور بیعت کر لی۔"

ہم نے اس واقعہ کا خلاصہ عرض کر دیا ہے۔ لوگ اس واقعہ کو تفصیلات کے ساتھ بڑی آب و تاب سے نقل کرتے ہیں اور مقصد یہ ہوتا ہے کہ حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمرؓ کی حضرت فاطمہؓ و علی المرتضیٰؓ کے ساتھ دشمنی ثابت کی جائے اور عداوت نشر کی جائے۔ اس "کارِ خیر" کے سوا کچھ مطلوب نہیں ہوتا۔ اِس کام میں ان کی توانائیں صرف ہو گئی ہیں اور ان کے اسلاف کی عُمریں ختم ہو گئی ہیں۔

——— اس شُبہ کے ازالہ کے لیے اور اس اعتراض کے جواب کی خاطر قبل ازیں حصّہ صدّیقی بحث بیعت میں چند چیزیں ذکر کی گئی ہیں اور ہم یہاں بھی چند اُمور ذکر کرتے ہیں منصف طبائع اور حق پسند حضرات ان شاء اللہ تعالیٰ ان کو شرفِ پذیرائی بخشیں گے اور معمولی سے غور و فکر کے بعد صحیح نتائج پر پہنچ سکیں گے۔

(۱)

اوّلاً عرض ہے کہ واقعہ ہٰذا کو بیشتر ایسی کتابوں سے پیش کیا جاتا ہے جو بے سند و بے اسناد ہیں۔ ان کتب میں واقعات کی سند بیان نہیں کی جاتی (جس کے ذریعہ واقعہ کی صحت اور سقم کی تحقیق ہو سکے) مثلاً ابنِ قُتیبہ دینوری کی طرف منسوب شدہ کتاب "الامامۃ والسیاسۃ"، "العقد الفرید" لابن عبد ربّہ وغیرہ۔ اس قسم کی بلا اسناد و بے سند کتابوں میں اس واقعہ کا مذکور ہونا کچھ حُجّت و دلیل نہیں بن سکتا اور نہ ہی اس کو صحیح تسلیم کیا جا سکتا ہے۔ اس نوع کی کتب میں صدق و کذب، سچ جھوٹ، صحیح و غلط سب قسم کی ملاوٹ پائی جاتی ہے ان پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔

——نیز عرض ہے کہ صحابۂ کرام کے باہم "بغض و عداوت"، عناد و فساد بتلانے والی روایات کو شیعہ رواۃ اور شیعہ مصنّفین ہی شد و مد سے نشر کیا کرتے ہیں۔ اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ الامامۃ والسیاسۃ، اور عقد الفرید کے مؤلّفین اسی ذہن کے آدمی ہیں۔ وہ ابنِ قُتَیبہ جو ایک سُنّی عالم ہے، "مختلف الحدیث" اور "المعارف" وغیرہ اس کی مشہور تصانیف ہیں دوسرا شخص ہے اور الامامۃ والسیاسۃ کا مؤلِف کوئی تقیہ باز بزرگ ہے۔ شاہ عبد العزیز نے تحفۂ اثنا عشریہ کے مکائد میں ابنِ قُتَیبہ کے متعلق متعدد بار کلام کیا ہے۔ کید ۱۹ و ۲۳ و ۸۱ ملاحظہ فرما کر تسلی کی جا سکتی ہے۔

اور صاحب "العقد الفرید" کے متعلق علماء نے تصریح کر دی ہے، مثلاً ابنِ خلکان نے کہا ہے کہ اس کی کتاب نے ہر قسم کی اشیاء (صحیح و غلط) کو جمع کر ڈالا ہے" اور ابن کثیر نے اس کے حق میں کہا ہے کہ اس کا کلام اس کے شیعہ ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ کشف الظنون، جلد دوم، ص ۱۱۴۹ تحت "العقد الفرید" ملاحظہ ہو۔

نیز "العقد الفرید" جدید طبع کے مقدمہ میں طابعین کی طرف سے اس بزرگ کی پوزیشن ذکر کرتے ہوئے یہ الفاظ درج ہیں:- وَهُوَ اَمْیَلُ اِلَی التَّشَیُّعِ "یعنی شیعہ مذہب کی طرف ان کا بہت زیادہ رُجحان ہے"۔

لہٰذا ان دونوں کتابوں کی روایت ناقابلِ اعتبار ہے۔

(۲)

ثانیاً عرض ہے کہ اِحراق بیت کا واقعہ بعض باسند کتابوں میں پایا جاتا ہے وہ اسانید عام طور پر مجروح ثابت ہوئی ہیں ان کے رواۃ کئی طرح کی جرح سے مطعون پائے گئے ہیں جیسے تاریخ طبری میں یہ واقعہ ہے لیکن اس سند میں کذّاب و دروغ گو لوگ موجود ہیں ابنِ حمید جو طَبَری کا مروی عنہ ہے اس کو "احذق بالکذب" (دروغ گوئی میں بڑا ماہر) کہا گیا ہے اور یہ شخص "مقلب المتون والاسانید" یعنی متن و سند میں کئی قسم کی تبدیلیاں کر دینے والا بزرگ

ہے۔ نیز یہ روایت منقطوع ہے اس واقعہ کا ناقل زیاد بن کلیب خود واقعہ میں موجود نہیں تھا کسی شخص نے اس کو یہ واقعہ بیان کیا۔ بیان کنندہ کون صاحب ہے کیسا ہے؟ کچھ معلوم نہیں۔

(۳)

پھر جن روایات کے اسانید پر معمولی جرح پائی جاتی ہے ان میں یہ خامی ہے کہ وہ روایات بھی منقطوع ہیں۔ روایت کی سند کے آخری راوی اور واقعہ ہٰذا کے درمیان "انقطاعِ زمانی" پایا گیا ہے۔ بیان کنندۂ روایتِ ہٰذا واقعہ میں موجود نہیں۔ کسی صاحب سے سُن کر اس نے روایت چلا دی ہے۔ ابن ابی شَیبہ اور ابن عبد البرّ وغیرہ کی روایات اسی نوعیّت کی ہیں یعنی منقطوع پائی گئی ہیں۔ زید بن اسلم اور خود اسلم دونوں باپ بیٹا اس واقعہ کے وقت مدینۂ طیّبہ میں ہرگز موجود نہ تھے۔ نیز علماء نے زید بن اسلم کے متعلق تصریح کر دی ہے کہ یہ بزرگ مدلّس ہے۔ اپنی روایات میں بعض اوقات تدلیس کر دیتا ہے۔ ملاحظہ ہو (۱) مقدمہ کتاب التمہید لابن عبد البر باب بیان التدلیس، ج ۱ ص ۳۶ طبع مراکش۔ (۲) تہذیب التہذیب لابن حجر تذکرہ زید بن اسلم، ج ۳ ص ۳۹۶۔ یہ سب شنید در شنید انہوں نے نقل کر دی ہے۔ پھر کبھی واقعہ ہٰذا کی تعبیر نفرت آمیز الفاظ سے کر دی اور گاہے یہی مضمون نرم اور مناسب الفاظ کے ساتھ بیان کیا ہے۔ گویا ناقلین حضرات نے اس نادیدہ واقعہ کو صرف شنید کی بنا پر کہیں سے کہیں پہنچا دیا۔ مثل مشہور ہے کہ

ع شنیدہ کے بود مانند دیدہ

——نیز اہلِ علم اور فنِ حدیث سے واقف حضرات اچھی طرح جانتے ہیں کہ مُصنّف ابن ابی شیبہ طبقاتِ حدیث و درجاتِ محدثین میں تیسرے درجہ میں شمار کیا جاتا ہے۔ پہلے درجہ میں مؤطّا مالک و صحیحین (بخاری و مُسلم) کا شمار ہوتا ہے۔ دوسرے درجہ میں باقی صحاح ستّہ کا۔ تیسرے درجۂ حدیث میں جن کتابوں کا شمار ہوتا ہے ان میں مصنّف ابن ابی شَیبہ و مصنّف عبد الرزاق وغیرہ ہیں۔ (ملاحظہ ہو ص عجالہ نافعہ شاہ عبد العزیزؒ)۔ ان حضرات نے روایات

میں ثقاہت و صحت کا خاص التزام نہیں کیا تھا اس وجہ سے محدثین نے ان کو تیسرے درجہ میں رکھا ہے۔

—— اور "الاستیعاب" لابن عبدالبر اگرچہ صحابہ کرامؓ کے تراجم میں بہتر کتاب ہے۔ لیکن صحابہؓ کے مشاجرات وغیرہ کے متعلق اس میں چند چیزیں ایسی پائی جاتی ہیں جنہوں نے کتاب ہٰذا کو عیب دار کر دیا۔ ان امور کی وجہ سے علماء نے کتاب کی تعریف و توثیق کرنے کے باوجود اس پر نقد بھی کیا ہے۔

چنانچہ مقدمہ ابن صلاح یا علوم الحدیث لابن صلاح میں علامہ ابن صلاح نے باب النوع التاسع والثلاثون، ص ۱۴۵، طبع ممبئی اور ص ۲۶۲، طبع جدید مدینہ طیبہ میں الاستیعاب کے متعلق لکھا ہے: . . . .

ومن اجلّها واکثرها فوائد کتاب "الاستیعاب" لولا ما شانہ من ایرادہ کثیراً مِمّا شجر بَیْنَ الصَّحَابَۃِ وَحِکَایَاتِہٖ عن الاخباریّین لا المحدّثین وغالب علی الاخباریّین الاکثار والتخلیط فیما یَرْوُوْنَہٗ"

—— حاصل یہ ہے کہ تراجم صحابہ کی کتابوں میں بہترین فوائد کی کتاب الاستیعاب ہے۔ اگر اس میں وہ چیزیں نہ ہوتیں جنہوں نے اس کو عیب لگا دیا ہے۔ صحابہ کے تنازعات وغیرہ کی بہت سے چیزیں اور اخباری لوگوں کی حکایات اس نے ذکر کر دی" ہا۔ یہ چیزیں محدثین سے نہیں نقل کیں۔ اخباری اور مؤرخ لوگ اپنی مرویات میں اکثار و تخلیط کر دیتے ہیں یعنی صحت و اتقان کا کچھ خیال نہیں رکھتے۔ پس اس چیز نے اس کتاب کو عیب دار بنا دیا ہے۔

—— اسی طرح حافظ ابن کثیرؒ نے "الباعث الحثیث" النوع التاسع والثلاثون میں یہی چیز بحوالہ ابن صلاح مندرجہ ذیل الفاظ میں درج کی ہے۔

وقد شان ابن عبدالبر کتابہ "الاستیعاب" بذکر ما شجر بین الصحابۃ

مما تلقاہ من کتب الاخباریّین وغیرھم"

("الباعث الحثیث" لابن کثیر، ص ۱۷۹۔ طبع مصر طبع ثالث، تحت نوع ۳۹)

یعنی حافظ ابن کثیرؒ کہتے ہیں کہ "ابن عبدالبرؒ نے مشاجرات و تنازعات صحابہ کرام کو اخباری و مؤرخین لوگوں سے حاصل کر کے اپنی کتاب "الاستیعاب" میں ذکر کرنے سے اس کو عیبناک و داغدار بنا دیا ہے"

(۴)

رابعاً یہ چیز ذکر کی جاتی ہے کہ واقعہ "احراق" کی روایات جہاں جس درجہ کی کتابوں میں بھی پائی جاتی ہیں وہ ائمہ عظام کے فرمودات کی روشنی میں قابلِ ترک ہیں قبولیت کی مستحق نہیں۔ سیدنا علی المرتضیٰؓ اور امام محمد باقرؒ نے مندرجہ ذیل نصائح و فرامین میں اس مسئلہ کو ذکر کیا ہے۔

حضرت علیؓ کا فرمان

کتاب "تذکرۃ الحفاظ" جلد اوّل، حضرت علیؓ کے تذکرہ میں حافظ ذہبیؒ نے لکھا ہے کہ

(۱) . . . . . . عن ابی الطفیل عن علیؓ قال حدّثوا الناس بما یعرفون ودعوا ما ینکرون أتحبون ان یکذّبَ اللہ ورسولہٗ؟ (قال) الذہبی فقد زجر الامام علیؓ عن روایۃ المنکر وحثّ علی التحدیث بالمشہور وھٰذا اصل کبیر فی الکف عن بث الاشیاء الواھیۃ والمنکرۃ من الاحادیث فی الفضائل والعقائد والرقائق"

(تذکرۃ الحفاظ، ج ۱ ص ۱۲)

"یعنی امام الائمہ فرماتے ہیں کہ جو بہتر اور معروف چیز ہو وہ لوگوں کو

بیان کیا کریں جو ناپسند اور بُری چیز ہو اس کو چھوڑ دیں اور بیان نہ کیا کریں۔

فاضل ذہبی کہتے ہیں اس نصیحت میں علی المرتضیٰؓ نے ہم کو ناپسندیدہ چیزیں روایت کرنے سے منع فرما دیا ہے، مشہور و معروف اور بہتر چیزوں کے نشر کرنے کی ترغیب دی ہے۔ واہیات اور بے اصل چیزوں کے پھیلانے سے روکنے کے لیے یہ بہت بڑا ضابطہ ہے خواہ وہ چیزیں فضائل سے متعلق ہوں یا عقائد سے یا رقائق وغیرہ سے۔"

امام محمّد باقر کا بیان

شیعہ کتابوں میں موجود ہے کہ امام محمد باقر نے خطبۃ الوداع میں سے فرمان نبوّت نقل کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ:

——— فَاِذَا اَتَاکُمُ الْحَدِیْثُ فَاعْرِضُوْہُ عَلٰی کِتَابِ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ وَسُنَّتِیْ فَمَا وَافَقَ کِتَابَ اللّٰہِ وَسُنَّتِیْ فَخُذُوْا بِہٖ وَمَا خَالَفَ کِتَابَ اللّٰہِ وَسُنَّتِیْ فَلَا تَاْخُذُوْا بِہٖ۔

(احتجاج طبرسی ص ۲۲۹ - طبع قدیم، احتجاج ابی جعفر محمد بن علی الثانی فی انواع شتّٰی)

"یعنی جب تمہارے سامنے کوئی روایت پیش کی جائے تو اس کو کتاب اللہ اور سنتِ رسولؐ پر پیش کرو۔ جو خدا کی کتاب اور سُنّتِ رسولؐ کے موافق ہو وہ قبول کر لو اور جو روایت ان دونوں کے برخلاف پائی جائے اس کو قبول نہ کرو۔"

ناظرین باتمکین خیال فرما دیں کہ اللہ کی کتاب گواہ ہے کہ یہ حضراتؓ آپس میں مہربان اور شفیق ہیں۔ اللہ نے ان کے قلوب میں اُلفت پیدا کر دی ہے۔" ان کے نیک اعمال

کی بنا پر اللہ تعالیٰ ان پر راضی ہو چکا ہے۔ اور سُنّتِ نبوی شاہد ہے کہ حضور نبی کریم علیہ السّلام کی خدمت میں رہنے والے یہ تمام حضرات شیر و شکر تھے، باہم دوست تھے، ایک دوسرے کے خیر خواہ تھے، باہم کوئی عداوت نہیں رکھتے تھے، نہ ہی ان کے درمیان کوئی پُرخاش تھی۔"

——— اور واقعہ مذکورہ کو اگر صحیح تسلیم کر لیا جائے تو اُس نے صحابہ کے کردار کا بعد از انتقالِ نبوی نقشہ ہی دوسرا پیش کر دیا یعنی ان حضرات نے تلواریں سونت لیں، ایک دوسرے پر حملہ آور ہونے لگے۔ دخترِ نبی کا گھر جلانے کے لیے آمادہ ہو گئے۔ حضرت علیؓ و زبیرؓ کے ساتھ دست و گریباں ہونے تک نوبت پہنچی۔

——— مندرجہ بالا فرمودات کی روشنی میں ہمچوں قسم کی روایات کو تسلیم کر لینے کا کوئی جواز نہیں۔ ان مرویات کا مضمون کتاب اللہ کے ساتھ معارض ہے۔ سُنّتِ نبوی کے حالات کے برخلاف ہے۔ ایسے مُنکر مضامین کو قبول کرنا ائمہ معصومین کے فرامین کو پسِ پُشت ڈال دینے کے مرادف ہے۔

——— نیز قرآن مجید کی نصوصِ صریحہ ان چیزوں کی تردید کر رہی ہیں۔ کلامِ خداوندی میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کے ہمراہیوں اور ہم نشینوں کی صفت بیان کی گئی ہے کہ: یَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰہِ وَرِضْوَانًا یعنی "نبی صلی اللہ علیہ وسلّم کے ساتھی اور ہمنشین ہمیشہ اللہ کا فضل اور اس کی رضامندی طلب کرتے ہیں۔" یہ ان حضرات کا طریقِ کار اور شیوۂ زندگی ہے اور شب و روز اللہ کا فضل تلاش کرنا اور رضا جوئی اختیار کرنا ان کا معمول ہے۔

بالفرض باہم تنازع اور شر و فساد بتلانے والی روایات درست تسلیم کر لی جائیں تو ان حضرات کی صفات و عادات یوں بیان کی جاتیں کہ یَبْتَغُوْنَ شَرًّا مِّنَ اللّٰہِ وَغَضَبًا حالانکہ اس طرح نہیں ہوا۔

(۵)

خامساً یہ عرض ہے کہ واقعہ ہٰذا بیان کرنے والی اس قسم کی روایات بھی تاریخ اور حدیث کی کتابوں میں دستیاب ہیں جہاں اس قسم کا نازعہ اور مناقشہ بالکل مفقود ہے نہ ہی وہاں حضرت فاطمہ رضؓ سے درشت کلامی پائی جاتی ہے نہ ہی وہاں حضرت علیؓ و زبیرؓ پر دست درازی کا وجود ہے اور نہ ہی مناقشہ نما اور فتنہ انگیز چیزوں کا نام و نشان ہے۔ اس نوع کی روایات میں سے صرف اس وقت بلاذری کی ایک روایت انساب الاشراف جلد اول سے پیش کی جاتی ہے تاکہ اس واقعہ کے متعلق متعدد صورتیں آپ کے سامنے آجائیں اور اس مسئلہ کی تصویر کے دوسرے رُخ کو بھی دیکھ سکیں۔

احمد بن یحییٰ بلاذری نے اپنی سند کے ساتھ مندرجہ ذیل الفاظ میں اس واقعہ کو نقل کیا ہے:

——...... لَمَّا بَایَعَ النَّاسُ اَبَا بَکْرٍ اِعْتَزَلَ عَلِیٌّ وَالزُّبَیْرُ فَبَعَثَ اِلَیْهِمَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَزَیْدُ بْنُ ثَابِتٍ فَاَتَیَا مَنْزِلَ عَلِیٍّ فَقَرَعَا الْبَابَ فَنَظَرَ الزُّبَیْرُ مِنْ قَتْرَةٍ ثُمَّ رَجَعَ اِلٰی عَلِیٍّ فَقَالَ هٰذَانِ رَجُلَانِ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَلَیْسَ لَنَا اَنْ نُقَاتِلَهُمَا قَالَ اِفْتَحْ لَهُمَا ثُمَّ خَرَجَا مَعَهُمَا حَتّٰی اَتَیَا اَبَا بَکْرٍ فَقَالَ اَبُوْ بَکْرٍ یَا عَلِیُّ اَنْتَ ابْنُ عَمِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَصِهْرُهٗ فَتَقُوْلُ اِنِّیْ اَحَقُّ بِهٰذَا الْاَمْرِ لَاهَا اللّٰهِ لَاَنَا اَحَقُّ بِهٖ مِنْكَ قَالَ لَا تَثْرِیْبَ یَا خَلِیْفَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (صلعم) اُبْسُطْ یَدَكَ اُبَایِعْكَ فَبَسَطَ یَدَهٗ فَبَایَعَهٗ الخ

(انساب الاشراف ص ۵۸۵۔ بلاذری جلد اول احمد بن یحییٰ بلاذری، المتوفی ۲۷۹ھ۔ طبع جدید مصری۔ سن طباعت ۱۹۵۹ء)

اور یہ روایت قبل ازیں رحماء بینہم کے حصہ اوّل صدیقی میں مسئلہ بیعت کے تحت روایت ۸ میں مفصل درج کی جاچکی ہے اور وہاں اس کا ترجمہ بھی ذکر کردیا تھا۔ اب یہاں مختصراً نقل کی گئی ہے۔

——ناظرین کرام نے ملاحظہ فرمالیا کہ اس موقعہ کی روایات سب ایک قسم کی نہیں ہیں بعض میں کسی قسم کا نازعہ و جھگڑا سرے سے پایا ہی نہیں جاتا اور بعض دیگر مرویات میں بڑی ہنگامہ آرائی دکھائی گئی ہے۔ قارئین کرام پر واضح ہو کہ علماء کرام نے قبل ازیں "مناقشہ خیز روایات" پر جرح و قدح کردی ہے ذیل میں وہ درج کی جاتی ہے:۔

(۱) ——شاہ عبدالعزیز محدّث دہلویؒ نے تحفہ اثنا عشریہ باب مطاعن فاروقی طعن نمبر دوم میں احراقِ بیت کے واقعہ کے متعلق فرمایا ہے کہ:

"ایں قصہ سراسر واہی و بہتان و افتراست"۔

(۲) ——مولانا عبدالعزیز پرہارویؒ اپنی کتاب نبراس شرح شرح عقائد نسفی میں فرماتے ہیں کہ:

" وَمَا رَوَاهُ اَنَّ اَبَا بَکْرٍ اَمَرَ بِاِحْرَاقِ بَیْتِ عَلِیٍّ وَفِیْهِ فَاطِمَةُ وَحَسَنَانِ لِتَاَخُّرِهٖ عَنِ الْبَیْعَةِ قُلْنَا کِذْبٌ مَحْضٌ "

(نبراس شرح شرح عقائد طبع ملتان ص ۵۲۹،
تحت متن والاشتراط ان یکون الامام معصوماً)

یعنی "ہر دو حوالہ جات کا مطلب یہ ہے کہ بیعت میں تاخیر کی وجہ سے حضرت علیؓ کے رہائشی مکان جلانے کے لیے امر کرنے کا واقعہ سراسر بہتان ہے۔ افترا ہے اور واضح جھوٹ ہے"۔

اندریں حالات جن روایات میں اس قسم کا جھگڑا مذکور نہیں ہے ان کو ٹھیک تسلیم کیا جائے گا۔ باقی قابلِ قبول نہ ہوں گی۔

بحث ہذا کے متعلق ابن ابی الحدید کا بیان

ناظرینِ کرام مطلع رہیں کہ سیدہ فاطمہؓ کے خانہ سوزی کے متعلق روایات کی تردید صرف سُنی علماء نے ہی نہیں کی بلکہ بعض شیعہ علماء نے بھی ان روایات کو ناقابلِ قبول اور غیر معتمد و غیر معتبر قرار دیا ہے۔ چنانچہ ابن ابی الحدید کہتے ہیں کہ:-

واما ما ذكره من الهجوم على دار فاطمة وجمع الحطب لتحريقها فهو خبر واحد غير موثوقٍ به ولا معمول عليه فى حق الصحابة بل ولا فى حقِ احدٍ من المسلمين ممن ظهرت عدالته :

(شرح نہج البلاغہ لابن ابی الحدید شیعی معتزلی ص ۶۳۱، جلد ۴ طبع بیروت تحت متن" قولہ لعمار بن یاسر وقد سمعہ یراجع کلاماً دعہ یا عمار)

حاصل یہ ہے کہ سیدہ فاطمہؓ کے خانہ پر ہجوم کرنا اور خانہ سوزی کے لیے لکڑی جمع کرنے کی روایات خبرِ واحد ہیں (یعنی مشہور و متواتر نہیں ہیں) یہ غیر معتمد ہیں، نہ صحابہ کے حق میں قابلِ عمل ہیں نہ کسی دوسرے عادل مسلمان کے حق میں۔"

علیٰ سبیل التنزل

بالفرض اگر تسلیم کر لیا جائے کہ اس موقع پر سیدہ فاطمہؓ حضرت عمرؓ پر اس وجہ سے ناراض ہو گئی تھیں تو اس کے متعلق عرض ہے کہ شیعہ علماء نے اپنی معتبر تصانیف میں حضرت فاطمہؓ کا حضرت عمرؓ کے حق میں راضی ہو جانا بھی درج کیا ہے۔

(۱)

ابن ابی الحدید شیعی معتزلی نے شرح نہج البلاغہ میں ابوبکر الجوہری شیعی کے حوالہ سے پہلے

حضرت فاطمہؓ کی ناراضگی ذکر کی ہے اس کے بعد آپ کی رضامندی کو بایں الفاظ درج کیا ہے:-

——— قال فمشى اليها ابوبكر بعد ذالك وشفع لعمرؓ وطلب اليها فرضيت عنه "

(شرح نہج البلاغہ جدیدی ج ۱ ص ۱۵۷ طبع بیروت بحث الامام الی البیعہ)

اور "حق الیقین" میں ملا باقر مجلسی نے بھی عمر فاروقؓ کے ساتھ حضرت فاطمہؓ کا راضی ہونا درج کیا ہے۔ فرماتے ہیں کہ:

"... چوں علی و زبیر بیعت کردند و این فتنہ فرو نشست ابوبکر آمدہ شفاعت کرد از برائے عمرؓ و فاطمہ از و راضی شد"

("حق الیقین" ملا باقر مجلسی ص ۱۱۰ طبع قدیم لکھنؤ۔ و طبع جدید طہران ص ۱۸۰ بحث بیعۃ علی جبراً و قہراً بود)

حاصل یہ ہے کہ جب علیؓ اور زبیرؓ نے ابوبکر الصدیق سے بیعت کر لی اور یہ فتنہ فرو ہو گیا تو ابوبکرؓ فاطمہؓ کے پاس آئے اور عمرؓ کے لیے سفارش کی تو فاطمہؓ عمرؓ سے راضی ہو گئیں۔"

دعوتِ مصالحت

جب ہمارے بزرگانِ محترم آپس میں رضامند ہو گئے تو ہم ان کے تابعداروں کو بھی باہم شر انگیزی اور فتنہ خیزی کی حرکات ختم کر دینی چاہییں۔ اور آپس میں صلح و آشتی کی فضا سازگار بنانی چاہیے۔

فصل دوم

فصل اوّل کی طرح اس فصل میں بھی پانچ امر ذکر کرنے کی تجویز ہے۔

سیّدنا عمر فاروق اور سیّدنا علی المرتضیٰؓ کے تعلقات اور روابط کے لیے یہ چیزیں تاریخی شواہد ہیں جو ہم ناظرین باتمکین کی خدمت میں کتب روایات اور تاریخی کتب سے فراہم کر کے پیش کر رہے ہیں۔ پوری توجہ کے ساتھ ان کو ملاحظہ فرماویں:

امر اوّل

——لوگوں میں یہ امر مسلّم ہے کہ دو شخصوں کے درمیان رشتہ داری کا قائم ہونا ایک آدمی کا لڑکی کا رشتہ دینا دوسرے شخص کا اس کو قبول کرنا باہم اعتماد اور وثوق کی بنا پر ہوتا ہے اور آپس میں رشتہ کر لینے کے بعد یہ برادرانہ رابطہ مضبوط تر ہو جایا کرتا ہے۔

اس تمدّنی ونفسیاتی اصول کے تحت حضرت فاروق اعظم عمر بن الخطابؓ نے حضرت علی المرتضیٰؓ سے ان کی صاحبزادی اُمّ کلثوم کا رشتہ طلب کیا اور حضرت علیؓ نے بخیر وخوبی اور رضامندی سے اپنی عزیزہ کا نکاح کر دیا۔ جبر واکراہ اور قہر وتشدّد کی کوئی صورت نہیں پیش آئی۔

اس موقع پر حضرت عمر فاروقؓ نے دلی مسرت کا اظہار کرتے ہوئے سرورِ دو عالم نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ فرمان بیان کیا جو انہوں نے خود حضور علیہ السّلام سے سنا تھا۔ یعنی فرمانِ نبوت ہے کہ "قیامت کے روز تمام رشتے اور تعلقات ختم ہو جائیں گے مگر صرف میرے خاندان کے ساتھ رشتہ اور انتساب کام آئے گا۔"

حضرت عمرؓ نے کہا کہ میری دلی آرزو ہے کہ نبی کریم علیہ السّلام کے قبیلے کے ساتھ میری نسبت قائم ہو جائے۔

یہ مسئلہ حدیث، روایات اور تاریخ کی کتابوں میں درج ہے اور محدّثین اور مؤرّخین نے اس کو درج کیا ہے۔ ان میں سے پہلے چند ایک حوالہ جات قارئین کرام کی تسلّی کے لیے یہاں ذکر کیے جاتے ہیں۔ اس کے بعد علماء انساب وتراجم کی تصریحات ذکر کی جائیں گی جن میں اس رشتہ کو بالتفصیل و بالوضاحت تحریر کیا گیا ہے۔

کتاب السُّنن لسعید بن منصور الخراسانی المکی المتوفی ۲۲۷ھ میں مذکور ہے:

—— ...... عن جعفر بن محمد عن ابیه اِنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِؓ خَطَبَ اِلٰی عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ ابْنَتَهٗ اُمَّ کُلْثُوْمٍ فَقَالَ عَلِیٌّؓ اِنَّمَا حَبَسْتُ بَنَاتِیْ عَلٰی بَنِیْ جَعْفَرٍ فَقَالَ اَنْکِحْنِیْهَا فَوَاللّٰهِ مَا عَلَی الْاَرْضِ رَجُلٌ اَرْصَدُ مِنْ حُسْنِ عِشْرَتِهَا مَا اَرْصَدْتُ فَقَالَ عَلِیٌّؓ قَدْ اَنْکَحْتُکَهَا فَجَاءَ عُمَرُؓ اِلٰی مَجْلِسِ الْمُهَاجِرِیْنَ بَیْنَ الْقَبْرِ وَالْمِنْبَرِ وَکَانَ الْمُهَاجِرُوْنَ یَجْلِسُوْنَ ثَمَّ عَلِیٌّؓ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ وَالزُّبَیْرُ وَعُثْمَانُ وَطَلْحَةُ وَسَعْدٌ فَاِذَا کَانَ الشَّیْءُ یَاْتِیْ عُمَرَ الْاَمْرُ مِنَ الْاٰفَاقِ وَیَقْضِیْ فِیْهِ۔ جَاءَهُمْ وَاَخْبَرَهُمْ ذَالِکَ وَاسْتَشَارَهُمْ کُلَّهُمْ فَقَالَ رَفِّئُوْنِیْ قَالُوْا بِمَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ؟ قَالَ بِابْنَةِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ ثُمَّ اَنْشَاَ یُحَدِّثُهُمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ کُلُّ نَسَبٍ وَسَبَبٍ مُنْقَطِعٌ یَوْمَ الْقِیَامَةِ اِلَّا نَسَبِیْ وَسَبَبِیْ کُنْتُ صَحِبْتُهٗ فَاَحْبَبْتُ اَنْ یَکُوْنَ هٰذَا لِیْ اَیْضًا"

(کتاب السنن، قسم اوّل ج ۳ ص ۱۴۶، لسعید بن منصور الخراسانی المکی المتوفی ۲۲۷ھ قسم اول از جلد ثالث باب النظر الی المرأة اذا اراد ان یتزوجها۔ من مطبوعات المجلس العلمی کراچی و ڈابھیل۔)

خلاصہ یہ ہے کہ حضرت جعفر صادق اپنے والد حضرت محمد باقر سے روایت کرتے ہیں کہ عمر بن الخطّاب نے علی المرتضیٰ سے ان کی لڑکی اُمِ کلثوم کا رشتہ طلب کیا۔ حضرت علیؓ نے کہا کہ مَیں نے اپنی لڑکیاں اپنے بھائی جعفرؓ کے بیٹوں کے لیے روک رکھی ہیں۔ اس کے بعد پھر حضرت عمرؓ نے اس رشتہ کی خواہش ظاہر کی اور کہا کہ آپ مجھ سے نکاح کر دیں۔ مَیں اس رشتہ کی حسنِ معاشرت کو اس طرح نگاہ میں رکھوں گا کہ کوئی اور شخص ملحوظ نہ رکھ سکے گا۔

پھر حضرت علیؓ نے فرمایا کہ مَیں نے نکاح کر دیا۔ اس کے بعد عمر بن الخطّاب مہاجرین حضرات کی مجلس میں (جو مسجدِ نبوی میں ہُوا کرتی تھی) تشریف لائے۔ عبد الرحمٰن بن عوفؓ، زبیرؓ، عثمانؓ، طلحہؓ، سعدؓ، علیؓ۔ یہ سب حضرات وہاں بیٹھتے تھے۔

جب حضرت عمرؓ کے پاس اطرافِ عالم سے کوئی معاملہ آیا کرتا اور اس کے متعلق فیصلہ کرنا ہوتا تو اس کے لیے ان حضرات کو اطلاع کرتے اور ان سب سے مشورہ لیتے تھے۔

حضرت عمرؓ نے فرمایا مجھے مبارک باد دیجیے۔ انہوں نے کہا کس بات کی؟ عمر بن الخطّاب نے کہا کہ علیؓ بن ابی طالب کی لڑکی اُمّ کلثوم سے میرا نکاح ہُوا ہے۔ پھر ان کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کی حدیث سنائی کہ:-

"آپؐ نے فرمایا کہ ہر نسب وسبب قیامت کے روز منقطع ہو جائے گا مگر ایک میرا نسب اور انتساب فائدہ مند ہوگا۔"

حضرت عمرؓ نے کہا کہ مَیں نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا مصاحب و

ہم نشین تو رہا ہوں اور مَیں پسند کرتا تھا کہ نسبی تعلق بھی قائم ہو جاتے تو وہ اب حاصل ہو گیا ہے۔"

(۲) — اور حاکم نیشاپوری المتوفی ۴۰۵ھ نے "المستدرک" جلد ثالث باب فضائلِ علیؓ میں یہ مسئلہ بالفاظ ذیل ذکر کیا ہے:-

"...... عن جعفر بن محمد عن ابیه عن علی بن الحسینؓ انّ عمر بن الخطّاب خطب الی علیؓ امّ کلثوم فقال انکحنیها فقال علیؓ انّی ارصدها لابن اخی عبد الله بن جعفر فقال عمرؓ انکحنیها فوالله ما من الناس احدٌ یرصد من امرها ما ارصده فانکحه علیؓ فاتی عمرؓ المهاجرین فقال الا تهنّئونی فقالوا بمن یا امیر المؤمنین؟ فقال بام کلثوم بنت علیؓ وابنة فاطمةؓ بنت رسول الله صلّی الله علیه وسلّم۔ انّی سمعت رسول الله صلّی الله علیه وسلّم یقول کلّ نسبٍ وسببٍ ینقطع یوم القیامة الّا ما کان من سببی و نسبی ۔ فاحببت ان یکون بینی وبین رسول الله صلّی الله علیه وسلّم نسبٌ وسببٌ" هذا حدیثٌ صحیح الاسناد ولم یخرجاه۔

(المستدرک للحاکم، ج ۳، ص ۱۴۲، باب فضائل علیؓ)

"یعنی امام زین العابدین (علی بن الحسین) کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے حضرت علیؓ سے ان کی لڑکی اُمِّ کلثوم کا نکاح طلب کیا۔ علی المرتضیٰ نے جواب دیا کہ مَیں نے اپنے برادر زادہ عبد اللہ بن جعفر کے لیے یہ رشتہ محفوظ کیا ہے تو حضرت عمرؓ نے کہا آپ مجھے نکاح کر دیں۔ اللہ کی قسم مَیں اس کی ایسی نگاہ داشت کروں گا کہ جس طرح کوئی دوسرا حفاظت نہ رکھ سکے گا۔ اس پر حضرت علی المرتضیٰ نے اُمّ کلثوم کا نکاح کر دیا۔

اس کے بعد حضرت عمرؓ بن الخطاب مہاجرین کے پاس تشریف لاتے اور کہا کہ تم مجھے مبارک باد نہیں دیتے ہو؟ انہوں نے کہا کس چیز کی مبارک باد پیش کریں؟ حضرت عمرؓ نے کہا کہ علی المرتضیٰ اور فاطمہؓ کی بیٹی ام کلثوم کے ساتھ نکاح کی مسرت میں مبارک دیجیے۔ میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ آپ نے فرمایا کہ ہر نسب وسبب قیامت کے روز منقطع ہونگے مگر میرے ساتھ نسب کا تعلق ختم نہیں ہوگا۔"

حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ میں نے پسند کیا حضور علیہ السلام کے خاندان کے ساتھ میرا نسبی تعلق قائم ہو جاتے۔"

(۳) ۔ علامہ علی متقی ہندیؒ نے کنز العمال جلد سابع میں اُمِ کلثوم کے نکاح کا مسئلہ بعنوان ذیل نقل کیا ہے:

عن ابی جعفر انّ عُمَرَؓ بنَ الخطّابِ خَطَبَ اِلیٰ عَلِیِّ بنِ اَبِی طَالِبٍ اِبْنَتَهٗ اُمَّ كُلْثُوْمٍ فَقَالَ عَلِیٌّ اِنَّمَا حَبَسْتُ بَنَاتِیْ عَلیٰ بَنِیْ جَعْفَرٍ فَقَالَ عُمَرُؓ اَنْكِحْنِیْهَا یَا عَلِیُّ فَوَاللّٰهِ مَا عَلیٰ ظَهْرِ الْاَرْضِ رَجُلٌ یَرْصِدُ مِنْ حُسْنِ صَحَابَتِهَا مَا اُرْصِدُ فَقَالَ عَلِیٌّ قَدْ فَعَلْتُ فَجَاءَ عُمَرُ اِلیٰ مَجْلِسِ الْمُهَاجِرِیْنَ بَیْنَ الْقَبْرِ وَالْمِنْبَرِ وَكَانُوْا یَجْلِسُوْنَ عَلِیٌّ وَعُثْمَانُ وَالزُّبَیْرُ وَالطَّلْحَةُ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ فَاِذَا كَانَ الشَّیْءُ یَاْتِیْ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ مِنَ الْاٰفَاقِ جَاءَهُمْ فَاَخْبَرَهُمْ بِذٰلِكَ فَاسْتَشَارَهُمْ فِیْهِ فَجَاءَ عُمَرُ فَقَالَ زَفُّوْنِیْ فَقَالُوْا بِمَنْ؟ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ قَالَ بِابْنَةِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ ثُمَّ اَنْشَاَ یُخْبِرُهُمْ فَقَالَ اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ سَبَبٍ وَنَسَبٍ مُنْقَطِعٌ یَوْمَ الْقِیَامَةِ اِلَّا سَبَبِیْ وَنَسَبِیْ وَكُنْتُ قَدْ صَحِبْتُهٗ

فَاَحْبَبْتُ اَنْ یَّكُوْنَ هٰذَا اَیْضًا"

(کنز العمال، ج ۷، ص ۹۸، روایت ۸۲۵ ۔ طبع قدیم بحوالہ ابن سعد وابن راہویہ مختصراً رواہ ص بتمامہ)

روایت ہذا کا حاصل یہ ہے کہ امام محمد باقر بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمرؓ بن الخطاب نے حضرت علیؓ سے ان کی دختر اُمِ کلثوم کا رشتہ طلب کیا۔ حضرت علیؓ نے کہا کہ میں نے برادر جعفر کے لڑکوں کے لیے اپنی بیٹیوں کے رشتے روک رکھے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے کہا کہ آپ اپنی صاحبزادی سے میرا نکاح کر دیں۔ بخدا حسنِ معاشرت کے اعتبار سے جتنی میں اس کی نگہداشت وحفاظت کر دوں گا اتنی کوئی اور شخص نہ کر سکے گا۔ تو حضرت علیؓ نے کہا کہ میں نے آپ سے یہ نکاح کر دیا۔

حضرت عمرؓ اس کے بعد مہاجرین کی مجلس میں تشریف لاتے جو قبر شریف اور منبر نبوی کے درمیان منعقد ہوتی تھی وہاں علی المرتضیٰؓ، عثمانؓ بن عفان، طلحہؓ، زبیرؓ، عبد الرحمٰنؓ بن عوف تشریف رکھا کرتے تھے۔ جب اطراف سے کوئی معاملہ حضرت عمرؓ کے ہاں پیش ہوتا تو ان حضرات کو اس کی اطلاع کی جاتی اور اس بارہ میں مشورہ طلب کیا جاتا تھا۔

(نکاح ہذا کے بعد) اہلِ مجلس کے پاس حضرت عمرؓ تشریف لاتے فرمانے لگے کہ مجھے مبارک باد دیجیے۔ مذکورہ حضرات نے کہا کہ کس چیز کی مبارک باد؟ اس وقت حضرت عمرؓ نے کہا کہ علی بن ابی طالبؓ کی دختر اُمِ کلثوم کے ساتھ میرے نکاح کی۔ پھر ان کو بتلایا کہ میں نے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے سنا تھا کہ قیامت کے دن ہر نسب وسبب منقطع ہوگا مگر میرا نسب اور انتساب فائدہ دے گا۔

ہم نشینی اور خدمت میں رہنے کا شرف تو مجھے حاصل تھا، میں نے

خواہش کی ہے کہ نبی کریمؐ کے خاندان سے نسبی تعلق بھی قائم ہو جاتے "۔

ناظرین کرام پر واضح رہے کہ یہ حدیث جس کو حضرت عمرؓ اس موقع پر بیان کر رہے ہیں اس کو شیعہ علماء نے حضرت علیؓ سے منقول بتلایا ہے۔ تسلی کے لیے ملاحظہ ہو کتاب "الخصال" لابن بابویہ القمی المتوفی ۳۸۱ھ تحت عنوان احتجاج امیر المومنین علیہ السلام یوم الشوریٰ، ص ۱۲۳ مطبوعہ ایران طبع قدیم سن طباعت ۱۳۰۲ھ۔

ایک ذخیرۂ روایات میں سے چند روایات اس مسئلہ کے اثبات کی خاطر ذکر کرنی کافی خیال کی گئی ہیں۔ یہ امام باقر و امام زین العابدین سے مروی ہیں۔

—— مندرجاتِ ہذا میں غور کرنے سے ایک چیز تو یہ ثابت ہوتی ہے کہ مذکورہ تمام حضرات کے درمیان اتحاد و اخلاص ہمیشہ قائم تھا۔ ایک دوسرے سے کوئی عناد نہیں رکھتے تھے۔ جو معاملہ پیش آتا اس کے متعلق غور و خوض کے لیے مشورہ ہوتا تھا۔ یہ ان کے باہمی اتفاق کی بیّن دلیل ہے۔

—— دوسرا یہ کہ اُمّ کلثوم بنتِ علی جو حضرت فاطمہؓ کے بطنِ مبارک سے تھیں ان کا نکاح حضرت علیؓ المرتضیٰ نے بخوشی و رضا حضرت امیر المومنین عمرؓ بن الخطاب سے کر دیا اور حضرت عمرؓ نے اس نکاح کو سعادت مندی تصور کرتے ہوئے عقیدت مندی کے ساتھ قبول فرمایا۔

یہ رشتہ ان دونوں حضرات کے باہمی حسنِ تعلقات کی بڑی مضبوط دلیل ہے اور "رُحَمَاءُ بَیْنَھُمْ" (فرمانِ خداوندی) کے لیے واضح نشان ہے۔ اور ایسے دلائلِ واضحہ کو نہ تسلیم کرنا اور پھر بھی ان حضرات کی باہم دشمنی و عداوت کا تصوّر قائم رکھنا عدل و انصاف کے خلاف ہے اور قرآنِ مجید و حدیث و تاریخ کو پسِ پُشت ڈال دینے کے مترادف ہے[1]

---

[1] (حاشیہ) رفعِ اشتباہ

عام قارئینِ کرام کی خدمت میں با ادب عرض ہے کہ یہ "رفعِ اشتباہ" خاص علمی نوعیت کا ہے۔

(حاشیہ)

۲۔ عبارات کا ترجمہ بھی مصلحتاً پیش نہ ہو سکے گا۔ رنجیدگی نہ فرمائیں اور کبیدہ خاطر نہ ہوں۔

—— محمد باقرؒ کی طرف منسوب شدہ بعض روایات میں ایک واقعہ (ذھاب اُمِّ کلثوم بہ بیت عمرؓ بن الخطاب) نقل کیا جاتا ہے۔ اس سے حضرت فاروقِ اعظمؓ پر طعن قائم کرنے والے بزرگ مزید ایک طعن کا اضافہ کرتے ہیں (اگرچہ ساتھ ہی حضرت علیؓ اور معصومہ کی عزت و وقار مجروح ہو جائے) اس چیز کی کچھ پرواہ نہیں کرتے اور باطنی بغض و کینہ کا اظہار کرتے ہوئے قبیح عبارات کی شکل میں اس کو پھیلاتے ہیں۔

اس کے متعلق چند توضیحاتِ مفیدہ عرضِ خدمت ہیں:۔

(۱) —— اولاً تحریر ہے کہ محدثین میں یہ امر متداول ہے کہ ایک واقعہ کو متعدد مرویات سے ملاحظہ کرنے کے بعد اصل حقیقت پر اطلاع یاب ہوتے ہیں۔ اس طریق سے اصل چیز کا نشیب و فراز نقص و ازدیاد عیاں ہو جاتا ہے۔

چنانچہ مسئلہ ہذا میں یہ صورت اختیار کرنے سے واضح ہوا ہے کہ من جانب الرواۃ یہاں ادراج فی الروایۃ پایا گیا ہے۔ اس کے لیے قرینہ درکار ہو تو طبقات ابنِ سعد کی روایت اُمِّ کلثوم بنتِ علیؓ کے تذکرہ میں موجود ہے اس کی جانب مراجعت کی جا سکتی ہے۔ جس کا ضروری حصہ یہاں بیان کیا جاتا ہے۔ واقعہ کی اصلیت اس سے خوب واضح ہے:۔ تذکرہ اُمِّ کلثوم بنتِ علی میں ابن سعد نے ذکر کیا ہے کہ:

.... فامر بھا علیٌّ فصنّعت ثم امر ببرد فطواہ وقال انطلقی بھٰذا الی امیر المؤمنین فقولی ارسلنی ابی یقرأک السلام ویقول ان رضیت البرد فامسکہ وان سخطہ فردّہ فلمّا اتت عمرؓ قال بارک فیکِ وفی ابیکِ قد رضینا قال فرجعت الی ابیھا فقالت ما نشر البرد ولا نظر الّا الیّ فزوّجھا ایّاہ فولدت لہ غلامًا یقال

(بقیہ حاشیہ)

لَہٗ زَیْدٌ ۔ (طبقات ابن سعد، ج ۸ ص ۳۴۰ تذکرہ اُمِّ کلثوم بنتِ علیؓ

طبع لیدن یورپ ۔ابن سعد المتوفی سنہ ۲۳۰/۲۳۵ھ)

اس روایت کے ذریعہ معلوم ہُوا کہ اصل چیز اتنی ہی ہے جو یہاں بیان ہوئی ہے ۔اور اس واقعہ کو منکر الفاظ و قبیح عبارات کی صورت میں جہاں کسی نے ذکر کیا ہے وہ مدرج من الرواۃ ہے۔

(۲) ثانیاً عرض ہے کہ اس واقعہ کی بیان کنندہ روایات جن میں قبیح تعبیر پائی جاتی ہے، یہ اسناداً منقطع و متناً شاذ روایات ہیں اور امام محمد باقرؒ کی طرف منسوب ہیں اور جو روایات مندرجہ بالا اصل مسئلہ ہٰذا کے اثبات کے لیے ہم نے پیش کی ہیں وہ بھی امام محمد باقرؒ سے ہی مروی ہیں اور ان میں منکر الفاظ اور قبیح عنوان بالکل نہیں تو اس صورت میں یہاں وہ ضابطہ ملحوظ رکھنا ہوگا جو علماء کبار نے ایسے مواقع کے لیے درج کیا ہے۔

ابن حجر مکی الہیثمیؒ نے اپنی کتاب الزواجر عن اقتراف الکبائر ص ۲۸ تحت الکبیرۃ الاُولیٰ باب الاوّل فی الکبائر الباطنۃ میں ذکر کیا ہے اور اسی قاعدہ کو علّامہ ابن عابدین الشامی نے بھی رد المحتار (حاشیہ در المختار) جلد ثالث ص ۴۴۴، باب المرتد میں نقل کیا ہے۔ ضابطہ یہ ہے کہ

"واذا اختلف کلام الامام فیؤخذ بما یوافق الادلۃ الظاہرۃ ویعرض عما خالفہا"

"یعنی جب کسی امام کے بیان میں اختلاف پایا جائے تو جو امر ان بزرگوں کی امانت، دیانت تقویٰ کے ملائم و مناسب ہوگا وہ قابلِ تسلیم ہوگا اور جو اس کے معارض ہوگا وہ لائق اعراض و اغماض ہوگا۔

(۳) ثالثاً، معروض ہے کہ علمائے اصولِ حدیث، ہمچوں قسم متقابل و متعارض روایات کے موقعہ پر

ایک ضابطہ بیان کیا کرتے ہیں کہ جو روایت عقل اور عادت کے موافق پائی جائے وہ لائق قبول ہوتی ہے اور جو عقل اور عادت کے برعکس ہو وہ قابلِ اعتناء نہیں ہوتی ذیل کی عبارات اس کے لیے ملاحظہ فرما دیں ۔ابنِ عراق کنانی نے کتاب تنزیہ الشریعۃ المرفوعہ میں روایت کے بے اصل ہونے کے قرائن میں درج کیا ہے ۔فرماتے ہیں :۔

"ومنہا قرینۃ فی المروی لمخالفتہ لمقتضی العقل بحیث لا یقبل التاویل ویلتحق بہ ما یدفعہ الحس والمشاہدۃ او العادۃ وکمنافاتہ لدلالۃ الکتاب القطعیۃ او السنۃ المتواترۃ او الاجماع القطعی۔"

(تنزیہ الشریعۃ المرفوعہ لعلی بن محمد بن عراق الکنانی المتوفیٰ سنہ ۹۶۳ھ، ص ۶، طبع مصری)

(۴) رابعاً مذکور ہے کہ امام باقرؒ کی طرف منسوب شدہ یہ روایات ہیں جن میں منکر الفاظ پائے جاتے ہیں اور شیعہ مجتہدین نے معتبر و مستند روایات کے ذریعہ ثابت کیا ہے کہ امام محمد باقرؒ کی مرویات میں تدلیس و تخلیط ہو چکی ہے جو چیزیں امام باقرؒ نے نہیں بیان کی تھیں وہ ان کی طرف منسوب کی گئی ہیں اور ناگفتہ چیزوں کا ان پر افتراء کیا گیا ہے۔ رجال کشی اور مامقانی میں ہے :۔

عن الصادق علیہ السّلام ان لکل رجل منا رجل یکذب علیہ وعنہ ان المغیرۃ بن سعید دسّ فی کتب اصحاب ابی احادیث لم یحدّث بہا ابی فاتقوا اللّٰہ ولا تقبلوا علینا ما خالف قول ربنا وسنّۃ نبیّنا" (۱) رجال کشی، ص ۱۴۶، طبع بمبئی تذکرہ مغیرہ، ص ۱۹۵ طبع جدید طہران)۔

(۲) تنقیح المقال لعبد اللّٰہ المامقانی ص ۱۷۴ المقام الثالث من المقدمہ

(بقیہ حاشیہ) ایک فہمیدہ شخص اور غیر جانبدار آدمی غور کر سکتا ہے کہ یہ اندرونِ خانہ واقعہ کی اِطّلاع بیرونِ خانہ کس طرح افشاء ہوئی ؟ دو ہی صورتیں ہو سکتی ہیں عزیزہ معصومہ اُمِ کلثوم کی تبیین کے ذریعہ یا امیر المؤمنین عمر فاروقؓ کے اِنباء و اِخبار کے طریقہ سے ۔ یہ دونوں صُورتیں فہم و قیاس اور عادت کے خلاف ہیں ۔ لہٰذا قیاس و عادت کے متضاد ہونے کی بنا پر بھی یہ روایت بے اصل ثابت ہوگی اور قابلِ رد ہوگی ۔

کَمْ مِّنْ قِصَّةٍ اِخْتَرَعُوْهَا وَكَمْ مِنْ وَقَاحَةٍ نَسَبُوْهَا اِلَيْهِ وَ اِنَّهٗ بَرِیْءٌ مِنْهَا ۔ وَ الْقُرْاٰنُ يَشْهَدُ بدينهم وديانتهم وصلاحهم ۔

وَ اَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَ كَانُوْا اَحَقَّ بِهَا وَ اَهْلَهَا وَ كَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا (سُورۃ الفتح)

(۵) ۔ خامساً علی سبیل التنزّل لکھا جاتا ہے اگر بالفرض والتقدیر بنا بر زعمِ طاعنین اس قصّہ کو کوئی شخص تسلیم بھی کرلے تو وہ الزاماً کہہ سکتا ہے کہ :

ع ایں گناہیست کہ در شہرِ شما نیز کنند

یعنی اس قسم کے امر کا سرزد ہونا تو جناب مستطاب علی المرتضیٰ کی ذاتِ گرامی سے آپ کی کتابوں میں آپ کے علماء نے باسند ذکر کیا ہے ۔ شیعی دنیا کے مشہور عالم اپنی تصنیف "قُرب الاسناد" میں اپنی سند سے لکھتے ہیں کہ :

". . . . عن جعفر عن ابیہ علیہ السلام عن علی علیہ السّلام اِنَّهٗ كَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّبْتَاعَ الْجَارِيَةَ يَكْشِفُ عَنْ سَاقِهَا فَيَنْظُرُ اِلَيْهَا "

(کتاب قرب الاسناد لعبد اللہ بن جعفر الحمیری، ص ۴۹ تحت مرویات الحسین بن علوان ۔ طبع طہران)

(بقیہ حاشیہ)

دوستوں کو اختیار ہے جو چاہیں جواب مرتب فرماتے رہیں ۔ ہمارے نزدیک نہ یہ چیز صحیح ہے نہ وہ واقعہ صحیح ہے ۔ ان حضرات کے ورع و تقویٰ کی بے داغ چادر کو داغدار کرنے کی یہ سب تجویزیں ہیں ۔ "خُذْ مَا صَفَا وَدَعْ مَا كَدَرَ" پر عمل کرنے کی اللہ تعالیٰ سب کو توفیق نصیب فرماتے ۔ (منہ)

اُمِّ کلثوم بنتِ علی المرتضیٰؓ کا رشتہ فاروقِ اعظمؓ کے ساتھ علماءِ اَنساب و تراجم کی نظروں میں

اہلِ علم حضرات جانتے ہیں کہ "علمِ اَنساب" فنِ تاریخ کا ایک مستقل شعبہ ہے اور اَنساب کی کتب علمائے فن نے الگ تدوین کی ہیں ۔ ان میں خاندانوں کے نسب اور شجرے و دیگر متعلقہ کوائف ذکر کیے جاتے ہیں ۔ ایک خاندان کی رشتہ داریاں جو دوسرے خانوادہ سے ہوں وہ بھی ذکر کی جاتی ہیں ۔

اور یہ بھی مسلّم امر ہے کہ علمِ اَنساب کی کتابیں مذہبی عقائد کی بنا پر یا مذہبی رجحانات کے تحت نہیں تحریر کی جاتیں بلکہ صرف قوموں کے تاریخی وقائع و احوال کے پیشِ نظر لکھی جاتی ہیں لہٰذا اگر ایک واقعہ کو اور خاندانی رشتہ کو یہ تمام مشہور مشہور لوگ ذکر کرتے ہیں تو وہ واقعہ ایک حقیقت ہے جو اس دَور میں گزری ہے ۔ فرضی افسانہ یا خود ساختہ قصہ نہیں ۔

لہٰذا ہم چاہتے ہیں کہ حضرت علیؓ کی صاحبزادی اُمِّ کلثوم کے نکاح کا واقعہ علماءِ اَنساب کے بیانات کی روشنی میں اور ان کی عبارات کی شکل میں بغیر کسی تبصرہ اور تشریح کے پیش

کردیں۔ تاکہ عام وخاص تمام لوگوں کو اس رشتہ کے صحیح اور درست ہونے کی تصدیق ہوجائے اور کسی اشتباہ کی گنجائش نہ رہے۔

اب ایک خاص ترتیب کے تحت کتبِ انساب سے ہم اس مسئلہ کو پیش کرتے ہیں۔ سردست علمِ انساب کی پانچ عدد کتب سے یہ رشتہ نقل کیا جاتا ہے۔

(اوّل)

کتاب "نسب قریش" (لابی عبداللہ المصعب بن عبداللہ الزبیری المتوفی ۲۳۶ھ) میں حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی اولاد کے شمار کے تحت لکھا ہے کہ

(۱) - وَ زَيْنَبُ اِبْنَةُ عَلِيٍّ الْكُبْرٰى وَلَدَتْ لِعَبْدِ اللهِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ ۔

(۲) وَ اُمُّ كُلْثُوْمِ الْكُبْرٰى وَلَدَتْ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَ اُمُّهُمْ فَاطِمَةُ بِنْتُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "

(کتاب نسب قریش ص۴۵ تحت ولد علی بن ابی طالب۔ طبع مصر)۔

یعنی حضرت علیؓ کی لڑکی زینب کبریٰ کے بطن سے عبداللہ بن جعفر کی اولاد ہوئی اور اُمِّ کلثوم کبریٰ کے بطن سے حضرت عمرؓ بن الخطاب کا بچہ تولد ہوا۔ ان ہر دو کی ماں سیّدہ فاطمہؓ حضور نبی کریم صلعم کی صاحبزادی تھیں"

(دوم)

کتاب المحبّر (لابی جعفر محمد بن حبیب بن امیّہ بن عمرو الہاشمی البغدادی المتوفی ۲۴۵ھ) میں یہ رشتہ مندرجہ ذیل عبارات میں منقول ہے۔

اصہارِ علی بن ابی طالب کے تحت نمبر دوم پر درج ہے کہ:

—— وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَحِمَهُ اللهُ كَانَتْ عِنْدَهُ اُمُّ كُلْثُوْمِ بِنْتُ عَلِيٍّ ثُمَّ خَلَفَ عَلَيْهَا عَوْنٌ ثُمَّ مُحَمَّدٌ ثُمَّ عَبْدُ اللهِ بَنُوْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ "

(۱) کتاب المحبّر، ص ۵۶، تحت اصہارِ علی، طبع دکن،

(۲) کتاب المحبّر، ص ۴۳۷۔ طبع حیدر آباد دکن۔

"یعنی حضرت علی المرتضیٰؓ کے جہاں داماد شمار کیے ہیں وہاں نمبر دوم پر عمرؓ بن الخطاب کو شمار کیا ہے لکھا ہے کہ ان کے نکاح میں اُمِّ کلثوم بنت علیؓ تھیں اس کے بعد عون بن جعفر کے نکاح میں آئیں۔ اس کے بعد محمد بن جعفر کے نکاح میں آئیں۔ اس کے بعد عبداللہ بن جعفر کے نکاح میں آئیں"

—— حضرت عمر بن الخطابؓ کے اصہار کے تحت تیسرے نمبر پر لکھا ہے کہ:

"اِبْرَاهِيْمُ بْنُ نُعَيْمِ النَّحَّامِ الْعَدَوِيُّ كَانَتْ عِنْدَهُ رُقَيَّةُ بِنْتُ عُمَرَ وَ اُمُّهَا اُمُّ كُلْثُوْمِ بِنْتِ عَلِيٍّ "

"یعنی حضرت عمرؓ کے دامادوں کا شمار کرتے ہوئے تیسرے نمبر پر ذکر کیا ہے کہ ابراہیم بن نعیم کے نکاح میں رقیہ بنت عمرؓ بن الخطاب تھیں اور اس کی ماں اُمِّ کلثوم بنت علیؓ المرتضیٰ تھیں"

(۳) کتاب المحبّر، ص ۵۴، ۱۰۱ تحت اصہار عمرؓ، طبع حیدر آباد دکن)

(سوم)

کتاب "المعارف" لابن قتیبہ الدینوری المتوفی ۲۷۶ھ (ابو محمد بن عبداللہ بن مسلم بن قتیبہ دینوری) میں حضرت علیؓ المرتضیٰ کی صاحبزادیوں کی تعداد کے تحت مذکور ہے کہ:

(۱) - وَ اَمَّا اُمُّ كُلْثُوْمِ الْكُبْرٰى وَهِيَ بِنْتُ فَاطِمَةَ فَكَانَتْ عِنْدَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ

وَلَدَتْ لَهُ وَلَدًا قَدْ ذَكَرْنَاهُمْ"

یعنی حضرت علیؓ کی لڑکی اُمِّ کلثوم کبریٰ، یہ حضرت فاطمہؓ کی لڑکی تھی عمر بن الخطاب کے نکاح میں تھی۔ عمر بن الخطاب کی اس سے اولاد بھی ہوتی، اس کو ہم نے ذکر کیا ہے"

("المعارف" لابن قتیبہ دینوری، ص ۹۲ - طبع مصر۔
تحت عنوان بنات علی المرتضیٰؓ)

(۲) ۔ اور حضرت عمرؓ کی اولاد کے تذکرہ میں بھی تحریر کیا ہے کہ:

"..... فَاطِمَةَ وَزَيْدًا وَأُمُّهُمَا أُمُّ كُلْثُومٍ بِنْتَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ مِنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ"

"یعنی حضرت عمرؓ کی اولاد میں فاطمہ اور زید ہیں۔ ان دونوں کی ماں حضرت علیؓ کی لڑکی اُمِّ کلثوم ہیں جو فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کی صاحبزادی تھیں"

("المعارف" لابن قتیبہ ص ۷۹-۸۰ - طبع مصر
تحت اولاد عمرؓ بن الخطاب)

—— یاد رہے کہ ابن قتیبہ نے یہاں لکھا ہے کہ اس فاطمہ بنت عمرؓ کو رقیہ بنت عمرؓ بھی کہا گیا ہے۔ فاحفظہ۔

(چہارم)

کتاب "انساب الاشراف" (لاحمد بن یحییٰ البلاذری المتوفی ۲۷۹ھ) میں درج ہے کہ

"...... وابراهيم بن نُعَيم النحام بن عبد الله العدوى....
...كَانَتْ عِنْدَهُ رُقَيَّةُ بِنْتُ عُمَرَ أُخْتُ حَفْصَةَ لِأَبِيهَا وَأُمُّهَا أُمُّ كُلْثُومٍ بِنْتُ عَلِيٍّ"

"یعنی ابراہیم بن نُعیم کے نکاح میں حضرت عمرؓ کی لڑکی رقیہ تھیں جو حضرت اُمّ المومنین حفصہ کی بہن ہیں اور ان کی ماں ام کلثوم دختر علیؓ ہیں۔

(۱) (کتاب انساب الاشراف (البلاذری) ص ۴۲۸
جلد اوّل، طبع مصر۔ طبع جدید (سن طباعت ہذا ۱۹۵۹ء)

(۲) کتاب الثقات لابن حبان، ص ۱۴۴، ج ۲ تحت بنات رسول اللہ علیہ وسلم۔

(پنجم)

کتاب "جمہرۃ الانساب" لابن حزم (ابی محمد علی بن احمد بن سعید بن حزم الاندلسی المتوفی ۴۵۶ھ) میں حضرت علیؓ کی اولاد کے تحت لکھا ہے کہ:-

"...... وَتَزَوَّجَ أُمَّ كُلْثُومٍ بِنْتَ عَلِيٍّ الْمُرْتَضَى بِنْتَ بِنْتِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَوَلَدَتْ لَهُ زَيْدًا لَمْ يُعَقِّبْ وَرُقَيَّةَ ثُمَّ خَلَفَ عَلَيْهَا بَعْدَ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَوْنُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ثُمَّ خَلَفَ عَلَيْهَا بَعْدَهُ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ثُمَّ خَلَفَ عَلَيْهَا بَعْدَهُ عبد الله بن جعفر بن ابی طالب بَعْدَ طَلَاقِهِ لِأُخْتِهَا زَيْنَبَ"۔

نوٹ باقی روایات حضرت عمرؓ سے ام کلثوم کے متعلق حوالہ ملاحظہ ہو کتاب ھذا کا ص ۲۸۶

(جمہرۃ انساب العرب لابن حزم ص ۳۷-۳۸ تحت اولاد علیؓ - طبع مصری - جدید طبع)

"مطلب یہ ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی کی صاحبزادی اُمِّ کلثوم دختر علی المرتضیٰؓ کے ساتھ حضرت عمر فاروقؓ نے نکاح کیا۔ پس حضرت عمرؓ کی ان سے اولاد ہوئی، ایک لڑکا زید ہوا جن کی نسل آگے نہیں چلی، اور لڑکی رقیہ ہوئی۔ پھر حضرت عمرؓ کی وفات کے بعد اُمِّ کلثوم کا نکاح عون بن جعفر سے ہوا۔ پھر عون کے بعد محمد بن جعفر سے ہوا۔ پھر محمدؒ کے بعد ان کے بھائی عبداللہ بن

جعفر سے ہُوا جبکہ عبداللہ نے ان کی بہن زینب کو طلاق دے دی تھی"۔

"امرِ ثانی"

مشتمل بر چند فوائد

امرِ اوّل میں اُمِّ کلثوم بنت علی المرتضیٰ کے نکاح کا مسئلہ اہل السنت والجماعت کی کتابوں سے اور ائمہ کرام کی مرویات سے لکھا گیا ہے اور اس پر صرف چند روایات پیش کی گئی ہیں ورنہ مسئلہ ہٰذا کے اثبات کے لیے باسند حوالہ جات کا ایک ذخیرہ موجود ہے ان میں بخاری شریف کتاب الجہاد، باب حمل النساء القرب الی الناس فی الغزوہ کا حوالہ بھی داخل ہے۔ اور ساتھ ہی علماءِ انساب کی طرف سے بھی اس رشتہ کی توثیقات درج کر دی ہیں تاکہ اس مسئلہ کا تاریخی پہلو بھی مضبوط طریقہ سے سامنے آجائے۔

اب امرِ ثانی میں چند دیگر ضروری فوائد تحریر کیے جاتے ہیں جو قارئین کرام کی معلومات میں اضافہ کا کام دیں گے اور اطمینانِ قلبی کے لیے افادہ کا باعث بنیں گے۔

فائدہ اُولیٰ

فائدہ ہٰذا میں حضرت سیّدنا امیر المومنین عمر بن الخطاب کا نکاح حضرت سیّدنا علی المرتضیٰؓ کی صاحبزادی اُمِّ کلثوم (جو حضرت فاطمۃ الزہراؓ کے بطنِ مبارک سے متولد تھیں) کے ساتھ شیعہ احباب کی معتبر کتابوں سے درج کیا جاتا ہے گا۔

اِس طریقہ سے شیعہ ناظرینِ کرام کے لیے بھی اس مسئلہ میں اطمینان کا سامان ہو سکے گا جیسا کہ سابقاً امرِ اوّل میں اہل السنۃ کے لیے تسکین کی صورت کر دی گئی ہے۔

شیعہ احباب کے نزدیک چار کتب (جن کو "اصولِ اربعہ" کے نام سے یاد کرتے ہیں) تمام کتب سے زیادہ معتمد و معتبر و مُستند یقین کی جاتی ہیں۔

(۱) "الکافی" از محمد بن یعقوب الکلینی الرازی المتوفی ۳۲۹ھ،

(۲) "من لایحضرہ الفقیہ" از الشیخ الصدوق ابوجعفر محمد بن علی بن بابویہ القمی المتوفی ۳۸۱ھ

(۳) "الاستبصار" از ابوجعفر محمد بن حسن الطوسی "شیخ الطائفہ"، المتوفی ۴۶۰ھ۔

(۴) "تہذیب الاحکام" " " " " " " -

ان اصول اربعہ میں "من لایحضرہ الفقیہ" کے بغیر باقی ہر سہ کتب میں اُمِّ کلثوم بنتِ علیؓ کے نکاح کا مسئلہ مذکور ہے اور "ائمہ معصومین" کے باسند اقوال کے ساتھ مذکور ہے۔ لہٰذا تفصیل کے ساتھ ہم ہر ایک روایت کو پہلے ان کے اُصول کی کتابوں سے نقل کرتے ہیں۔ بعد ازاں ان کے ہر دَور کے معتبر علماء و مجتہدین کے حوالہ جات ذکر کریں گے اور کثرتِ حوالہ جات سے ناظرین کبیدہ خاطر نہ ہوں، اصل مسئلہ کو پختہ کرنے کے لیے یہ تجویز کی جا رہی ہے۔

(۱)

۱۔ الکافی کی روایتِ اوّل

"۔ ۔ ۔ ۔ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ اَبِی عبدِاللّٰہ علیہ السّلام قَالَ لَمَّا خَطَبَ اِلَيْهِ قَالَ لَهٗ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ اِنَّهَا صَبِيَّةٌ قَالَ فَلَقِيَ الْعَبَّاسَ فَقَالَ لَهٗ مَالِیْ اَبِیْ بَأْسٌ؟ فَقَالَ وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ خَطَبْتُ اِلَى ابْنِ اَخِيْكَ فَرَدَّنِيْ اَمَا وَاللّٰهِ لَاُعَوِّرَنَّ زَمْزَمَ وَلَا اَدَعُ لَكُمْ مَكْرُمَةً اِلَّا هَدَمْتُهَا وَلَاُقِيْمَنَّ عَلَيْهِ شَاهِدَيْنِ بِاَنَّهٗ سَرَقَ وَلَاَقْطَعَنَّ يَمِيْنَهٗ فَاَتَاهُ الْعَبَّاسُ فَاَخْبَرَهٗ وَسَاَلَهٗ اَنْ يَجْعَلَ الْاَمْرَ اِلَيْهِ فَجَعَلَهٗ اِلَيْهِ"

"یعنی امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ جب عمرؓ بن الخطاب نے حضرت علیؓ کی طرف ان کی لڑکی کا خطبہ کیا (اور رشتہ طلب کیا) تو حضرت علیؓ نے کہا یہ ابھی چھوٹی بچی ہے۔ پھر عمرؓ بن الخطاب عبّاس بن عبدالمطلب کو

ملے، ان کو کہا کہ کیا مجھ میں کوئی عیب ہے؟ انہوں نے کہا کہ کیا بات ہے؟ تو عمرؓ بن الخطاب نے کہا کہ میں نے تیرے بھتیجے سے ان کی لڑکی کا رشتہ طلب کیا ہے، اس نے میری بات کو لوٹا دیا اور رد کر دیا ہے۔

خبردار! بطورِ قسم کہتا ہوں کہ ماءِ زمزم کا عہدہ تم سے لے لوں گا۔ تمہاری ہر عزت و احترام کو گرا دوں گا اور چوری پر دو گواہ قائم کر کے ان کے ہاتھوں کو کٹوا دوں گا۔ پھر عباسؓ حضرت علیؓ کے پاس آئے ان کو تمام ماجرا بیان کیا اور حضرت علیؓ کو کہا کہ اس عزیزہ کے نکاح کی اجازت کا معاملہ آپ میرے سپرد کر دیں۔ پس حضرت علیؓ نے یہ کام حضرت عباسؓ کے حوالہ کر دیا۔ (تاکہ وہ سرانجام دے دیں)"

(فروع کافی، ج ۲ ص ۱۴۱۔ طبع نول کشور لکھنؤ۔ کتاب النکاح باب تزویج اُمّ کلثوم)

(۲)

۲ - الکافی کی روایتِ دوم

"...... حَمَّادٌ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ فِیْ تَزْوِیْجِ اُمِّ کُلْثُوْمٍ فَقَالَ اِنَّ ذَالِکَ ......"

(خیال یہ ہے کہ روایت ہٰذا کا ترجمہ نہ دیا جائے، صرف عربی عبارت کافی ہے)

"امام جعفر صادقؒ نے (جبکہ تزویج اُمّ کلثوم بنتِ علیؓ کے متعلق کلام ہوتی) تو کہا کہ ....

............"

(فروع کافی، ج ۲ ص ۱۴۱، کتاب النکاح، باب تزویج اُمّ کلثوم۔ طبع نول کشور لکھنؤ)

(۳)

۳ - الکافی کی روایتِ سوم

"...... عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ سِنَانٍ وَمُعَاوِیَۃَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ قَالَ سَاَلْتُہٗ عَنِ الْمَرْاَۃِ الْمُتَوَفّٰی عَنْہَا زَوْجُہَا تَعْتَدُّ فِیْ بَیْتِہَا ؟ اَوْ حَیْثُ شَاءَتْ ؟ قَالَ بَلْ حَیْثُ شَاءَتْ، اِنَّ عَلِیًّا صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْہِ لَمَّا تُوُفِّیَ عُمَرُ اَتٰی اُمَّ کُلْثُوْمٍ فَانْطَلَقَ بِہَا اِلٰی بَیْتِہٖ"

(فروع کافی، جلد ثانی ص ۳۱۱، باب المتوفّٰی عنہا زوجہا۔ طبع نول کشور لکھنؤ)

(۴)

۴ - الکافی کی روایت چہارم

"عن سلیمان بن خالد قال سَاَلْتُ اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ عَنْ امْرَاَۃٍ تُوُفِّیَ عَنْہَا زَوْجُہَا اَیْنَ تَعْتَدُّ ؟ فِیْ بَیْتِ زَوْجِہَا اَوْ حَیْثُ شَاءَتْ ؟ قَالَ بَلْ حَیْثُ شَاءَتْ۔ ثُمَّ قَالَ اِنَّ عَلِیًّا صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْہِ لَمَّا مَاتَ عُمَرُ اَتٰی اُمَّ کُلْثُوْمٍ فَاَخَذَ بِیَدِہَا فَانْطَلَقَ بِہَا اِلٰی بَیْتِہٖ"

(فروع کافی، ج ۲ ص ۳۱۱۔ باب المتوفی عنہا زوجہا المدخول بہا اَیْن تعتد وما یجب علیہا طبع نولکشور لکھنؤ)

کافی کی تیسری و چوتھی روایت کا حاصل یہ ہے کہ:

"روایت کرنے والا امام جعفر صادقؒ سے مسئلہ دریافت کرتا ہے کہ جس عورت شادی شدہ کا خاوند فوت ہو جائے تو وہ عورت عدّت کے ایام کہاں گزارے؟ فوت شدہ خاوند کے گھر میں یا جہاں چاہے تو امام

علیہ السلام نے جواب دیا کہ جہاں چاہے عدت گزار سکتی ہے (خاوند متوفی کے گھر میں مقیم رہنا ضروری نہیں ہے) اس لیے کہ عمرؓ بن الخطاب جب فوت ہو گئے تو حضرت علی المرتضیٰؓ اپنی دختر اُمّ کلثوم کے پاس تشریف لاتے اور ان کا ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ اپنے گھر لے گئے۔"

(۵)

(۱) "الاستبصار" کی روایت اوّل

"...... عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ عَلَیْهِ السَّلَامُ قَالَ سَأَلْتُهُ عَنِ الْمَرْأَةِ الْمُتَوَفّٰی عَنْهَا زَوْجُهَا تَعْتَدُّ فِیْ بَیْتِهَا اَوْ حَیْثُ شَاءَتْ؟ قَالَ بَلْ حَیْثُ شَاءَتْ اِنَّ عَلِیًّا عَلَیْهِ السَّلَامُ لَمَّا تُوُفِّیَ عُمَرُ اَتٰی اُمَّ کُلْثُوْمٍ فَانْطَلَقَ بِهَا اِلٰی بَیْتِهٖ"

(الاستبصار، جزء ثالث ابواب العدۃ، ص ۱۸۵
مطبع جعفریہ۔ نخاس جدید لکھنؤ۔ طبع قدیم)

(۶)

(۲) "الاستبصار" کی دوسری روایت

"...... عن سلیمان بن خالد قَالَ سَأَلْتُ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ عَلَیْهِ السَّلَامُ عَنِ امْرَأَةٍ تُوُفِّیَ عَنْهَا زَوْجُهَا اَیْنَ تَعْتَدُّ فِیْ بَیْتِ زَوْجِهَا اَوْ حَیْثُ شَاءَتْ؟ قَالَ بَلْ حَیْثُ شَاءَتْ ثُمَّ قَالَ اِنَّ عَلِیًّا عَلَیْهِ السَّلَامُ لَمَّا مَاتَ عُمَرُ اَتٰی اُمَّ کُلْثُوْمٍ فَاَخَذَ بِیَدِهَا فَانْطَلَقَ بِهَا اِلٰی بَیْتِهٖ"

(الاستبصار، جزء ثالث، ص ۱۸۶، ابواب العدۃ
طبع مطبع جعفریہ۔ نخاس جدید لکھنؤ۔ طبع قدیم)

استبصار کی ہر دو روایات کا خلاصہ یہ ہے کہ "امام جعفر صادقؒ سے ان کے شاگردوں (عبداللہ بن سنان۔ معاویہ بن عمار۔ سلیمان بن خالد) نے دریافت کیا کہ جس عورت شادی شدہ کا خاوند فوت ہو جاتے تو وہ بیوہ عورت عدت کے ایام کہاں گزارے؟ متوفی خاوند کے گھر میں یا کسی اور جگہ مقیم رہے؟ تو امام صاحب نے جواب میں فرمایا کہ جہاں چاہے عدت گذار سکتی ہے اس لیے کہ جس وقت عمر بن الخطاب فوت ہو گئے تو حضرت علیؓ المرتضیٰ اپنی لڑکی اُمّ کلثوم کے پاس تشریف لاتے اور اس کا ہاتھ پکڑ کر اس کو اپنے گھر لے گئے۔"

(۷)

(۱) "تہذیب الاحکام" کی پہلی روایت

"... عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قَالَ سَأَلْتُهُ عَنِ الْمَرْأَةِ الْمُتَوَفّٰی عَنْهَا زَوْجُهَا تَعْتَدُّ فِیْ بَیْتِهَا اَوْ حَیْثُ شَاءَتْ؟ قَالَ بَلْ حَیْثُ شَاءَتْ اِنَّ عَلِیًّا لَمَّا تُوُفِّیَ عُمَرُ اَتٰی اُمَّ کُلْثُوْمٍ فَانْطَلَقَ بِهَا اِلٰی بَیْتِهٖ"

(تہذیب الاحکام، ص ۲۳۸۔ کتاب الطلاق باب عدۃ النساء
طبع ایرانی قدیم۔ سن طباعت اندازاً ۱۳۱۶ھ)

(۸)

(۲) "تہذیب الاحکام" کی دوسری روایت

"...... سَأَلْتُ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ عَلَیْهِ السَّلَامُ عَنِ امْرَأَةٍ تُوُفِّیَ عَنْهَا زَوْجُهَا اَیْنَ تَعْتَدُّ فِیْ بَیْتِ زَوْجِهَا اَوْ حَیْثُ شَاءَتْ؟ قَالَ بَلْ حَیْثُ شَاءَتْ ثُمَّ قَالَ اِنَّ عَلِیًّا لَمَّا تُوُفِّیَ عُمَرُ اَتٰی اُمَّ کُلْثُوْمٍ فَاَخَذَ

بِیَدِھَا فَانْطَلَقَ بِھَا اِلٰی بَیْتِہٖ"

(تہذیب الاحکام" ص ۲۳۸ ۔ کتاب الطلاق، باب عِدَّۃُ النِّسَاءِ طبع قدیم ایرانی (سن طباعت ۱۳۱۶ھ)

"تہذیب" کی ان ہر دو روایات کا مطلب یہ ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے ان کے شاگرد دول نے مسئلہ عدت دریافت کیا کہ جس بیاہ شدہ عورت کا زوج فوت ہو جائے وہ عدت کہاں گزارے؟ شوہر کے گھر یا کسی دوسری جگہ؟ تو امام علیہ السلام نے فرمایا کہ جس جگہ چاہے عدت گزار سکتی ہے پھر فرمایا کہ جب حضرت عمرؓ بن الخطاب فوت ہو گئے تو حضرت علیؓ اپنی دختر ام کلثوم کے ہاں تشریف لائے۔ ان کا ہاتھ پکڑ کر اپنے دولتکدہ کی طرف لے گئے۔"

(۹)

(۳) تہذیب الاحکام کی تیسری روایت

"...... عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ مَاتَتْ اُمُّ کُلْثُوْمٍ بِنْتُ عَلِیٍّ وَ ابْنُھَا زَیْدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فِیْ سَاعَۃٍ وَاحِدٍ لَا یُدْرٰی اَیُّھُمَا ھَلَکَ قَبْلُ فَلَمْ یُوَرَّثْ اَحَدُھُمَا مِنَ الْاٰخَرِ وَصُلِّیَ عَلَیْھِمَا جَمِیْعًا۔

(تہذیب الاحکام آخری جلد، کتاب المیراث ص ۳۸۰ ۔ طبع قدیم ایرانی ۔ باب میراث الغرقیٰ والمہدوم علیہم فی وقتٍ واحدٍ۔)

تہذیب کی اس تیسری روایت کا مضمون یہ ہے کہ امام جعفر صادقؑ نے امام محمد باقرؑ سے نقل کیا ہے کہ جب علی المرتضیٰ کی دختر ام کلثوم اور ان کے لڑکے زید ولد عمرؓ بن الخطاب ایک ہی وقت میں فوت ہوتے اور یہ پتہ

نہ چل سکا کہ ان میں سے کون پہلے فوت ہوا ہے تو اس صورت میں ایک کو دوسرے کا وارث نہ بنایا جا سکا۔ اور ان دونوں پر نماز جنازہ ایک ہی وقت میں یکجا ادا کی گئی۔"

"اصولِ اربعہ" کی ان ہر سہ کتب کی باسند نو عدد مرویات کے ذریعہ مندرجہ ذیل اشیاء ثابت ہیں:۔

(۱) ۔ اُمّ کلثوم بنت علی المرتضیٰؓ حضرت عمر فاروقؓ کے نکاح میں تھیں۔

(۲) ۔ حضرت علیؓ نے حضرت عباسؓ کی وساطت سے یہ نکاح کر دیا تھا۔

(۳) ۔ اُمّ کلثوم سے حضرت عمر فاروقؓ کی اولاد بھی ہوئی۔

(۴) ۔ جب حضرت عمرؓ کا انتقال ہوا تو حضرت علیؓ اپنی عزیزہ اُمّ کلثوم کو عدت گزارنے کے لیے اپنے گھر لے گئے۔

(۵) ۔ جس روز اُمّ کلثوم کا انتقال ہوا اسی روز ان کے لڑکے زید بن عمرؓ بن الخطاب کا بھی انتقال ہوا اور ماں بیٹے کا جنازہ بہ یک وقت اٹھایا گیا اور یکجا پڑھا گیا۔"

اس کے بعد شیعہ حضرات کے بانی اکابر علماء و مجتہدین کی معتبر تصانیف سے اس مسئلہ کا ثبوت پیش خدمت کیا جاتا ہے۔

ہر دور کے شیعی علماء نے اس نکاح کو تسلیم کیا ہے لیکن ساتھ ہی یہ تاویل ذکر کر دی ہے کہ یہ رشتہ مجبوراً و مغلوباً ہوا۔

اب ذیل میں چوتھی صدی کے مشہور عالم و مجتہد سید مرتضیٰ علم الہدیٰ، المتوفی ۴۳۶ھ کی تصانیف سے اس مسئلہ پر حوالہ جات نقل کیے جاتے ہیں۔ شیعہ علماء کے نزدیک سید مرتضیٰ علم الہدیٰ متقدمین و متاخرین علماء کے مابین حدِ فاصل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اب ان کے بیانات ملاحظہ فرما دیں:۔

(۱۰)

(۱) - کتاب "الشافی" (جو قاضی عبدالجبار کی کتاب "المغنی" کے جواب میں تصنیف کی گئی تھی) میں سیّد مرتضیٰ علم الہدیٰ لکھتے ہیں :-

" فاما تزویجه بنته فلم یکن ذالک عن اختیار و الخلاف فیه مشهور فان الروایة وردت بان عمر بن الخطاب خطبها الی امیر المومنین فدافعه وما طله فاستدعی عمر العباس فقال مالی أبی بأس ؟ فقال ما حملک علی هذا الکلام فقال خطبت الی ابن اخیک فمنعنی . . . .

. . . فقال العباس رد امرها الی ففعل فزوجه العباس ایاها . . . . الخ "

(کتاب "الشافی" ص ۱۱۶ - مع تلخیص الشافی، قدیم طبع ایرانی، سن طباعت ۱۳۰۱ھ)

حاصل یہ ہے کہ عمرؓ بن الخطاب نے حضرت علیؓ سے ان کی لڑکی کا رشتہ طلب کیا۔ حضرت علیؓ نے ٹال دیا اور ڈھیل کی تو عمرؓ بن الخطاب نے عباس بن المطلب سے کہا کہ مجھ میں کیا عیب ہے ؟ انہوں نے کہا کہ کیا بات ہے ؟ عمرؓ نے کہا کہ میں نے تمہارے بھتیجے سے نکاح طلب کیا ہے اس نے مجھے منع کر دیا ہے . . . . . (آخر کار) عباس نے علی بن ابی طالب سے کہا کہ آپ اس لڑکی کے نکاح کا اختیار مجھے سپرد کر دیں۔ حضرت علیؓ نے ان کو یہ اختیار دے دیا پس عباسؓ نے عمر بن الخطاب سے یہ رشتہ کر دیا "

(۱۱)

(۲) ــ کتاب "تنزیہ الانبیاء" میں سیّد مرتضیٰ علی الہدیٰ نے نکاح امّ کلثوم بنت علیؓ کے

مسئلہ کو مندرجہ ذیل عبارت میں پیش کیا ہے :-

" فامّا انکاحه علیه السلام فقد ذکرنا فی کتابنا الشافی الجواب عن هذا الباب مشروحا وبیّنا انّه علیه السلام ما اجاب عمر الی انکاح بنته علیها السلام الّا بعد توعّد وتهدّد ومراجعة و منازعة الخ "

(کتاب تنزیہ الانبیا للسید الشریف المرتضیٰ علم الہدیٰ، ص ۱۴۱ - ۱۳۸ - طبع ایران)

یعنی حضرت علیؓ کا حضرت عمرؓ کو اپنی لڑکی کا نکاح کر دینا اس مسئلہ کا جواب ہم نے کتاب "شافی" میں پورے بسط و تفصیل سے تحریر کر دیا ہے اور ہم نے واضح کر دیا ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ نے اپنی لڑکی کا رشتہ عمرؓ بن الخطاب کے ڈرانے دھمکانے اور بار بار مراجعت و منازعت کے بعد کیا تھا "

(۱۲)

شارح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید معتزلی شیعی المتوفی ۶۵۶ھ نے اپنی شرح حدیدی میں "نعم الطیب المسک خفیف محمله عطر ریحه" متن کے تحت ایک واقعہ نقل کیا ہے اس میں حضرت علیؓ کی صاحبزادی کا حضرت عمرؓ کے نکاح میں ہونا اظہر من الشمس ہے۔ واقعہ کی عبارت ملاحظہ فرما دیں۔

" وجّه عمر الی ملک الروم بریدا فاشترت امّ کلثوم امرأة عمر طیبا بدنانیر وجعلته فی قارورتین واهدتهما الی امرأة ملک الروم فرجع البرید الیها ومعه ملأ القارورتین جواهر۔ فدخل علیهما عمر وقد صبّت الجواهر فی حجرها فقال من این لک هذا ؟ فاخبرته فقبض علیه وقال هذا

لِلْمُسْلِمِيْنَ قَالَتْ كَيْفَ وَهُوَ عِوَضُ هَدِيَّتِيْ قَالَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكِ اَبُوْكِ ۔ فَقَالَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَكِ مِنْهُ بِقِيْمَةِ دِيْنَارِكِ وَالْبَاقِيْ لِلْمُسْلِمِيْنَ جُمْلَةً لِاَنَّ بَرِيْدَ الْمُسْلِمِيْنَ حَمَلَهُ ۔"

(شرح نہج البلاغہ حدیدی، ص ۵۷۵-۵۷۶ ج ۴

طبع بیروت، سن طباعت ۱۳۷۵ھ / ۱۹۵۶ء ۔

یعنی عمرؓ بن الخطاب ایک دفعہ رُوم کے بادشاہ کی طرف ایک ایلچی روانہ کرنے لگے تو ان کی بیوی اُمِّ کلثوم نے چند دینار کی خوشبُو خرید کر دو شیشیوں میں ڈالی اور بادشاہِ رُوم کی عورت کی طرف پیغام رساں کے بدست تحفۃً ارسال کر دی ۔ جب پیغام رساں واپس آیا تو اس خوشبُو کے عوض میں دونوں شیشیاں جواہر سے پُر شدہ لاکر حضرت عمرؓ کے گھر پہنچا دیں اب عمرؓ بن الخطاب گھر داخل ہوئے تو ان کی زوجہ (اُمِّ کلثوم) جواہر کو گود میں لیے بیٹھی تھی ۔ عمرؓ نے کہا کہ یہ جواہر کہاں سے حاصل کیے ہیں ؟ اُمِّ کلثوم نے تمام قصّہ بیان کر دیا ۔ عمرؓ بن الخطاب نے جواہر کو قبضہ میں لے لیا اور فرمایا کہ یہ تو تمام مسلمانوں کے ہیں ۔ اُمِّ کلثوم نے کہا کہ وہ کس طرح ؟ یہ تو میرے ہدیہ کے عوض میں آتے ہیں ۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ میرے اور تیرے درمیان جو تیرا باپ (علی بن ابی طالب) فیصلہ کر دے وہ معتبر ہوگا ۔ پھر حضرت علیؓ نے فیصلہ دیا کہ اے اُمِّ کلثوم اس تحفہ کی خریداری میں جس قدر تیرے درہم و دینار خرچ ہوئے تجھے جواہر سے تو اتنی مقدار لے سکتی ہے ۔ باقی جواہر تمام مسلمانوں (یعنی بیت المال) کے لیے ہیں اس لیے کہ عامۃ المسلمین کا ایلچی ان کو اٹھا کر لایا ہے ۔"

واقعہ ہٰذا کے فوائد

(۱) ۔ ایک تو اُمِّ کلثوم بنتِ علیؓ کا حضرت عمر فاروقؓ کے نکاح میں ہونا ثابت ہے ۔

(۲) ۔ دوسرے حضرت علی المرتضیٰؓ اس رشتہ داری پر راضی تھے ناراض نہیں تھے ۔

(۳) تیسرے اپنی عزیزہ کے پاس حضرت عمر فاروقؓ کے گھر میں آمد و رفت رکھتے تھے ۔

(۴) چوتھے حضرت عمرؓ کے خانگی واقعات میں بھی حضرت علیؓ شامل رہتے تھے ۔ یہ واقعہ ان حضرات کے لیے باہمی صفائی معاملات اور حُسنِ تعلقات کی روشن دلیل ہے ۔

(۱۳)

شیعہ حضرات کے مشہور و معروف محقق الحلّی المتوفّی ۶۷۶ھ نے فقہ جعفری کے لیے ایک متن "شرائع الاسلام" کے نام سے مدوّن کیا تھا ۔ اس متن کے "کتاب النکاح" لواحق العقد میں لکھا ہے :

"وَيَجُوْزُ نِكَاحُ الْحُرَّةِ الْعَبْدَ وَالْعَرَبِيَّةِ الْعَجَمِيَّ وَالْهَاشِمِيَّةِ غَيْرَ الْهَاشِمِيِّ ۔"

"یعنی آزاد عورت کا مرد غلام کے ساتھ اور عربی عورت کا عجمی مرد کے ساتھ اور ہاشمی عورت کا غیر ہاشمی مرد کے ساتھ نکاح درست و صحیح ہے ۔"

شیعہ بزرگوں کے شیخ زین الدین احمد العاملی المعروف الشہید الثانی نے ۹۶۴ھ میں مذکور متن "شرائع الاسلام" کی "مسالک الافہام" کے نام سے نہایت معتبر شرح لکھی ہے ۔ شرح ہٰذا میں مندرجہ بالا عبارت کے تحت اُمِّ کلثوم بنتِ علیؓ کے نکاح کا مسئلہ صراحۃً درج ہے ۔ "یہ فقہ جعفری" کا متفقہ و مجمع علیہ مسئلہ ہے، کوئی اختلافی مسئلہ نہیں ہے ۔ ناظرین کے افادہ کے لیے اس مقام کی عربی عبارت و ترجمہ پیشِ خدمت کیا جاتا ہے ۔ متن مذکورہ شرح دونوں کے ملاحظہ کرنے کے بعد اس مسئلہ کا خود فیصلہ فرما دیں ۔ بعد کے کسی مجتہد

صاحب کی تاویل و توجیہ کی حاجت نہ رہے گی ۔

علامہ محقق الحلّی کے متن مذکور کی دلیل بیان کرتے ہوئے "الشہید الثانی" تحریر کرتے ہیں :-

"وَزَوَّجَ النَّبِیُّ اِبْنَتَہٗ عُثْمَانَ ، وَزَوَّجَ اِبْنَتَہٗ زَیْنَبَ بِاَبِی الْعَاصِ بْنِ الرَّبِیْعِ وَلَیْسَا مِنْ بَنِیْ هَاشِمٍ وَکَذَالِكَ زَوَّجَ عَلِیٌّ اِبْنَتَہٗ اُمَّ کُلْثُوْمٍ مِنْ عُمَرَ وَتَزَوَّجَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ فَاطِمَةَ بِنْتَ الْحُسَیْنِ وَتَزَوَّجَ مُصْعَبُ بْنُ الزُّبَیْرِ اُخْتَهَا سَکِیْنَةَ وَکُلُّهُمْ مِنْ غَیْرِ بَنِیْ هَاشِمٍ"

("مسالک الافہام" شرح "شرائع الاسلام" کتاب النکاح باب لواحق العقد، جلد اوّل مطبوعہ ایران، سن طباعۃ ۱۲۷۳ھ)

مطلب یہ ہے کہ نبی کریم علیہ السّلام نے اپنی صاحبزادی کا نکاح عثمانؓ بن عفان سے کر دیا تھا اور اپنی دختر زینب کا نکاح ابو العاص بن الربیع سے کر دیا تھا، حالانکہ دونوں بنی ہاشم سے نہ تھے ۔ اسی طرح حضرت علیؓ نے اپنی دختر اُمِّ کلثوم کا نکاح عمرؓ بن الخطاب سے کر دیا تھا اور عبداللہ بن عمرو بن عثمان کے ساتھ فاطمہ بنت الحسین کی شادی ہُوئی ۔ اور ان کی بہن سکینہ بنت الحسین کی شادی مُصعب بن زُبیر سے ہُوئی ۔ بنی ہاشم کے یہ رشتے غیر بنی ہاشم کے ساتھ ہُوئے اور خانہ آبادیاں ہوئیں ۔"

یہ پانچ عدد رشتے یہاں بطور فقہی استدلال کے ذکر کیے ۔ ان میں ایک رشتہ اُمِّ کلثوم بنتِ علیؓ کا بھی ہے ۔ کسی باشعور منصف مزاج آدمی کے لیے اب اس رشتہ کی صحت میں کلام کرنے کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہی ۔ باقی لَا اُسَلِّم کا کوئی علاج نہیں ہے ۔

اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو متفق و متحد رہنے کی توفیق نصیب فرمائے اور قلبی ہدایت بخشے ۔ آمین ۔

(۱۴)

شیعہ بزرگوں کے مشہور و معروف مجتہد قاضی نور اللہ شوستری "شہید ثالث" المتوفی ۱۰۱۹ھ نے مسئلۂ نکاح ام کلثوم کو متعدد تصانیف میں درج کیا ہے ۔ اس کی تصریحات ملاحظہ فرما دیں ۔

(۱) ۔ کتاب مجالس المؤمنین میں تذکرہ عباس بن عبدالمطلب کے تحت لکھا ہے :

"چوں عمر بن الخطاب جہت ترویج خلافتِ فاسدۂ خود داعیۂ تزویج اُمِّ کلثوم دختر حضرتِ امیر نمود و آں حضرت جہت اقامت حجج مکرّرًا اظہارِ ابا و امتناع نمود آخر عمر عباس را نزد خود طلبید و سوگند خوردہ گفت اگر علی را بدامادی من راضی نمی سازی آنچہ در دفع او ممکن باشد خواہم کرد . . . . چوں مبالغۂ عباس در آں باب از حد گذشت آنحضرت از روئے اکراہ ساکت شدند تا آنکہ عباس از پیشِ خود ارتکابِ تزویج او نمود ۔"

("مجالس المؤمنین" تذکرۂ عباس بن عبدالمطلب ص ۷۶ طبع قدیم ایرانی ۔ تختی کلاں)

مندرجہ عبارت کا خلاصہ یہ ہے :

"جب عمرؓ بن الخطاب نے اپنی خلافتِ فاسدہ کی ترویج کرنے کے لیے حضرت علیؓ کی صاحبزادی ام کلثوم کی تزویج کو ذریعہ بنانا چاہا اور حضرت علیؓ نے قیامِ دلائل کی بنا پر بار بار اس کا انکار کیا تو آخر کار عمرؓ بن الخطاب نے عباسؓ کو اپنے پاس بلایا اور قسم کھا کر کہا کہ اگر تم میری دامادی پر علی بن ابی طالبؓ کو راضی نہیں کرو گے تو میں اس کی مدافعت میں امکانی کوشش کر گزروں گا ۔ . . . . جب حضرت عباسؓ کا

(نکاح ہٰذا کے سلسلہ میں) مبالغہ بے حد ہو گیا تو مجبوری کی بنا پر حضرت علی خاموش ہو گئے، حتیٰ کہ حضرت عباسؓ نے ازراہِ خود اس رشتہ کو انجام دیا۔"

(۲) - پھر محمد بن جعفر طیارؓ کے تذکرہ میں تحریر کیا ہے کہ

"محمد بن جعفر طیار بعد از فوت عمر بن الخطاب بشرفِ مصاہرت حضرت امیر المؤمنین مشرف گشتہ اُمّ کلثوم را کہ با عدم کفائت از روئے اکراہ در حبالۂ عمر بود تزویج نمود۔"

(مجالس المؤمنین، ص ۸۲ تذکرہ محمد بن جعفر طبع قدیم ایرانی)

مطلب یہ ہے کہ عمر بن الخطاب کی وفات کے بعد محمد بن جعفر طیار نے اُمِ کلثوم بنت علیؓ کے ساتھ نکاح کیا۔ اُمِ کلثوم غیر کفو ہونے کی وجہ سے مجبوراً عمر بن الخطاب کے نکاح میں تھی۔"

(۳) - پھر اسی کتاب میں مقداد بن اسود کے تذکرہ میں بالفاظِ ذیل اس مسئلہ کو لکھا ہے:-

"...... اگر نبی دختر بعثمان داد ولی دختر بعمر فرستاد۔"

(مجالس المؤمنین، ص ۸۵ - تذکرہ مقداد بن اسود طبع قدیم ایرانی تختی کلاں)

یعنی اگر نبی علیہ السلام نے اپنی لڑکی عثمانؓ کو نکاح کر دی تو ولی (یعنی علی المرتضیٰ) نے اپنی لڑکی عمرؓ کی طرف بھیج دی۔"

(۴) - قاضی نور اللہ شوستری نے اپنی تصنیف "مصائب النواصب" میں نکاحِ ام کلثوم بنت علی المرتضیٰ پر مفصل بحث کی ہے۔ اصل نکاح ہذا کو تسلیم کیا ہے لیکن ساتھ ہی کئی توجیہات بیان کر دی ہیں۔ وہاں لکھا ہے کہ:-

"...... تزویج اُمّ کلثوم با عمرؓ در مقام ضرورت و ناچاری اندراہِ رخصت است۔"

(ترجمہ مصائب النواصب فارسی از آقا مرزا محمد علی مدرس رشتی چہار دہی نجفی، ص ۶۵ تا ۷۰، تختی خورد مطبوعہ تہران سن طباعت ۱۳۶۹ھ)

(یعنی عمرؓ کے ساتھ اُمّ کلثوم کی تزویج ضرورت و ناچارگی کی صورت میں ہوئی جو (خاص حالات میں رخصت ہے)

(۱۵)

—— گیارھویں صدی کے مشہور مجتہد ملا باقر مجلسی نے بھی امّ کلثوم بنت علیؓ کے نکاح کے مسئلہ کو اپنی تصانیف میں ذکر کیا ہے۔

چنانچہ اصول کافی و فروع کافی کی شرح مرآۃ العقول جلد سوم صفحہ ۴۴۸-۴۴۹، باب تزویجِ اُمِ کلثوم طبع قدیم ایرانی میں اس پر مفصل بحث کی ہے اور مسئلہ ہذا کے منکرین کے جوابات دیئے ہیں۔ آخر بحث میں چل کر نکاح ہٰذا کو تسلیم کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

"والاصل فی الجواب ان ذالک وقع علی سبیل التقیۃ والاضطرار۔"

یعنی اُمّ کلثوم بنت علی المرتضیٰ کا نکاح حضرت عمر بن الخطابؓ سے مجبوری اور تقیہ کی بنا پر واقع ہوا تھا۔ اصل جواب یہ ہے۔"

ایک رفعِ اشتباہ

قارئین کرام ملاحظہ فرما رہے ہیں کہ شیعہ مجتہدین و علماء نکاحِ اُمّ کلثوم کے واقعہ کو تسلیم تو کرتے ہیں لیکن ساتھ اس واقعہ کو جبر و قہر کا رنگ دے کر بیان کرتے ہیں اور اجبار و اضطرار کی شکل میں پیش کرتے ہیں

۱ - گویا حضرت شیرِ خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس رشتہ دینے میں مجبور و مقہور تھے۔

۲ - بلکہ ان کی بعض روایات کی بنا پر حیدرِ کرار سے یہ رشتہ چھین لیا گیا۔ (معاذاللہ)

٣ - قتل کی دھمکیاں دے کر مشکل کُشا سے زبردستی یہ نکاح حاصل کیا گیا۔

٤ - اور رشتہ دینے میں صاحب ذوالفقار بے بس ہو گئے۔

٥ - اور علامہ مجلسی (ملا باقر) صاحب فرما رہے ہیں کہ اصل جواب یہ ہے کہ تقیہ کی بنا پر یہ تعلق قائم کیا گیا۔

جواباً

الادب عرض ہے کہ واقعہ ہذا کا جو نقشہ ہمارے احباب پیش کر رہے ہیں وہ فاتح خیبر جناب حضرت علی المرتضیٰؓ کی شایانِ شان نہیں ہے۔

اِس وجہ سے

(١) کہ یہ صورت شجاعتِ حیدری کے خلاف ہے۔

(٢) اور یہ چیز عزتِ نفس کے متباین ہے۔

(٣) یہ طریقہ خاندانی وقار کو شدید مجروح کرنے والا ہے۔

(٤) یہ روش غیرتِ ایمانی اور نسبی شرافت کے لیے چیلنج کی حیثیت رکھتی ہے۔

(٥) یہ حالت قبیلہ بنی ہاشم کی خاندانی روایات کے منافی ہے۔

آخری گذارش یہ ہے کہ بزرگ فرمایا کرتے ہیں کہ:

ع ہر چہ بر خود مپسندی بر دیگراں مپسند

یعنی رشتہ کے معاملہ میں جو صورتِ حال ہم اپنے لیے گوارا نہیں کر سکتے وہ معرکہ ہائے بدر و اُحد کے ہیرو، فاتح خیبر، اسد اللہ الغالب علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کے لیے کیسے پسند کر سکتے ہیں؟ العیاذ باللہ۔ کَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ أَفْوَاهِهِمْ إِنْ يَقُولُونَ إِلَّا كَذِبًا۔

خدارا سوچیے اور انصاف فرمائیے!!

(١٦)

— تیرھویں صدی کے مشہور شیعہ مؤرخ مرزا عباس علی قلی خاں (جو دولتِ ایران کے بادشاہ قاچار کا وزیر اعظم تھا) نے اپنی تصنیف "تاریخ طراز مذہب مظفری" میں ایک مستقل باب "حکایت تزویج ام کلثوم با عمر بن الخطاب" مفصل بیان کیا ہے۔ وہاں لکھتے ہیں کہ:

"جناب اُمّ کلثوم کبریٰ دختر فاطمۃ الزہرا در سرائے عمر بن الخطاب بود وازوے فرزند بیاورد چنانکہ مذکور گشت وچوں عمرؓ مقتول شد، محمد بن جعفر بن ابی طالب او را در حبالۂ نکاح در آورد۔"

یعنی حضرت فاطمۃ الزہراءؓ کی صاحبزادی اُمّ کلثوم عمر بن الخطاب کے گھر تھیں۔ ان سے ایک فرزند بھی پیدا ہوا جیسا کہ پہلے ذکر ہو چکا ہے۔ جب حضرت عمرؓ قتل کیے گئے تو محمد بن جعفر بن ابی طالب اُمّ کلثوم کو نکاح میں لاتے۔"

(تاریخ طراز مذہب مظفری۔ باب حکایت تزویج اُمّ کلثوم با عمر بن الخطاب۔ طبع ایران)

(١٧)

— چودھویں صدی کے مشہور شیعی فاضل مجتہد شیخ عباس قمی نے اپنی تصنیف منتہی الآمال (جو ١٣٥٠ھ میں لکھی گئی تھی) میں درج کیا ہے کہ:

"واما کلثوم حکایتِ تزویج او با عمر بن الخطاب در کتب مسطور است و بعد از وے ضجیع عون بن جعفر وازپس او زوجۂ محمد بن جعفر گشت۔"

(منتہی الآمال جلد اول فصل ششم در ذکر اولاد امیر المومنین علیہ السلام، ص ١٨٦ طبع ایران تختی خورد)

"یعنی عمر بن الخطاب کے ساتھ اُمّ کلثوم کا نکاح کتابوں میں لکھا ہے اور اس کے بعد عون بن جعفر کے نکاح میں آئی۔ اور اس کے بعد اس کے بھائی محمد بن جعفر

کے نکاح میں آئی۔

ضروری تنبیہ

ناظرین تمکین کی خدمت میں عرض ہے کہ رشتہ ہذا کے اثبات کے لیے ہر صدی اور ہر دور کے شیعی علماء و مجتہدین کی چند تصریحات ہم نے پیش کی ہیں۔ ان حوالہ جات میں "اصولِ اربعہ" کی کتابوں سے نو عدد صرف ائمہ معصومین کی روایات ہیں۔ لیکن واقعہ میں اس مضمون کی بے شمار روایات پائی جاتی ہیں جو درجۂ شہرت کو پہنچتی ہیں۔

ان بے شمار روایاتِ ائمہ کرام اور لاتعداد اقوالِ مجتہدین کے مقابلہ میں بعض لوگ کچھ روایات اور بعض علماء کے بعض اقوال رشتہ ہذا کے انکار کے لیے عوام الناس کے سامنے پیش کر دیتے ہیں۔ اس اشتباہ کو رفع کرنے کے لیے ہم ان کے علماءِ اصول کی جانب سے ترجیح احادیث کا ایک قاعدہ یہاں ذکر کر دیتے ہیں جس کے بیان کرنے کے بعد یہ تعارض دُور ہو جائے گا۔

"اس قاعدہ کا حاصل یہ ہے کہ روایت کو روایت پر ترجیح دینے کے لیے وجوہِ ترجیحِ حدیث بہت ہیں۔ پہلا طریق یہ ہے کہ ایک روایت کے راوی کثیر تعداد ہوں اور اس کے مقابل روایت کے راوی قلیل ہوں تو جس روایت کے راوی کثیر ہوں اس کو ترجیح دی جائے گی اور اس کو قبول کیا جائے گا۔ اس لیے کہ کثیر عدد بہ نسبت قلیل عدد کے خطاء اور غلطی سے محفوظ ہوتا ہے۔ لہٰذا اس کے مقابل روایت (جو قلیل لوگوں سے مروی ہے) متروک ہوگی"۔

قاعدہ ہذا کی عبارت کتاب "معالم الاصول" سے نقل ہے۔ یہ شیعہ کی مشہور و معتبر کتاب ہے۔ ملاحظہ ہو:

"مِنْهَا التَّرْجِيحُ بِالسَّنَدِ وَيَحْصُلُ بِأُمُورٍ اَلْاَوَّلُ كَثْرَةُ الرُّوَاةِ

كَانَ يَكُونُ رُوَاةُ اَحَدِهِمَا اَكْثَرَ عَدَدًا مِنْ رُوَاةِ الْاٰخَرِ فَيُرَجَّحُ مَا رُوَاتُهُ اَكْثَرُ لِقُوَّةِ الظَّنِّ اِذِ الْعَدَدُ الْاَكْثَرُ اَبْعَدُ عَنِ الْخَطَاءِ مِنَ الْاَقَلِّ"

(کتاب "معالم الاصول" للشیخ جمال الدین ابو منصور حسن بن زین الدین الشیعی۔ المطلب التاسع (خاتمۃ)۔ المتوفی ۱۰۱۱ھ مطبوعہ قدیم، ایران (سن طباعت ۱۲۶۰ھ)

"مطلب یہ ہے کہ اس قاعدہ و ضابطہ کے تحت اپنی کثرت و شہرت کے اعتبار سے وہی مرویات معتبر و مستند ہوں گی جن میں اُمّ کلثوم بنت علیؓ المرتضیٰ کا نکاح حضرت عمر بن الخطابؓ کے ساتھ ہونا منقول و مذکور ہے اور جن بعض روایات میں اس رشتہ کے صحیح ہونے سے انکار کیا گیا ہے وہ اپنی قلت و ندرت کے سبب سے متروک ہوں گی"۔

فائدہ ثانیہ

ناظرین کرام کی تشفی کے لیے یہاں یہ مختصر سی تشریح کی جاتی ہے کہ سیدنا عمرؓ بن الخطاب فاروق اعظمؓ کے نکاح میں حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کی صاحبزادی اُمّ کلثوم (جن کی والدہ سیدہ فاطمۃ الزہراءؓ ہے) تھیں۔ اُمّ کلثوم بنت ابی بکر الصدیق نہ تھی (جیسا کہ شیعہ و سنی کتابوں میں درج پایا جاتا ہے)۔

اس مقصد کے اثبات کے لیے مندرجہ ذیل اشیاء کی وضاحت معروض ہے۔

۱۔ اُمّ کلثوم بنت علی المرتضیٰ کی ماں دوسری ہیں اور اُمّ کلثوم بنت ابی بکر الصدیقؓ کی ماں دوسری ہیں۔

۲۔ بالفرض اگر اُمّ کلثوم بنت ابی بکر الصدیقؓ سے حضرت عمر فاروقؓ نے خطبہ (یعنی نکاح

کی ابتدائی گفتگو) کی تھی تو انہوں نے ان سے نکاح کرنے سے انکار کر دیا تھا۔

۳۔ پھر اُمّ کلثوم بنت ابی بکر الصدیق کا نکاح طلحہ بن عبید اللہ سے ہوا۔ اس کے بعد عبد الرحمٰن الاحول بن عبد اللہ المخزومی سے ہوا۔

——مندرجہ بالا امور کے لیے علماء انساب و تراجم کی کتابوں سے تصدیق و توثیق پیش کی جاتی ہے۔ عبارات ملاحظہ ہوں۔ پہلی چیز کے متعلق گزارش ہے:۔

(۱)

"ام کلثوم بنت ابی بکر . . . . وَاُمُّھَا حَبِیْبَۃُ بِنْتُ خَارِجَۃَ بْنِ زَیْدِ بْنِ اَبِیْ زُھَیْرٍ مِنْ بَنِی الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ ۔ وَاُمُّ کُلْثُوْمٍ ابْنَۃُ اَبِیْ بَکْرٍ ھٰذِہٖ الَّتِیْ قَالَ اَبُوْبَکْرٍ لِعَائِشَۃَ بِنْتِہٖ حِیْنَ حَضَرَتْہُ الْوَفَاۃُ "اِنَّمَا ھُمَا اَخَوَاکِ وَ اُخْتَاکِ" قَالَتْ عَائِشَۃُ ھٰذِہٖ اَسْمَاءُ قَدْ عَرَفْتُھَا فَمَنِ الْاُخْرٰی؟ قَالَ ذُوْ بَطْنِ بِنْتِ خَارِجَۃَ قَدْ اُلْقِیَ فِیْ خَلَدِیْ اَنَّھَا جَارِیَۃٌ، فَکَانَتْ کَمَا قَالَ وَوُلِدَتْ بَعْدَ مَوْتِہٖ"۔

(کتاب "نسب قریش" لابی عبد اللہ المصعب الزبیری، ص ۲۷۸ تحت ولد تیم بن مرۃ ۔ طبع مصری)

"حاصل یہ ہے کہ اُمّ کلثوم بنت ابی بکر الصدیقؓ کی ماں کا نام حبیبہ بنت خارجہ بن زید (خزرجی) ہے۔ اور یہ وہی اُمّ کلثوم ہے جس کے متعلق سیدنا ابوبکر الصدیقؓ نے اپنی وفات سے کچھ قبل اپنی لڑکی حضرت عائشہ صدیقہؓ سے کہا تھا کہ اے عائشہؓ! یہ دونوں تیرے بھائی ہیں اور یہ دونوں تیری بہنیں ہیں تو حضرت عائشہؓ نے عرض کیا یہ میری بہن اسماء تو ٹھیک مجھے معلوم ہے لیکن دوسری بہن کون ہے؟ تو ابوبکر الصدیقؓ فرمانے لگے

کہ میرے دل میں یہ بات القاء ہوئی ہے کہ میری اہلیہ حبیبہ بنت خارجہ جو اُمید سے ہے اس کے ہاں لڑکی ہوگی (خدا کی شان) جس طرح حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا تھا اسی طرح ہوا یعنی ان کی وفات کے بعد لڑکی پیدا ہوئی (جس کا نام حضرت عائشہؓ نے اُمّ کلثوم رکھا)"۔

——اور طبقات ابن سعد جلد ثامن، تذکرہ اُمّ کلثوم بنت ابی بکرؓ میں ان کا نسب اس طرح لکھا ہوا ہے:۔

"اُمّ کلثوم بنت ابی بکر الصدیقؓ بن ابی قحافہ بن عامر . . . . (تیمی)
و اُمّہا حبیبہ بنت خارجہ بن زید بن ابی زہیر . . . . (خزرجی)"

حاصل کلام یہ ہے کہ "اُمّ کلثوم ابوبکر الصدیقؓ بن ابی قحافہ بن عامر کی لڑکی ہیں اور ان کی ماں کا نام حبیبہ بنت خارجہ بن زید خزرجی ہیں"۔

(طبقات ابن سعد، ج ۸ ص ۳۳۸ ۔ تذکرہ ام کلثوم ہذا ۔ طبع لیدن یورپ)

(۲)

اب دوسری چیز کی وضاحت کے لیے مندرجہ ذیل حوالہ جات پیش خدمت ہیں۔

——ابن قتیبہ دینوری نے "المعارف" میں صدیق اکبرؓ کی اولاد کے تذکرہ میں لکھا ہے:

"وَاَمَّا اُمُّ کُلْثُوْمٍ بِنْتُ اَبِیْ بَکْرٍ فَخَطَبَھَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اِلٰی عَائِشَۃَ فَاَنْعَمَتْ لَہٗ وَکَرِھَتْ اُمُّ کُلْثُوْمٍ فَاحْتَالَتْ لَہٗ حَتّٰی اَمْسَکَ عَنْھَا الخ (المعارف لابن قتیبہ، ص ۷۶ ۔ طبع مصر تحت اولاد حضرت صدیقؓ)

——ابن جریر طبری نے اپنی تاریخ میں ۲۳ھ ہجری جلد پنجم میں حضرت عمرؓ کی اولاد و ازواج کے تحت ذکر کیا ہے۔

"قَالَ الْمَدَائِنِيُّ وَخَطَبَ اُمَّ كُلْثُوْمٍ بِنْتَ اَبِيْ بَكْرٍ وَهِيَ صَغِيْرَةٌ وَ اَرْسَلَ فِيْهَا اِلٰى عَائِشَةَ . . . .

فَقَالَتِ الْاَمْرُ اِلَيْهَا فَقَالَتْ اُمُّ كُلْثُوْمٍ لَا حَاجَةَ لِيْ فِيْهِ . . . الخ"

(تاریخ ابنِ جریر طبری، ج ۵، ص ۱۷)

——— ابن ابی الحدید معتزلی شیعی نے حدیدی شرح نہج البلاغۃ میں طبری کے حوالہ سے یہ مسئلہ مندرجہ ذیل عبارت میں لکھا ہے:۔

"وَرَوَى الطَّبَرِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ خَطَبَ اُمَّ كُلْثُوْمٍ بِنْتَ اَبِيْ بَكْرٍ فَاَرْسَلَ فِيْهَا اِلٰى عَائِشَةَ فَقَالَتِ الْاَمْرُ اِلَيْهَا فَقَالَتْ اُمُّ كُلْثُوْمٍ لَا حَاجَةَ لِيْ فِيْهِ . . . . الخ"

(شرح نہج البلاغہ حدیدی، جلد ثالث، ص ۱۲۱، بحث مطاعنِ فاروقی تحت طعن خامس۔ طبع بیروت)

اِن ہر سہ حوالہ جات کا خلاصہ یہ ہے:۔

"اُمِّ کلثوم بنتِ ابی بکر الصدیقؓ صغیرہ تھی کہ عمر بن الخطاب نے عائشہ صدیقہؓ کی وساطت سے اس کے ساتھ نکاح کے لیے پیغام دیا تو حضرت عائشہؓ نے کہا کہ اس کا معاملہ اس کے سپرد ہے پھر خود اُمِّ کلثوم نے کہا کہ مجھے ان کے ساتھ نکاح کی کچھ حاجت نہیں ہے تو حضرت عمرؓ اس کے نکاح سے رک گئے۔"

(۳)

اور تیسری چیز کے لیے "عُلماءِ اَنساب" کے بیانات ملاحظہ فرما دیں تسکینِ خاطر ہو جائے گی۔

(۱)۔ نَسبِ قریش مصعب زُبیری میں ہے:

"وَاُمُّ كُلْثُوْمٍ بِنْتُ اَبِيْ بَكْرٍ وَلَدَتْ لِطَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ زَكَرِيَّا وَ عَائِشَةَ ابْنَيْ طَلْحَةَ ثُمَّ خَلَفَ عَلَيْهَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ رَبِيْعَةَ . . . . فَوَلَدَتْ لَهٗ عُثْمَانَ وَ اِبْرَاهِيْمَ وَمُوْسٰى"

(کتاب نسبِ قریش، ص ۲۷۸، تحت اولاد ابی بکر الصدیقؓ)

(۲)۔ اور طبقاتِ ابن سعد میں اُمِّ کلثوم بنت ابی بکر کے تحت لکھا ہے کہ:

". . . . . تزوجها طلحة بن عبيد الله بن عثمان بن عمرو بن كعب بن سعد بن تيم فولدت له زكريا ويوسف مات صغيرًا وعائشة بني طلحة فقتل عنها طلحة بن عبيد الله يوم الجمل . . . .

. . . . ثم تزوّجت ام كلثوم بعد طلحة بن عبيد الله عبد الرحمٰن بن عبد الله بن ابي ربيعة (المخزومي)

. . . . فولدت له ابراهيم الاحول وموسٰى وام حميد و امّ عثمان . . . . ."

(طبقات ابن سعد جلد ثامن تذکرہ اُمِّ کلثوم بنت ابی بکر الصدّیق ص ۳۳۸-۳۳۹ - طبع یورپ لیدن)

(۳)۔ اور "کتاب المحبّر" لابی جعفر محمد بن حبیب بغدادی میں اصہار ابی بکر الصدّیق کے تحت لکھا ہے کہ:۔

". . . . . وطلحة بن عبيد الله كانت تحته ام كلثوم بنت ابي بكر الصدّيق وعبد الرحمٰن الاحول بن عبد الله بن ابي ربيعة (المخزومي) خلف على ام كلثوم بعد طلحة"

(کتاب المحبّر، ص ۵۴، تحت اصہار ابی بکر الصدّیق۔ طبع حیدر آباد دکن)

ان ہرسہ حوالہ جات کا ماحصل یہ ہے کہ:

"اُمِّ کلثوم بنت ابی بکر الصدیقؓ پہلے طلحہ بن عبیداللہ (تیمی) کے نکاح میں تھیں اس سے ان کی اولاد زکریا و عائشہ (عند البعض یوسف بھی ہے) ہوئی۔ پھر جنگِ جمل میں طلحہ فوت ہوگئے۔ اس کے بعد اُمِّ کلثوم کا نکاح عبدالرحمٰن بن عبداللہ (المخزومی) کے ساتھ ہُوا، ان سے ان کی اولاد عثمانؓ ابراہیم و موسیٰ وغیرہ ہُوئے۔"

ان تمام مندرجات سے "علماء انساب" کی زبانی واضح ہوگیا کہ حضرت عمرؓ بن الخطاب فاروقِ اعظم کے نکاح میں اُمِّ کلثوم بنتِ علی المرتضیٰ تھی۔ اُمِّ کلثوم بنت ابی بکر الصدیقؓ نہ تھیں۔

فائدہ ثالثہ

— اس فائدہ میں بحث ہذا کا خلاصہ یکجا پیشِ خدمت کیا جاتا ہے۔

— نسبی تعلقات کے ضمن میں حضرت عمر فاروق اور حضرت علی المرتضیٰ کا باہمی رشتہ پیش کیا گیا تھا۔ بحمداللہ یہ رشتۂ مودّت ہر دو حضرات کے درمیان قائم و دائم رہا۔

— علماء نے تصریح کر دی ہے کہ یہ بابرکت نکاح ذوالقعدہ ۱۷ھ میں منعقد ہُوا تھا اور اس کا مہر چالیس ہزار درہم مقرر ہُوا۔ پھر حضرت علیؓ کی صاحبزادی اُمِّ کلثوم سے حضرت عمرؓ کی اولاد ہوئی۔ ایک لڑکا متولّد ہُوا، ان کا نام زید تھا اور ایک لڑکی پیدا ہوئی جن کا نام رقیّہ تھا۔ جوان ہونے کے بعد ابراہیم بن نعیم النحام عدوی سے اس کی تزویج ہُوئی۔ اور بعض مؤرخین نے ایک اور لڑکی فاطمہ نامی بھی ذکر کی ہے لیکن وہ مختلف فیہ ہے۔

— زید بن عمرؓ بن الخطاب جوان سال ہُوئے۔ ایک دفعہ قبیلہ بنی عدی کے درمیان اتفاقاً لڑائی جھگڑا برپا ہُوا رات کا وقت تھا، زید بن عمر فاروقؓ صلح و مصالحت کے قصد پر دونوں فریقوں کے درمیان عین لڑائی کے وقت چلے گئے۔ شب کی ظلمت و سیاہی میں غلطی سے ایک شخص کے ہاتھوں زخمی ہوگئے۔ سر میں سخت زخم آیا جس سے جانبر نہ ہو سکے۔ چند یوم صاحبِ فراش رہے اور ان کی والدۂ محترمہ (اُمِّ کلثوم بنتِ علیؓ) بھی اس دوران بیمار ہوگئیں۔ اتفاق ایسا ہُوا کہ ماں بیٹے دونوں کا انتقال ایک ہی وقت میں ہُوا۔ یہ نہ معلوم ہو سکا کہ کس کی وفات پہلے ہوئی ہے اور کس کی بعد میں ہوئی۔

— علماء فرماتے ہیں کہ یہ عجیب ترین مسائل میں سے ہے کہ ایک کو دوسرے کا وارث نہیں بنایا جا سکتا۔

پھر یہ دونوں جنازے بیک وقت اٹھائے گئے۔ بعض نے کہا ہے کہ ان جنازوں کی امامت کے فرائض عبداللہ بن عمر فاروقؓ نے سرانجام دیئے اور بعض کہتے ہیں کہ سعید بن العاص اُموی امیرِ مدینہ تھے، انہوں نے امامت کرائی۔

حسنین شریفینؓ اس وقت مقتدیوں کی صف میں موجود تھے۔ اور زید بن عمرؓ کے جنازہ کو امامِ نماز کے قریب رکھا گیا۔ اور اُمِّ کلثوم کے جنازہ کو امام سے دُور کعبہ کی جانب رکھا گیا۔ اس کیفیت کے ساتھ نمازِ جنازہ ادا ہُوئی۔

مؤرخِ اسلام علّامہ ذہبیؒ نے اپنی کتاب سیر اعلام النبلاء جلد سوم تذکرہ اُمِّ کلثوم بنتِ علیؓ کے آخر میں، ج ۳، ص ۳۰۰ پر لکھا ہے کہ:

"وَ ذَالِكَ فِي أَوَائِلِ دَوْلَتِ مُعَاوِيَةَ"

یعنی "امیر معاویہؓ کی خلافت کے اوائل میں یہ واقعہ پیش آیا۔"

ـــ رشتہ ہذا کی صحت اور درستگی میں کچھ شبہ و اشتباہ نہیں رہا۔ اہل السنۃ والجماعت کی روایات کے اعتبار سے مسلّم ہے۔ شیعہ احباب کی مرویات سے تصدیق شدہ ہے۔ تاریخِ اسلامی کی بیان کردہ ایک حقیقت ہے۔ علماءِ انساب و تراجم کا ایک مسلّمہ مسئلہ ہے۔

اندریں حالات سیدنا عمر بن الخطاب اور سیدنا علی المرتضیٰؓ کے درمیان نسبی روابط کے اعتبار سے مندرجہ ذیل نسبتیں قائم ہیں۔

یعنی

(۱) ـــ حضرت فاروقِ اعظمؓ حضرت علیؓ شیرِ خدا کے داماد ہیں

(۲) ـــ اور حضرت علی المرتضیٰؓ حضرت عمرؓ کے خسر ہیں۔

(۳) ـــ حضرت فاطمۃ الزہراءؓ، حضرت عمر فاروقؓ کی خوشدامن (ساس) ہیں۔

(۴) ـــ اور سیدنا حسنؓ و سیدنا حسینؓ حضرت عمر فاروقؓ کے سالے ہیں۔

(۵) ـــ حضرت عمرؓ حسنین شریفین کے بہنوئی ہیں۔

(۶) ـــ اور زینب دخترِ علیؓ حضرت عمرؓ کی سالی ہیں۔

(۷) ـــ زید پسر عمر فاروقؓ اور رقیہ دختر عمر فاروق دونوں حضرت علیؓ کے نواسے ہیں۔

(۸) ـــ امام حسن و امام حسین و امام محمد بن حنفیہ (صاحبزادگانِ علی المرتضیٰؓ) کے لیے زید و رقیہ بھانجے ہیں۔

(۹) ـــ اور حسنین شریفین زید بن عمرؓ اور رقیہ بنت عمرؓ کے ماموں ہیں۔

(۱۰) ـــ سردارِ دو عالم آقائے نامدار حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بنت البنت (یعنی نواسی) حضرت عمر بن الخطاب کے نکاح میں ہے۔

تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ

ناظرین کرام!

خدارا انصاف و عدل فرما دیں کہ یہ تمام دوستی کی داستان ہے؟ یا دشمنی کی کہانی؟ ہم نے حقیقت واقعہ پیش کر دی ہے۔ عقل و انصاف کے پیشِ نظر فیصلہ کرنا آپ کے ہاتھ میں ہے۔

وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۔

امرِ ثالث

یہاں اب یہ چیز ذکر کی جاتی ہے کہ اسلامی روایات و تاریخ کی کتابوں میں لکھا ہے کہ حضرت عمر فاروقؓ اور حضرت علی المرتضیٰؓ کے مابین اس رشتہ داری کے بعد حضرت علیؓ کے صاحبزادگان حضرت عمرؓ کے گھر میں اپنی خواہر ام کلثوم کے پاس آمد و رفت رکھتے تھے ایک دوسرے کے گھر آنا جانا تھا اور باہمی کوئی انقباض اور نفرت نہ تھی چنانچہ کنز العمال میں تاریخ ابن عساکر کے حوالہ سے اس نوعیت کا واقعہ درج ہے عبارت ملاحظہ ہو:۔

"۔۔۔۔ عَنِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ قَالَ دَخَلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَاَنَا عِنْدَ اُخْتِيْ اُمِّ كُلْثُوْمٍ بِنْتِ عَلِيٍّ فَضَمَّنِيْ قَالَ الْطِفِيْهِ يَا اُمَّ كُلْثُوْمٍ"

(کنز العمال بحوالہ (ابن عساکر) ج ۷، ص ۸۸، طبع اوّل دکن)

یعنی محمد بن حنفیہؒ ذکر کرتے ہیں کہ ایک دفعہ عمر فاروقؓ اپنے گھر تشریف لائے اور میں اپنی بہن اُمّ کلثوم بنت علیؓ کے پاس بیٹھا تھا۔ حضرت عمرؓ نے (شفقت سے) مجھے گلے لگا لیا۔ اُمّ کلثوم سے فرمانے لگے اے اُمّ کلثوم اس عزیز کے ساتھ لطف اور مہربانی سے پیش آنا۔"

امرِ رابع

ایک اور واقعہ محدثین نے اِس مسئلہ کے تحت نقل کیا ہے کہ انسان اپنی بہن یا بیٹی کے سر کے بالوں کو دیکھ سکتا ہے ؟ یا نہیں ؟

"مصنّف" ابن ابی شیبہ، جلد رابع کتاب النکاح، باب ما قالوا فی الرجل ینظر الی شَعَرِ اُختِہٖ او ابنتہٖ میں مذکور ہے :-

"...... عَنْ اَبِی الْبَخْتَرِی عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ اَنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ کَانَا یَدْخُلَانِ عَلٰی اُخْتِہِمَا اُمِّ کُلْثُوْمٍ وَھِیَ تَمْتَشِطُ"

(المصنّف لابنِ ابی شیبہ جلد رابع کتاب النکاح ج ۴، ص ۳۳۶ - جدید طبع دکن)

"یعنی سیّدنا امام حسنؓ و سیّدنا امام حسینؓ اپنی بہن اُمّ کلثوم کے پاس تشریف لے جایا کرتے تھے - اِس حالت میں کہ وہ اپنے سر کو کنگھی کر رہی ہوتی تھیں"

امرِ خامس

یہ واقعہ خود حضرت علی بن ابی طالبؓ کا ہے - شیعہ حضرات اور سُنّی احباب دونوں نے اپنی کتابوں میں ذکر کیا ہے - اور قبل ازیں ہم اس واقعہ کو ثبوتِ نکاحِ اُمّ کلثوم از کتبِ شیعہ کے تحت ابن ابی الحدید کے حوالہ سے ذکر کر چکے ہیں - یہاں ہم پھر بطور خانگی حسن تعلقات کے نقل کرتے ہیں - علامہ سرخسی نے شرح سِیَرِ کبیر میں لکھا ہے اور کنز العُمّال میں دینوری کے حوالہ سے بعبارتِ ذیل درج ہے :-

—— عَنْ مَالِکِ بْنِ اَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ قَالَ قَدِمَ بَرِیْدُ مَلِکِ الرُّوْمِ

عَلٰی عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَاسْتَقْرَضَتْ اِمْرَأَۃُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ دِیْنَارًا فَاشْتَرَتْ بِہٖ عِطْرًا فَجَعَلَتْہُ فِیْ قَوَارِیْرَ وَبَعَثَتْ بِہٖ مَعَ الْبَرِیْدِ اِلٰی اِمْرَأَۃِ مَلِکِ الرُّوْمِ فَلَمَّا اَتَاھَا فَرَّغَتْہُنَّ وَمَلَأَتْہُنَّ جَوَاھِرَ وَقَالَتْ اِذْھَبْ اِلٰی اِمْرَأَۃِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَلَمَّا اَتَاھَا فَرَّغَتْہُنَّ عَلَی الْبِسَاطِ فَدَخَلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ مَا ھٰذَا ؟ فَاَخْبَرَتْہُ فَاَخَذَ عُمَرُ الْجَوَاھِرَ فَبَاعَہٗ وَدَفَعَ اِلٰی اِمْرَأَتِہٖ دِیْنَارًا وَجَعَلَ مَا بَقِیَ مِنْ ذَالِکَ فِیْ بَیْتِ مَالِ الْمُسْلِمِیْنَ "

(۱) شرح السیر الکبیر للسرخسی، جلد ثالث ص ۴، طبع حیدر آباد دکن)

(۲) کنز العمّال (بحوالہ الدینوری فی المجالسۃ) جلد ۶ ص ۲۵۶ روایت ۵۶۴۰ - طبع اوّل قدیم دکن)

اور ابن ابی الحدید شیعی معتزلی نے شرح نہج البلاغۃ میں اس واقعہ کو ذرا مفصّل اور واضح کر کے لکھا ہے - حدیدی کی عبارت بھی ملاحظہ فرماویں - بعد میں دونوں کا یکجا حاصل ترجمہ عرض کر دیا جائے گا -

—— ... وَجَّہَ عُمَرُ بَرِیْدًا اِلٰی مَلِکِ الرُّوْمِ فَاشْتَرَتْ اُمُّ کُلْثُوْمٍ اِمْرَأَۃُ عُمَرَ طِیْبًا بِدَنَانِیْرَ وَجَعَلَتْہُ فِیْ قَارُوْرَتَیْنِ وَاَھْدَتْہُمَا اِلٰی اِمْرَأَۃِ مَلِکِ الرُّوْمِ فَرَجَعَ الْبَرِیْدُ اِلَیْہَا بِمِلْأِ الْقَارُوْرَتَیْنِ جَوَاھِرَ فَدَخَلَ عَلَیْہَا عُمَرُ وَقَدْ صَبَّتِ الْجَوَاھِرَ فِیْ حَجْرِھَا فَقَالَ مِنْ اَیْنَ لَکِ ھٰذَا ؟ فَاَخْبَرَتْہُ فَقَبَضَ عَلَیْہِ وَقَالَ ھٰذَا لِلْمُسْلِمِیْنَ قَالَتْ کَیْفَ وَھُوَ عِوَضُ ھَدِیَّتِیْ قَالَ بَیْنِیْ وَبَیْنَکِ اَبُوْکِ فَقَالَ عَلِیٌّ لَکِ مِنْہُ بِقِیْمَۃِ دِیْنَارِکِ وَالْبَاقِیْ لِلْمُسْلِمِیْنَ جُمْلَۃً لِاَنَّ بَرِیْدَ الْمُسْلِمِیْنَ حَمَلَہٗ "

(شرح نہج البلاغہ لابن ابی الحدید، ج ۱۹ ص ۴۰۵ طبع قدیم ایران -

وطبع بیروت ص ۵۵۶، جلد چہارم، تحت متن قولہٗ
نعم الطیب المسک خفیف محملہ، عطر ریحہٗ۔ الخ)

"یعنی عمرؓ ایک دفعہ رُوم کے بادشاہ کی طرف ایلچی روانہ کرنے لگے تو ان کی بیوی اُمِ کلثوم نے چند دینار کی خوشبُو خرید کر دو شیشیوں میں ڈال دی اور بادشاہِ رُوم کی بیوی کی طرف اس پیغام رساں کی معرفت تحفۃً ارسال کر دی جب ایلچی واپس آیا تو اس خوشبُو کے بدلے میں دونوں شیشیاں جواہر سے پُر شدہ لا کر حضرت عمرؓ کے گھر پہنچا دیں۔

عمر بن الخطّاب گھر تشریف لے گئے تو ان کی زوجہ اُمّ کلثوم جواہر کو گود میں ڈال کر بیٹھی تھیں۔ عُمر بن الخطاب نے کہا کہ یہ جواہر کہاں سے حاصل کیے ہیں؟ تو اُمّ کلثوم نے تمام قصّہ بیان کر دیا۔ عمر بن الخطّاب نے جواہر کو قبضہ میں لے لیا اور فرمایا کہ یہ تو تمام مسلمانوں کے ہیں۔ اُمّ کلثوم نے کہا کہ وہ کس طرح؟ یہ تو میرے ہدیہ کے عوض میں آئے ہیں۔ عمر بن الخطاب نے فرمایا کہ میرے اور تیرے درمیان جو تیرے والد (علی بن ابی طالب) فیصلہ کر دیں وہ معتبر ہوگا۔ پھر حضرت علیؓ نے فیصلہ دیا کہ اے اُمّ کلثوم جس قدر تیرے درہم دینار خرچ ہُوئے تھے جواہر سے تو اتنی مقدار لے سکتی ہے۔ باقی جواہر تمام مسلمانوں (یعنی بیت المال) کے لیے ہیں۔ اس لیے کہ عامۃ المسلمین کا ایلچی ان کو اُٹھا کر لایا ہے۔"

حاصلِ بحث

ان تینوں اُمور پر نظرِ غائر کرنے سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ:

(۱)۔ خلیفۂ ثانی اور خلیفۂ رابع کے درمیان رشتہ ہٰذا کی وجہ سے خوشگوار تعلقات قائم تھے۔

(۲)۔ حضرت علی المرتضیٰ اور اُن کے صاحبزادگان حضرت عمرؓ کے گھر اپنی عزیزہ اُمّ کلثوم کے

ہاں تشریف لایا کرتے تھے۔

(۳)۔ اِن خاندانوں میں بالفرض اگر مابہ الاختلاف چیز پیش آجاتی تو اس کے طے کرنے اور فیصلہ کرنے کے لیے حضرت علی پیش پیش ہُوا کرتے تھے۔ یہ تمام چیزیں ان حضرات کے درمیان خوش سلوکی، خوش اسلوبی اور خوش روی پر دلالت کرتی ہیں۔

یہاں مسئلہ نکاح اُمّ کلثوم کا بیان اختتام پذیر ہُوا ہے۔

فصل سوم

——— اِس فصل میں حضرت سیّدنا فاروق اعظمؓ اور حسنین شریفینؓ کے مابین روابط کا ایک مختصر سا نقشہ ناظرین یا تمکین کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔ ہر باشعور و ذی فہم آدمی ان حضرات کے باہمی حسنِ تعلقات کا اندازہ ان واقعات سے بآسانی کر سکتا ہے۔ جس طرح سیّدنا علی المرتضیٰ اور سیّدنا عمر فاروقؓ کے درمیان رشتۂ مودّت اور دوستی بالدوام قائم تھا اسی طرح ان کی اولاد کے درمیان یہ تعلقات بہترین طریقہ سے ثابت ہیں۔

(۱)

——— حضرت عمرؓ کے صاحبزادے عبداللہ بن عمرؓ سے حسنینؓ کے فضائل مروی ہیں چنانچہ بخاری شریف جلد اوّل، کتاب الفضائل، مناقب الحسنؓ والحسینؓ میں ابنِ عمرؓ کا ایک واقعہ درج ہے :-

"..... سَأَلَهُ رَجُلٌ عَنِ الْمُحْرِمِ ... يَقْتُلُ الذُّبَابَ فَقَالَ اَهْلُ الْعِرَاقِ يَسْأَلُوْنَ عَنْ قَتْلِ الذُّبَابِ وَقَدْ قَتَلُوا ابْنَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللهِ صلی اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُمَا رَيْحَانَتَايَ مِنَ الدُّنْيَا "

(بخاری شریف، ج ۱ ص ۵۳۰، کتاب الفضائل، مناقب الحسنؓ والحسینؓ)

"ایک بار ایک عراقی شخص نے ابن عمرؓ سے مسئلہ دریافت کیا کہ احرام کی حالت میں کوئی شخص مکھی یا مچھر مار ڈالے تو کیا حکم ہے؟ اور اس کی کیا

سزا ہے؟ ابنِ عمرؓ نے جواب دیا کہ عراقی لوگ مکھی و مچھر کے قتل پر مسئلے دریافت کرتے ہیں۔ حالانکہ انھوں نے نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی کے لڑکے کو قتل کر ڈالا۔ اور حضور علیہ السّلام نے ان کے حق میں فرمایا تھا کہ یہ دونوں دختر زادے ہماری اس عالم کی خوشبو میں سے بہترین خوشبو ہیں"

(۲)

دوسرا واقعہ ذکر کیا جاتا ہے اس میں حضرت فاروق اعظمؓ کے ہاں سیّدنا حسینؓ کی آمد و رفت پائی جاتی ہے اور حضرت عمرؓ کی طرف سے ان کی "قدر دانی" اور عزت افزائی کی جاتی تھی۔ چنانچہ حافظ ابن عساکر نے اپنی تاریخ بلدہ دمشق المعروف تاریخ ابن عساکر میں باسند ذکر کیا ہے۔

——— ..... عَنْ سُفْيَانَ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ اَمَرَ عُمَرُؓ حُسَيْنًاؓ اَنْ يَّاتِيَهُ فِي بَعْضِ الْحَاجَةِ فَذَهَبَ فَلَقِيَ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَؓ فَقَالَ لَهُ حُسَيْنٌ مِنْ اَيْنَ جِئْتَ فَقَالَ اِسْتَاذَنْتُ عَلٰى عُمَرَؓ فَلَمْ يُؤْذَنْ لِيْ فَرَجَعَ الْحُسَيْنُ فَلَقِيَهُ عُمَرُؓ فَقَالَ مَا مَنَعَكَ يَا حُسَيْنُ اَنْ تَاتِيَنِيْ فَقَالَ قَدْ اَتَيْتُكَ وَلٰكِنْ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللهِ اَنَّهُ لَمْ يُؤْذَنْ لَهُ عَلَيْكَ فَرَجَعْتُ فَقَالَ وَاَنْتَ عِنْدِيْ مِثْلُهُ؟ كَرَّرَهَا وَهَلْ اَنْبَتَ الشَّعْرَ عَلَى الرَّاْسِ غَيْرُكُمْ

(۱)- تلخیص ابن عساکر لابن بدران، ج ۴ ص ۳۲۱، تذکرہ حسین
(۲)- سیرت عمرؓ بن الخطاب لابن الجوزی، ص ۱۶۴۔ طبع مصر
(۳)- شرح نہج البلاغہ لابن ابی الحدید شیعی معتزلی، جلد ثالث ص ۱۶۱-۱۶۲ (تحت تن للہ بلاد فلان فقد قوم الاود الخ) بروایت یحییٰ بن سعید۔ طبع بیروتی۔

حاصل مطلب یہ ہے کہ :-

"ایک دفعہ حضرت عمر فاروقؓ نے حسین بن علیؓ کو فرمایا کہ کسی وقت ہمارے ہاں تشریف لایا کریں۔ ایک بار حضرت حسینؓ حضرت عمرؓ کی ملاقات کے لیے پہنچے۔ عبداللہ بن عمرؓ سے ملے۔ انہوں نے کہا (حضرت عمرؓ کسی کام میں مصروف ہیں) مجھے اندر جانے کی اجازت نہیں ملی۔ یہ صورتِ حال دیکھ کر حسینؓ بن علی واپس آگئے۔ اس کے بعد حضرت عمرؓ سے ملنا ہوا تو حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ اے حسین ملاقات کے لیے نہیں آتے؟ کیا بات ہوئی؟ تو سیدنا حسینؓ نے کہا کہ میں (فلاں وقت) آپ سے ملنے کے لیے گیا تھا لیکن عبداللہ بن عمرؓ کو بھی اس وقت اجازت نہیں ملی تھی اس وجہ سے میں واپس چلا گیا۔ حضرت عمرؓ نے یہ سن کر فرمایا کہ کیا آپ ابن عمرؓ کے درجہ میں ہیں؟ اس کا اور مقام ہے، آپ کا اور مرتبہ ہے۔

یعنی ہرگز ایسا نہیں ہے۔ یہ جو کچھ ہمیں عزت نصیب ہے یہ سب آپ لوگوں کی وجہ سے حاصل ہے۔"

(۳)

اسی طرح اکابر مؤرخین نے ایک واقعہ نقل کیا ہے اس میں حضرت عمرؓ کی طرف سے حسنین شریفینؓ کی تکریم و توقیر کا مکمل طور پر لحاظ کیا گیا ہے۔ ذہبی نے سیر اعلام النبلاء تذکرہ حسینؓ میں درج کیا ہے کہ:

"...... حماد بن زید عن معمر عن الزهري أنّ عُمَرَؓ كَسَا أَبْنَاءَ الصَّحَابَةِ وَلَمْ يَكُنْ فِي ذٰلِكَ مَا يَصْلُحُ لِلْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ فَبَعَثَ إِلَى الْيَمَنِ فَأُتِيَ بِكِسْوَةٍ لَهُمَا فَقَالَ الْآنَ طَابَتْ نَفْسِي"

(۱) سیر اعلام النبلاء ذہبی جلد ۳ ص ۱۹۱، تذکرہ حسینؓ

حاصل یہ ہے کہ زہریؒ سے منقول ہے کہ:

"(فتوحات ہونے پر باہر سے کپڑا آیا) تو حضرت عمرؓ نے صحابہ کرامؓ کی اولاد کو پوشاکیں عنایت کیں۔ ان میں حضرت حسنؓ و حضرت حسینؓ کے مناسب کوئی لباس نہ تھا۔ حضرت عمرؓ نے علاقہ یمن کی طرف آدمی روانہ کر کے حکم بھیجا کہ ان دونوں صاحبزادوں کے موافق لباس تیار کر کے ارسال کیا جائے (جب یہ لباس آیا اور حسنینؓ نے زیبِ تن کیا) تو اس وقت عمر فاروقؓ نے فرمایا کہ اب میری طبیعت خوش ہوئی ہے۔"

(نوٹ) مندرجہ ذیل مصنفین نے بھی واقعہ ہٰذا کو اپنے اپنے الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے:-

(۲) تلخیص ابن عساکر لابن بدران، ج ۴ ص ۳۲۲، تذکرہ حسینؓ۔

(۳) سیرۃ عمر بن الخطاب، ص ۹۷ لابن الجوزی، طبع مصر۔

(۴) کنز العمال، ج ۷، ص ۱۰۶۔ طبع اول قدیم بحوالہ ابن سعد۔

(۵) البدایہ لابن کثیر، ج ۸، ص ۲۰۷۔

(۶) ریاض النضرہ محب الدین الطبری، ص ۲۸-۲۹، ج ۲ طبع مصری۔

(۴)

—— اب یہ تعلق پیش کیا جاتا ہے کہ حسنین شریفینؓ کے مالی حقوق کی رعایت حضرت عمرؓ کی طرف سے مکمل طور پر کی جاتی تھی۔ قبل ازیں اسی حصہ فاروقی کے باب دوم کے آخر میں حضرت علی المرتضیٰ کے مالی حقوق کی ادائیگی کا ذکر آچکا ہے وہاں حسنینؓ کے عطایا کا ذکر اور ہدایا کا بیان ضمناً ہوا تھا۔

اب یہاں براہِ راست ان کے "مالی حقوق" کا بیان پیش کیا جاتا ہے۔ حضرت عمرؓ فاروق حضور نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ داروں کے حقوق کو ادا کرنا اپنا فرض منصبی

اور فریضۂ دینی یقین کرتے تھے۔ حقداروں کے حق ادا کیے بغیر ان کا انصاف و عدل ناتمام رہتا تھا۔ جہاں بھی محدثین نے اور باانصاف غیر متعصب مؤرخین نے یہ مسئلہ لکھا ہے وہاں انہوں نے حسنینؓ کے مالی وظائف متعین کیے جانے کا ضرور ذکر کیا ہے۔ چنانچہ چند ایک حوالہ جات ہم یہاں نقل کرتے ہیں اس کے بعد انصاف کے ساتھ نتیجہ برآمد کرنا قارئین کے ہاتھ میں ہے۔

(۱)

(۱)۔ "......عن جعفر بن محمد عن ابیه اَنَّ عُمَرَ اَلْحَقَ الْحَسَنَؓ وَ الْحُسَیْنَؓ بِاَبِیْهِمَا وَ فَرَضَ لَهُمَا فِیْ خَمْسَةِ الاٰفٍ خَمْسَةِ الاٰفٍ۔"

(کتاب الاموال لابی عبید القاسم بن سلام، ص ۲۲۴، باب فرض الاعطیة من الفیئ۔ طبع مصری)

(۲)

(۲)۔ اور امام طحاوی نے شرح معانی الآثار کی اس بحث میں مضمون ہذا کو اس طرح لکھا ہے:۔

"......وَ فَرَضَ لِلْحَسَنِ وَ الْحُسَیْنِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا خَمْسَةَ الاٰفٍ خَمْسَةَ الاٰفٍ اَلْحَقَهُمَا بِاَبِیْهِمَا لِقَرَابَتِهِمَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔" الخ

(شرح معانی الآثار طحاوی، ج ۲ ص ۱۸۱۔ آخر کتاب وجوہ الفیئ و قسم الغنائم۔ طبع دہلی۔)

(۳)

(۳)۔ اور حافظ ابن عساکر مشہور مؤرخ نے اپنی تاریخ میں مندرجہ ذیل الفاظ میں یہ مسئلہ نقل کیا ہے:۔

اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ لَمَّا دَوَّنَ الدِّیْوَانَ وَ فَرَضَ الْعَطَاءَ اَلْحَقَ الْحَسَنَ وَ الْحُسَیْنَ بِفَرِیْضَةِ اَبِیْهِمَا مَعَ اَهْلِ بَدْرٍ لِقَرَابَتِهِمَا

مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَفَرَضَ لِکُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا خَمْسَةَ الاٰفِ دِرْهَمٍ۔"

(۳)۔ تہذیب ابن عساکر ص ۳۲۱-۳۲۲، جلد ۴: تذکرہ حسینؓ، لابن بدران، ج ۴ ص ۲۱۲: تذکرہ امام حسنؓ۔

(۴) السنن الکبریٰ مع الجوہر النقی، جلد سادس، ج ۶ ص ۳۵۰ کتاب القسم من الفیئ و الغنیمة للعلامہ البیہقی)

حاصل مضمون یہ ہے کہ:

"جب عمر فاروقؓ نے (اہل اسلام کی خاطر مال فئے وغیرہ سے بطور وظیفہ امداد جاری کرنے کے لیے) فہرستیں بنوائیں تو اس وقت حضرت حسنؓ و حضرت حسینؓ کے لیے ان کے والد شریف کے حصہ کے موافق وظیفہ مقرر کیا یعنی (بدری صحابہ کرام کی طرح) پانچ پانچ ہزار درہم مقرر کیا اس لیے کہ یہ دونوں حضرات سردار دوجہاں حضور نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے قریبی رشتہ دار تھے۔"

(۵)

شیعہ احباب نے امام حسن مجتبیٰ کی ایک کرامت ذکر کی ہے جس کو ہم ذیل میں ان کی عبارت میں پیش کرنا چاہتے ہیں۔ اس سے یہ چیز ثابت ہوتی ہے کہ سیدنا حسنؓ بن علیؓ بن ابی طالب خلافتِ فاروقی کے دوران اسلامی فوج میں شمولیت کیا کرتے تھے اور جنگی معاملات میں شریک ہوتے تھے۔ اس واقعہ کو آپ مندرجہ ذیل حوالہ میں ملاحظہ فرمادیں۔ شیعی عالم شیخ عباس قمی نے اپنی تصنیف "تتمۃ المنتہی فی وقائع ایام الخلفاء" میں معتضد باللہ کی خلافت کے حالات میں لکھا ہے کہ

"مسجدے ست در بلدۂ (اصفہان) معروف "بلسان الارض" در طرف

شرقی مزار تخت فولاد نزدیک به قبر فاضل هندی اهل آنجا میگویند کو موضع زمین با حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام تکلم کردہ در زمانیکہ آنحضرت در ایام خلافت عمر بن الخطاب با لشکر اسلام بجہت فتوحات باین مکان تشریف آوردہ واز این جہت او را لسان الارض میگویند۔“

”یعنی شہر اصفہان میں ایک مسجد ہے اس کو لسان الارض کہتے ہیں مزار تخت فولاد کی شرقی جانب فاضل ہندی کی قبر کے نزدیک ہے۔ وہاں کے لوگ کہتے ہیں کہ عمر بن الخطاب کی خلافت کے دوران اسلامی لشکر کے ساتھ امام حسنؓ فتوحات کی خاطر اس مقام میں تشریف لائے تو اس وقت یہ زمین امام حسنؓ سے ہم کلام ہوئی اور گفتگو کی۔ اس وجہ سے لوگ اس مقام کو ”لسان الارض“ کہتے ہیں۔“

(تتمہ المنتہیٰ شیخ عباس القمی، ص ۲۷۲-۲۹۰ تحت خلافت معتضد باللہ)

(۶)

نیز شیعہ اکابرین نے ایک اور واقعہ نقل کیا ہے اس کی صحت و ثبوت کا دار و مدار ان کی کتب معتبرہ پر ہے۔ ہم بطور الزام نقل کر رہے ہیں۔

اس چیز سے واضح ہوتا ہے کہ حضرت سیدنا حسینؓ کی ایک بیوی حضرت عمرؓ کے دورِ خلافت کی عطا شدہ ہے۔ عجم کی فتوحات ہوئی ہیں تو اس وقت یہ خادمہ حضرت علیؓ کے مشورہ کے تحت حضرت حسینؓ کو عنایت کی گئی۔ انہی کے بطن سے امام زین العابدین (علی بن الحسینؓ) متولد ہوئے۔

”اصول کافی“ باب الحجۃ، مولد علی بن الحسین میں امام محمد باقر کی روایت میں ہے:-

”... عَنْ اَبِیْ جَعْفَرٍ عَلَیْهِ السَّلَامُ لَمَّا قُدِّمَتْ بِنْتُ یَزْدَجَرْدٍ

عَلٰی عُمَرَ اَشْرَفَ لَهَا عَذَارٰی الْمَدِیْنَةِ وَاَشْرَقَ الْمَسْجِدُ بِضَوْئِهَا لَمَّا دَخَلَتْهُ فَلَمَّا نَظَرَ اِلَیْهَا عُمَرُؓ غَطَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ اُفِّ بِیْرُوْجَ بَادَا هُرْمُزُ فَقَالَ عُمَرُؓ اَتَشْتِمُنِیْ هٰذِهٖ وَهَمَّ بِهَا فَقَالَ لَهٗ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیْهِ السَّلَامُ لَیْسَ ذَالِكَ لَكَ خَیِّرْهَا رَجُلًا مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ وَاَحْسِبْهَا بِفَیْئِهٖ فَخَیَّرَهَا فَجَاءَتْ حَتّٰی وَضَعَتْ یَدَهَا عَلٰی رَاْسِ الْحُسَیْنِ عَلَیْهِ السَّلَامُ فَقَالَ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیْهِ السَّلَامُ مَا اِسْمُكِ فَقَالَتْ ”جهان شاه“ فَقَالَ لَهَا اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ بَلْ شَهْرُبَانُوَیْهِ ثُمَّ قَالَ لِلْحُسَیْنِؓ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ لَیَلِدَنَّ لَكَ مِنْهَا خَیْرُ اَهْلِ الْاَرْضِ فَوَلَدَتْ عَلِیَّ بْنَ الْحُسَیْنِؓ۔“

(۱) اصول کافی، باب الحجۃ۔ مولد علی بن الحسینؓ، ص ۲۹۶ طبع نول کشور۔ لکھنؤ۔

امام محمد باقرؒ کی اس روایت کا ترجمہ فارسی زبان میں ملا خلیل قزوینی نے اپنی تصنیف الصافی شرح اصول کافی میں بعبارتِ ذیل کیا ہے۔ یعنی یہی مضمون فارسی میں اس طرح ہے:

”یعنی روائتیست از امام محمد باقر علیہ السلام کہ گفت چوں آوردہ شد دختر یزدجرد نزد عمرؓ بہ با مہا رفتند دختران مدینہ برائے تماشائے حسن و جمال او چوں آوازۂ آں را شنیدہ بودند و روشن شد مسجد مدینہ بتابشِ روئے او چوں داخل مسجد شد پس چوں نظر کرد بسوئے او عمر پوشانید روئے خود را و گفت ”بد روزگار بادا ہرمز کہ بہ بدی تدبیر او باعثِ ایں شد ...... پس عمر گفت آیا دشنام می دہد مرا ایں دختر؟ وقصد آزار کرد با او۔ پس گفت او را امیر المومنین علیہ السلام

نیست آن دشنام برائے تو بلکہ برائے دیگرے ست مخیر کن اورا
کہ برگزیند مردے را از مسلمانان وحساب کن اورا بحصۂ غنیمت آں
مرد باعتبار خمس پس مخیر کرد اورا عمرؓ پس آمد تا نہاد دستِ خود را بر
سرِ امام حسینؑ پس گفت امیر المومنینؑ چیست نام تو پس گفت "جہان شاہ"
پس گفت اورا امیر المومنین علیہ السلام بلکہ نام تو شہر بانویہ ست ....
... بعد ازاں گفت امام حسین را ای ابوعبداللہ ہرآئینہ خواہد زائید البتہ برائے
تو از او پسرے کہ بہتر از اہلِ زمین است در زمانِ خود پس زائید امام زین العابدینؑ
را "

(۲) کتاب "الصافی" شرح "اصول کافی" کتاب الحجۃ، جزء سوم
حصہ دوم ص ۲۰۴-۲۰۵ - طبع نولکشور لکھنؤ)

اور شیعہ کے انساب کے مشہور فاضل ابن عنبہ (جمال الدین) نے اپنی کتاب "عمدۃ الطالب فی انسابِ آلِ ابی طالب" میں یہ مسئلہ مختصراً درج کیا ہے۔ عبارت ملاحظہ ہو:-

" .... فَالْمَشْهُوْرُ اَنَّهَا شَاهْ زَنَانْ بِنْتُ كِسْرٰى يَزْدَجَرْدَ بْنِ
شَهْرِيَار .... وَقِيْلَ اِنَّ اِسْمَهَا شَهْرَبَانُوْ
قِيْلَ نُهِبَتْ فِيْ فَتْحِ الْمَدَائِنِ فَنَفَلَهَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ مِنَ الْحُسَيْنِ
عَلَيْهِ السَّلَامُ "

(۳) عمدۃ الطالب، ص ۱۹۲ - الفصل الثانی فی عقب الحسین
الشہید - طبع جدید -

(۴) - یاد رہے کہ امام زین العابدین کی ماں کا فتوحاتِ عجم میں آنا اور خلافتِ فاروقی میں سیدنا حسینؓ کو عطا ہونا وغیرہ یہ تمام واقعہ شیعہ کے مشہور مؤرخ محمد تقی سپہر نے اپنی مشہور تاریخ ناسخ التواریخ جلد نہم حصہ اول در حالات زین العابدین میں ص ۳ و ص ۴ وغیرہ پر

مفصل نقل کیا ہے اہلِ علم رجوع کر سکتے ہیں۔ ہم نے مآخذ کی نشان دہی کر دی ہے۔

حوالہ جات مندرجہ کا خلاصہ

عوام دوستوں کے لیے اردو میں پیشِ خدمت کیا جاتا ہے۔ شیعہ مجتہدین نے لکھا ہے کہ امام محمد باقرؒ فرماتے ہیں کہ یزدجرد بادشاہ کی لڑکی جب عمر بن الخطاب کی خدمت میں مدینہ پہنچی ہے تو اس کا حسن و جمال دیکھنے کے لیے مدینہ کی عورتیں مکانوں کے اوپر چڑھ گئیں۔ اور مدینہ کی مسجد اس کی روشنی کی وجہ سے منور ہو گئی۔ جب عمر بن الخطاب نے اس کی طرف دیکھا تو اس نے اپنا منہ چھپا لیا اور کہنے لگی کہ ہرمز کا برا ہو جس کی بدتدبیری کے باعث ہمیں یہ کچھ دیکھنا پڑا۔

عمر بن الخطاب کہنے لگے کیا یہ لڑکی مجھے سب و شتم کرتی ہے؟ کچھ تنبیہ کرنی چاہی تو اس وقت علی بن ابی طالب نے کہا کہ یہ آپ کو برا بھلا نہیں کہہ رہی بلکہ دوسرے شخص کے حق میں اس نے کچھ کہا ہے۔ پھر علی المرتضیٰؓ نے عمر بن الخطاب کو مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ آپ اس لڑکی کو مسلمانوں میں سے کسی ایک شخص کو پسند کرنے کا اختیار دے دیں اس کے بعد اس شخص کے حصۂ غنیمت میں اس کو شمار کر دینا۔ عمر بن الخطاب نے اسی طرح کرتے ہوئے لڑکی کو حسبِ منشا پسندیدگی کا اختیار دے دیا۔ لڑکی نے آکر حسین بن علی کے سر پر ہاتھ رکھ دیا (اس طرح یہ حسینؓ کے حصہ میں دے دی گئی)۔ پھر علی المرتضیٰؓ نے اس لڑکی کا نام دریافت کیا۔ اس نے کہا مجھے شاہ جہان کہتے ہیں۔ حضرت علیؓ نے کہا کہ نہیں بلکہ تیرا نام شہر بانویہ تجویز ہے۔

—— پھر علی المرتضیٰؓ نے خوش خبری کے طور پر حضرت حسینؓ کو فرمایا کہ تیرے لیے اس سے فرزند ہو گا جو اپنے دور میں تمام اہلِ زمین سے بہتر ہو گا اس کے بعد زین العابدین اس سے متولد ہوئے۔"

ابن عنبہ کے بیان کا خلاصہ بھی یہی ہے کہ یہ لڑکی فتوحات مدائن میں آئی تھی اور عمر بن الخطاب نے حسین بن علی کو عنایت فرمائی "۔

ایک وضاحت

اہلِ علم پر واضح ہو کہ " بدروزگار با دا ہرمز را " جملہ کا مطلب اسی صافی شرح اصول کافی میں بعبارتِ ذیل تحریر ہے

(ہرمز پدرِ خسرو پرویز ست) مراد ایں جا دشنام خسرو پرویز ست کہ مومن نشدہ و نامہ رسول اللہ را پارہ پارہ کردہ، تا کار با بجار سید "۔

(صافی شرح اصول کافی، ص ۲۰۴ - ۲۰۵ - کتاب الحجۃ جزء سوم، حصہ دوم - مولد علی بن الحسین طبع نولکشور لکھنؤ)

فصل ہٰذا کا خلاصہ

(۱)

حضرت سیدنا عمر بن الخطاب اور اس کی اولاد کے نزدیک حسنین شریفین کی بڑی قدر و منزلت تھی۔

(۲)

اور ان حضرات کی ایک دوسرے کی جانب آمد و رفت رہتی تھی اور باہمی توقیر و عزت کا پورا پورا خیال رکھتے تھے۔

(۳)

سیدنا فاروقِ اعظم کی طرف سے بعض اوقات حسنین کریمین کو پوشاک و لباس بھی عنایت کیا جاتا تھا۔

(۴)

اور فاروقی خلافت کی جانب سے حسنین کے لیے باقاعدہ سالانہ وظائف اور عطایا و ہدایا دیتے جاتے تھے اور وہ ان کو قبول کرتے تھے "۔

(۵)

فاروقی خلافت کے دوران سیدنا حسن اسلامی فوج میں شمولیت رکھتے تھے اور شریکِ کار رہتے تھے۔

(۶)

اور شیعی مجتہدین و علماء کی تحقیق کے موافق سیدنا حسین کو ایک بیوی اسلامی فتوحات میں سے فاروق اعظم نے عطا کی تھی اور انہوں نے بخوشی قبول کی تھی - اس محترمہ خاتون سے زین العابدین متولد ہوئے ۔

اس واقعہ کے ذریعہ ثابت ہوا کہ :

خلافتِ فاروقی برحق تھی، غاصبانہ نہ تھی اور اس کے فوجی تصرفات سب درست تھے - اور اس کے غنائم کو اخذ کرنا شرعاً صحیح تھا - حضرت علی اور ان کے صاحبزادے فاروقِ اعظم سے اپنے تمام حقوق مالی وصول فرماتے تھے - اور ان حضرات کا آپس میں کوئی سیاسی و مذہبی اختلاف ہرگز نہ تھا - یہ تاریخی واقعات ان گذارشات پر شاہدِ عادل ہیں ۔

فصل چہارم

فصل ہذا باب سوم کا آخری فصل ہے اس میں حضرت سیدنا عمر فاروقؓ اور حضرت سیدنا علی بن ابی طالب کے مابین وہ واقعات جمع کیے جائیں گے جو حضرت فاروقؓ کی زندگی کے آخری حالات کے متعلق ہیں۔

ان کے چند عنوانات قائم کر کے ایک ترتیب کے ساتھ پیش خدمت کیے جاتے ہیں۔ ہر عنوان کے بعد اس کے فوائد و ثمرات ذکر کرنے کے بجائے تمام عنوانات تحریر کرنے کے بعد یکجا ان کے نتائج درج کیے جائیں گے جن کے بعد ہر منصف مزاج ان دونوں بزرگوں کے حسن تعلقات کا اعتراف کیے بغیر نہیں رہ سکے گا اور ایک انصاف پسند انسان یقیناً ان دونوں کی تازیست دوستی کی توثیق کرے گا۔

(۱)

فاروقی انتقال کی پیشگوئی
خواب کی صورت میں

علامہ ابوبکر عبداللہ بن الزبیر الحمیدی نے اپنی مسند حمیدی میں اور امام احمدؒ نے مسند امام احمدؒ میں ایک واقعہ نقل کیا ہے اس میں ایک فاروقی خواب کا ذکر ہے جس کی تعبیر حضرت علی المرتضیٰؓ کی اہلیہ اسماء بنت عمیس نے بیان کی کہ یہ موت کی طرف اشارہ ہے اور ایک عجمی شخص ان پر قاتلانہ حملہ کرے گا۔ عبارت ملاحظہ فرماویں:۔

"... اِنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَامَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ ذَكَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ

اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ثُمَّ قَالَ رَاَيْتُ رُؤْيَا لَا اُرَاهَا اِلَّا لِحُضُوْرِ اَجَلِيْ رَاَيْتُ كَاَنَّ دِيْكًا نَقَرَنِيْ نَقْرَتَيْنِ قَالَ وَذَكَرَ لِيْ اَنَّهُ دِيْكٌ اَحْمَرُ فَقَصَصْتُهَا عَلٰى اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ ...... فَقَالَتْ يَقْتُلُكَ رَجُلٌ مِنَ الْعَجَمِ .... (روایت طویلہ ہے)..
.... قَالَ فَخَطَبَ النَّاسَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَاُصِيْبَ يَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ۔"

(۱) مسند امام احمد، تحت مسندات عمرؓ بن الخطاب جلد اوّل ص ۱۵ مطبوعہ مصر۔
(۲) مسند حمیدی۔ تحت احادیث عمرؓ بن الخطاب ج ۱ ص ۱۶ طبع مجلس علمی کراچی وڈابھیل۔

"حاصل یہ ہے کہ (ایک دفعہ) حضرت عمر فاروقؓ نے جمعہ کے دن منبر پر کھڑے ہو کر خطبہ دیا۔ حمد و ثنا کی پھر نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر خیر فرمایا پھر ابوبکر الصدیقؓ کا ذکر کیا۔ اس کے بعد کہنے لگے کہ میں نے ایک خواب دیکھا ہے۔ اس سے میں یہ سمجھا ہوں کہ میری موت قریب آگئی ہے۔

وہ اس طرح ہے کہ ایک سرخ مرغا ہے اس نے میرے شکم میں دو تین بار اپنی چونچ سے ٹھونگے لگائے ہیں۔ اس خواب کو میں نے اسماء بنت عمیس (حضرت علیؓ کی اہلیہ) کے پاس بیان کیا۔ اسماء بنت عمیس نے کہا کہ عجم کا ایک آدمی تجھے قتل کر دے گا .... " روایت کنندہ کہتا ہے کہ عمر فاروقؓ نے جمعہ کو یہ خطبہ دیا اور چہارشنبہ یعنی بدھ کو ان پر یہ مصیبت پہنچی۔"

(۲)

حضرت سیّدنا عمر فاروق کے اسلام و ہجرت و خلافت و دیانتداری کے متعلق حضرت علیؓ و ابنِ عباسؓ کی شہادت

جب خلیفۂ ثانی فاروق اعظمؓ پر مغیرہؓ بن شعبہ کے عجمی و مجوسی غلام (ابو لؤلؤ فیروز نامی) نے ذوالحجہ ۲۳ھ کی آخری تاریخوں میں قاتلانہ حملہ کیا۔ حضرت عمرؓ صبح کی نماز پڑھا رہے تھے۔ اس کے بعد عمرؓ فاروق کو مسجد سے اٹھا کر ان کے مکان پر لایا گیا۔ آپ تین روز زندہ رہے ہیں پھر یکم محرم ۲۴ھ کو انتقال ہُوا۔

اس دوران میں صحابہ کرامؓ کی مختلف اوقات میں اپنے خلیفہ سے ملاقاتیں ہوتی رہیں۔ ایک بار حضرت علیؓ اور عبداللہ بن عباسؓ فاروق اعظمؓ کے پاس تشریف رکھتے تھے۔ اور حضرت عمرؓ فکرِ آخرت کے غلبہ کی وجہ سے اپنے حق میں پریشانی کا اظہار کرنے لگے تو ان کی تسلّی و تشفّی کے لیے عبداللہ بن عباسؓ نے اپنا بیان ذکر کیا اور حضرت علیؓ نے اس کی تصدیق و توثیق فرمائی۔ اس موقعہ کی عبارت اس طرح ہے۔

(۱) ۔ قَالَ حَدَّثَنَا یُوْسُفُ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ عَنِ الْھَیْثَمِ قَالَ دَخَلَ اِبْنُ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا عَلٰی عُمَرَؓ حِیْنَ اُصِیْبَ فَقَالَ اَبْشِرْ فَوَاللّٰہِ لَقَدْ کَانَ اِسْلَامُکَ عِزًّا وَلَقَدْ کَانَ ھِجْرَتُکَ فَتْحًا وَوَلَایَتُکَ عَدْلًا وَلَقَدْ صَحِبْتَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَتّٰی تُوُفِّیَ وَھُوَ عَنْکَ رَاضٍ ثُمَّ صَحِبْتَ اَبَا بَکْرٍ فَتُوُفِّیَ وَھُوَ عَنْکَ رَاضٍ وَلَقَدْ وُلِّیْتَ فَمَا اخْتَلَفَ فِیْ وِلَایَتِکَ اِثْنَانِ قَالَ عُمَرُؓ اَتَشْھَدُ بِذَالِکَ؟ قَالَ نَعَمْ اِبْنُ عَبَّاسٍ فَقَالَ عَلِیٌّؓ نَعَمْ نَشْھَدُ بِذَالِکَ۔"

(۱) ۔ کتاب الآثار لامام ابی یوسف ص ۲۰۷ ۔ رقم نمبر ۹۲۵ حیدر آباد دکن۔

(۲) ۔ سیرت عمرؓ بن الخطاب لابن جوزی، ص ۱۹۳ ۔ طبع مصر

(۳) ۔ شرح نہج البلاغہ لابن ابی الحدید معتزلی و شیعی ص ۲۱۵ - ۲۱۶ ۔ جلد ثالث بحث فی الآثار التی وردت فی موت عمرؓ والکلام فالہ عند ذالک ۔ طبع بیروت

حاصل مطلب یہ ہے کہ عبداللہ بن عباسؓ حضرت عمرؓ کے پاس گئے جبکہ ان پر قاتلانہ حملہ ہو چکا تھا اور کہنے لگے کہ آپ کو خوشخبری ہو اللہ کی قسم آپ کا اسلام لانا (مسلمانوں کے لیے) باعثِ عزّت ہُوا۔ آپ کا ہجرت کرنا وجہ کشائش ہُوا ۔ آپ کی خلافت سراسر عدل تھی۔ آپ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلّم کے اصحاب و ہم نشین تھے۔ نبی کریم نے آپ سے رضامندی کی حالت میں انتقال فرمایا۔ پھر آپ ابو بکر الصدّیقؓ کے ہم نشین تھے وہ بھی رضامند ہو کر آپ سے رخصت ہوئے۔ آپ کی خلافت پر دو شخصوں نے بھی اختلاف نہیں کیا۔ یہ سُن کر حضرت عمرؓ نے فرمایا اے ابنِ عباس! تو اس چیز کی گواہی دیتا ہے تو ابنِ عباس سنائے۔ پاس حضرت علیؓ موجود تھے۔ انہوں نے فرمایا ہاں! ہم اس حقیقت کے گواہ ہیں۔ (آپ توقف و تردّد نہ کریں)۔"

—— ناظرین کرام کو معلوم رہے کہ:

عبداللہ بن عباسؓ و علی المرتضیٰؓ کا حضرت عمرؓ کے پاس آخری اوقات میں جا کر جنّت کی خوشخبری سُنانے کے اس واقعہ کو (بہ تفاوت الفاظ) علّامہ الزجاجی نے میمون بن مہران کے ذریعہ عبداللہ بن عمرؓ سے اپنی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(کتاب الامالی، ص ۱۰۵ لابی القاسم عبدالرحمٰن بن اسحٰق الزجاجی المتوفی ۳۴۰ھ ۔ طبع اول مصری)

یہاں پر واضح ہو کہ جس طرح نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم کی حضرت عمرؓ پر رضامندی کی گواہی حضرت علیؓ نے دی ہے اسی طرح حضرت علیؓ پر رضامند ہونے کی گواہی حضرت فاروقؓ سے منقول و مندرج ہے۔ بخاری شریف میں ہے :۔

"۔ ۔ ۔ ۔ قَالَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ تُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھُوَ عَنْہُ رَاضٍ۔"

"یعنی عمر فاروقؓ نے فرمایا کہ حضور نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم کا انتقال ہوا درآں حالیکہ وہ حضرت علیؓ سے راضی و خوش تھے۔"

(بخاری شریف، ج ۱، ص ۵۲۵۔ باب مناقب علیؓ۔ طبع نور محمدی دہلی)

(۴۲)

قاتلانہ حملہ کے بعد حضرت علیؓ کی طرف سے کمال اظہارِ ہمدردی

"۔ ۔ ۔ ۔ عَنْ اَیُّوْبَ السَّخْتِیَانِیْ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ لَمَّا طُعِنَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ بَعَثَ اِلٰی حَلْقَۃٍ مِنْ اَھْلِ بَدْرٍ کَانُوْا یَجْلِسُوْنَ بَیْنَ الْقَبْرِ وَالْمِنْبَرِ فَقَالَ یَقُوْلُ لَکُمْ عُمَرُ اُنْشِدُکُمُ اللّٰہَ اَکَانَ ذَالِکَ عَنْ رِضًا مِنْکُمْ فَتَلَکَّأَ الْقَوْمُ فَقَامَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ فَقَالَ لَا : وَدِدْنَا اِنَّا زِدْنَا فِیْ عُمُرِہٖ مِنْ اَعْمَارِنَا۔"

(۱)۔ حلیۃ الاولیاء لابی نعیم اصفہانی، ج ۳، ص ۱۹۹ تذکرہ جعفر صادقؒ۔ طبع مصر۔

(۲)۔ المصنف لعبد الرزاق ص ۵۱-۵۲، ج ۶ طبع بیروت

(۳)۔ " " " ص ۳۵۷-ج ۱۰- " "

"یعنی جعفر صادق اپنے والد امام باقرؒ سے نقل کرتے ہیں کہ منبر نبوی اور قبر شریف کے درمیان بدری صحابہ کرامؓ تشریف رکھا کرتے تھے۔ عمرؓ بن الخطاب پر جب قاتلانہ حملہ ہوا تو انہوں نے ان حضرات کی طرف آدمی بھیج کر کہلا بھیجا کہ تمہیں قسم دے کر عمرؓ بن الخطاب دریافت کرتے ہیں کہ تم ایسے واقعہ پر رضامند ہو؟ یا تمہاری رضامندی سے ہوا ہے؟ تو وہاں پر موجود تمام صحابہ پر گریہ طاری ہو گیا اور حضرت علیؓ اٹھ کھڑے ہوتے اور فرمانے لگے کہ ہرگز نہیں! ہم تو دوست رکھتے ہیں کہ ہماری زندگیوں میں سے عمرؓ بن الخطاب کو زندگی دے دی جاتے اور ان کی حیات دراز ہو۔"

فاروقِ اعظمؓ کو حضرت علیؓ کا جنّت کی بشارت دینا۔ امام حسنؓ کا تائید کرنا (۴۳)

"عَنْ اَبِیْ مَطَرٍ قَالَ سَمِعْتُ عَلِیًّا یَقُوْلُ دَخَلْتُ عَلٰی عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ حِیْنَ طُعِنَ وَجَارَۃُ اَبُوْ لُؤْلُؤَۃَ وَھُوَ یَبْکِیْ فَقُلْتُ مَا یُبْکِیْکَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ؟ قَالَ اَبْکَانِیْ خبر السماء اَیُذْھَبُ بِیْ اِلَی الْجَنَّۃِ اَمْ اِلَی النَّارِ؟ فَقُلْتُ لَہٗ اَبْشِرْ بِالْجَنَّۃِ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَا لَا اُحْصِیْہِ سَیِّدَا کُھُوْلِ اَھْلِ الْجَنَّۃِ اَبُوْ بَکْرٍ وَعُمَرُ وَاَنْعَمَا فَقَالَ شَاھِدٌ اَنْتَ لِیْ یَا عَلِیُّ بِالْجَنَّۃِ؟ قُلْتُ نَعَمْ وَاَنْتَ یَا حَسَنُ فَاشْھَدْ عَلٰی اَبِیْکَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ عُمَرَ مِنْ اَھْلِ الْجَنَّۃِ۔"

(کنز العمّال (بحوالہ ابن عساکر) ج ۶ ص ۳۶۴۔ باب فضائل عمرؓ فصل فی وفاتہ۔ طبع قدیم۔ دکن)

"ابو مطر کہتا ہے کہ میں نے حضرت علیؓ سے سنا وہ فرماتے تھے جب مجوسی غلام ابو لؤلؤ نے حضرت عمرؓ پر حملہ کر دیا تھا تو میں عمرؓ بن الخطاب کے پاس پہنچا۔

عمرؓ بن الخطاب رو رہے تھے۔ مَیں نے کہا اے امیر المومنین! آپ کے رونے کی کیا وجہ ہے؟ حضرت عمرؓ نے کہا کہ میرے حق میں جو آسمانی فیصلہ ہے وہ مجھے معلوم نہیں ہے۔ جنت میں جاؤں گا یا دوزخ میں؟ اس وجہ سے روتا ہُوں۔ مَیں نے کہا کہ آپ کو جنت کی خوشخبری ہو، مَیں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بے شمار دفعہ سُنا کہ آپ فرماتے تھے پُختہ عمر کے جنتیوں کے سردار ابوبکرؓ و عمرؓ ہونگے اور یہ بڑے عمدہ سردار ہیں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ اے علیؓ، آپ اس بشارت کے گواہ ہیں؟ مَیں نے کہا کہ ہاں مَیں گواہ ہُوں اور اپنے بیٹے حسنؓ کو بھی کہا کہ تو بھی اس امر کی شہادت دے کہ بفرمانِ نبوی عمرؓ اہلِ جنت میں سے ہیں۔"

(۵)

مجلسِ شوریٰ کا انتخاب اور اس میں حضرت علیؓ کی شرکت

جب حضرت فاروق اعظمؓ کے آخری لمحات آگئے اور زندگی سے مایوس ہوگئے تو آپ نے متعدد وصایا فرمائے اور اقارب واجانب کو نصیحتیں فرمائیں۔ اس موقع کی ایک مشہور وصیت ہے جو سُنی و شیعہ سب علماء نے اپنے اپنے موقع پر درج کی ہے۔ وہ اسلام کی خلافت اور مسلمانوں کی خیر خواہی کے لیے تجویز فرمائی تھی۔

—— یعنی اہلِ اسلام کے اکابر حضرات میں سے چھ نفر کا انتخاب فرما کر حکم دیا کہ ان چھ بزرگوں (حضرت عثمانؓ بن عفان، حضرت علیؓ بن ابی طالب، الزبیرؓ، طلحہؓ، عبدالرحمنؓ بن عوف، سعدؓ بن ابی وقاص) میں سے جس ہستی پر اتفاق رائے ہوجائے اس کو مسلمانوں کا خلیفہ اور امیر المومنین تسلیم کرلیا جائے اور یہ فیصلہ تین روز کے اندر مکمل کیا جائے۔

—— اور ان چھ حضرات کے انتخاب کی مصلحت وحکمت خود ہی ساتھ بیان فرمادی

کہ ان بزرگوں سے نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اس عالم سے رضامند ہو کر رخصت ہوئے تھے۔ اس وجہ سے ان کو باقی لوگوں پر فوقیت دی جاتی ہے۔

—— اس شش گانہ انتخاب میں حضرت علی المرتضیٰؓ کو شامل و شریک رکھا گیا جیسا کہ تمام حوالہ جات میں تصریح موجود ہے۔

اب ایک ذخیرۂ حوالہ جات سے چند ایک محدثین و مورخین کی عبارات ہم پیش کرتے ہیں تاکہ قارئین کرام کو اس مسئلہ کے متعلق تسلی ہوجائے۔ آخری حوالہ شیعہ بزرگوں کے اطمینان کے لیے امالی شیخ طوسی سے نقل ہوگا۔ محولہ مقامات میں اگرچہ عبارت کا فرق پایا جاتا ہے لیکن مضمون و مفہوم واحد ہے۔

مُسند حُمیدی میں حضرت عمرؓ بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے مسانید کے تحت یہ مسئلہ درج ہے۔ حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ:

"وَاِنِّیْ قَدْ جَعَلْتُ ھٰذَا الْاَمْرَ بَعْدِیْ اِلٰی ھٰؤُلَآءِ السِّتَّۃِ الَّذِیْنَ قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھُوَ عَنْھُمْ رَاضٍ وَھُمْ عُثْمَانُ وَعَلِیٌّ وَالزُّبَیْرُ وَطَلْحَۃُ وَعَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ وَسَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ فَمَنِ اسْتُخْلِفَ فَھُوَ الْخَلِیْفَۃُ۔"

(۱) مُسند حمیدی، ج ۱ ص ۱۷ تحت احادیث عمرؓ طبع مجلسِ علمی کراچی۔

(۲) بخاری شریف، جلد اوّل، باب مناقب عثمانؓ و قصۃ البیعۃ ومقتل عمرؓ ص ۵۲۴ طبع نور محمدی دہلی۔

(۳) مسند امام احمدؒ ج ۱ ص ۲۰ تحت مسانید عمر بن الخطاب

(۴) طبقات ابن سعد جلد ثالث، باب عمرؓ ص ۲۴۶ قسم اوّل طبع یورپ۔

(۵) مُسندابی یعلیٰ (قلمی) لاحمد بن علی بن المثنیٰ الموصلی۔
ص ۲۷، تحت مسانید عمرؓ بن الخطاب۔ نقل شدہ
از پیر گوٹھ (سندھ)

(۶) السنن الکبریٰ بیہقی، ج ۸، ص ۱۵۰ کتاب اہل
البغی۔ باب من جعل الامر شوریٰ ... الخ۔

(۷) انساب الاشراف للبلاذری، ج ۵ ص ۱۸۔ باب
امر الشوریٰ و بیعۃ عثمان۔ طبع جدید تختی کلاں۔

(۸) البدایہ والنہایہ لابن کثیر، ج ۷ ص ۱۴۷-۱۴۸
طبع اوّل مصری۔

——— حاصلِ کلام یہ ہے :-

حضرتِ عمرؓ فرماتے ہیں کہ

"خلافت کا معاملہ میں نے اپنے بعد ان چھ نفر کے سپرد کر دیا ہے اور ان کے حق میں وصیت کر دی ہے جن سے نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اپنے انتقال کے وقت راضی و خوش تھے۔ ان میں سے جس پر اتفاق رائے ہو جائے اس کو خلیفہ تسلیم کر لیا جائے وہ عثمانؓ و علیؓ و طلحہؓ و زبیرؓ و عبدالرحمٰنؓ بن عوف و سعدؓ بن ابی وقاص ہیں۔"

(۶)

مسئلہ ہٰذا میں شیعہ بزرگوں کی تائید

اس کے بعد اس مسئلہ پر شیعہ احباب کا معتبر بیان مستند کتابوں سے لکھا جاتا ہے انصاف پسند ناظرین سے توقع ہے کہ وہ اس مسئلہ کے متعلق پوری طرح مطمئن ہو

جائیں گے۔ "شیخ الطائفہ" شیخ طوسی نے اپنی سند کے ساتھ اپنی تصنیف "امالی" میں درج کیا ہے اور الشیخ الصدوق ابن بابویہ القمی نے اس کو اپنی تصنیف علل الشرائع باب ۱۳۴ میں نقل کیا ہے۔ معائنہ فرمادیں۔

"...... عَنْ اَبِی الطُّفَیْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَۃَ الْکِنَانِیِّ قَالَ اُحْتُضِرَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ جَعَلَہَا شُوْرٰی بَیْنَ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ وَعُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ وَطَلْحَۃَ وَالزُّبَیْرِ وَسَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمْ وَعَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ فِیْمَنْ یُشَاوِرُ وَلَا یُوَلّٰی۔"

(۱) "الامالی" للشیخ ابی جعفر الطوسی ۱۶۷-۱۶۹، جلد ۲۔
طبع نجف اشرف عراق)

(۲) علل الشرائع للشیخ الصدوق، ص ۱۷۱ باب ۱۳۴۔
طبع نجف اشرف عراق۔

"یعنی ابوالطفیل نے کہا کہ جب عمرؓ بن الخطاب کے انتقال کا وقت قریب ہوا تو اُنہوں نے (خلافت کے مسئلہ کی خاطر) چھ آدمیوں کی ایک مجلسِ شوریٰ قائم کر دی اس میں علیؓ بن ابی طالب، عثمانؓ بن عفان، طلحہؓ و زبیرؓ سعدؓ بن ابی وقاص، عبدالرحمٰنؓ بن عوف شامل و شریک تھے۔

اور اپنے لڑکے عبداللہ بن عمرؓ کے متعلق فرمان دیا کہ اس کو مشورہ میں لے لیا جائے لیکن اس کو والی و حاکم نہ بنانا۔"

(۷)

حضرت علیؓ کو خصوصی وصیت کرنا اور نماز کا انتظام کرنا

طبقات ابن سعد باب عمرؓ میں جہاں وصایا عمرؓ مذکور ہیں وہاں لکھا ہے:-

"ثُمَّ دَعَا عَلِيًّا فَاَوْصَاهُ ثُمَّ اَمَرَ صُهَيْبًا اَنْ يُّصَلِّيَ بِالنَّاسِ ۔۔ الخ

(طبقات ابن سعد، ج ۳، ص ۲۴۶)

"یعنی عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت علیؓ کو بلا کر خصوصی وصیت کی اور صہیبؓ رومی کو حکم دیا کہ (خلافت کا مسئلہ طے ہونے تک) لوگوں کو نماز پڑھایا کریں"

اور بعض روایات میں منقول ہے کہ حضرت عمرؓ نے آخری وصایا جہاں فرمائی ہیں۔ وہاں ان چھ حضرات کو قسم دلا کر تقوٰی کی اور عدل و انصاف کرنے کی تاکید کی۔ (بلاذری)

(۸)

حضرت فاروق اعظمؓ کا جب انتقال ہو گیا اور اللہ کے ہاں جا پہنچے تو تمام اہل اسلام پر ہم و غم رنج و الم کے بادل چھا گئے۔ صحابہ کرام مضطرب و بے چین ہو گئے۔ تمام اکابرین اس مصیبتِ عظمٰی کی وجہ سے بے انتہا مغموم و محزون تھے۔ حضرت علیؓ نے اس موقعہ پر حضرت عمرؓ کے حق میں گوناگوں صورتوں میں اظہارِ غم کیا اور کلماتِ محبت فرماتے اور انکی عظمت کو بیان فرمایا۔ ان کی دیانت و امانت کی قدر دانی کی اور عزت افزائی فرمائی۔

حضرت علیؓ المرتضٰی کی طرف سے موقع ہذا کے بیاناتِ کثیرہ میں سے صرف دو تین فرمودات ہم یہاں نقل کرتے ہیں۔ ناظرین حضرات اس سے ان دونوں بزرگوں کے حسنِ تعلقات اور باہمی عقیدت مندی کا اندازہ لگا سکیں گے۔

حضرت علیؓ کی جانب سے فاروقِ اعظمؓ کے حق میں قدر دانی کے کلمات

۔ ۔ ۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ اِنِّیْ لَوَاقِفٌ فِیْ قَوْمٍ فَدَعَوُا اللّٰهَ لِعُمَرَؓ

بن الخطاب وَقَدْ وُضِعَ عَلٰى سَرِيْرِهٖ اِذَا رَجُلٌ مِنْ خَلْفِىْ قَدْ وَضَعَ مِرْفَقَهٗ عَلٰى مَنْكِبِىْ يَقُوْلُ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ اِنْ كُنْتُ لَاَرْجُوْ اَنْ يَّجْعَلَكَ مَعَ صَاحِبَيْكَ لِاَنِّىْ كَثِيْرًا مَا كُنْتُ اَسْمَعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ كُنْتُ وَاَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ وَفَعَلْتُ وَاَبُوْبَكْرٍؓ وَعُمَرُؓ وَانْطَلَقْتُ وَاَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ اِنْ كُنْتُ لَاَرْجُوْ اَنْ يَّجْعَلَكَ اللّٰهُ مَعَهُمَا فَالْتَفَتُّ فَاِذَا عَلِيٌّ بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ"

(۱) ــ بخاری شریف جلد اوّل صـ ۵۱۹/۵۲۰، باب مناقب ابی بکرؓ و عمرؓ طبع نور محمدی دہلی۔

(۲) ــ مسلم شریف، ج ۲ ص ۲۷۴ ـ باب فضائل عمرؓ طبع دہلی۔

(۳) ــ سُنن ابن ماجہ، ص ۱۰ ـ باب الفضائل طبع علیمی دہلی۔

(۴) ــ مُسند امام احمد، ج ۱ ص ۱۱۲ مُسنَدات حضرت علیؓ طبع مصر معہٗ منتخب کنز۔

(۵) ــ کنز العمّال، ج ۶ ص ۳۶۵، جلد سادس روایت ۵۷۱۷ ـ طبع قدیم دکن۔

عبد اللہ بن عباس کہتے ہیں کہ (انتقالِ فاروقی کے بعد) میں لوگوں میں موجود تھا۔ لوگ حضرت عمرؓ کے گرد اظہارِ تاسّف کے لیے جمع تھے اور ان کے حق میں اللہ تعالیٰ سے مغفرت کی دعائیں کر رہے تھے۔ عمر بن الخطابؓ کو چار پائی پر رکھا گیا تھا اس وقت میری پُشت کی طرف سے آکر میرے کندھے پر اپنا بازو رکھ کر حضرت علیؓ المرتضٰی فرمانے لگے کہ اے عمرؓ اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرماتے ہیں اُمید اور توقع رکھتا تھا کہ آپ کو اللہ تعالیٰ آپ کے دونوں ساتھیوں (نبی اقدس صلعم و ابوبکر الصدّیق) کے ساتھ ادر معیّت میں کر دیگا اور ان سے ملا

دیگا اس وجہ سے کہ مَیں حضور علیہ السّلام سے سُنتا تھا۔ آپ فرماتے تھے کہ مَیں اور ابوبکرؓ و عُمرؓ نے اس طرح کام کیا اور مَیں اور ابوبکرؓ و عمرؓ داخل ہُوتے۔ مَیں اور ابوبکرؓ و عمرؓ خارج ہوتے، مَیں اور ابوبکرؓ و عمرؓ چل پڑے[1]۔"

حضرت علیؓ کا حضرت فاروق اعظمؓ کے اعمالنامے پر اظہارِ رشک کرنا

فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کے وصال کے بعد غسل دیا گیا، کفن پہنایا گیا۔ نمازِ جنازہ کے لیے حضرت عمرؓ کی میّت مبارک کو لاکر رکھا گیا۔ اس وقت حضرت علیؓ نے تمام اہلِ اسلام کے سامنے صفوں کے رُوبرُو حضرت فاروقؓ کے ایمان و اسلام کی گواہی دی اور رشک کا اظہار فرمایا۔

——فاروقِ اعظمؓ کی دیانت و صداقت کے حق میں ایسی قیمتی شہادت اور کسی صحابی سے منقول نہیں ہے جیسی علی المرتضیٰؓ نے پیش کی۔

——گویا فاروقِ اعظمؓ کی تمام زندگی کی پاکدامنی اور بے عیبی کو ایک مختصر جملہ میں بیان فرماتے ہُوتے اپنی کمالِ عقیدت کا اظہار کیا۔

——حضرت علیؓ کے اس بیان کو "مسجّی" والی روایت کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

بہت سے محدّثین و فقہاء و مؤرخینِ سُنّی و شیعہ نے اس روایت کو اپنے اپنے اسانید

---

[1] تنبیہ :۔ اہلِ علم کی توجّہ کے لیے عرض ہے کہ روایتِ مذکورہ بالا جو متعدد محدثین سے ہم نے نقل کی ہے اس کو حاکم نیشاپوری نے المستدرک میں ابن عباس سے نقل کیا ہے وَقَالَ فِی آخِرِھَا ھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شرط الشیخین ولم یخرجاہ " (المستدرک للحاکم ص۶۸ جلد ثالث، کتاب معرفۃ الصحابۃ) ۔ قولہ ولم یخرجاہ۔ یقول العبد الضعیف المؤلف للکتاب کیف قال الحاکم ہذا القول وان البخاری قد ذکر ہذہ الروایۃ مع تفاوت الالفاظ فی باب مناقب عمر فی صحیحہ (ج ا ص ۵۱۹-۵۲۰) وان المسلم ایضًا اتی بہا فی صحیحہ فی باب مناقب عمر وفضائلہ فی المجلد الثانی (ج ۲ ص ۲۷۴)۔ ہذہ غفلۃ منہ عافاہ اللہ وایانا۔ سبحانہ ہو۔ لاینسیٰ ولا یسہو ولا یغفل ولا یغلط"

کے ساتھ درج کیا ہے۔ ایک ترتیب کے ساتھ ہم بھی یہاں چند روایات ناظرین کی خدمت میں پیش کرتے ہیں۔

کتاب الآثار امام ابویوسف میں مذکور ہے :

(۱) —— قَالَ حَدَّثَنَا یُوْسُفُ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ عَنْ اَبِیْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّہٗ قَالَ لِعُمَرَ وَھُوَ مُسَجًّی مَا اَحَدٌ اَحَبُّ اِلَیَّ اَنْ اَلْقَی اللّٰہَ تَعَالٰی بِمِثْلِ صَحِیْفَتِہٖ مِنْ ھٰذَا الْمُسَجّٰی "

(کتاب الآثار لامام ابی یوسفؒ ص ۲۱۵ رقم ۹۵۲۔
طبع مصر لجنۃ احیاء معارف النعمانیہ۔ دکن)

—— اور کتاب الآثار لامام محمد بن حسنؒ میں باسند مذکور ہے :۔

(۲) ——قَالَ الامام محمد اخبرنا ابوحنیفۃؒ قال حدثنا ابوجعفر محمد بن علی قَالَ جَاءَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ اِلٰی عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ حِیْنَ طُعِنَ فَقَالَ رَحِمَکَ اللّٰہُ فَوَاللّٰہِ مَا فِی الْاَرْضِ اَحَدٌ کُنْتُ اَلْقَی اللّٰہَ بِصَحِیْفَتِہٖ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْکَ "

(۲) کتاب الآثار امام محمد، ص ۲۴۶ باب فضائل الصحابہ
طبع انوار محمدی۔ لکھنؤ۔ قدیم طبع۔

حاصل مضمون یہ ہے کہ امام محمد و امام ابویوسف نے اپنے استاذ امام ابوحنیفہؒ سے روایت کی اور امام ابوحنیفہؒ نے امام محمد باقرؒ سے نقل کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی المرتضیٰؓ نے حضرت عُمرؓ کی نعش پر حاضر ہوکر فرمایا کہ اس کفن پوش سے بہتر میرے نزدیک کوئی شخص نہیں ہے کہ مَیں اللہ تعالیٰ کی جناب میں حاضر ہوں جیسا کہ اس کا اعمالنامہ ہے میرا بھی اعمال نامہ ویسا ہی ہو "

امام محمدؒ باقر کی شہادت

(۳) قاضی ابو مؤید محمد بن محمود الخوارزمی نے اپنی تصنیف "جامع مسانید الامام الاعظم" میں متعدد اسانید کے ساتھ اس قول مرتضوی کو مؤید و مضبوط کیا ہے۔ اس میں سے ایک روایت یہاں پیش کی جاتی ہے جو امام محمد باقر کے ذریعہ منقول ہے:

"۔۔۔۔ حدثنا ابو حنیفۃ عن ابی جعفر محمد بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب رِضْوَانُ اللّٰہِ عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْنَ قَالَ اَتَیْتُہٗ فَسَلَّمْتُ عَلَیْہِ وَقَعَدْتُ اِلَیْہِ ۔۔۔۔۔۔ فَقُلْتُ لَہٗ یَرْحَمُکَ اللّٰہُ ہَلْ شَہِدَ عَلِیٌّ مَوْتَ عُمَرَ فَقَالَ سُبْحَانَ اللّٰہِ اَوَلَیْسَ الْقَائِلُ مَا اَحَدٌ مِّنَ النَّاسِ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ اَلْقَی اللّٰہَ بِصَحِیْفَتِہٖ مِنْ ہٰذَا الْمُسَجّٰی ثُمَّ زَوَّجَہٗ بِنْتَہٗ لَوْلَا اَنَّہٗ رَاٰہُ اَہْلًا مَا کَانَ یُزَوِّجُہَا اِیَّاہُ وَکَانَتْ اَشْرَفَ نِسَآءِ الْعٰلَمِیْنَ جَدُّہَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْہَا عَلِیٌّ ذُو الشَّرَفِ الْمُنِیْفِ وَالْمَنْقَبَۃِ فِی الْاِسْلَامِ وَاُمُّہَا فَاطِمَۃُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَخُوْہَا الْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ سَیِّدَا شَبَابِ اَہْلِ الْجَنَّۃِ وَجَدَّتُہَا خَدِیْجَۃُ۔۔۔ الخ"

(۳) ـ جامع مسانید الامام الاعظم للقاضی الخوارزمی۔ المتوفی ۶۶۵ھ ص ۲۰۴، جلد اوّل، باب فضائل عمرؓ طبع دائرۃ المعارف دکن۔

حاصل یہ ہے کہ امام ابو حنیفہؒ کہتے ہیں کہ میں امام محمد باقرؒ کی خدمت میں پہنچا، سلام کیا اور بیٹھ گیا اور گفتگو ہوتی رہی۔ میں نے دریافت کیا کہ اللہ آپ پر نزولِ رحمت فرمائے کیا حضرت عمرؓ کی وفات کے موقع پر حضرت علیؓ موجود

تھے؟

تو محمد باقر فرمانے لگے کہ سبحان اللہ تعجب کی بات ہے یہ قول اس وقت کس نے کہا تھا؟ کہ

"لوگوں میں سے کوئی شخص میرے نزدیک اس کفن پوش سے زیادہ پسندیدہ نہیں ہے کہ اس جیسے اعمالنامہ کے ساتھ میں اللہ تعالیٰ سے ملاقات کروں۔"

پھر محمد باقرؒ نے فرمایا کہ علی المرتضیٰؓ نے اپنی دختر (امّ کلثوم) کا حضرت عمرؓ سے نکاح کر دیا۔ اگر ان کو اس چیز کا اہل نہ سمجھتے تو یہ تزویج نہ کرتے۔"

اور یہ صاحبزادی (اپنے دور کی) تمام عورتوں سے اشرف و برتر تھی۔ اس کے نانا حضرت رسولِ خدا تھے اور اس کے باپ صاحب مناقب و فضائل علی المرتضیٰؓ تھے، اس کی ماں فاطمۃ الزہراءؓ تھی، اس کے بھائی حسنینؓ تھے جو جوان جنتیوں کے سردار ہونگے اور اس کی ماں کی ماں حضرت خدیجۃ الکبریٰ تھی۔۔۔ الخ

ــــ مسند امام احمدؒ میں متعدد اسانید کے ساتھ حضرت علیؓ کا یہ قول ذکر کیا گیا ہے:۔

(۴) "۔۔۔۔ ابو معشر نجیح المدینی مولیٰ بنی ہاشم عن نافع عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ وُضِعَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ بَیْنَ الْمِنْبَرِ وَالْقَبْرِ فَجَاءَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ حَتّٰی قَامَ بَیْنَ یَدَیِ الصُّفُوْفِ فَقَالَ ہُوَ ہٰذَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَالَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْکَ! مَا مِنْ خَلْقِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ اَلْقَاہُ بِصَحِیْفَتِہٖ بَعْدَ صَحِیْفَۃِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ ہٰذَا الْمُسَجّٰی۔"

(مسند امام احمدؒ، ج ۱ ص ۱۰۹، تحت مسندات سیدنا علیؓ معہ منتخب کنز العمّال)

(۵) - " . . . یونس بن ابی یعقوب عن عون بن ابی جحیفة عن ابیه قال
کُنتُ عِندَ عُمَرَ وَھُوَ مُسَجّی ثَوبَهُ قَد قَضٰی نَحبَهُ فَجَاءَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰہُ
عَنهُ فَکَشَفَ الثَّوبَ عَن وَجھِهِ ثُمَّ قَالَ رَحمَةُ اللّٰہِ عَلَیکَ اَبَا حَفصٍ
فَوَاللّٰہِ مَا بَقِیَ بَعدَ رَسُولِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ اَحَدٌ اَحَبُّ
اِلَیَّ اَن اَلقَی اللّٰہَ تَعَالٰی بِصَحِیفَتِهِ مِنکَ "

(۵) مسند احمد ص ۱۰۹، ج ۱ تحت مسندات مرتضوی)

حاصل یہ ہے کہ ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ منبر نبوی اور قبر شریف کے درمیان جب عمر فاروقؓ کا جنازہ رکھا گیا تو حضرت علیؓ تشریف لاتے اور صفوں کے سامنے کھڑے ہو کر تین بار فرمایا کہ اللہ کی رحمت آپ پر نازل ہو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد مخلوق میں سے میرے نزدیک کوئی بھی اس کفن پوش سے زیادہ محبوب نہیں ہے کہ میں اللہ تعالیٰ سے اس جیسے اعمالنامہ کے ساتھ جا کر ملاقات کروں "

(۶) ـــ اور طبقات ابن سعد (باب حالاتِ عمرؓ میں) اس مرتضوی قول کو بارہ عدد روایات میں نقل کیا ہے۔ پانچ عدد اسناد امام جعفر صادق و محمد باقر دونوں سے مروی ہیں تین عدد اسناد صرف محمد باقر سے منقول ہیں۔ ایک عدد سند زید بن علی سے نقل کی ہے۔ ایک محمد بن حنفیہ کے ذریعہ سے مذکور ہے۔ باقی اسانید ان ہاشمی بزرگوں کے ماسوا لوگوں سے مروی ہیں۔ معمولی تغیرِ الفاظ کے ساتھ تمام میں یہی مرتضوی کلام بیان کیا گیا ہے۔ یہاں صرف ایک روایت اسناد محمد باقر سے نقل کر کے پیش کی جا رہی ہے۔ باقی وہاں رجوع کرنے سے دستیاب ہو سکتے ہیں۔ ہم نے اہلِ علم کے لیے نشان دہی کر دی ہے۔

ـــ اَخبَرَنَا اَنَسُ بنُ عِیَاضٍ اللَّیثِیُّ عَن جَعفَرِ بنِ مُحَمَّدٍ عَن اَبِیهِ اَنَّ عَلِیًّا

لَمَّا غُسِلَ عُمَرُ بنُ الخَطَّابِ وَکُفِّنَ وَحُمِلَ عَلٰی سَرِیرِهِ وَقَفَ عَلَیهِ
فَاَثنٰی عَلَیهِ وَقَالَ وَاللّٰہِ مَا عَلَی الاَرضِ رَجُلٌ اَحَبُّ اِلَیَّ اَن اَلقَی اللّٰہَ
بِصَحِیفَتِهِ مِن ھٰذَا المُسَجّٰی بِالثَّوبِ "

(۶) طبقات ابن سعد، باب حالات عمر جلد ثالث ص ۲۶۹-۲۷۰
طبع یورپ لیدن۔

مطلب یہ ہے کہ امام محمد باقر فرماتے ہیں کہ جب حضرت عمرؓ کو غسل دے کر کفنایا گیا اور چارپائی پر رکھ کر سامنے لایا گیا تو حضرت علی المرتضیٰؓ تشریف لاتے، حضرت عمر بن الخطابؓ کے جنازہ پر کھڑے ہو گئے اور ان کی تعریف و توثیق فرمانے لگے (اس دوران فرمایا کہ) اللہ کی قسم کوئی شخص روئے زمین پر مجھے اس کفن پوش سے زیادہ پسندیدہ نہیں ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کی جناب میں اس کے اعمال نامہ جیسا اعمالنامہ لے کر ملاقات کروں "

ایک انتباہ

اہلِ علم مطلع رہیں کہ یہ روایت بخاری شریف جلد اول، ص ۵۲۰، باب مناقب عمرؓ میں مذکور ہے لیکن الفاظ میں قلیل سا تفاوت ہے اور معیت والی روایت کے ساتھ مرکب و مخلوط کر کے درج کی گئی ہے اور اسی طرح مسلم شریف جلد ثانی باب فضائل عمرؓ میں یہ روایت ہے لیکن دوسری روایت ان یجعلک اللہ مع صاحبیک کے ساتھ ملا دی گئی ہے۔

(۷) ـ یہی مسئلہ مستدرک حاکم جلد ثالث کتاب معرفة الصحابہ میں حاکم نے اپنی سند کے ساتھ ذکر کیا ہے:-

...... سُفیَانُ بنُ عُیَینَةَ عَن جَعفَرِ بنِ مُحَمَّدٍ عَن اَبِیهِ
عَن جَابِرِ بنِ عَبدِ اللّٰہِ اَنَّ عَلِیًّا دَخَلَ عَلٰی عُمَرَ وَھُوَ مُسَجّٰی

فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ ثُمَّ قَالَ مَا مِنَ النَّاسِ اَحَدٌ اَحَبُّ اِلَيَّ اَنْ اَلْقَى اللّٰهَ بِمَا فِيْ صَحِيْفَتِهٖ مِنْ هٰذَا الْمُسَجّٰى"

(۷) المستدرک للحاکم نیشاپوری، ص ۹۳-۹۴، جلد ثالث مع تلخیص ذہبی)

تلخیص ذہبی میں اس روایت پر کچھ نقد نہیں کیا۔ ترجمہ مذکور ہو چکا ہے۔

روایت مسجّٰی شیعہ بزرگوں میں

ناظرین بانمکین کو یہ چیز معلوم کر کے مسرت ہو گی کہ روایت مذکورہ جو ہم نے متعدد طُرق سے نقل کر کے پیش کی ہے شیعہ علماء و مجتہدین کے ہاں بھی یہ درست ہے حضرت علیؓ نے حضرت عمرؓ کے جنازہ پر بطور رشک اور غبطہ کے یہ کلمات فرمائے اور علی رؤس الاشہاد بیان کیے تاکہ تمام حاضرین پر حضرت عمرؓ کے حق میں حضرت علیؓ کے جذباتِ عقیدت واضح ہو جائیں۔

(۱) ۔ الشیخ الصدوق ابن بابویہ القمی نے اپنی کتاب "معانی الاخبار" باب ۲۴۵ میں اس کلامِ مرتضوی کو باسند نقل کیا ہے۔

"۔۔۔۔ نَظَرَ اِلَى الثَّانِيْ وَهُوَ مُسَجًّى بِثَوْبِهٖ مَا اَحَدٌ اَحَبُّ اِلَيَّ اَنْ اَلْقَى اللّٰهَ بِصَحِيْفَتِهٖ مِنْ هٰذَا الْمُسَجّٰى ۔۔۔ الخ"

(کتاب معانی الاخبار للشیخ الصدوق، ص ۱۱۷ طبع قدیم ایران۔ باب ۲۴۵)

(۲) — روی جعفر بن محمد عن ابیہ عن جابر بن عبد اللّٰہ لَمَّا غُسِلَ عُمَرُ وَكُفِّنَ دَخَلَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ مَا عَلَى الْاَرْضِ اَحَدٌ اَحَبُّ اِلَيَّ اَنْ اَلْقَى اللّٰهَ بِصَحِيْفَتِهٖ مِنْ هٰذَا الْمُسَجّٰى بَيْنَ اَظْهُرِكُمْ"

(۲) — کتاب الشافی، ص ۱۷۱ و ۱۷۲۔ مع تلخیص الشافی، ص ۴۲۸ طبع قدیم ایران)

حاصل یہ ہے کہ امام جعفر صادق امام محمد باقر سے اور وہ جابر بن عبد اللہ سے نقل کرتے ہیں جب عمر بن الخطاب کو غسل دے کر کفن پوشی کی گئی تو اس وقت علی علیہ السلام تشریف لائے اور فرمانے لگے کہ ان پر اللہ کی رحمت اور صلوات ہو، روئے زمین پر کوئی شخص میرے نزدیک تم میں سے (اس کفن پوش سے) زیادہ پسندیدہ و محبوب نہیں ہے کہ اس جیسے اعمال نامہ کے ساتھ میں اللہ سے جا کر ملاقات کروں۔"

تنبیہ

قارئین کرام کو معلوم ہونا چاہیے کہ شیعہ مجتہدین و علماء شیخ صدوق، سیّد مرتضیٰ علم الہدیٰ، شیخ ابو جعفر طوسی وغیرہم نے مسجّٰی والی روایت کے بے اصل و جعلی ہونے کا قول نہیں کیا البتہ اپنی دیرینہ خصلت کے موافق اس فرمانِ مرتضوی کی تاویلیں و توجیہیں ذکر کی ہیں اور اس قول کو خبرِ واحد قرار دے کر اس کے غیر مفید و غیر یقینی ہونے کا فتویٰ صادر کیا ہے۔ حالانکہ خبرِ واحد کا مفیدِ ظن ہونا تو مسلّمات میں سے ہے اور اس قولِ مرتضوی کو نقل کرنے والے اتنی کثیر تعداد میں لوگ ہیں کہ معنیً درجۂ شہرت کو پہنچتے ہیں۔ ہر بات کی تاویل کر دینا اور نہ تسلیم کرنا عداوت و مخالفت کی وجہ سے ہوتا ہے۔ انصاف یہ ہے کہ تعصب کو دُور کر کے مسئلہ پر غور کریں۔ نیز تقیّہ کا حربہ تو ہر مقام میں استعمال کیا جاتا ہے۔ یہاں بھی آخر الحیل یہی ذکر کیا ہے۔

(۹)

دفنِ فاروقی میں حضرت علیؓ کا شامل و شریک ہونا

فصل چہارم میں چند عنوانات قائم کیے گئے ہیں۔ ان میں یہ آخری عنوان ہے کہ حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کے جنازہ کے بعد دفن کے وقت حضرت علیؓ بمع دیگر احباب کے قبر میں اُتارنے کے لیے قبر میں خود اُترے ہیں اور اپنے دیرینہ دوست کے حق میں دوستی کا حق آخری دم تک ادا کیا۔ یعنی حضرت فاروق کو آخری آرام گاہ تک پہنچانے میں شامل و شریک کار رہے۔

کسی نے کیا خوب کہا ہے کہ

؎ مرا عہدے ست با جاناں کہ تا جاں در تنم دارم
ہوا خواہانِ کویش را چو جانِ خویشتن دارم

(سبحان اللہ)

مسئلہ ہٰذا کی تسلّی درکار ہو تو مندرجہ ذیل مؤرخین و علماء کی عبارات ملاحظہ فرمادیں۔

(۱) — ابن جریر طبری نے ۲۳ھ کے تحت باب قصۃ الشوریٰ میں بایں الفاظ اس مضمون کو درج کیا ہے:-

وَ نَزَلَ فِیْ قَبْرِہٖ یَعْنِیْ فِیْ قَبْرِ عُمَرَ الْخَمْسَۃُ یَعْنِیْ اَھْلَ الشُّوْرٰی. الخ

(۱) تاریخ طبری، ج ۵ ص ۳۸ جلد خامس طبع مصر۔

(۲) — اور ابن اثیر جزری نے "الکامل" باب ذکر الخبر عن مقتل عمرؓ میں یہ ذکر کیا ہے کہ

——— نَزَلَ فِیْ قَبْرِہٖ (عُمَرُ) عُثْمَانُ وَعَلِیٌّ وَالزُّبَیْرُ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ وَسَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ وَعَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عُمَرَ۔

(۲) الکامل لابن اثیر، ج ۳، ص ۲۸، باب مذکور۔

(۳) حافظ ابن کثیرؒ نے البدایہ جلد سابع میں ان الفاظ میں یہ مسئلہ درج کیا ہے:-

نَزَلَ فِیْ قَبْرِہٖ مَعَ اِبْنِہٖ عَبْدِ اللّٰہِ اَھْلُ الشُّوْرٰی سِوٰی طَلْحَۃَ فَاِنَّہٗ کَانَ غَائِبًا ... الخ

(۳) البدایہ لابن کثیر جلد سابع، ص ۱۴۵ طبع مصر۔

مندرجات بالا کا حاصل یہ ہے کہ

"(صُہیب رُومی نے حسبِ وصیّت فاروقی جنازہ پڑھایا) اس کے بعد (روضۂ نبوی میں) حضرت عُمرؓ کو قبر میں اُتارنے کے لیے اہل الشوریٰ حضرات عثمانؓ و علیؓ و زبیرؓ و عبدالرحمٰنؓ و سعدؓ بن ابی وقاص اور عبداللہ بن عمرؓ شریکِ عمل ہوتے سوا حضرت طلحہؓ کے وہ اس وقت غائب تھے۔ (مدینہ میں موجود نہ تھے")

فوائد فصل چہارم

فصل چہارم کے اختتام پر چند فوائد ذکر کیے جاتے ہیں (جیسا کہ فصل ہٰذا کی ابتداء میں وعدہ کیا تھا)۔

(۱)

پیش کردہ روایات میں سے بعض روایتوں کی بڑی سنہری سندیں ہیں جن کو "سلسلۃ الذہب" کے نام سے تعبیر کرنا روا ہے جیسے کتاب الآثار امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ کی روایتیں ہیں۔ یہ مسندات ائمہ نے ائمہ سے روایت کی ہیں۔

نیز معلوم ہوا کہ ان حضرات میں باہمی افادہ و استفادہ ہوتا تھا۔ یہ چیز ان کے آپس میں ارتباط و روابط پر دلالت کرتی ہے۔

(۲)

حضرت فاروقؓ نے اپنے خواب کی تعبیر حضرت علیؓ کی زوجہ محترمہ اسماء بنت عمیس سے دریافت کی جس میں ان کی وفات کی طرف اشارہ تھا۔ یہ ان بزرگوں کی باہمی محبت کی دلیل ہے۔

(۳)

نیز حضرت علی المرتضیٰؓ نے اس چیز کی شہادت دی کہ عمرؓ بن الخطاب سے نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم رضامند ہو کر رخصت ہوئے، یہ اُن کے کمالِ ایمان کی عظیم گواہی ہے۔

(۴)

اور خلافتِ فاروقی کے متفق علیہ ہونے کی حضرت علیؓ نے تصدیق و توثیق کی یعنی فرمایا کہ یہ خلافت نہ غاصبانہ تھی نہ متغلبانہ تھی۔ نہ اختلافی تھی۔ حضرت عمرؓ کے منتخب ہونے میں اختلاف کو کچھ دخل نہ تھا۔

(۵)

حضرت علی بن ابی طالبؓ نے اپنی زندگی کو فاروقی زندگی پر قربان کر دینے کا اظہار فرمایا اور سوائے انبیاء کے ساتھ ہی انہیں اہلِ جنت کے سردار ہونے کی خوشخبری زبانِ نبوت سے سنائی۔

(۶)

جو مجلسِ شوریٰ انتخابِ خلیفہ کے لیے تجویز کی اس میں حضرتِ عمرؓ نے حضرت علی المرتضیٰؓ کو شامل و شریک کیا جو ان پر کمال اعتماد کی علامت ہے اور اپنے صاحبزادے عبداللہ بن عمرؓ کے حق میں حکم دیا کہ اس سے مشورہ تو لے لیں لیکن اسے حکومت کا کوئی عہدہ نہ دیا جائے۔ یہ فاروقِ اعظم کی کمال بے غرضی اور بے نفسی کی بے نظیر مثال ہے۔

(۷)

حضرت عُمر فاروقؓ نے آخری اوقاتِ زندگی میں حضرت علیؓ کو خصوصی وصیتیں فرمائی تھیں جو ان بزرگوں کے باہم اخلاص و خیر خواہی کی نشانی ہے۔

(۸)

حضرت علی المرتضیٰؓ حضرت عُمر فاروقؓ کے حق میں نبیٔ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم و صدیقِ اکبرؓ کے ساتھ دائمی معیت کا حُسنِ ظن رکھتے تھے جو اللہ تعالیٰ نے پورا فرما دیا۔

(۹)

حضرت علیؓ المرتضیٰ نے اپنے اعمالنامہ کے حق میں حضرت عمرؓ جیسا اعمالنامہ ہونے کی تمنا کی جو فاروقی دیانت کے کمال کا بے مثال ثبوت ہے اور ان کے حُسنِ اعمال و پاکیزہ کردار کی عمدہ دلیل ہے۔

(۱۰)

نیز ان مرویات سے عیاں ہُوا کہ حضرت علی المرتضیٰؓ حضرت عمرؓ کے غسل و کفن کے وقت موجود تھے اور نمازِ جنازہ و دفن میں شریک تھے حتیٰ کہ حضرت فاروقؓ کو قبر میں اتارنے کے آخری مرحلہ میں بھی حضرت علیؓ شامل تھے اور اپنے دیرینہ رفیق کا حقِ رفاقت ادا کر رہے تھے۔

——— ان تمام احوال و کوائف سے نمایاں طور پر ثابت ہوتا ہے کہ آخری دم تک اِن بزرگوں کے باہمی تعلقات انتہائی مخلصانہ تھے اور یہ مراسم تا زیست قائم رہے۔

——— حقیقت یہ ہے کہ یہ اکابر حضرات ایک دوسرے سے جُدا نہیں تھے بلکہ ایک دوسرے کے قریب تھے اور ایک دوسرے سے منقبض نہیں تھے بلکہ مرتبط تھے۔ ایک دوسرے سے منحرف نہیں تھے بلکہ باہم منسلک تھے۔ ایک دوسرے سے دامن کش

نہیں تھے بلکہ وابستہ تھے۔ ایک دوسرے سے رُوگرداں نہیں تھے بلکہ آپس میں گرویدہ تھے۔ ایک دوسرے کے حقوق غصب کرنے والے نہیں تھے بلکہ ادا کرنے والے تھے۔

وَاللّٰہُ عَلٰی مَا نَقُوْلُ وَکِیْل ــــــ

باب چہارم

اس باب میں یہاں دو فصل قائم کیے جاتے ہیں۔ فصل اوّل میں نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے عمِّ محترم حضرت سیدنا عباسؓ بن عبدالمطلب کے ساتھ فاروق اعظمؓ کے تعلقات اور باہم عقیدت مندی کے واقعات ذکر کیے جائیں گے۔ دوسرے فصل میں آپ کے اور حضرت علیؓ کے چچازاد بھائی عبداللہؓ بن عباس اور حضرت عمرؓ کے باہمی روابط اور مراسم درج ہونگے۔

مندرجات ہٰذا بتلا رہے ہیں کہ حضرت فاروقؓ بنی ہاشم کے نہایت قدردان تھے اور ان کی عزت و احترام کو ہر مرحلہ پر ملحوظ و محفوظ رکھتے تھے۔

فصل اوّل

فصل ہٰذا میں پانچ عدد عنوانات قائم کیے جاتے ہیں:

عنوانِ اوّل:۔ طلبِ باراں میں توسُّل

مقصد یہ ہے کہ فاروقی دورِ خلافت میں جب کبھی بارش نہ ہوتی تھی اور لوگ تنگ ہو جاتے تھے تو اس مصیبت کے ازالہ کے لیے حضرت عمر فاروقؓ یہ تدبیر کرتے کہ سیدنا عباسؓ بن عبدالمطلب عمِ نبوی کی ذاتِ گرامی کے ساتھ جنابِ باری تعالیٰ میں توسّل کرتے ہوئے

اللہ تعالیٰ سے بارانِ رحمت طلب کرتے تھے۔ چنانچہ واقعہ ہذا اپنی کمی بیشی کے ساتھ کتبِ ذیل میں موجود ہے:۔

یہاں صرف بخاری شریف جلد اول ابواب الاستسقاء سے واقعہ نقل کیا جاتا ہے:۔

"——عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اِنَّ عُمَرَبْنَ الْخَطَّابِ كَانَ اِذَا قَحَطُوا اِسْتَسْقٰى بِالْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِیَ اللّٰهُ تعالیٰ عنہ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اِنَّا كُنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَسْقِيْنَا وَاِنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِعَمِّ نَبِيِّنَا فَاسْقِنَا قَالَ فَيُسْقَوْنَ"

(۱)—بخاری شریف، جلد اول ص ۱۳۷۔ پارہ چہارم۔ ابواب الاستسقاء۔ طبع نور محمدی دہلی۔

(۲)—تاریخ خلیفہ ابن خیاط (المتوفی سنہ ۲۴۰ھ) تحت سنۃ ثمان عشرۃ ص ۱۰۹۔ طبع جدید۔

(۳)—المستدرک للحاکم مع تلخیص للذہبی، ج ۳ ص ۳۳۴ کتاب معرفۃ الصحابہ۔ طبع حیدرآباد دکن۔

(۴) کنز العمال للمتقی الہندی، جلد سابع ص ۶۵۔ بحوالہ خ۔ ابن سعد۔ ابن خزیمہ۔ ابی عوانہ وحب وطب وبیہقی۔ طبع قدیم حیدرآباد دکن۔

حاصل یہ ہے کہ:۔

"انس بن مالک کہتے ہیں کہ جب لوگوں میں قحط پڑجاتا تو عمر فاروقؓ عباسؓ بن عبدالمطلب کے ساتھ توسّل کرتے ہوئے اللہ سے بارش طلب کرتے تھے وہ جناب باری کی خدمت میں عرض کرتے کہ اے اللہ ہم تیری طرف تیرے نبی کے ذریعے توسّل پکڑتے تھے تو تو ہمیں بارش عنایت فرما دیتا تھا۔ اب ہم

اپنے نبیؐ کے چچا کے ذریعہ تیری جناب میں توسّل کرتے ہیں تو ہمیں بارانِ رحمت عنایت فرما۔ انسؓ کہتے ہیں کہ (اس طرح کرنے سے) بارش برستی تھی) اور لوگوں کو پانی مل جاتا تھا"

مستدرک حاکم وکنز العمّال کی روایت میں مزید یہ اضافہ پایا جاتا ہے کہ اس موقعہ پر حضرت عمرؓ نے ایک خطبہ دیا، اس میں فرمایا کہ اے لوگو! سردارِ دو عالم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چچا عباس کے حق میں پوری طرح تعظیم وتکریم ملحوظ رکھتے تھے اور ان کی قسم کو پورا کرتے تھے جس طرح ایک بیٹا اپنے والد کے حقوق کی رعایت کرتا ہے پس اے لوگو! اپنے نبی اقدس کے چچا مکرّم کے حق میں اپنے نبی کی اقتداء کرو اور پیش آمدہ مصائب میں اللہ کی طرف ان کو وسیلہ بناؤ۔

——عنوانِ دوم——

حضرت عباسؓ اور حضرت عمرؓ کے درمیان میزاب کا ایک واقعہ

——واقعہ اس طرح ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مسجد نبوی کی طرف جانے کے راستہ میں حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کے مکان پر ایک میزاب یعنی پرنالہ لگا ہوا تھا۔ ایک دفعہ اس کے نیچے گزرنے سے حضرت عمرؓ کے کپڑے خراب ہوگئے۔ انہوں نے میزاب کو یہاں سے اٹھا دینے کا حکم دیا اور حضرت عباسؓ نے معارضہ کیا۔

اس کی تفصیلات مندرجہ ذیل حدیث وسیر کی کتابوں میں پائی جاتی ہیں۔ ہم یہاں صرف مسند احمد کی عبارت نقل کرتے ہیں:۔

——عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اَخِیْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ لِلْعَبَّاسِ مِيْزَابٌ عَلٰى طَرِيْقِ عُمَرَبْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَلَبِسَ عُمَرُ ثِيَابَهٗ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَقَدْ كَانَ ذُبِحَ لِلْعَبَّاسِ فَرْخَانِ فَلَمَّا وَافٰى

الْمِيْزَابَ صُبَّ مَاءً بِدَمِ الْفَرْخَيْنِ فَاَصَابَ عُمَرَ وَفِيْهِ دَمُ الْفَرْخَيْنِ فَاَمَرَ عُمَرُ بِقَلْعِهٖ ثُمَّ رَجَعَ عُمَرُ فَطَرَحَ ثِيَابَهٗ وَلَبِسَ ثِيَابًا غَيْرَ ثِيَابِهٖ ثُمَّ جَاءَ فَصَلّٰى بِالنَّاسِ فَاَتَاهُ الْعَبَّاسُ فَقَالَ وَاللّٰهِ اِنَّهٗ لَلْمَوْضِعُ الَّذِیْ وَضَعَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عُمَرُ لِلْعَبَّاسِ وَاَنَا اَعْزِمُ عَلَيْكَ لَمَا صَعِدْتَ عَلٰى ظَهْرِیْ حَتّٰى تَضَعَهٗ فِی الْمَوْضِعِ الَّذِیْ وَضَعَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفَعَلَ ذَالِكَ الْعَبَّاسُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ۔"

(۱) مسند احمدؒ، جلد اوّل ص ۲۱۰ مع منتخب کنز۔ تحت مسندات عباسؓ۔

(۲) المصنّف لعبد الرزاق، ج ۸ ص ۲۹۲، طبع بیروت

(۳) کتاب المراسیل لابی داؤد سلیمان بن الاشعث السجستانی ص ۲۴ باب ما جاء فی الضرار۔ مطبوعہ مصر۔

(۴) مجمع الزوائد للہیثمی جلد ۴ ص ۲۰۶۔ باب فی الصلح۔ رواہ احمد و رجالہ ثقات۔

(۵) سیر اعلام النبلاء للذہبی، ج ۲ ص ۷۰۔ تذکرہ عبّاس بن عبد المطلب۔

— مندرجہ روایت کا خلاصہ یہ ہے

"حضرت عباسؓ بن عبد المطلب کے بیٹے عبید اللہ بن عباس (جو عبداللہ بن عباس کے بھائی ہیں) بیان کرتے ہیں کہ خلیفۂ ثانی عمر فاروقؓ جس راستہ سے گزر کر (مسجدِ نبوی میں تشریف لاتے تھے) اس راستہ پر ہمارے والد عبّاس بن عبد المطّلب کے مکان کا میزاب یعنی پرنالہ لگا ہوا تھا۔ ایک دفعہ جمعہ کے روز حضرت عمرؓ کپڑے پہن کر مسجد کی طرف تشریف لا رہے تھے ادھر حضرت عباسؓ کے لیے ان کے مکان کی چھت پر دو چوزے ذبح کیے گئے تھے۔ میزاب سے ان کا خون اور پانی ٹپک کر حضرت عمرؓ کے کپڑوں پر گرا۔ حضرت عمرؓ نے حکم دیا کہ میزاب کو یہاں سے اکھیڑ دیا جائے۔ حضرت عمرؓ نے واپس تشریف لا کر لباس تبدیل کیا پھر مسجد میں پہنچے اور لوگوں کو نماز پڑھائی۔

اس کے بعد حضرت عباسؓ حضرت عمرؓ کے پاس تشریف لائے اور کہا کہ اللہ کی قسم یہ میزاب تو خود نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے اس مقام میں نصب کرایا تھا۔ آپ نے اس کو اکھیڑ دیا ہے تو حضرت عمر فاروقؓ نے کہا کہ اے عباسؓ میں آپ کو قسم دے کر کہتا ہوں کہ آپ میری پشت پر سوار ہو کر اس میزاب کو وہیں لگا دیں جہاں نبی کریمؐ نے نصب فرمایا۔ پس عباس بن عبد المطلب نے اسی طرح کیا۔"

— عنوانِ سوم —

حضرت عبّاسؓ کا مقام عُمر فاروقؓ کی نظر میں

"تاریخ ابن جریر طبری میں ۱۵ھ کے تحت فتح بیت المقدس کے موقع پر حضرت عباسؓ اور حضرت عمرؓ کے سفر شام کا ایک واقعہ منقول ہے۔ اس میں باہمی اکرام و اعزاز کی متعدد چیزیں برآمد ہوتی ہیں۔ کئی علماء نے اس کو نقل کیا ہے چند ایک حوالے یہاں ثبت کیے جاتے ہیں :—

"... عَنْ عَدِیِّ بْنِ سَهْلٍ قَالَ لَمَّا اِسْتَمَدَّ اَهْلُ الشَّامِ عُمَرَ عَلٰى اَهْلِ فِلَسْطِيْنَ اسْتَخْلَفَ عَلِيًّا وَخَرَجَ مُمِدًّا لَهُمْ فَقَالَ عَلِیٌّ اَيْنَ تَخْرُجُ بِنَفْسِكَ اِنَّكَ تُرِيْدُ عَدُوًّا كَلِبًا فَقَالَ اِنِّیْ اُبَادِرُ بِجِهَادِ الْعَدُوِّ مَوْتَ الْعَبَّاسِ اِنَّكُمْ لَوْ فَقَدْتُمُ الْعَبَّاسَ لَانْتَقَضَ بِكُمُ الشَّرُّ

كما تنتقض أوّل الحبل ۔"

(۱) ۔ تاریخ ابن جریر الطبری جلد۴ ص ۱۵۹ تحت السنة الخامسة عشر، باب ذکر فتح بیت المقدس طبع مصر قدیم

(۲) ۔ سیر اعلام النبلاء للذہبی، جلد ثانی ص ۵۸ ۔ تذکرہ عباسؓ بن عبدالمطلب ۔

(۳) ۔ کنز العمال (بحوالہ سیف کبر) ج ۷، ص ۶۹ ۔ روایت ۵۶۸ طبع قدیم ۔

خلاصہ یہ ہے کہ :-

جب اہلِ شام نے فلسطینیوں کے خلاف حضرت امیر المؤمنین عمرؓ فاروق سے (مرکزی) امداد طلب کی تو حضرت عمرؓ ان کی مدد کے لیے مدینہ منورہ سے نکلے اور حضرت علیؓ بن ابی طالب کو مدینہ پر اپنا خلیفہ اور قائم مقام بنایا۔ اس وقت حضرت علی المرتضیٰؓ نے حضرت فاروقؓ کو (خیر خواہانہ) طور پر ذکر کیا کہ آپ بذاتِ خود کہاں تشریف لے جانا چاہتے ہیں ؟ آپ جس دشمن کا ارادہ کر رہے ہیں وہ ایک کتے کی مثال ہے (یعنی جیسے کتے کے حملہ سے احتیاطاً بچاؤ رکھا جاتا ہے اس طرح آپ کو بچاؤ رکھنا چاہیے) حضرت عمرؓ نے (جواباً ایک عجیب نکتہ بیان کرتے ہوئے) فرمایا میں حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب کی زندگی میں جہاد کی طرف مبادرت اور جلدی کرنا چاہتا ہوں، اگر (خدانخواستہ) حضرت عباسؓ تم سے مفقود ہو گئے تو تم پر شر ٹوٹ پڑیگی جیسے رسّی ٹوٹ پھوٹ جاتی ہے۔

(فاضل ذہبیؒ نے مزید ذکر کیا کہ)

حضرت عباسؓ ان کے پیش پیش ایک گھوڑے پر سوار تھے، سیدنا عباسؓ

بڑے جمیل وخوبصورت مرد تھے۔ رُومی فوج کے جرنیل اور عیسائیوں کے پیشوا سامنے سے آتے اور ان کو خلیفۂ اسلام سمجھ کر سلام کہتے، حضرت عباسؓ اشارہ کرتے کہ میں خلیفہ نہیں ہوں وہ عمرؓ بن الخطاب خلیفۃ المسلمین ہیں۔"

اور کنز العمال میں یہ بھی مذکور ہے کہ :-

"اس کے بعد حضرت عثمانؓ کی خلافت کے دوران ۳۲ یا ۳۳ھ میں حضرت عباسؓ کا انتقال ہوا۔ اللہ کی قسم (اس وقت سے) لوگوں پر شر ٹوٹ پڑا اور پھیل گیا۔"

—— عنوان چہارم ——

حضرت عمرؓ و حضرت عثمانؓ کی نگاہ میں حضرت عباسؓ کا احترام

بزرگوں کا احترام و اکرام اسلام کے واجبات میں سے ہے۔ حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب ان حضرات خلفاء سے عمر رسیدہ ہونے کے علاوہ عمِ نبوی ہونے کی وجہ سے بھی قابل صد تکریم و تعظیم تھے۔ اس بنا پر ہر دو خلفاء (حضرت عمرؓ و حضرت عثمانؓ) اپنے اپنے دورِ خلافت میں ان کی بہت توقیر پیشِ نظر رکھتے تھے۔

اس مسئلہ کے لیے حوالہ جات ذیل کا مطالعہ فرما دیں :

"إنّ العبّاس بن عبد المطّلب لم يمرّ بعمرَ ولا بعثمانَ وهما راكبانِ إلّا نزلا حتّى يجوز العبّاس إجلالاً له ويقولان عمّ النبيّ صلّى الله عليه وسلّم"

(۱) ۔ الاستیعاب لابن عبد البر جلد ثالث مع اصابہ ص ۹۸ ۔ تذکرہ عباسؓ بن عبدالمطلب ۔

(۲) ۔ سیر اعلام النبلاء للذہبیؒ جزو ثانی، ج ۲ ص ۶۸ تذکرہ عباسؓ۔

(۳) تہذیب التہذیب ص ۱۲۳، ج ۵ تحت عباس بن عبدالمطلب بن ہاشم ۔

اور کنز العمال میں بحوالہ ابن عساکر اس طرح درج ہے کہ

"۔۔۔۔ عَنْ اِبْنِ شِهَابٍ قَالَ اَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ فِيْ وَلَا يَتِهِمَا لَا يَلْقَى الْعَبَّاسَ مِنْهُمَا وَاحِدٌ وَهُوَ رَاكِبٌ اِلَّا نَزَلَ عَنْ دَابَّتِهِ وَقَادَهَا وَمَشٰى مَعَ الْعَبَّاسِ حَتّٰى يَبْلُغَ مَنْزِلَهُ اَوْ مَجْلِسَهُ فَيُفَارِقُهُ"

(۳) ۔ کنز العمال، ج ۷، ص ۶۹ ۔ روایت ۵۶۷ طبع اول قدیم)

حاصل یہ ہے کہ:

"حضرت عمر فاروقؓ اور حضرت عثمانؓ دونوں بزرگوں کا معمول تھا کہ سواری پر سوار ہو کر جا رہے ہوں اگر (سامنے سے) حضرت عباسؓ تشریف لائیں یا ان پر گذر ہو جائے تو ان کی بزرگی کا احترام کرتے ہوئے خود سواری سے اُتر جاتے اور کہتے کہ ہمارے نبی محترم کے چچا تشریف لا رہے ہیں۔"

(کنز العمال میں ہے) کہ اگر حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ سواری پر جا رہے ہوں اور سامنے حضرت عباسؓ کی ملاقات ہو جاتے تو اپنی سواری سے اُتر جاتے اور حضرت عباسؓ کے ساتھ چل دیتے حتیٰ کہ ان کی منزل تک ان کو پہنچاتے یا اُس مجلس تک جہاں انہوں نے پہنچنا ہوتا ان سے جُدا نہ ہوتے۔

عنوانِ پنجم

فاروقی خلافت میں حضرت عباسؓ کے مالی حقوق کی رعایت

خلافتِ فاروقی کے اواخر میں فتوحاتِ کثیرہ کی وجہ سے بہت اموال پہنچے تو حضرت عمرؓ کی مجلس میں تقسیمِ اموال کے سلسلہ میں مشورہ کا اجتماع ہوا۔ فیصلہ ہوا کہ جن لوگوں کی اسلام کے لیے زیادہ اور قدیم خدمات ہیں ان کو مقدم رکھا جاتے۔

نیز حضرت عمرؓ نے حکم دیا کہ نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم کے قریبی رشتہ داروں کو

وظائف دینے میں مقدم رکھا جائے اور وظیفہ خواروں کے لیے ایک فہرست مرتب کر کے بیت المال میں محفوظ کر دی جائے جو موقعہ بموقعہ کام دیتی رہے۔ قبائل کے انساب کے ماہر لوگ اس فہرست کو مُرتب کرنے میں صحیح نسب بیان کر کے نام درج کرائیں۔

اس مسئلہ کی وضاحت کے لیے ذیل میں روایات نقل کی جاتی ہیں:-

(۱) "۔۔۔۔ فَدَعَا عَقِيْلَ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ وَمَخْرَمَةَ بْنَ نَوْفَلٍ وَجُبَيْرَ بْنَ مُطْعِمٍ وَكَانُوْا مِنْ نُسَّابِ قُرَيْشٍ فَقَالَ اكْتُبُوْا النَّاسَ عَلٰى مَنَازِلِهِمْ ۔۔۔۔

۔۔۔۔ وَلٰكِنْ اِبْدَاُوْا بِقَرَابَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَقْرَبُ فَالْاَقْرَبُ حَتّٰى تَضَعُوْا عُمَرَ حَيْثُ وَضَعَهُ اللّٰهُ"

(۱) طبقات ابنِ سعد، ج ۳، ص ۲۱۳ ۔ قسم اوّل باب عمرؓ ۔ طبع قدیم یورپ لیدن۔

(۲) تاریخ ابنِ جریر طبری، ج ۵ ص ۲۳، جلد خامس تحت ۲۳ھ ۔ بحث تدوین العطاء۔

(۳) کتاب الاموال، ص ۲۲۴، باب فرض الاعطیۃ من الفیٔ ۔ طبع مصر۔

(۴) السنن الکبریٰ للبیہقی جلد ۶ ص ۳۶۴ ۔ ابواب تقسیم اموال الفیٔ والغنائم۔

مطلب یہ ہے کہ

(حضرت عمر فاروقؓ نے ولید بن ہشام بن مغیرہ کی مذکورہ تجویز کو پسند کیا) اور قبائلِ قریش کے انساب کے ماہرین عقیلؓ بن ابی طالب ۔ مخرمہؓ بن نوفل ۔ جبیرؓ بن مُطعم کو بُلا کر حکم دیا کہ قبائل کے تفصیل وار نام حسبِ مراتب رجسٹر میں درج کرائیں (کسی صاحب نے درمیان سے کہہ دیا کہ خلیفۂ اسلام حضرت

عمرؓ کے قبیلہ کا نام پہلے درج کیا جاتے)۔ اس وقت حضرت عمرؓ نے حکم دیا کہ نہیں! بلکہ سب سے پہلے نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے قبیلہ و قریبی حضرات (بنی ہاشم) کے نام درجہ بدرجہ لکھے جائیں اور عمرؓ بن الخطاب کو اندراج میں وہاں جگہ دیں جہاں اس کو اللہ نے جگہ دے رکھی ہے۔"

تنبیہ

تحقیق کے متلاشی احباب کے لیے اطلاع کی جاتی ہے کہ مذکورہ مضمون و مفہوم کو شیعہ علماء نے بھی درج کیا ہے۔ ملاحظہ ہو شرح نہج البلاغہ لابن ابی الحدید شیعی، ج ۳ ص ۱۷۱ طبع بیروت۔ و ج ۳ ص ۱۶۶ تحت نمن ﷲ بلاد فلان فقد قوم الاود وداوی العمد الخ۔ اور ان حوالہ جات شیعی کی عبارت قبل ازیں باب دوم فصل رابع میں بلفظہٖ تحریر کی جاچکی ہے رجوع فرمالیں۔

(۲) ۔ اس مسئلہ کو مزید تشریح کے ساتھ مقاماتِ ذیل میں مطالعہ فرمادیں۔

عبارت یہ ہے :۔

"..... وَفَرَضَ لِلْعَبَّاسِ ثُمَّ لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا ..... وَفَرَضَ لِنِسَاءِ الْمُهَاجِرَاتِ فَفَرَضَ لِصَفِيَّةَ بِنْتِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ سِتَّةَ اٰلَافِ دِرْهَمٍ وَلِاَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ اَلْفَ دِرْهَمٍ الخ"

(۱) کتاب الخراج لامام ابی یوسف ص ۴۳-۴۴ فصل کیف کان فرض عمرؓ لاصحاب الرسولؐ۔

(۲) کتاب الاموال لابی عبید القاسم بن سلام، ص ۲۲۴-۲۲۶، باب فرض الاعطیہ۔

(۳) طبقات ابن سعد، ص ۲۱۳-۲۱۴-ج ۳ تذکرہ عمرؓ بن الخطاب-طبع قدیم۔

(۴) فتوح البلدان بلاذری، ص ۴۵۴-۴۵۵۔ باب ذکر العطاء فی خلافت عمرؓ۔

حاصل یہ ہے کہ :

"نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریبی رشتہ دار ہونے کی وجہ سے حضرت عباسؓ بن عبد المطلب کا وظیفہ بھی پانچ ہزار درہم سالانہ حضرت عمرؓ نے مقرر فرمایا ..... (جب دوسری مہاجر عورتوں کی خاطر وظیفہ متعین فرمایا) تو حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت علیؓ کی پھوپھی (عمہ محترمہ) حضرت صفیہؓ دختر عبد المطلب کے لیے چھ ہزار درہم سالانہ مقرر فرمایا۔ اور حضرت علیؓ کی اہلیہ محترمہ اسماء دختر عمیسؓ کے لیے ایک ہزار سالانہ متعین و مقرر فرمایا۔

فصل ہٰذا کے یکجا فوائد و ثمرات

(۱) ۔ مشکل مواقع (قحط سالی وغیرہ) میں حضرت عمرؓ نے حضرت سیدنا عباسؓ کے ساتھ توسل اختیار کیا۔ اور دیگر لوگوں کو بھی ان کو اللہ کی طرف وسیلہ بنانے کی تلقین کی۔ یہ ان کے احترام و اکرام کے پیشِ نظر کیا گیا۔

(۲) ۔ میزاب کے معاملہ میں حضرت عباسؓ کی صداقت پر اعتماد و اعتبار کرتے ہوئے حضرت عمرؓ نے اپنے حکم سے فوراً رجوع کر لیا اور اپنا انتہائی عجز و انکسار پیش کر کے فرمانِ نبوت کی قدر دانی کی اور اس کو بحال و برقرار کر دیا۔

(۳) ۔ حضرت عمر فاروقؓ نے سفرِ شام کی رفاقت کے لیے حضرت عباسؓ کو منتخب کیا اور حضرت عباسؓ جیش اسلامی کے پیش پیش رہے۔ مسلمانوں کے ہاں حضرت عباسؓ کے وجودِ مسعود کو حضرت فاروقؓ نے شرور و فتن سے محفوظ رہنے کا سبب

قرار دیا۔

(۴) ۔ عمِ رسولؐ (صلی اللہ علیہ وسلم) وعمِ علی المرتضیٰؓ کا احترام حضرت عمرؓ اس قدر کرتے تھے کہ ان کے سامنے سواری سے اُتر جاتے تھے حتیٰ کہ وہ گزر کر تشریف لے جائیں۔

(۵) اموالِ فئ وغیرہ میں بیت المال کی طرف سے حضرت عباسؓ کا سالانہ وظیفہ صرف عمِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہونے کی بنا پر جاری کیا ورنہ عباسؓ بن عبد المطلب مہاجرین سابقین میں سے نہیں تھے۔ اسی طرح نبیؐ وعلیؓ کی پھوپھی کا وظیفہ بھی اسی وجہ سے مقرر فرمایا اور حضرت علیؓ کی اہلیہ کا بھی خیال رکھا۔

یہ بنی ہاشم کا احترام واکرام ہے۔ (سبحان اللہ علی حسنِ رفاقتہم)

ناظرین باانصاف غور فرمادیں۔

یہ تمام تر واقعات ان بزرگوں کے باہمی تعلقات اور روابط کے لیے واضح نشانات ہیں۔ حضرت عمرؓ، حضرت عباسؓ عمِ رسولؐ وعمِ علیؓ کو معزز ومؤقر جانتے تھے۔ ایک دوسرے کا لحاظ واعزاز کرتے تھے۔ بشرطِ انصاف دیکھا جاتے تو حضرت عمرؓ کی جانب سے بنی ہاشم کی بے حد توقیر وتعظیم ہے۔ بااین ہمہ اگر کوئی شخص ان حضرات کے درمیان بغض وعداوت منافرت وبغاوت کی رٹ لگاتے رکھے تو یہ محض حسد اور تعصب ہوگا جس کا کوئی علاج نہیں ہے۔ ہم نے واقعاتِ صحیحہ بلاکم وکاست ناظرین کی خدمت میں پیش کر دیے ہیں۔ منصف طبائع خود بخود حقیقتِ حال سے آگاہ ہو سکیں گے۔

فصل دوم

اس میں حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور عبد اللہ بن عباس بن عبد المطلب کے باہمی مراسم و روابط کا ذکر کیا جاتا ہے۔

عبد اللہ بن عباسؓ حضور نبی مقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے عم محترم حضرت عباسؓ کے بیٹے ہیں اور حضرت علی المرتضیٰؓ کے چچا زاد بھائی ہیں۔ بنی ہاشم میں سے بہت بڑے صاحبِ علم وفضیلت ہیں۔ حضور علیہ السلام نے ان کے حق میں زیادتی علم کی دعائیں فرمائیں جو یقیناً مستجاب ہوئیں اور بنی ہاشم میں حضرت علیؓ کے بعد ان کا علمی مقام بہت بلند ہے شیعہ مجتہدین نے بھی ان کی علمی فضیلت کے متعلق واضح روایات نقل کی ہیں شیخ ابو جعفر طوسی نے "امالی" میں اس مسئلہ کو با اسناد نقل کیا ہے۔ ابنِ عباسؓ اپنے مخاطب کو متنبہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

".... قَالَ ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ عَلِيٌّ عَلَّمَنِيْ وَكَانَ عِلْمُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَرَسُوْلُ اللهِ عَلَّمَهُ اللهُ مِنْ فَوْقِ عَرْشِهٖ فَعِلْمُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ مِنَ اللهِ وَعِلْمُ عَلِيٍّ مِنَ النَّبِيِّ وَعِلْمِيْ مِنْ عِلْمِ عَلِيٍّ"

("امالی شیخ ابی جعفر طوسی، ج ۱ ص ۱۱۔ مطبوعہ عراق نجف اشرف)

"یعنی ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ اے مخاطب تیری ماں تجھے گم پائے اور واویلا کرے، حضرت علیؓ نے مجھے تعلیم دی اور ان کا علم نبی علیہ السلام سے

حاصل تھا اور نبی کو اللہ نے عرش کے اوپر سے تعلیم دی پس نبی کا علم خدا کی طرف سے ہے اور علیؓ کا علم نبی کی طرف سے ہے اور میرا علم علیؓ کے علم سے ماخوذ ہے۔"

—— واضح رہے کہ مندرجہ ذیل شیعی علما مجتہدین نے عبداللہ بن عباسؓ بن عبدالمطلب کی بڑی تعریف و توثیق نقل کی ہے اور حضرت علی المرتضیٰؓ کا خاص حامی ہونا درج کیا ہے۔ مجالس المومنین مجلس سوم مقدمہ ثالثہ تحت طائفہ اولیٰ در مشاہیر بنی ہاشم۔ تنقیح المقال از عبداللہ مامقانی تحت تذکرہ ابن عباسؓ۔ و منتہی الآمال جلد اول، باب سوم، فصل ہفتم ۱۵ پانزدہم میں شیخ عباس قمی نے ابن عباس کا ذکر خیر کیا ہے۔ وغیرہ۔

اس تشریح کے بعد اب ہم حضرت عمرؓ اور عبداللہ بن عباسؓ کے باہم تعلقات کا نمونہ چند ایک عنوانات کے تحت بیان کرتے ہیں۔ امید ہے ناظرین کرام اس کو پسند فرمائیں گے۔

—— عنوانِ اوّل ——

فاروقی مشوروں میں ابنِ عبّاس کا شمول

(۱)

(۱) طبقات ابن سعد تذکرہ ابن عباس میں مذکور ہے کہ:

.... عن عطاء بن یسار اِنَّ عُمَرَؓ وَعُثْمَانَؓ کَانَا یَدْعُوَانِ اِبْنَ عَبَّاسٍ فَیُشِیْرُ مَعَ اَهْلِ بَدْرٍ وَکَانَ یُفْتِیْ فِیْ عَهْدِ عُمَرَؓ وَعُثْمَانَ اِلٰی یوم مات۔"

(طبقات ابن سعد، ج ۲ ص ۱۲۰۔ ق ۲۔ تذکرہ ابن عباس۔ طبع قدیم)

"یعنی عطاء بن یسار کہتا ہے کہ حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ (اپنی خلافت کے دوران) ابن عباس کو مشورہ کے لیے بلا کر بدری صحابہ کے ساتھ شریک ۱

رکھتے تھے اور ابن عباسؓ دونوں خلفاء کے دور میں فتویٰ دہی کا کام کرتے تھے۔ تا حیات یہ کام جاری رہا۔

(۲) ۔ اسی طرح طبقاتِ ابنِ سعد، ص ۱۲۰، ج ۲، ق ۲ طبع قدیم تذکرہ عبداللہ بن عباسؓ میں سعید بن جُبیر سے روایت ہے جس میں حضرت عمرؓ کا ابن عباس کو اہلِ بدر کے ساتھ مشورہ میں شامل کرنا مذکور ہے۔

(۳) نیز مسند احمد، ج ۱، ص ۱۴ میں مسندات عمر فاروقؓ کے تحت عاصم بن کلیب نے اپنے باپ سے اس نے ابن عباسؓ سے اسی نوع کا مضمون ذکر کیا ہے۔

(۲)

طبقات ابن سعد میں ہے:

—— .... عَنْ مَرْوَانَ بْنِ اَبِیْ سَعِیْدٍ عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی عُمَرَؓ بْنِ الْخَطَّابِ یَوْمًا فَسَاَلَنِیْ عَنْ مَسْئَلَةٍ کَتَبَ اِلَیْهِ بِهَا یَعْلٰی بْنُ اُمَیَّةَ مِنَ الْیَمَنِ وَاَجَبْتُهٗ فِیْهَا فَقَالَ عُمَرُؓ اَشْهَدُ اَنَّكَ تَنْطِقُ عَنْ بَیْتِ نُبُوَّةٍ۔"

(۱) طبقات ابنِ سعد، ج ۲۔ ق ۲ ص ۱۲۲۔ تذکرہ ابنِ عباسؓ۔

(۲) کنز العُمّال، ج ۷ ص ۵۳۔ روایت ۱۸۱۴۔ طبع قدیم

"یعنی عبداللہ بن عباسؓ کہتے ہیں کہ ایک روز میں حضرت عمرؓ کی خدمت میں گیا۔ یمن سے یعلیٰ ابنِ اُمیّہ نے ایک مسئلہ کی صورت دریافت کے لیے ارسال کی تھی۔ مجھ سے حضرت عمر فاروقؓ نے وہ صورت دریافت کی۔ میں نے اس کا صحیح جواب دیا تو حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ میں اس کی شہادت دیتا ہوں کہ آپ خانۂ نبوّت سے کلام کرتے ہیں (یعنی آپ کا علم صحیح اور درست ہے)۔

(۴)

کنزالعمال میں بحوالہ ابن سعد لکھا ہے:

"....عن یعقوب بن یزید قال کان عمر بن الخطاب یستشیر عبد اللہ بن عباس فی الامر اذا ھمہ و یقول غص غواص۔"

(کنزالعمال علی متقی ہندی، ج ۷ ص ۵۳۔
روایت ۴۱۳ طبع قدیم۔ بحوالہ ابن سعد)

یعنی یعقوب بن یزید کہتا ہے کہ جب کوئی اہم معاملہ حضرت عمرؓ کو پیش آتا تھا تو عبداللہ بن عباسؓ کو مشورہ کے لیے بلاتے تھے اور فرماتے کہ اے غوطہ لگانے والے (علم کے دریا میں) غوطہ لگائیے (یعنی گہری سوچ کر کے جواب دیجیے)"۔

— عنوان دوم —

حضرت فاروقؓ کا ابن عباسؓ کی عیادت کرنا

طبقات ابن سعد میں ہے۔

"......عبدالرحمن بن ابی زناد عن ابیہ ان عمر بن الخطاب دخل علی ابن عباس یعودہ وھو یحم فقال عمر اخل بنا مرضک فاللہ المستعان۔"

(طبقات ابن سعد، تذکرہ ابن عباس، ج ۲، ق ۲ ص ۱۲۳ طبع قدیم)

"یعنی ایک دفعہ ابن عباسؓ بخار کی تکلیف سے بیمار ہوئے تو ان کی بیمار پرسی کے لیے حضرت عمرؓ تشریف لے گئے۔ فرمانے لگے اے ابن عباسؓ، آپ کی بیماری نے ہمارے کام میں خلل اور نقصان ڈال دیا۔"

— عنوان سوم —

عبداللہ بن عباسؓ کی زبانی فاروق اعظمؓ کی مدح سرائی

شیعہ کے مشہور مؤرخ مرزا محمد تقی لسان الملک (المتوفی ۱۲۹۷ھ) نے "ناسخ التواریخ" میں مشہور شیعی مؤرخ المسعودی سے نقل کرتے ہوئے حضرت علیؓ کے چچا زاد بھائی عبداللہ بن عباسؓ سے حضرت عمر بن الخطاب کی عمدہ تعریف و توصیف نقل کی ہے۔ اس میں فاروقی اوصاف کو شاندار طریقہ سے بیان کیا گیا ہے۔ اصل و نقل دونوں کتابوں سے احباب کی خدمت میں حوالہ ہذا بطور الزام پیش کیا جاتا ہے۔ قبول فرماویں۔

"رحم اللہ ابا حفص کان واللہ حلیف الاسلام و مأوی الایتام و منتہی الاحسان و محل الایمان و کہف الضعفاء و معقل الحنفاء و قام بحق اللہ صابرا محتسبا حتی اوضح الدین و فتح البلاد و امن العباد اعقب اللہ من ینقصہ اللعنۃ الی یوم القیامۃ۔"

(۱) — مروج الذہب المسعودی المتوفی ۳۴۶ھ۔ جزء ثالث ص ۶۰۔ تحت عنوان ذکر الصحابۃ و مدحہم... الخ۔

(۲) — ناسخ التواریخ از مرزا محمد تقی لسان الملک، جلد پنجم، کتاب دوم، ص ۱۴۴۔ طبع ایران۔

حاصل یہ ہے کہ ابن عباسؓ بن عبدالمطلب فرماتے ہیں کہ ابو حفص (عمر بن الخطاب) پر اللہ رحم فرمائے، اللہ کی قسم وہ اسلام کے ساتھ عہد و پیمان رکھنے والے تھے، یتیموں کے ماویٰ اور جائے پناہ تھے، احسان کرنے میں انتہا کو پہنچنے والے تھے، ایمان کے مرکز تھے، ضعیفوں کو پناہ دینے والے تھے۔

راست کار و راست باز لوگوں کے لیے جائے پناہ تھے، صبر کے ساتھ ارادۂ خیر رکھتے ہوئے اللہ کے حقوق کو ادا کرنے کے لیے قائم رہے حتیٰ کہ انہوں نے دین کو واضح کر دیا اور شہروں کو فتح کر ڈالا اور خدا کے بندوں کو پناہ دی۔ جو شخص حضرت عمرؓ کی تنقیص و عیب جوئی کرے اس پر قیامت تک اللہ کی لعنت ہو۔"

—— عنوان چہارم ——

فاروقی روایت پر ابنِ عباسؓ کا اعتماد

مُسند امام احمد مُسنداتِ عمرؓ بن الخطاب میں مذکور ہے:

عن قتادۃ عن ابی العالیۃ عن ابن عباسؓ قال شَهِدَ عِنْدِی رِجَالٌ مَرْضِيُّونَ مِنْهُمْ عُمَرُ وَأَرْضَاهُمْ عِنْدِي عُمَرُ اَنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ لَا صَلٰوةَ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ وَلَا صَلٰوةَ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ۔"

(مُسند امام احمد، ج ۱ ص ۱۸ مسندات عمر بن الخطاب طبع مصر)

"یعنی ابنِ عباسؓ کہتے ہیں کہ عمدہ لوگوں نے میرے پاس (اس مسئلہ کی) شہادت دی ہے اور ان میں سب سے پسندیدہ عمرؓ بن الخطاب ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عصر کے بعد غروب آفتاب تک کوئی نماز نہیں ہے اور صبح کے بعد طلوعِ آفتاب تک کوئی نماز نہیں ہے۔"

—— ناظرین کے لیے عرض ہے ابن عباسؓ کے حضرت عمرؓ سے روایت حاصل کرنے کی صرف یہ ایک مثال عرض کی ہے ورنہ مُسند احمد و دیگر حدیث کی کتابوں میں اس نوع کی بے شمار مثالیں منقول و مندرج ہیں البتہ اس میں جو بات بہت عمدہ پائی جاتی ہے

وہ "وَاَرْضَاهُمْ عِنْدِي عُمَرُ" کا قول ہے "یعنی باقی لوگوں سے میرے نزدیک زیادہ پسندیدہ عمر بن الخطاب ہیں"۔ یہ فاروق اعظمؓ کی دیانت، و امانت و صداقت کی گواہی ابنِ عباسؓ دے رہے ہیں۔

—— عنوان پنجم ——

حضرت فاروق کی حقانیت بروایت بنی ہاشم

"تاریخ کبیر" میں امام بخاری رحمۃ اللہ نے باسند روایت نقل کی ہے فرماتے ہیں کہ:

... "عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْحَقُّ بَعْدِي مَعَ عُمَرَ حَيْثُ كَانَ۔"

"یعنی ابن عباسؓ اپنے بھائی فضل بن عباس سے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کرتے ہیں کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ میرے بعد حق عمرؓ کے ساتھ ہے جہاں موجود ہو۔" (تاریخ کبیر للبخاری ص ۱۴۲، ج ۴ قسم اوّل تحت الفضل بن عباسؓ)

—— عنوان ششم ——

ابن عباسؓ کا حضرت ابوبکرؓ و سیدنا عمر فاروقؓ کے قول کو حجتِ شرعی قرار دینا

—— روایات کی کتابوں میں بصراحت منقول ہے کہ حضرت علیؓ کے چچا زاد برادر عبداللہ بن عباسؓ کا مسائل دینیہ کے استنباط میں یہ طریقہ تھا کہ جب کسی مسئلہ کی ضرورت پیش آتی تو پہلے کتاب اللہ سے اس کا حل تلاش کرتے اور اگر قرآن مجید سے اس کا حل نہ مل سکتا تو سنّتِ نبوی میں اس کا جواب ڈھونڈتے۔ اگر وہاں بھی جواب نہ دستیاب

ہوتا تو دیکھتے کہ ایسے معاملہ میں حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمر فاروقؓ نے کیا فیصلہ فرمایا ہے تاکہ اس کے موافق عمل درآمد کیا جائے۔

کبارِ علماء نے ان کے اس طریقِ کار کو متعدد مقامات پر ذکر کیا ہے۔

چنانچہ پہلے بیہقی کا سُنن کبریٰ سے اور بغوی کا شرح السُنّہ سے حوالہ پیشِ خدمت ہے:۔

"۔۔۔۔ عن عبید اللہ بن ابی یزید قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللہِ بْنَ عَبَّاسٍ اِذَا سُئِلَ عَنْ شَیْءٍ هُوَ فِی کِتَابِ اللہِ قَالَ بِهٖ وَاِذَا لَمْ یَکُنْ فِی کِتَابِ اللہِ وَقَالَهٗ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بِهٖ وَاِذَا لَمْ یَکُنْ فِی کِتَابِ اللہِ وَلَمْ یَقُلْهُ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَهٗ اَبُوْبَکْرٍ وَعُمَرُ رَضِیَ اللہُ عَنْهُمَا قَالَ بِهٖ وَاِلَّا اجْتَهَدَ رَأْیَهٗ)۔

(۱) السُنن الکبریٰ للبیہقی جلد عاشر، ص ۱۱۵ طبع دکن۔

(۲) شرح السُنّہ لامام البغوی جلد اول، ص ۲۰۸۔

خلاصہ یہ ہے کہ ابن عباسؓ سے جب کسی مسئلہ کے متعلق دریافت کیا جاتا وہ کتاب اللہ میں ہوتا تو کتاب اللہ سے بیان فرماتے اگر کتاب اللہ میں نہ ہوتا اور سُنّتِ نبوی میں بیان کیا گیا ہوتا تو سُنّت سے بیان فرماتے۔ اگر نہ کتاب اللہ نے اور نہ رسول اللہ نے اس کے متعلق کچھ بیان کیا ہے لیکن ابوبکرؓ و عمرؓ نے اس کو بیان کیا ہے تو (ان کا قول لے کر) اسے بیان فرماتے تھے۔ اس کے بعد اس میں اجتہاد کی ضرورت ہوتی تو اپنی رائے ذکر کرتے تھے۔"

اور حافظ ابن تیمیہ الحرانی نے اپنی کتاب "الفتاوی الکبریٰ" جلد اوّل میں اس مسئلہ کو اپنے الفاظ میں مفصّل طریقہ سے بعبارتِ ذیل درج کیا ہے۔ ناظرین کے افادہ کے لیے ہم یہاں نقل کرتے ہیں:۔

"۔۔۔ وَقَدْ ثَبَتَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ اِنَّهٗ کَانَ یُفْتِیْ مِنْ کِتَابِ اللہِ فَاِنْ لَمْ یَجِدْ فِیْهَا سُنَّةَ رَسُوْلِ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاِنْ لَمْ یَجِدْ اَفْتٰی بِقَوْلِ اَبِیْ بَکْرٍ وَعُمَرَؓ وَلَمْ یَکُنْ یَفْعَلُ ذَالِکَ بِعُثْمَانَ وَعَلِیٍّ وَابْنُ عَبَّاسٍ حِبْرُ الْاُمَّةِ وَاَعْلَمُ الصَّحَابَةِ وَاَفْقَهُهُمْ فِیْ زَمَانِهٖ وَهُوَ یُفْتِیْ بِقَوْلِ اَبِیْ بَکْرٍ وَعُمَرَؓ مُقَدِّمًا لِقَوْلِهِمَا عَلٰی قَوْلِ غَیْرِهِمَا مِنَ الصَّحَابَةِ وَقَدْ ثَبَتَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اَللّٰهُمَّ فَقِّهْهُ فِی الدِّیْنِ وَعَلِّمْهُ التَّاْوِیْلَ" (الفتاویٰ الکبریٰ، جلد اوّل، ص ۴۶۶)

"یعنی روایات سے ثابت ہو چکا ہے کہ ابن عباسؓ (بوقتِ ضرورت) کتاب اللہ سے فتویٰ دیتے تھے۔ اگر وہ مسئلہ کتاب اللہ میں نہ مل سکتا تو سُنّت کے ساتھ فتویٰ دیتے تھے اور کتاب و سُنّت دونوں سے دستیاب نہ ہوتا تو حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمرؓ کے اقوال کو لے کر فتویٰ دیتے تھے۔ اور حضرت عثمانؓ و علی المرتضیٰؓ کے اقوال کو یہ درجہ نہیں دیتے تھے۔ اور ابن عباسؓ اُمّت کے بہت بڑے عالم تھے۔ صحابہؓ کی جماعت میں بہت دانا تھے اور زمانہ کے فقیہ تھے۔ فتویٰ دینے کے معاملہ میں حضرت ابوبکرؓ و عمر فاروقؓ کے قول کو دوسرے صحابہ کے اقوال پر مقدم رکھتے تھے۔

اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم سے ثابت ہے کہ آپؐ نے ابن عباسؓ کے حق میں دُعا فرمائی یا اللہ اس کو تفقُّہ فی الدّین عطا فرما اور اس کو دین کا معنیٰ سمجھا دے۔

فصل ہٰذا کے فوائد

(۱)۔ فاروقی خلافت کے دوران بنی ہاشم میں سے جیسے حضرت علی المرتضیٰؓ صحابۂ کرام کی مجلسِ شوریٰ کے مستقل ممبر تھے اور دائمی رکن رکین تھے اسی طرح حضرت عمرؓ کی

طرف سے حضرت عباسؓ کے صاحبزادے ابنِ عباسؓ کو بھی اہم مشورہ جات میں شامل و شریک رکھا جاتا تھا اور ان کے مشوروں کو بڑا وزنی تصور کیا جاتا تھا۔

(۲)۔ عبداللہ ابن عباسؓ کی بیماری میں خلیفۂ اسلام کا عیادت کو تشریف لے جانا جس طرح باہم دوستی اور مودّت کا اظہار ہے اسی طرح حضرت عمرؓ کی جانب سے بنی ہاشم کی قدردانی و عزت افزائی کا بہترین نمونہ ہے۔

(۳)۔ عبداللہ بن عباسؓ کا حضرت خلیفۂ ثانی کے اوصاف و کمالات کو بہتر سے بہتر عنوانات میں بیان کرنا دونوں حضرات کے لیے باہم عقیدت مندی و حق پسندی کا عجیب نمونہ ہے۔ اس چیز کا فریقِ ثانی کو بھی انکار نہیں ہے۔

(۴) یہ حضرات آپس میں ایک دوسرے سے دینی و مذہبی روایات و مسائل حاصل کرتے تھے اور ہاشمی حضرات کے نزدیک خلیفۂ ثانی حضرت عمرؓ نہایت معتمد و معتبر و موثق راوی شمار ہوتے تھے۔

(۵)۔ بنی ہاشم کے بزرگوں اور حضرت علیؓ کے چچا زاد بھائیوں نے یہ فرمانِ نبوّت اُمّتِ مُسلمہ کو پہنچا کر اعلان کر دیا کہ "حق" بہرحال عمر فاروقؓ کے ساتھ ہے۔ لہٰذا خلیفۂ ثانی کی خلافت اور اس کے تمام کارنامے و دینی خدمات سب کے سب برحق اور صحیح ہیں۔

(۶)۔ نیز واضح ہُوا کہ ہاشمی حضرات سیّدنا عمر فاروقؓ کے قول کو حُجّتِ شرعی کا درجہ دیتے تھے اور ان کے فرمان کو دینی مسائل میں دلیلِ شرعی تسلیم کرتے تھے۔

اللہ تعالیٰ تمام اہلِ اسلام کو باہم دوستی نصیب فرمائے اور اپنے بزرگانِ دین کی غلامی و اطاعت بخشے جو آپس میں سراسر مودّت و محبّت کے نمونہ تھے۔ اور رُحَمَاءُ بَیْنَهُم کے صحیح مصداق تھے۔

بابِ پنجم

کتاب "رُحَمَاءُ بَیْنَهُم" کے فاروقی حصّہ کا بابِ پنجم آخری باب ہے۔

اس میں حضرت علی المرتضیٰؓ کی اولاد شریف کے مختصر بیانات حضرت عمرؓ بن الخطاب کی توثیق و تعریف و تصدیق سے متعلقہ جمع کیے جاتے ہیں۔ ایک منصف طبع انسان بیاناتِ ہٰذا پر نظرِ غائر کرنے کے بعد ان دونوں بزرگوں کی باہم عقیدت مندی و دوستی اور عمدہ تعلقات کو تسلیم کریگا اور حسنِ روابط کی داد دیگا۔

اِس باب کے پانچ فصل مرتب کیے جاتے ہیں اور بطریقِ ذیل اس کی ترتیب تجویز کی گئی ہے۔

فصل اوّل۔ امام حسن اور محمد بن الحنفیہ اور عبداللہ المحض بن حسن المثنیٰؒ وغیرہم کے حضرت عمر فاروقؓ کے حق میں بیانات۔

فصل دوم۔ امام زین العابدین اور ان کے بیٹے زید کے اقوال۔

فصل سوم۔ امام محمد باقرؒ کے فرمودات۔

فصل چہارم۔ امام جعفر صادقؒ کے ارشادات۔

فصل پنجم۔ عمر فاروقؓ کا نام حضرت علی کی اولاد میں۔

فصل اوّل

(۱)

امام حسنؓ کا فرمان کہ عمرؓ بن الخطّاب اور علیؓ المرتضیٰ میں مخالفت نہ تھی

محبّ الطبری نے "ریاض النضرۃ" میں ابن السمان کے حوالہ سے نقل کیا ہے کہ:

"اَنَّہٗ اَخْرَجَ فِیْ کِتَابِہٖ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّؓ قَالَ لَا اَعْلَمُ عَلِیًّا خَالَفَ عُمَرَؓ وَلَا غَیَّرَ شَیْئًا مِمَّا صَنَعَ حِیْنَ قَدِمَ الْکُوْفَۃَ۔

(۱) — ریاض النضرہ فی مناقب العشرۃ لمحب الطبری، ج ۲، ص ۸۵ فصل فی ما رواہ علیؓ فی فضل عمرؓ الخ طبع مصری

(۲) ازالۃ الخفاء فی خلافۃ الخلفاء لمولانا شاہ ولی اللہ، ج ۱ص ۱۰ طبع قدیم۔(فارسی)۔بحث آخر مسانید صحابہ و تابعین)

خلاصہ یہ ہے کہ حضرت حسنؓ فرماتے ہیں کہ جب سے حضرت علی المرتضیٰؓ کوفہ میں تشریف لاتے ہیں مجھے معلوم نہیں کہ آپ نے کبھی عمرؓ بن الخطّاب کی کسی کام میں مخالفت کی ہو یا ان کے کسی کام میں تبدیلی کر دی ہو"

(۲)

حضرت عمرؓ و ابوبکر الصدّیقؓ کے حق میں حضرت علیؓ سے محمدؒ بن حنفیہ کا سوال پھر ان کا جواب

ناظرین باتمکین کو معلوم ہونا چاہیے کہ محمد بن حنفیہ حسنین شریفین کے بعد حضرت علیؓ کی

اولاد میں بڑے صاحب فضل و کمال بزرگ ہیں شیعی عالم و مجتہد سیّد جمال الدّین ابن عنبہ نے عمدۃ الطالب میں ان کے حق میں تحریر کیا ہے کہ:-

"کَانَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَنَفِیَّۃِ اَحَدُ رِجَالِ الدَّھْرِ فِی الْعِلْمِ وَالزُّھْدِ وَالْعِبَادَۃِ وَالشَّجَاعَۃِ وَھُوَ اَفْضَلُ وَلَدِ عَلِیّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ بَعْدَ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ"

"یعنی محمد بن الحنفیہ اپنے زمانہ کے لوگوں میں علم و زہد، عبادت، شجاعت میں افضل تھے۔ سیّدنا حسنؓ و حسینؓ کے بعد حضرت علیؓ کی اولاد میں انہی کا برتر مقام ہے"

(۱) عمدۃ الطالب فی انساب آل ابی طالب طبع نجف اشرف، ص ۳۵۲، الفصل الثالث۔

اسی طرح بے شمار شیعہ علماء و مجتہدین نے ابن حنفیہ کی تعریف و توثیق کی ہے ملاحظہ ہو مجالس المومنین قاضی نور اللہ شوستری، ابتدا مجلس چہارم۔ منتہی المقال و تنقیح المقال مامقانی وغیرہ۔

محمد بن حنفیہؒ کا قول ذیل میں درج کیا جاتا ہے ملاحظہ فرمائیں:-

"قَالَ (ابْنُ الْحَنَفِیَّۃِ) قُلْتُ لِاَبِیْ اَیُّ النَّاسِ خَیْرٌ بَعْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْبَکْرٍ قَالَ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ عُمَرُؓ۔۔۔ قُلْتُ ثُمَّ اَنْتَ قَالَ مَا اَنَا اِلَّا رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ"

(۱) بخاری شریف، باب مناقب ابی بکرؓ، ج ۱ص ۵۱۸ طبع دہلی۔

(۲) ابوداؤد شریف، جلد ثانی، ص ۲۸۸ کتاب السنّۃ باب التفضیل، طبع مجتبائی دہلی

(۳) حلیۃ الاولیاء لابی نعیم اصفہانی، جلد ۵ ص ۷۸، تذکرہ ربیع بن ابی راشد۔

(۴) ۔ کنز العمّال، ج ۶، ص ۳۶۶ و ۳۷۰ طبع قدیم دکن

ان حوالہ جات کا ماحصل یہ ہے کہ

"محمد بن حنفیہؒ کہتے ہیں کہ مَیں نے اپنے والد شریف علی المرتضیٰؓ سے عرض کیا کہ حضورؐ نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم کے بعد بہترین اُمّت کون شخص ہے؟ حضرت علیؓ نے فرمایا کہ ابوبکرؓ ہیں! مَیں نے عرض کیا کہ ان کے بعد کون بہترین ہے؟ فرمایا پھر عمرؓ بن الخطاب سب سے بہتر ہیں۔ پھر اس خیال سے کہ عثمانؓ کو ذکر کریں مَیں نے کہا کہ پھر آپ سب سے بہتر ہیں؟ جواباً فرمایا کہ مَیں مسلمانوں میں سے ایک مسلمان ہوں..... الخ"

(۳)

فاروقِ اعظمؓ کے عمل سے اولادِ علیؓ کا مسائلِ فقہی میں اِستدلال کرنا

ابن قُتَیبہ دینوری المتوفی ۲۷۶ھ نے اپنی کتاب "المعارف" باب خلافتِ علیؓ بن ابی طالب میں واقعہ ہذا نقل کیا ہے:۔

——— وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْحَسَنِ يُكْنٰى اَبَا مُحَمَّدٍ وَكَانَ خَيْرًا وَرَاٰى يَوْمًا يَمْسَحُ عَلٰى خُفَّيْهِ فَقِيْلَ لَهٗ تَمْسَحُ؟ فَقَالَ نَعَمْ قَدْ مَسَحَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَمَنْ جَعَلَ عُمَرَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ اللّٰهِ فَقَدِ اسْتَوْثَقَ"

(المعارف لابنِ قتیبہ دینوری، ص ۹۳۔ باب خلافتہ علی المرتضیٰؓ۔ مطبوعہ مصر، طبع قدیم)

مطلب یہ ہے کہ "ابو محمد عبد اللہ محض بن حسن مثنّٰی بن امام حسنؓ بہترین بزرگ تھے۔ ایک دفعہ انہوں نے اپنے موزوں پر مسح کیا کسی شخص نے دیکھ کر کہا کہ آپ موزوں پر مسح کرتے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ ہاں مسح کرتا ہوں اور (استدلالاً) کہا کہ عمرؓ بن الخطاب مسح کرتے تھے اور جس شخص نے اپنے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان عمرؓ بن الخطّاب کو دلیل بنایا اُس نے مضبوط سند اختیار کی"

(۴)

حضرت علیؓ کے حقیقی برادر عقیل بن ابی طالب سے حضرت عمرؓ کی تعریف میں مرفوع روایت منقول ہے۔ ملاحظہ فرمائیں:

عن عقیل ابن ابی طالب اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اِنَّ غَضَبَكَ عِزٌّ وَرِضَاكَ حُكْمٌ"

(اخبار اصفہان لابی نعیم اصفہانی ص ۹۷، ج ا طبع لیدن یورپ)

"عقیلؓ ابن ابی طالب کہتے ہیں کہ نبی کریم صلعم نے عمرؓ بن الخطاب کو فرمایا تیرا غضب دینی حمیت ہے اور تیرا رضامند ہونا پسندیدہ حکم ہے"

فصل دوم

حضرت علی بن الحسین (امام زین العابدینؓ) اور ان کے صاحبزادے امام زید کے چند ایک بیانات حضرت عمر فاروقؓ کی فضیلت و منقبت میں درج کیے جاتے ہیں اس چیز سے حضرت عمرؓ کا مقام ان حضرات کے نزدیک واضح ہوگا۔

(۱)

حضرت عمرؓ و حضرت ابوبکرؓ نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اتنا قدر نزدیک تھے جس قدر اب قریب ہیں

مسند امام احمد مسندات ذی الیدین جلد چہارم میں مروی ہے کہ:

"حَدَّثَنِیْ اَبُوْ مَعْمَرٍ عَنِ ابْنِ اَبِیْ حَازِمٍ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلٰی عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ فَقَالَ مَا کَانَ مَنْزِلَۃُ اَبِیْ بَکْرٍ وَّ عُمَرَ مِنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ مَنْزِلَتُھُمَا السَّاعَۃَ۔"

(۱)۔ مسند امام احمدؒ ج ۴، مسندات ذی الیدین۔ طبع مصر معہ منتخب کنز۔

(۲)۔ سیرت عمرؓ بن الخطاب لابن الجوزی، ص ۳۲-۳۳ و ص ۲۱۶۔ طبع مصر۔

(۳) تہذیب التہذیب لابن حجر عسقلانی، ج ۷، ص ۳۰۶۔ تذکرہ علی بن الحسینؓ۔

(۴)۔ تاریخ الخلفاء سیوطی ص ۶۳ مطبع مجتبائی دہلی فصل فی الاحادیث الواردۃ فی فضلہ (الصدّیق) مقرونا بالعمر سوی ما تقدم۔

حاصل یہ ہے کہ:

"ایک شخص نے زین العابدینؒ (علی بن الحسینؓ) کے پاس حاضر ہو کر کہا کہ ابوبکرؓ و عمرؓ کو نبی اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا قرب حاصل تھا؟ تو زین العابدین نے فرمایا کہ جو نزدیکی اور قرب ان کی قبروں کو حاصل ہے بحالت حیات ان کو یہی تقرب نصیب تھا۔"

حضرت عمرؓ کی فضیلت کا اعتراف اور اُن پر طعن کرنے والوں کا رَدّ

اہل علم کی اطلاع کے لیے عرض ہے کہ "حلیۃ الاولیاء" ابونعیم اصفہانی جلد ثالث تذکرہ زین العابدین میں زین العابدین سے ایک مفصل روایت مروی ہے اس میں انہوں نے حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمرؓ و حضرت عثمانؓ کے حق میں عراقی معترضین و طاعنین کا قرآنی آیات سے استدلال کر کے خوب رد کیا ہے اور اس بات کی شہادت اور گواہی دی ہے کہ تم ایسے مسلمانوں میں سے ہرگز نہیں ہو جن کے حق میں قرآن مجید تعلیم دیتا ہے کہ خدا سے ان کی مغفرت طلب کی جائے۔ (رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَ لِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ الخ)

آخر کلام میں ان کے لیے بد دعا کی اور اپنے ہاں سے نکل جانے کا حکم دیا۔"

(قَالَ اُخْرُجُوْا فَعَلَ اللّٰہُ بِکُمْ)۔

(حلیۃ الاولیاء، جلد ثالث، تذکرہ علی بن الحسین

ج ۳ ص ۱۳۷ ۔ طبع مصر)

اور حافظ ابنِ کثیرؒ نے زُبیر بن بکّار کے حوالہ سے عراقی معترضین کے حق میں زین العابدین کے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

"قُوْمُوْا عَنِّیْ لَا بَارَکَ اللّٰہُ فِیْکُمْ وَلَا قَرَّبَ دُوْرَکُمْ۔ اَنْتُمْ مُسْتَھْزِئُوْنَ بِالْاِسْلَامِ وَلَسْتُمْ مِنْ اَھْلِہٖ"

"یعنی زین العابدین نے عراقی طاعنین کو حکم دیا کہ ہمارے ہاں سے اُٹھ جاؤ، اللہ تم میں برکت نہ دیں اور تمہارے گھر رحمت کے قریب نہ ہوں۔ تم اسلام کے ساتھ مسخری کرتے ہو اور تم اہلِ اسلام سے نہیں ہو"

(البدایہ، جلد ۹ ص ۱۰۷ تحت تذکرہ علی بن الحسین)

(۲)

اس کے بعد زین العابدینؒ کے حقیقی لڑکے اور محمد باقرؒ کے حقیقی بھائی امام زید بن زین العابدین کا بیان لکھا جاتا ہے:

(۱) ۔ عَنْ زَیْدٍ اِنَّ عَلِیًّا کَانَ یُشْبِہُ بِعُمَرَ فِی السِّیْرَۃِ"

(ریاض النضرہ، ج ۲، ص ۸۵ ۔ فصل فی ما رواہ علیؓ فی فضل عمرؓ۔

"یعنی یقیناً حضرت علیؓ کی سیرت و عملی زندگی حضرت عمرؓ کے ساتھ مشابہ تھی اور ان دونوں حضرات کا ایک کردار اور ایک عمل تھا"

اسی وجہ سے حضرت زیدؒ مذکور فرمایا کرتے تھے کہ اَلْبَرَاءَۃُ مِنْ اَبِیْ بَکْرٍ وَّ عُمَرَ بَرَاءَۃٌ مِنْ عَلِیٍّ"

"ابوبکرؓ و عمرؓ سے تبرّی و برأت کرنا بعینہٖ علیؓ بن ابی طالب سے

بیزاری اختیار کرنا ہے"

(۱) ۔ سیرۃ عمر بن الخطاب لابن الجوزی ص ۳۲-۳۳ طبع مصری۔

(۲) ریاض النضرہ ص ۵۸، جلد اوّل۔

(۲) ـــــ حضرت عمرؓ کے حق میں حضرت زیدؒ کی عقیدت مندی اور ان کی دیانت داری و راست عملی کا اقرار و اعتراف کرنا اب شیعہ کی معتبر کتابوں سے ناظرین کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے تاکہ مضمون ہٰذا مسلم الطرفین ہو جائے۔ اور قبل ازیں یہ مضامین ذرا تفصیل سے ہم حصّہ صدیقی کے آخری باب پنجم میں درج کر چکے ہیں۔

ـــــ سیّد جمال الدّین ابن عنبہ شیعی نے کتاب "عمدۃ الطالب" میں تحت اخبار زید شہید کے لکھا ہے:

.... وَکَانَ اَصْحَابُ زَیْدٍ لَمَّا خَرَجَ سَاَلُوْہُ مَا تَقُوْلُ فِیْ اَبِیْ بَکْرٍ وَّعُمَرَ؟ فَقَالَ مَا اَقُوْلُ فِیْھِمَا اِلَّا الْخَیْرَ وَمَا سَمِعْتُ مِنْ اَھْلِیْ فِیْھِمَا اِلَّا الْخَیْرَ فَقَالُوْا لَسْتَ بِصَاحِبِنَا ....

.... وَتَفَرَّقُوْا عَنْہُ فَقَالَ رَفَضُوْنَا الْقَوْمُ فَسُمُّوا الرَّافِضَۃَ"

حاصل یہ ہے کہ حضرت زید نے جب (خلیفۂ وقت) کے خلاف خروج کیا اس وقت زید کے ساتھیوں نے ان سے سوال کیا کہ ابوبکرؓ و عمرؓ کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے؟ زید فرمانے لگے کہ میں ان دونوں کے حق میں کلمۂ خیر ہی کہتا ہوں اور اپنے خاندانی بزرگوں سے بھی ان کے بارہ میں میں نے کلمۂ خیر ہی سنا ہے۔ یہ جواب سُنکر وہ کہنے لگے کہ آپ ہمارے خلیفہ و امیر نہیں ہیں۔ زید سے یہ لوگ متفرق ہو گئے اور ساتھ چھوڑ دیا۔ زید کہنے لگے

کہ انہوں نے ہمیں چھوڑ دیا ہے، پس ان کا نام رَفَضہ و رافضی رکھا گیا۔ (جماعت کو چھوڑ دینے والے)"

—— ایرانی بادشاہ چاہ قاچار کے وزیر اعظم مرزا تقی لسان الملک نے اپنی مشہور تصنیف ناسخ التواریخ جلد دوم میں اس واقعہ کو مندرجہ ذیل عبارت میں پیش کیا ہے:

"... کہ طائفہ از معارف کوفہ با زید بیعت کردہ بودند، در خدمتش حضور یافتہ گفتند رحمک اللہ در حق ابی بکرؓ و عمرؓ چہ گوئی؟ فرمود درباره ایشان جز بخیر سخن نکنم و از اہل خود نیز در حق ایشان جز سخن خیر نشنیدہ ام ......
...... بالجملہ زید فرمود ایشاں بر کسے ظلم و ستم نراندند و بکتاب و سُنّتِ رسُول کار کردند"

(ناسخ التواریخ جلد ۲ ص ۵۹۰۔ طبع ایران۔ قدیم طبع)

"یعنی کوفہ کے مشہور لوگوں کی ایک جماعت (جس نے حضرت زیدؓ کے ساتھ بیعت کی ہوئی تھی) زید کی خدمت میں حاضر ہو کر کہنے لگی کہ اللہ آپ پر رحم فرماتے ابوبکرؓ و عمرؓ کے حق میں آپ کیا خیال رکھتے ہیں؟ زید بن امام زین العابدینؒ نے فرمایا کہ میں ان دونوں کے حق میں کلمۂ خیر اور بہتر بات کے سوا کوئی قول نہیں کرتا۔ اور میں نے اپنے خاندان (اہلِ بیت) سے بھی ان دونوں کے بارہ میں کلمۂ خیر کے بغیر کچھ نہیں سنا"

(مطلب یہ ہے کہ تمام خاندانی بزرگ شیخین کے متعلق اچھا گمان رکھتے تھے)
اور فرمایا کہ ابوبکرؓ و عمرؓ نے کسی ایک شخص پر ظلم و ستم روا نہیں رکھا تھا اور کتاب اللہ و سنتِ رسول اللہ پر کاربند تھے"

فصل سوم

اس فصل میں سیّدنا محمد باقرؒ کے فرمودات جو حضرت عمر فاروقؓ کے بارے میں مروی ہیں وہ یہاں نقل کیے جاتے ہیں۔ قبل ازیں صدّیقی حصّہ کے باب پنجم میں بھی ذرا تفصیل سے درج کیے جا چکے ہیں۔ یہاں دوبارہ نقل کیے ہیں تاکہ جس دوست کے سامنے حصّہ صدیقی نہیں گزرا وہ بھی ائمہ اہلِ بیت کے فرامین سے ناواقف و نا آشنا نہ رہے، بلکہ ان سے مستفید ہو سکے۔

(۱)

جو شخص ابوبکرؓ و عمرؓ کی فضیلت نہیں پہچانتا وہ سُنّتِ نبوی سے جاہل ہے

"... حدثنا یونس بن بکیر عن محمد بن اسحاق عن ابی جعفرٍ محمدِ بن علیٍ قَالَ مَنْ لَمْ یَعْرِفْ فَضْلَ اَبِیْ بَکْرٍؓ وَ عُمَرَؓ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فَقَدْ جَہِلَ السُّنَّۃَ"

(۱) حلیۃ الاولیاء ابو نعیم اصفہانی، ج ۳ ص ۱۸۵ تذکرہ محمد باقرؒ۔
(۲) ریاض النضرہ، ج ۱ ص ۵۷، بحوالہ ابن السمان۔ الباب الخامس)

یعنی حضرت باقرؒ فرماتے ہیں کہ
"جو شخص ابوبکرؓ و عمرؓ کی فضیلت کی شناخت نہیں رکھتا اور ان کے مرتبہ کو نہیں پہچانتا وہ سُنّتِ نبوی سے جاہل ہے"

(۲)

سیّدنا محمد باقرؒ سیّدنا ابوبکرؓ و عمرؓ دونوں بزرگوں کے ساتھ محبّت و دوستی رکھتے تھے اور ان کے حق میں استغفار کرتے تھے

...... حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قُلْتُ لِمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ......
أَكَانَ مِنْكُمْ أَهْلَ الْبَيْتِ أَحَدٌ يَسُبُّ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ قَالَ لَا فَأَحِبَّهُمَا وَ
أَتَوَلَّاهُمَا وَأَسْتَغْفِرُ لَهُمَا ‘‘

(طبقات ابن سعد، ج ۵ ص ۲۳۶ ۔ تذکرہ محمد باقر طبع لیدن یورپ)

حاصل یہ ہے کہ جابر کہتا ہے کہ میں نے محمد باقر کو کہا کہ ...... تم اہل بیت میں کوئی شخص ایسا گزرا ہے جو ابوبکرؓ و عمرؓ کو سبّ و شتم کرتا ہو۔ انہوں نے فرمایا کہ نہیں! میں تو ان دونوں حضرات کو دوست رکھتا ہوں اور ان سے موالات اور محبّت رکھتا ہوں اور ان کے حق میں استغفار کرتا ہوں‘‘

(۳)

جو لوگ شیخین (ابوبکر الصدّیقؓ و عمر فاروقؓ) سے بیزاری و تبرّی اختیار کریں ان سے امام باقرؒ بیزار ہیں

(۱) ــــ حَدَّثَنِي شُعْبَةُ الْخَيَّاطُ مَوْلَى جَابِرٍ الْجُعْفِيِّ قَالَ قَالَ لِي أَبُو جَعْفَرٍ
مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ لَمَّا وَدَّعْتُهُ أَبْلِغْ أَهْلَ الْكُوفَةِ إِنِّي بَرِيءٌ مِمَّنْ تَبَرَّأَ

مِنْ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُمَا وَأَرْضَاهُمَا ‘‘

(۱) ۔ حلیۃ الاولیاء، ج ۳ ص ۱۸۵ ۔ تذکرہ محمد باقرؒ

(۲) ۔ ریاض النضرۃ ۔ ج ۱ ص ۵۸ ۔ الباب الخامس

یعنی شعبہ خیّاط کہتا ہے کہ جب میں محمد باقرؒ کو رخصت کرنے گیا تو آپ نے (مجھے بطورِ وصیّت) فرمایا کہ میری طرف سے اہلِ کوفہ کو پیغام دے دو کہ جو شخص ابوبکرؓ و عمرؓ سے بیزاری کرتا ہے میں اس سے بری ہوں ۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں سے راضی ہوں اور ان کو راضی رکھیں‘‘

(۲) ـــــ ...... عَنْ عَمْرِو بْنِ شِمْرٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ لِي مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ يَا جَابِرُ
بَلَغَنِي أَنَّ قَوْمًا بِالْعِرَاقِ يَزْعُمُونَ أَنَّهُمْ يُحِبُّونَنَا وَيَتَنَاوَلُونَ أَبَا بَكْرٍ
وَعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَيَزْعُمُونَ أَنِّي أَمَرْتُهُمْ بِذَالِكَ فَأَبْلِغْهُمْ إِنِّي
إِلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ بَرِيءٌ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَوْ وُلِّيتُ لَتَقَرَّبْتُ
إِلَى اللّٰهِ تَعَالَى بِدِمَائِهِمْ لَا نَالَتْنِي شَفَاعَةُ مُحَمَّدٍ إِنْ لَمْ أَكُنْ أَسْتَغْفِرُ
لَهُمَا وَأَتَرَحَّمُ عَلَيْهِمَا أَنَّ أَعْدَاءَ اللّٰهِ لَغَافِلُونَ عَنْهُمَا ‘‘

(۱) ـــ حلیۃ الاولیاء اصفہانی، ج ۳ ص ۱۸۵ ۔ تذکرہ امام باقرؒ

(۲) ـــ ریاض النضرہ، ج ۱ ص ۵۸ ۔ الباب الخامس ۔

حاصل یہ ہے کہ حضرت محمد باقرؒ نے فرمایا کہ اے جابر مجھے یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ عراق میں ایک قوم ہے وہ لوگ ہماری محبّت اور دوستی کے دعویدار ہیں اور ابوبکرؓ و عمرؓ کے متعلق کمی بیشی (اور طعن تشنیع) کرتے ہیں ۔ (مزید برآں) یہ کہتے ہیں کہ میں نے ان کو اس چیز کا امر کیا ہے (میری جانب سے) ان کو اطلاع کر دو کہ اللہ تعالیٰ گواہ و شاہد ہے کہ میں ان سے بری و بیزار

ہوں۔ جس ذات کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اس کی قسم ہے کہ اگر مجھے اس قوم پر حکومت حاصل ہو جائے تو ان کی خوں ریزی و قتل کر کے اس کے ہاں تقرّب و نزدیکی حاصل کروں۔ مجھے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلّم کی شفاعت ہی نصیب نہ ہو اگر میں ابوبکرؓ و عمرؓ کے لیے استغفار نہ کروں اور ان کے حق میں ترحّم و دُعا کے کلمات نہ کہوں۔ اللہ کے دُشمن ان دونوں (کے مقام) سے غافل ہیں۔"

(۳) —— وَاَخْرَجَ الدَّارُقُطْنِي عَنْ اَبِي حَنِيْفَةَ اَنَّهٗ لَمَّا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ سَاَلَ اَبَا جَعْفَرِ الْبَاقِرَ عَنْ اَبِي بَكْرٍ وَّ عُمَرَ فَتَرَحَّمَ عَلَيْهِمَا فَقَالَ لَهٗ اَبُوْحَنِيْفَةَ اِنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ عِنْدَنَا بِالْعِرَاقِ اَنَّكَ تَتَبَرَّاُ مِنْهُمَا فَقَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ كَذَبُوْا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ ثُمَّ ذَكَرَ لِاَبِي حَنِيْفَةَ تَزْوِيْجَ عَلِيٍّ بِنْتَهٗ اُمَّ كُلْثُوْمٍ بِنْتَ فَاطِمَةَ مِنْ عُمَرَ وَاَنَّهٗ لَوْ لَمْ يَكُنْ لَهَا اَهْلًا مَا زَوَّجَهٗ اِيَّاهَا فَقَالَ اَبُوْحَنِيْفَةَ لَوْ كَتَبْتَ اِلَيْهِمْ فَقَالَ لَا يُطِيْعُوْنِيْ بِالْكِتَابِ "

(۱) الصواعق المحرقۃ، ص ۲۸۔ الفصل الخامس فی ذکر الشبہات الشیعۃ تحت الشبہۃ الحادیۃ عشرۃ، ص ۲۸۔ طبع مصر طبع معہ تطہیر الجنان
—— المناقب للامام الاعظم للموفق بن احمد المکی ج ۲ ص ۱۶۵
—— المناقب للکردی ص ۱۱۰ ج ۲ طبع دکن۔

یعنی دار قطنی نے امام ابوحنیفہؒ سے تخریج کی ہے کہ امام ابوحنیفہؒ جب مدینہ طیبہ میں تشریف لائے تو ابوجعفر امام محمد باقرؒ سے حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ کے بارے دریافت کیا تو انھوں نے حضرت صدیقؓ و حضرت فاروق اعظمؓ پر ترحّم کے کلماتِ دعائیہ ارشاد فرمائے۔ یہ سُنکر ابوحنیفہ نے محمد باقرؒ کو کہا کہ ہمارے ہاں عراق میں لوگ کہتے ہیں کہ آپ ابوبکرؓ و عمرؓ سے تبرّی و بیزاری

کیا کرتے ہیں۔ محمد باقرؒ نے کہا کہ معاذ اللہ (اللہ کی پناہ) ربِّ کعبہ کی قسم انہوں نے یہ سب جھوٹ اور دروغ کہا۔ پھر سیّدنا باقرؒ نے امام ابوحنیفہؒ کے سامنے تزویج اُمِّ کلثوم کے ساتھ استدلال پیش کرتے ہوئے کہا کہ اگر عمرؓ بن الخطاب اِس چیز کے اہل نہ ہوتے تو ان کو حضرت علیؓ اپنی دختر اُمِّ کلثوم کا نکاح نہ کر دیتے۔ امام ابوحنیفہؒ نے کہا کہ آپ یہ چیز اہلِ عراق کو لکھ کر ارسال کریں تو بہتر ہوگا آپ نے فرمایا وہ میری تحریر کو تسلیم نہیں کرتے۔"

(۴)۔ اسی مضمون کی ایک روایت ابنِ جریر طبری نے کثیر النوا کے ذریعہ امام باقرؒ سے نقل کی ہے۔ اس میں محمد باقر نے حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمرؓ سے تبرّی و بیزاری کرنے کو ضلالت و گمراہی قرار دیا ہے اور ان حضرات کے ساتھ تولّی و محبّت رکھنے کی تلقین کی ہے۔

(۱) تفسیر ابن جریر طبری جلد ۱۴ ص ۲۶ معہ نیشاپوری تحت الآیہ و اخوانًا علیٰ سُرُرٍ متقابلین۔
(۲) ـ تفسیر ابن کثیر تحت آیت مذکورہ، ج ۲ ـ ص ۵۵۲ طبع مصر۔

(۴)

اراضی کو ثُلث و رُبع پر کاشت کے لیے دینے کا مسئلہ

سیّدنا محمد باقر رضی اللہ عنہ نے زمین کو حصّہ سوم و حصّہ چہارم پر مزارعت کے لیے دینے کے جواز کی خاطر استدلال قائم کرتے ہوئے فرمایا کہ:

" قَالَ سَمِعْتُ اَبَا جَعْفَرٍ يَقُوْلُ آلُ اَبِي بَكْرٍ وَّ آلُ عُمَرَ وَ آلُ عَلِيٍّ

يَدْفَعُوْنَ اَرْضِيْهِمْ بِالثُّلُثِ وَالرُّبُعِ ۔"

(المصنّف لعبد الرزاق، ج ۸ ص ۱۰۱۔ باب المزارعۃ علی الثلث والربع)

"یعنی آلِ ابی بکرؓ اور آلِ عمرؓ اور آلِ علیؓ اپنی اپنی اراضی آمدن کے ثلث اور ربع پر مزارعین کو دیا کرتے تھے۔

حضرت محمد باقر کے استدلال سے واضح ہو گیا کہ ان بزرگوں کا دین و مذہب ایک تھا۔ الگ الگ مذہب نہ تھا۔ مسائل میں ایک دوسرے کے افعال کو دلیل بناتے اور اعمال کو استدلال میں پیش رکھتے تھے جو ان کے باہمی اخلاص اور دوستی اور دینی اعتماد کا بیّن ثبوت ہے۔

(۵)

امام محمد باقرؒ کے اقوال و فرامین کے آخر میں ان کا قول پیش کیا جاتا ہے جو شیعہ علماء اور اہل السنۃ علماء دونوں نے نقل کیا ہے۔ کثیر النواء کے ذریعہ منقول ہے۔ کثیر النواء کا خلوصِ تشیّع محتاجِ دلیل نہیں ہے۔ امام کے اس فرمان سے بہت سے فوائد حاصل ہو رہے ہیں ان میں سے چند ایک بصورتِ عنوان یہاں درج کیے جاتے ہیں۔

(۱) حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ نے حبّہ برابر بھی اہلِ بیت کے حقوق ضائع نہیں کیے۔

(۲) دونوں عالم میں دوستی و تولّی کے مستحق ہیں۔

(۳)۔ مغیرہ اور بنّان نے ائمہ کرام پر جھوٹ و کذب تجویز کر کے مسلمانوں میں نشر کر دیئے۔

—— قَالَ اَبُوْبَكْرِ (الجَوْهَرِي) .... قَالَ يَحْيَى بْنُ الْمُتَوَكِّلِ اَبُوْ عَقِيْلٍ كَثِيْرُ النَّوَّاءِ قُلْتُ لِاَبِىْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ جَعَلَنِيَ اللّٰهُ فِدَاكَ

اَرَاَيْتَ اَبَابَكْرٍ وَعُمَرَ هَلْ ظَلَمَاكُمْ مِنْ حَقِّكُمْ شَيْئًا اَوْقَالَ ذَهَبَا بِهٖ مِنْ حَقِّكُمْ فَقَالَ لَا! وَالَّذِىْ اَنْزَلَ الْقُرْاٰنَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا مَاظَلَمَانَا مِنْ حَقِّنَا مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ قُلْتُ جُعِلْتُ فِدَاكَ اَفَاَتَوَلَّاهُمَا قَالَ نَعَمْ وَيْحَكَ تَوَلَّهُمَا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمَا اَصَابَكَ فَفِىْ عُنُقِىْ ثُمَّ قَالَ فَعَلَ اللّٰهُ بِالْمُغِيْرَةِ وَبَنَّانَ فَاِنَّهُمَا كَذَبَا عَلَيْنَا اَهْلَ الْبَيْتِ ۔"

(۱)۔ وفاء الوفاء باخبار دار المصطفٰی از علامہ نور الدین السمہودی ج ۳ ص ۱۰۰۱۔ فصل فی صدقاتہ صلی اللہ علیہ وسلّم۔

(۲)۔ شرح نہج البلاغہ لابن ابی الحدید المعتزلی الشیعی طبع بیروت، شام، ج ۴ ص ۱۱۳۔ بحث فدک الفصل الاوّل۔

حاصل یہ ہے کہ:

"کثیر النواء کہتا ہے کہ میں نے امام باقرؒ سے عرض کیا کہ میں آپ پر قربان جاؤں کیا ابوبکرؓ و عمرؓ بن الخطّاب نے تمہارے حقوق میں ظلم و ستم روا رکھا تھا؟ یا تمہارے حق کو برباد اور ضائع کر دیا تھا؟ امام نے جواب دیا کہ بالکل نہیں! اس ذات کی قسم جس نے تمام عالم کے نذیر پر اپنا قرآن مجید نازل فرمایا۔ ان دونوں (بزرگوں نے) ہمارے حقوق سے ایک دانہ کے برابر بھی ضائع نہیں کیا اور ظلم نہیں کیا۔

کثیر کہتا ہے پھر میں نے عرض کیا میں آپ پر قربان ہوں ان دونوں کے ساتھ تولّی اور دوستی رکھوں؟ سیّدنا محمد باقر نے فرمایا کہ ان سے تجھے دنیا و آخرت دونوں عالم میں دوستی رکھنی چاہیے! اور (بالفرض) کوئی وبال پیش آئے تو وہ میری گردن پر ہوگا۔

پھر فرمایا کہ مغیرہ بن سعید اور بنان کے ساتھ اللہ تعالیٰ وہی معاملہ فرمائے جس کے وہ اہل ہیں ان دونوں نے ہم اہل بیت پر جھوٹ، کذب و افتراء و دروغ بنا بنا کر پھیلا دیے اور ہماری طرف منسوب کر دیتے۔"

—— محمد باقر کا یہ فرمان جس کو شیعہ و سنّی علماء نقل کر رہے ہیں بڑا وزنی ہے اور بنظر توجہ کا مستحق ہے۔ ناظرین کرام اس کو بار بار ملاحظہ فرما کر صحیح رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔

فصل چہارم

اس فصل میں حضرت جعفر صادقؒ کے وہ اقوال درج کیے جاتے ہیں جن میں حضرت ابوبکر الصدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ کی عظمت اور فضیلت کو بیان کیا گیا ہے۔ قبل ازیں حصہ صدیقی باب پنجم میں یہ مضمون مفصل گذر چکا ہے یہاں مختصراً تحریر ہے۔

(۱)

جو شیخین (ابوبکرؓ و عمرؓ) کے ساتھ تولّی و دوستی نہ کرے اس کو شفاعتِ نبوی نصیب نہ ہو

.... "عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِیْ حَفْصَةَ قَالَ قَالَ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَبُوْبَکْرٍ جَدِّیْ اَفَیَسُبُّ الرَّجُلُ جَدَّہٗ لَا نَالَتْنِیْ شَفَاعَةُ مُحَمَّدٍ اِنْ لَمْ اَکُنْ اَتَوَلَّاھُمَا وَاَبْرَأُ مِنْ عَدُوِّھِمَا"

(سیرت عمرؓ بن الخطاب لابن جوزی، ص ۳۲ طبع مصری)

یعنی سالم کہتا ہے کہ سیدنا جعفر صادق نے فرمایا کہ ابوبکرؓ میرے (جد اور نانا ہیں) کوئی شخص اپنے آباؤ اجداد کو گالی دیتا ہے؟ نبی اقدس محمد صلی اللہ علیہ وسلّم کی شفاعت ہی مجھے نصیب نہ ہو اگر میں ابوبکرؓ و عمرؓ سے تولّی اور دوستی نہ رکھوں اور میں ان کے دشمن سے بیزاری اختیار نہ کروں۔"

(۲)

حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمرؓ امام عادل تھے حق پر تھے تا زیست حق پر قائم رہے قیامت میں ان پر اللہ کی رحمت ہو

.... فَقَالَ یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ مَا تَقُوْلُ

کہ انہوں نے ہمیں چھوڑ دیا ہے، پس ان کا نام رَفَضہ و رافضی رکھا گیا۔ (جماعت کو چھوڑ دینے والے)"

—— ایرانی بادشاہ جاہ قاچار کے وزیر اعظم مرزا تقی لسان الملک نے اپنی مشہور تصنیف ناسخ التواریخ جلد دوم میں اس واقعہ کو مندرجہ ذیل عبارت میں پیش کیا ہے

... "کہ طائفہ از معارف کوفہ با زید بیعت کردہ بودند، در خدمتش حضور یافتہ گفتند رحمک اللہ در حق ابی بکرؓ و عمرؓ چہ گوئی؟ فرمود دربارهٔ ایشان جز بخیر سخن نکنم و از اہل خود نیز در حق ایشان جز سخن خیر نشنیدہ ام ......

...... بالجملہ زید فرمود ایشان بر کسے ظلم و ستم نراندند و بکتاب و سنّتِ رسول کار کردند"

(ناسخ التواریخ جلد ۲ ص ۵۹۰ - طبع ایران - قدیم طبع)

"یعنی کوفہ کے مشہور لوگوں کی ایک جماعت (جس نے حضرت زیدؒ کے ساتھ بیعت کی ہوئی تھی) زید کی خدمت میں حاضر ہو کر کہنے لگی کہ اللہ آپ پر رحم فرمائے ابوبکرؓ و عمرؓ کے حق میں آپ کیا خیال رکھتے ہیں؟ زید بن امام زین العابدینؒ نے فرمایا کہ میں ان دونوں کے حق میں کلمہ خیر اور بہتر بات کے سوا کوئی قول نہیں کرتا۔ اور میں نے اپنے خاندان (اہلِ بیت) سے بھی ان دونوں کے بارہ میں کلمہ خیر کے بغیر کچھ نہیں سنا۔"

(مطلب یہ ہے کہ تمام خاندانی بزرگ شیخین کے متعلق اچھا گمان رکھتے تھے) اور فرمایا کہ ابوبکرؓ و عمرؓ نے کسی ایک شخص پر ظلم و ستم روا نہیں رکھا تھا اور کتاب اللہ و سنّتِ رسول اللہ پر کاربند تھے۔"

فصل سوم

اس فصل میں سیّدنا محمد باقرؒ کے فرمودات جو حضرت عمر فاروقؓ کے بارے میں مروی ہیں وہ یہاں نقل کیے جاتے ہیں۔ قبل ازیں صدیقی حصہ کے باب پنجم میں بھی ذرا تفصیل سے درج کیے جا چکے ہیں۔ یہاں دوبارہ نقل کیے ہیں تاکہ جس دوست کے سامنے حصہ صدیقی نہیں گزرا وہ بھی ائمہ اہلِ بیت کے فرامین سے ناواقف و ناآشنا نہ رہے، بلکہ ان سے مستفید ہو سکے۔

(۱)

جو شخص ابوبکرؓ و عمرؓ کی فضیلت نہیں پہچانتا وہ سُنّتِ نبوی سے جاہل ہے

"... حدثنا یونس بن بکیر عن محمد بن اسحاق عن ابی جعفر محمد بن علیٍ قال مَن لم یَعرِف فضلَ ابی بکرٍ و عُمرَ رضی اللہ تعالیٰ عنہما فقد جَہِلَ السُّنَّۃَ"

(۱) حلیۃ الاولیاء ابو نعیم اصفہانی، ج ۳ ص ۱۸۵ تذکرہ محمد باقرؒ۔

(۲) ریاض النضرہ، ج ۱ ص ۵۷ - بحوالہ ابن السمان الباب الخامس

یعنی حضرت باقرؒ فرماتے ہیں کہ

"جو شخص ابوبکرؓ و عمرؓ کی فضیلت کی شناخت نہیں رکھتا اور ان کے مرتبہ کو نہیں پہچانتا وہ سُنّتِ نبوی سے جاہل ہے۔"

(۲)

سیّدنا محمد باقرؒ سیّدنا ابوبکرؓ و عمرؓ دونوں بزرگوں کے ساتھ محبّت و دوستی رکھتے تھے اور ان کے حق میں استغفار کرتے تھے

. . . حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قُلْتُ لِمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ . . . .
اَكَانَ مِنْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ اَحَدٌ يَسُبُّ اَبَابَكْرٍ وَعُمَرَ قَالَ لَا فَاَحِبَّهُمَا وَ
اَتَوَلَّاهُمَا وَ اَسْتَغْفِرْ لَهُمَا "

(طبقات ابن سعد، ج ۵ ص ۲۳۶ تذکرہ محمد باقر طبع لیدن یورپ)

حاصل یہ ہے کہ جابر کہتا ہے کہ میں نے محمد باقر کو کہا کہ . . . . تم اہل بیت میں کوئی شخص ایسا گزرا ہے جو ابوبکرؓ و عمرؓ کو سبّ و شتم کرتا ہو۔ انہوں نے فرمایا کہ نہیں! میں تو ان دونوں حضرات کو دوست رکھتا ہوں اور ان سے موالات اور محبّت رکھتا ہوں اور ان کے حق میں استغفار کرتا ہوں "

(۳)

جو لوگ شیخین (ابوبکر الصدّیقؓ و عمر فاروقؓ) سے بیزاری و تبرّی اختیار کریں ان سے امام باقرؒ بیزار ہیں

(۱) — حَدَّثَنِيْ شُعْبَةُ الْخَيَّاطُ مَوْلٰى جَابِرٍ الْجُعْفِيِّ قَالَ قَالَ لِيْ اَبُوْجَعْفَرٍ
مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ لَمَّا وَدَّعْتُهُ اَبْلِغْ اَهْلَ الْكُوْفَةِ اِنِّيْ بَرِيْءٌ مِمَّنْ تَبَرَّأَ

مِنْ اَبِيْ بَكْرٍؓ وَ عُمَرَؓ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا وَ اَرْضَاهُمَا "

(۱) — حلیۃ الاولیاء، ج ۳ ص ۱۸۵ تذکرہ محمد باقرؒ

(۲) — ریاض النضرۃ — ج ۱ ص ۵۸ — الباب الخامس

یعنی شعبہ خیّاط کہتا ہے کہ جب میں محمد باقرؒ کو رخصت کرنے گیا تو آپ نے (مجھے بطورِ وصیّت) فرمایا کہ میری طرف سے اہلِ کوفہ کو پیغام دے دو کہ جو شخص ابوبکرؓ و عمرؓ سے بیزاری کرتا ہے میں اس سے بَری ہوں۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں سے راضی ہوں اور ان کو راضی رکھیں "

(۲) — . . . عَنْ عَمْرِو بْنِ شِمْرٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ لِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ يَاجَابِرُ
بَلَغَنِيْ اَنَّ قَوْمًا بِالْعِرَاقِ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ يُحِبُّوْنَنَا وَيَتَنَاوَلُوْنَ اَبَابَكْرٍ
وَعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَيَزْعُمُوْنَ اَنِّيْ اَمَرْتُهُمْ بِذٰلِكَ فَاَبْلِغْهُمْ اِنِّيْ
اِلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ بَرِيْءٌ وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَوْ وُلِّيْتُ لَتَقَرَّبْتُ
اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى بِدِمَائِهِمْ لَا نَالَتْنِيْ شَفَاعَةُ مُحَمَّدٍ اِنْ لَمْ اَكُنْ اَسْتَغْفِرُ
لَهُمَا وَ اَتَرَحَّمُ عَلَيْهِمَا اَنَّ اَعْدَاءَ اللّٰهِ لَغَافِلُوْنَ عَنْهُمَا "

(۱) — حلیۃ الاولیاء اصفہانی، ج ۳ ص ۱۸۵ تذکرہ امام باقرؒ

(۲) — ریاض النضرہ، ج ۱ ص ۵۸ — الباب الخامس۔

حاصل یہ ہے کہ حضرتِ محمد باقرؒ نے فرمایا کہ اے جابر مجھے یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ عراق میں ایک قوم ہے وہ لوگ ہماری محبّت اور دوستی کے دعویدار ہیں اور ابوبکرؓ و عمرؓ کے متعلق کمی بیشی (اور طعن تشنیع) کرتے ہیں۔ (مزید برآں یہ کہتے ہیں کہ میں نے ان کو اس چیز کا امر کیا ہے (میری جانب سے) ان کو اطلاع کر دو کہ اللہ تعالیٰ گواہ و شاہد ہے کہ میں ان سے بَری و بیزار

ہُوں جس ذات کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اس کی قسم ہے کہ اگر مجھے اس قوم پر حکومت حاصل ہو جائے تو ان کی خوں ریزی و قتل کر کے اس کے ہاں تقرّب و نزدیکی حاصل کروں۔ مجھے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلّم کی شفاعت ہی نصیب نہ ہو اگر میں ابوبکرؓ و عمرؓ کے لیے استغفار نہ کروں اور ان کے حق میں ترحّم و دُعا کے کلمات نہ کہوں۔ اللہ کے دُشمن ان دونوں (کے مقام) سے غافل ہیں۔"

(٣) —— وَاَخْرَجَ الدَّارُقُطْنِي عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ اَنَّہٗ لَمَّا قَدِمَ الْمَدِیْنَۃَ سَأَلَ اَبَا جَعْفَرِ الْبَاقِرِ عَنْ اَبِیْ بَکْرٍ وَّعُمَرَؓ فَتَرَحَّمَ عَلَیْھِمَا فَقَالَ لَہٗ اَبُوْحَنِیْفَۃَ اِنَّھُمْ یَقُوْلُوْنَ عِنْدَنَا بِالْعِرَاقِ اَنَّکَ تَبَرَّأُ مِنْھُمَا فَقَالَ مَعَاذَ اللّٰہِ کَذَبُوْا وَرَبِّ الْکَعْبَۃِ ثُمَّ ذَکَرَ لِاَبِیْ حَنِیْفَۃَ تَزْوِیْجَ عَلِیٍّؓ بِنْتَہٗ اُمَّ کُلْثُوْمٍ بِنْتَ فَاطِمَۃَؓ مِنْ عُمَرَؓ وَاَنَّہٗ لَوْلَمْ یَکُنْ لَھَا اَھْلًا مَا زَوَّجَہٗ اِیَّاھَا فَقَالَ اَبُوْحَنِیْفَۃَ لَوْکَتَبْتَ اِلَیْھِمْ فَقَالَ لَا یُطِیْعُوْنِیْ بِالْکِتَابِ۔"

(الصواعق المحرقہ، ص ٢٨۔ الفصل الخامس فی ذکر الشبہات الشیعہ تحت الشبہۃ الحادیۃ عشرۃ، ص ٢٨ طبع مصر طبع معہ تطہیر الجنان
—— المناقب لامام الاعظم للموفق بن احمد المکی ج ٢ ص ١٦٥
—— المناقب للکردی ص ١١٠ ج ٢ طبع دکن۔

یعنی دارقطنی نے امام ابوحنیفہؒ سے تخریج کی ہے کہ امام ابوحنیفہؒ جب مدینہ طیبہ میں تشریف لائے تو ابوجعفر امام محمد باقرؒ سے حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ کے بارے دریافت کیا تو انہوں نے حضرت صدیقؓ و حضرت فاروق اعظمؓ پر ترحّم کے کلماتِ دعائیہ ارشاد فرمائے۔ یہ سُنکر ابوحنیفہؒ نے محمد باقرؒ کو کہا کہ ہمارے ہاں عراق میں لوگ کہتے ہیں کہ آپ ابوبکرؓ و عمرؓ سے تبرّی و بیزاری

کیا کرتے ہیں۔ محمد باقرؒ نے کہا کہ معاذ اللہ (اللہ کی پناہ) ربِّ کعبہ کی قسم انہوں نے یہ سب جھوٹ اور دروغ کہا۔ پھر سیّدنا باقرؒ نے امام ابوحنیفہؒ کے سامنے تزویج اُمّ کلثوم کے ساتھ استدلال پیش کرتے ہوئے کہا کہ اگر عمرؓ بن الخطاب اس چیز کے اہل نہ ہوتے تو ان کو حضرت علیؓ اپنی دختر اُمّ کلثوم کا نکاح نہ کر دیتے۔ امام ابوحنیفہؒ نے کہا کہ آپ یہ چیز اہلِ عراق کو لکھ کر ارسال کریں تو بہتر ہوگا آپ نے فرمایا وہ میری تحریر کو تسلیم نہیں کرتے۔"

(٤)۔ اسی مضمون کی ایک روایت ابن جریر طبری نے کثیر النوا کے ذریعہ امام باقرؒ سے نقل کی ہے۔ اس میں محمد باقرؒ نے حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمرؓ سے تبرّی و بیزاری کرنے کو ضلالت و گمراہی قرار دیا ہے اور ان حضرات کے ساتھ تولّی و محبّت رکھنے کی تلقین کی ہے۔

(١) تفسیر ابن جریر طبری جلد ١٤ ص ٢٦ معہ نیشاپوری تحت الآیہ واخوانًا علٰی سُرُرٍ متقابلین۔
(٢)۔ تفسیر ابن کثیر تحت آیت مذکورہ، ج ٢۔ ص ٥٥٤ طبع مصر۔

(٤)

اراضی کو ثُلث و رُبع پر کاشت کے لیے دینے کا مسئلہ

سیّدنا محمد باقر رضی اللہ عنہ نے زمین کو حصّہ سوم و حصّہ چہارم پر مزارعت کے لیے دینے کے جواز کی خاطر استدلال قائم کرتے ہوئے فرمایا کہ:

"قَالَ سَمِعْتُ اَبَا جَعْفَرٍ یَقُوْلُ آلُ اَبِیْ بَکْرٍؓ وَّآلُ عُمَرَؓ وَآلُ عَلِیٍّؓ

يَدْفَعُوْنَ اَرْضِيْهِمْ بِالثُّلُثِ وَالرُّبُعِ "

(المصنّف لعبد الرزاق، ج ۸ ص ۱۰۱۔ باب المزارعة علی الثلث والربع)

"یعنی آل ابی بکرؓ اور آلِ عمرؓ اور آل علیؓ اپنی اپنی اراضی آمدن کے ثلث اور ربع پر مزارعین کو دیا کرتے تھے۔

حضرت محمد باقرؒ کے استدلال سے واضح ہو گیا کہ ان بزرگوں کا دین و مذہب ایک تھا۔ الگ الگ مذہب نہ تھا۔ مسائل میں ایک دوسرے کے افعال کو دلیل بناتے اور اعمال کو استدلال میں پیش رکھتے تھے جو ان کے باہمی اخلاص اور دوستی اور دینی اعتماد کا بیّن ثبوت ہے۔

(۵)

امام محمد باقرؒ کے اقوال و فرامین کے آخر میں ان کا قول پیش کیا جاتا ہے جو شیعہ علماءؒ اور اہل السنۃ علماء دونوں نے نقل کیا ہے۔ کثیر النواء کے ذریعہ منقول ہے۔ کثیر النواء کا خلوص تشیّع محتاجِ دلیل نہیں ہے۔ امام کے اس فرمان سے بہت سے فوائد حاصل ہو رہے ہیں ان میں سے چند ایک بصورتِ عنوان یہاں درج کیے جاتے ہیں۔

(۱) حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ نے حبّہ برابر بھی اہل بیت کے حقوق ضائع نہیں کیے۔

(۲) دونوں عالم میں دوستی و تولّی کے مستحق ہیں۔

(۳)۔ مُغیرہ اور بنان نے ائمہ کرام پر جھوٹ و کذب تجویز کر کے مسلمانوں میں نشر کر دیئے۔

——— قَالَ اَبُوْبَكْرٍ (الجَوْهَرِي) .... قَالَ يَحْيٰى بْنُ الْمُتَوَكِّلِ اَبُوْ عَقِيْلٍ كَثِيْرُ النَّوَّاءِ قُلْتُ لِاَبِيْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ جَعَلَنِيَ اللّٰهُ فِدَاكَ

اَرَاَيْتَ اَبَابَكْرٍ وَعُمَرَ هَلْ ظَلَمَاكُمْ مِنْ حَقِّكُمْ شَيْئًا اَوْ قَالَ ذَهَبَا بِهٖ مِنْ حَقِّكُمْ فَقَالَ لَا! وَالَّذِيْ اَنْزَلَ الْقُرْاٰنَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا مَا ظَلَمَانَا مِنْ حَقِّنَا مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ قُلْتُ جُعِلْتُ فِدَاكَ اَفَاَتَوَلَّاهُمَا قَالَ نَعَمْ وَيْحَكَ تَوَلَّهُمَا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمَا اَصَابَكَ فَفِيْ عُنُقِيْ ثُمَّ قَالَ فَعَلَ اللّٰهُ بِالْمُغِيْرَةِ وَبَنَانَ فَاِنَّهُمَا كَذَبَا عَلَيْنَا اَهْلَ الْبَيْتِ "

(۱)۔ وفاء الوفاء باخبار دار المصطفٰے از علامہ نورالدین السمہودی ج ۳ ص ۱۰۰۱۔ فصل فی صدقاتہ صلی اللہ علیہ وسلّم۔

(۲)۔ شرح نہج البلاغہ لابن ابی الحدید المعتزلی الشیعی طبع بیروت، شام، ج ۴ ص ۱۱۳۔ بحث فدک الفصل الاوّل۔

حاصل یہ ہے کہ:

"کثیر النواء کہتا ہے کہ میں نے امام باقرؒ سے عرض کیا کہ میں آپ پر قربان جاؤں کیا ابوبکرؓ و عمرؓ بن الخطّاب نے تمہارے حقوق میں ظلم و ستم روا رکھا تھا؟ یا تمہارے حق کو برباد اور ضائع کر دیا تھا؟ امام نے جواب دیا کہ بالکل نہیں! اس ذات کی قسم جس نے تمام عالم کے نذیر پر اپنا قرآن مجید نازل فرمایا۔ ان دونوں (بزرگوں نے) ہمارے حقوق سے ایک دانہ کے برابر بھی ضائع نہیں کیا اور ظلم نہیں کیا۔

کثیر کہتا ہے پھر میں نے عرض کیا میں آپ پر قربان ہوں ان دونوں کے ساتھ تولّی اور دوستی رکھوں؟ سیدنا محمد باقرؒ نے فرمایا کہ ان سے تجھے دنیا و آخرت دونوں عالم میں دوستی رکھنی چاہیے! اور (بالفرض) کوئی وبال پیش آئے تو وہ میری گردن پر ہوگا۔

پھر فرمایا کہ مغیرہ بن سعید اور بنان کے ساتھ اللہ تعالیٰ وہی معاملہ فرمائے جس کے وہ اہل ہیں ان دونوں نے ہم اہلِ بیت پر جھوٹ، کذب و افتراء و دروغ بنا بنا کر پھیلا دیے اور ہماری طرف منسوب کر دیئے۔"

—— محمد باقر کا یہ فرمان جس کو شیعہ و سنّی علماء نقل کر رہے ہیں بڑا وزنی ہے اور ہزار توجہ کا مستحق ہے۔ ناظرین کرام اس کو بار بار ملاحظہ فرما کر صحیح رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔

فصل چہارم

اِس فصل میں حضرت جعفر صادقؒ کے وہ اقوال درج کیے جاتے ہیں جن میں حضرت ابوبکر الصدّیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ کی عظمت اور فضیلت کو بیان کیا گیا ہے قبل ازیں حصّہ صدّیقی باب پنجم میں یہ مضمون مفصّل گذر چکا ہے یہاں مختصراً تحریر ہے۔

(۱)

جو شیخین (ابوبکرؓ و عمرؓ) کے ساتھ تولّی و دوستی نہ کرے اس کو شفاعۃ نبوی نصیب نہ ہو

.... "عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِیْ حَفْصَةَ قَالَ قَالَ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَبُوْبَکْرٍ جَدِّیْ اَفَیَسُبُّ الرَّجُلُ جَدَّہٗ لَا نَالَتْنِیْ شَفَاعَةُ مُحَمَّدٍ اِنْ لَمْ اَکُنْ اَتَوَلَّاھُمَا وَاَبْرَأُ مِنْ عَدُوِّھِمَا"

(سیرت عمرؓ بن الخطاب لابن جوزی، ص ۳۲ طبع مصری)

یعنی سالم کہتا ہے کہ سیّدنا جعفر صادقؒ نے فرمایا کہ ابوبکرؓ میرے (جد اور نانا ہیں)، کوئی شخص اپنے آباؤ اجداد کو گالی دیتا ہے؟ نبی اقدس محمد صلی اللہ علیہ وسلّم کی شفاعت ہی مجھے نصیب نہ ہو اگر میں ابوبکرؓ و عمرؓ سے تولّی اور دوستی نہ رکھوں اور میں اُن کے دشمن سے بیزاری اختیار نہ کروں۔"

(۲)

حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمرؓ امام عادل تھے حق پر تھے تا زیست حق پر قائم رہے قیامت میں ان پر اللہ کی رحمت ہو

.... فَقَالَ یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ مَا تَقُوْلُ

فِیْ حَقِّ اَبِیْ بَکْرٍؓ وَعُمَرؓ فَقَالَ عَلَیْہِ السَّلَامُ ھُمَا اِمَامَانِ عَادِلَانِ قَاسِطَانِ کَانَا عَلَی الْحَقِّ وَمَاتَا عَلَیْہِ فَعَلَیْہِمَا رَحْمَۃُ اللّٰہِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ ‘‘

(کتاب ’’احقاق الحق‘‘ قاضی نور اللہ شوستری شیعی ج ۱ ص ۱۶ طبع مصر قدیم ۔ و ص ۷۰ جلد اول طبع جدید طہرانی معہ تعلیقات نجفی)

حاصل یہ ہے کہ:

’’ایک شخص نے جعفر صادقؒ سے ابوبکرؓ و عمرؓ کے متعلق سوال کیا تو امام موصوف نے جواباً فرمایا کہ یہ دونوں بزرگ (تمام اہلِ اسلام) کے امام تھے عدل و انصاف کرنے والے تھے، حق بات پر قائم رہے، حق پر ہی ان کا خاتمہ ہوا۔ قیامت میں اللہ تعالیٰ ان پر رحمت نازل فرمائے ‘‘

(۳)

حضرت جعفر صادقؒ حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ کے ساتھ تولّی و دوستی رکھتے تھے، ان کی قبر پر جا کر سلام مسنون کہتے تھے۔

——— وَالْمَرْوِیُّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ اِنَّہٗ کَانَ یَتَوَلَّاھُمَا وَیَاْتِی الْقَبْرَ فَیُسَلِّمُ عَلَیْہِمَا مَعَ تَسْلِیْمِہٖ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ‘‘

(۱) ـــ کتاب الشافی، ص ۲۳۸ طبع قدیم مع تلخیص الشافی از سیّد مرتضیٰ الشیعی۔

(۲) ـــ شرح نہج البلاغہ لابن ابی الحدید الشیعی، ج ۴ ص ۱۴۰ ۔ بحث فدک ۔ الفصل الثالث ۔

مطلب یہ ہے کہ جعفر صادقؒ حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ کے ساتھ دوستی اور مودّت رکھتے تھے جس وقت سیّد الاوّلین و الآخرین نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم (کی قبر شریف پر) صلوٰۃ و سلام عرض کرنے کے لیے حاضر ہوتے تو ابوبکر الصدّیق اور عمرؓ بن الخطّاب کی قبور پر بھی سلام و تسلیم کہتے تھے ‘‘

——— اہلِ علم پر واضح رہے کہ صاحب الشافی سیّد مرتضیٰ علم الہدیٰ اس چیز کا کوئی معقول جواب نہیں پیش کر سکے ۔ آخر الحیل وہی دیرینہ نسخہ استعمال فرمایا ہے کہ امام سے یہ کلام بطور تقیّہ کے صادر ہوا ہے ‘‘

فصل پنجم

——— یہ اس باب کا آخری فصل ہے اس میں یہ ذکر کیا جاتا ہے کہ حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے اپنی اولاد میں اپنے بیٹوں کا نام عُمر تجویز کیا ہے۔ امام حسنؓ کی اولاد میں ان کے ایک لڑکے کا نام عُمر موجود ہے۔ امام حسینؓ کے صاحبزادوں میں شیعہ علماء نے ایک کا نام عُمر تحریر کیا ہے۔ اسی طرح زین العابدین نے اپنے ایک لڑکے کا نام عُمر رکھا ہے۔

— حضرت عُمرؓ کا مبارک نام حضرت علی المرتضیٰؓ کی اولاد شریف میں نسلاً بعد نسلٍ جاری رہنا کوئی اتفاقیہ امر نہیں اور نہ ہی کوئی وقتی واقعہ ہے یہ ایک حقیقتِ صحیحہ ہے جو ان ائمہ کرام کے درمیان ہمیشہ جاری رہی۔

اس چیز نے ثابت کر دیا کہ سیّدنا حضرت علیؓ اور سیّدنا حضرت فاروق اعظمؓ کے درمیان مودّت تھی، محبّت تھی، دوستی تھی، یگانگت تھی۔ ان حضرات کے درمیان کسی قسم کی مذہبی یا سیاسی کوئی دشمنی نہ تھی، نفرت نہ تھی، مخالفت نہ تھی، معاندت نہ تھی۔

اس مسئلہ کے لیے مندرجہ واقعات مضبوط دلیل کی حیثیّت رکھتے ہیں۔

اب شیعہ بزرگوں کی معتبر کتابوں سے حوالہ جات بلفظہٖ نقل کر کے پیش کیے جاتے ہیں۔

یہ مضمون حصّہ صدیقی کے آخری باب پنجم کے فصل ہفتم میں ذرا مفصّل بیان کیا جا چکا ہے اور سُنّی و شیعہ دونوں جانب کی کتب سے بیان ہُوا۔ اب یہاں یہ مسئلہ مختصراً صرف شیعی کتابوں سے نقل کرنے پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

(۱)

حضرت عُمر بن الخطّاب کا مُبارک نام حضرت علی المرتضیٰؓ کے صاحبزادوں میں

اوّل:

——— مشہور شیعہ مؤرّخ احمد بن ابی یعقوب بن جعفر الکاتب المتوفیٰ ۲۵۸ھ یا سنہ ۲۵۹ھ نے اپنی تاریخ یعقوبی میں حضرت علیؓ کی ذکور اولاد یعنی صاحبزادے شمار کرتے ہُوئے گیارھویں نمبر پر عمر بن علیؓ کا ذکر کیا ہے۔ عبارت ذیل ہے:

"...... وَکَانَ لَہٗ مِنَ الْوَلَدِ الذُّکُوْرِ اَرْبَعَۃَ عَشَرَ ذَکَرًا اَلْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ وَمُحَسِّنٌ مَاتَ صَغِیْرًا اُمُّھُمْ فَاطِمَۃُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰہِ (ص) .... وَعُمَرُ اُمُّہٗ اُمُّ حَبِیْبٍ بِنْتُ رَبِیْعَۃَ الْبَکْرِیَّۃِ .... الخ"

(تاریخ یعقوبی، ج ۲ ص ۲۱۳۔ تحت حالاتِ علی المرتضیٰؓ، طبع جدید بیروت)

دوم:

شیعہ کے مُسلّم مجتہد علّامہ "الشیخ المفید" (محمد بن محمد بن النعمان) متوفی سنہ ۴۱۳ھ نے اپنی معتبر تالیف "الارشاد" باب ذکر اولاد امیر المومنین علیہ السّلام میں حضرت علی المرتضیٰ کی مذکر و مؤنث اولاد ستائیس ۲۷ عدد نام بنام درج کی ہے۔ الحسن والحسین .... اور چھٹے و ساتویں نمبر پر عُمر اور اس کی بہن رُقیّہ کو جو اس کی توأم ہے (یعنی جڑویں جنی ہوئی ہے) لکھا ہے "وعمر و رقیّۃ کانا توأمین ... الخ"

(ارشادِ شیخ مفید، ص ۱۶۷-۱۶۸۔ طبع جدید طہرانی۔ باب ذکر اولادِ علی علیہ السلام۔)

سوم:

شیعہ کے مشہور و معروف منقبت گو و تراجم نویس فاضل علی بن عیسیٰ اربلی نے اپنی کتاب "کشف الغمۃ فی معرفۃ الائمہ" (جو سنہ ۶۸۷ھ کی تصنیف ہے) میں حضرت علیؓ کی اولاد شریف کے ذکر میں چودہ (۱۴) عدد صاحبزادے اور انیس (۱۹) عدد لڑکیاں تحریر کی ہیں وہاں شمار میں تیرھویں نمبر پر عمر بن علیؓ کا نام لکھا ہے۔ عبارت ذیل ہے:۔

"۔۔۔۔۔ الذکور الحسنؑ والحسینؑ و محمدؑ الاکبر۔ عبیداللہ و ابوبکر والعباسؑ و عثمانؑ و جعفر و عبداللہ و محمد الاصغر و یحییٰ و عون و عمر و محمد الاوسط علیہم السلام"

(کشف الغمہ فی معرفۃ الائمہ، جلد اوّل، ص ۵۹۰ بمع ترجمۃ المناقب فارسی، طبع جدید تبریز طہران)

چہارم:۔

سید جمال الدین احمد بن علی المعروف ابن عنبہ متوفی سنہ ۸۲۸ھ نے اپنی تصنیف عمدۃ الطالب فی انساب آلِ ابی طالب الفصل الخامس میں تحریر کیا ہے۔۔۔۔۔۔

"ذَکَرَ عَقِبَ عُمَرَ الْاَطْرَفِ بنِ امیر المؤمنین علیہ السلام اُمُّہٗ الصَّھْبَاءُ التَّغْلَبِیَّۃُ ۔۔۔ مِنْ سَبْیِ الْیَمَامَۃِ۔۔۔ الخ

(عمدۃ الطالب، ص ۳۶۱۔ الفصل الخامس مطبوعہ نجف اشرف عراق۔ طبع جدید، مطبع حیدریہ)

پنجم:

گیارھویں صدی کے مشہور مجتہد ملا باقر مجلسی (متوفی سنہ ۱۱۱۱ھ) نے اپنی معتبر کتاب

"جلاء العیون" فارسی باب عدد شہداء اہل البیت (جو عاشورا کے روز شہید ہوئے تھے) میں لکھا ہے کہ:۔

"نُو (۹) نفر از فرزندان امیر المومنینؑ۔ حضرت سید الشہداؑ، و عباسؑ و پسر او محمدؑ و عمرؑ و عثمانؑ و جعفرؑ و ابراہیمؑ و عبداللہ اصغر و محمد اصغر پسران امیر المومنین علیہ السلام۔ الخ

(جلاء العیون، ص ۴۶۴-۴۶۵ فارسی ملا باقر تحت ذکر شہداء کربلا از اولاد امیر المومنین، طبع تہران، سن طباعت سنہ ۱۳۳۴ھ)

ششم:

کتاب منتہی الآمال (از علامہ شیخ عباس القمی شیعی مجتہد صدی چہاردہم) فصل ششم میں امیر المومنین علیؓ کی اولاد کی تفصیل دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ

"۔۔۔۔ عمر و رقیہ کبریٰ ست کہ ہر دو تن توأم از مادر متولد شدند و مادر ایشاں اُمِّ حبیب دختر ربیعہ است ۔۔۔ الخ

(اہلِ علم پر واضح رہے کہ اسی اُمِّ حبیب کو الصہباء التغلبیہ بھی کہتے ہیں)۔
(منتہی الآمال ص ۱۸۶-۱۸۷، ج اوّل تحت عنوان فصل مذکور)

ہفتم:

شیخ عباس قمی شیعی چودھویں صدی کے مجتہد مذکور نے اپنی کتاب "تحفۃ الاحباب" میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے اس صاحبزادہ کا تذکرہ لکھا ہے:

"عمر بن علی بن ابی طالب (ع)۔ کنیت اش ابوالقاسم مادرش صہباء است و با رقیہ توأم بدنیا آمدہ و آنجناب بفصاحتِ زبان و سماحتِ طبع معروف بود۔۔۔۔۔۔۔ و او آخر کس ست از پسران

امیرالمومنینؑ کہ وفات کردہ ... الخ

(تحفۃ الاحباب ۲۵۱-۲۵۲ تحت عمر بن علی)

تمام مندرجہ حوالہ جات کا خلاصہ و حاصل یہ ہے کہ

(۱)—— حضرت علی المرتضیٰؓ کے ایک صاحبزادہ کا نام عمر ہے۔

(۲)—— اس کی کنیت ابوالقاسم ہے اور اس کا لقب الاطرف ہے۔

(۳)—— یہ اپنی حقیقی بہن رقیہ بنت علی المرتضیٰ کے ساتھ توام (یعنی جڑواں) پیدا ہوا تھا۔

(۴)—— ان دونوں (عمر و رقیہ) کی ماں کا نام الصہباء التغلبیہ البکریہ ہے جو صدیقی خلافت میں قبیلہ بنی تغلب کے قیدیوں میں قید ہو کر آئی تھی۔ اس کی کنیت اُمِّ حبیب بنتِ ربیعہ ہے۔ (یہ سیدنا صدیق اکبر کا حضرت علیؓ کو عطیہ تھا

(۵)—— صاحبزادہ عمر بن علی بڑا فصیح اللسان اور طبعاً سخی مرد تھا۔

(۶)—— حضرت علی المرتضیٰ شیرِ خداؓ کے صاحبزادوں میں سب سے آخر میں اس کی وفات ہوئی۔

(۲)

حضرت عمر فاروقؓ کا نام امام حسن مجتبیٰؓ کی اولاد میں ——

اوّل:-

—— شیعہ کے معتبر مؤرخ احمد بن ابی یعقوب بن جعفر نے اپنی تاریخ یعقوبی میں امام حسنؓ کی اولاد کے ذکر کے تحت لکھا ہے کہ امام حسن کے آٹھ عدد لڑکے تھے اور تیسرے لڑکے کا نام عمر ہے۔

عبارت یعقوبی یہ ہے۔

—— وکان للحسن من الولد ثمانیۃ ذکور وھم الحسن بن الحسن

(المثنیٰ) و امّہ خولۃ بنت منظور الفزاریۃ - وزیدٌ بن الحسن و امّہ ام بشر بنت ابی مسعود الانصاری الخزرجی - وعمرٌو والقاسمٌ و ابوبکرٍ و عبدُ الرحمٰن لامہات اولاد شتّٰی و طلحۃ و عبیدُ اللہ"

(تاریخ یعقوبی جلد ثانی، ص ۲۲۸ - طبع جدید بیروت ذکر اولاد امام حسن بن علی بن ابی طالب)

دوم

شیخ مفید نے اور اسی طرح شیعہ فاضل اربلی نے کشف الغمہ فی معرفۃ الائمہ میں امام حسن مجتبیٰ کی اولاد کے تذکرہ میں حضرت حسن (مثنیٰ) بن امام حسن کے حالات کے لیے الگ فصل قائم کیا ہے وہاں امام حسن کے فرزندوں میں عمر بن الحسن درج کیا ہے۔ اور ابوبکر بن الحسن کا نام بھی لکھا ہے"

(۱) ارشاد شیخ مفید ص ۱۷۶، باب ذکر ولد الحسن بن علی علیہم السلام۔

(۲) کشف الغمہ، ج ۲، ص ۱۵۸ - طبع تبریزی ایرانی - بمع ترجمۃ المناقب فارسی۔

سوم

اور سید جمال الدین ابن عنبہ شیعی بزرگ نے اپنی کتاب عمدۃ الطالب میں امام حسنؓ کی اولاد میں زیدؒ - حسنؒ مثنیٰؒ - عبداللہ (اس کی کنیت ابوبکر ہے) - و عمرؒ وغیرہ ذکر کیے ہیں"

(عمدۃ الطالب فی انسابِ آلِ ابی طالب، ص ۵۱
بیان اولاد امام حسنؓ - طبع مطبع حیدریہ نجف اشرف عراق)

چہارم

شیعوں کے مسلّم مجتہد ملا باقر مجلسی نے "جلاء العیون" میں اہلِ بیت کے شہدائے کربلا

کی تعداد ذکر کرتے ہوئے تحریر کیا ہے کہ:

"... وچہار نفر از فرزندانِ امام حسن ابوبکرؓ و عبداللہؓ وقاسمؓ و بشرؓ و بعضی بجائے بشر عمر گفتہ اند۔

واز فرزندانِ امام حسینؓ آنچہ مشہور است علی اکبر و عبداللہ کہ در کنار حضرت شہید شدہ و بعضی ابراہیم و محمد و حمزہ و علی دیگر و جعفر و عمر و زید گفتہ اند"

(کتاب "جلاء العیون" فارسی ملا باقر مجلسی ص ۴۶۴-۴۶۵
باب در بیان عدد شہداء اہل البیت کہ در روزِ عاشورا شہید شدند)

پنجم

شیخ عباس قمی مجتہد صدی چہار دہم نے اپنی مشہور کتاب منتہی الآمال باب چہارم، فصل ششم امام حسن کی اولاد کے ذکر میں درج کیا ہے کہ

"... عمر بن الحسن و دو برادر اعیانی او قاسم و عبداللہ و مادر ایشان ام ولد است۔ ۔ الخ

(منتہی الآمال، ج ۱، ص ۲۴۰ - باب مذکورہ وفصل مذکورہ - طبع تہران - نسخہ خورد)

حوالہ جات ہٰذا کا خلاصہ یہ ہے کہ

(۱) — امام حسن مجتبیٰ بن علی المرتضیٰ کے صاحبزادے علی اختلاف الروایات آٹھ عدد ہیں۔

(۲) — ان میں ایک صاحبزادہ بالاتفاق عمر بن الحسن ہے۔

(۳) — اس کی ماں اُمّ ولدہ ہے۔

(۴) — بعض علماء کے نزدیک یہ بھی اپنے چچا امام حسینؓ کے ساتھ کربلا میں شہید ہوا تھا۔

(۳)

حضرت سیدنا عمرؓ بن الخطاب کا اسمِ گرامی امام زین العابدین علی بن الحسینؓ کی اولاد میں جاری ہے

اوّل - اصول کافی کتاب الحجۃ باب مایفصل بہ بین دعوی المحق والمبطل فی امر الامامۃ میں محمد بن یعقوب کلینی رازی نے ایک تعزیت کا واقعہ درج کیا ہے اس میں عمر بن علی بن الحسین کا ذکر موجود ہے - عبارتِ ذیل ملاحظہ فرما کر تسلی کریں:

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اِبْرَاہِیْمَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْجَعْفَرِیِّ قَالَ اَتَیْنَا خَدِیْجَۃَ بِنْتَ عُمَرَ بْنِ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ عَلَیْہِمُ السَّلَامُ نُعَزِّیْہَا بِابْنِ بِنْتِہَا فَوَجَدْنَا عِنْدَہَا مُوْسَی بْنَ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الْحَسَنِ فَاِذَا ہِیَ فِیْ نَاحِیَۃٍ قَرِیْبًا مِّنَ النِّسَاءِ فَعَزَّیْنَاہَا... الخ

(اصول کافی کتاب الحجۃ ص ۲۲۵ - طبع لکھنؤ نولکشور
باب مایفصل بہ بین دعوی المحق والمبطل فی امر الامامۃ)

یعنی عبداللہ جعفری کہتا ہے کہ ہم علی بن الحسین (زین العابدین) کے بیٹے عمر کی لڑکی خدیجہ نامی کے پاس اس کی لڑکی کے بیٹے یعنی دوہتے کی تعزیت کرنے کے لیے آئے خدیجہ کے پاس عبداللہ بن حسن کے لڑکے موسیٰ موجود تھے۔ اور یہ خود ایک کونہ میں عورتوں میں بیٹھی تھیں اس وقت ہم نے تعزیت کی... الخ"

دوم - "ارشاد شیخ مفید" میں باب ذکر ولد علی بن الحسین (امام زین العابدین) علیہما السلام میں پندرہ عدد اولاد ذکر کی ہے - محمد باقرؒ - عبداللہ - الحسنؒ والحسینؒ و زیدؒ و عمرؒ و الحسینؒ الاصغر و عبدالرحمٰن و سلیمانؒ و علیؒ... الخ"

یعنی یہاں چھٹے نمبر پر عمرؓ کا نام مذکور ہے۔ اس کے بعد لڑکیاں درج کی ہیں۔"

(ارشاد شیخ مفید، ص ۲۴۴۔ باب اولاد زین العابدین، طبع جدید طہران سن طباعت ۱۳۷۷ھ)

سوم ۔ علی بن عیسیٰ فاضل اربلی شیعی نے "کشف الغمہ"، ج ۲، ص ۲۸۴ مع ترجمۃ المناقب فارسی، باب ذکر ولد علی بن الحسین علیہم السلام میں زین العابدین کی اولاد شمار کی ہے وہاں پہلے نمبر پر محمد باقرؒ دوسرے نمبر پر زیدؒ، تیسرے نمبر پر "عمرؒ" ہے (زید اور عمر دونوں کی ماں اُمِ ولد ہے)۔"

چہارم ۔ عمدۃ الطالب فی انساب آلِ ابی طالب میں زین العابدین کی اولاد میں ص ۱۹۴ آخر الفصل الثانی اور ص ۳۰۵ ۔ المقصد الرابع میں عمر بن زین العابدین کا ذکرِ خیر موجود ہے۔

(عمدۃ الطالب ص ۱۹۴۔ ۳۰۵۔ طبع حیدریہ نجفِ اشرف عراق)

پنجم ۔ چودھویں صدی کے مشہور و معروف شیعی مجتہد شیخ عباس قمی نے اپنی معتبر و مستند کتاب منتہی الآمال جلد دوم باب ششم فصل ہفتم میں امام زین العابدین کی اولاد کے تحت درج کیا ہے کہ:

"..... زید و عمر از اُم ولد دیگر ..... الخ"

یعنی زین العابدین کے دو بیٹے زید و عُمر اُمّ ولد سے تھے ..... الخ

(کتاب "منتہی الآمال"، ج ۲ ص ۴۳ و ۴۵ و ۴۶ ۔ ذکر اولاد زین العابدین)

ششم ۔ اور شیخ عباس قمی موصوف نے اپنی تصنیف "تحفۃ الاحباب" میں عُمر نامی اسماء کے تحت زین العابدین کے لڑکے عُمر الاشرف کا ذکرِ خیر کیا ہے اور بڑی مدح و ثنا کے ساتھ تذکرہ لکھا ہے فرماتے ہیں کہ (عُمر) از فضلائے تابعین و جلیل القدر صاحب ورع و والی صدقاتِ پیغمبرؐ و امیر المومنینؑ بودہ ... الخ"

(تحفۃ الاحباب ص ۲۵۷، تحت اسماء عُمر۔ طبع طہران)

الختام بالخیر

کتاب "رحماء بینہم" کے فاروقی حصہ کو یہاں ختم کیا جاتا ہے۔ یہ کتاب ہٰذا کا دوسرا حصّہ ہے۔

ناظرین با تمکین کی خدمت میں مکرّر گذارش کی جاتی ہے کہ رسالہ ہٰذا کے اختتام پر اس حصہ کے تمام مضامین پر اجمالی نظر کر لی جائے۔ کُل پانچ باب تھے۔ پھر ہر ایک باب میں کسی جگہ دو فصل اور کہیں چہار فصل اور بعض جگہ پانچ فصل تجویز کیے گئے تھے۔ اس طرح کل سترہ ۱۷ فصول میں یہ مختلف و متنوّع عنوانات مکمّل کیے گئے ہیں۔

حضرت سیّدنا عُمر بن الخطابؓ کے مابین اور حضرت علیؓ اور ان کی اہلیہ محترمہ اور ان کی اولادِ شریف کے درمیان جو تعلقات و روابط بر دست دستیاب ہوتے وہ ذکر کیے ہیں۔

تعلقاتِ ہٰذا کا نہ استیعاب مقصود تھا نہ ہی ہو سکا ہے۔ یہ مسئلہ بڑا وسیع ہے اور تمام کتابیں بھی دستیاب نہیں اور جو کتب میسّر ہیں ان کا بالاستیعاب دیکھنا بھی کارے دارد ہے صرف اپنے شوق کی حد تک یہ چند چیزیں جمع کی ہیں (تقبلّہا اللہ تعالیٰ منّا)۔ گویا خداوند قدّوس کے فرمان "رحماء بینہم" کا ایک عملی و علمی نمونہ پیش خدمت کر دیا ہے۔ بزرگانِ دین و اکابرینِ اُمّت کے متعلق یہ ادنیٰ خدمت اللہ تعالیٰ قبول فرما کر ان کے اقدامِ طیّبہ میں ہمارا حشر و نشر کر دے اور ان کی معیّتِ اُخروی نصیب فرما دے تو یہ اس کا احسانِ عظیم اور لطفِ عمیم ہوگا۔

اس کے بعد اس کا تیسرا حصّہ عثمانی ہوگا۔ مالک کریم اپنی نصرتِ خاصہ سے بہرہ ور

فرمائے تو اتمام ہو سکتا ہے۔

وھو المستعان وعلیہ التکلان صلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ وصفوۃ مخلوقہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم۔

ناچیز: محمد نافع عفا اللہ عنہ جامع محمدی شریف ضلع جھنگ

مراجع برائے کتاب "رحماء بینہم" حصہ دوم (فاروقی)

نام کتاب	سن وفات صاحبِ کتاب
۱ - مؤطا امام مالکؒ	۱۷۹ھ
۲ - کتاب الخراج لامام ابی یوسفؒ	۱۸۲ھ
۳ - کتاب الآثار لامام ابی یوسفؒ	۱۸۲ھ
۴ - کتاب الآثار لامام محمدؒ	۱۸۹ھ
۵ - کتاب الحجۃ لامام محمدؒ	۱۸۹ھ
۶ - کتاب الخراج لیحییٰ ابن آدم القرشی	۲۰۳ھ
۷ - المصنف لعبد الرزاق بن ہمام (۱۱ جلد)	۲۱۱ھ
۸ - مسند حمیدی للحافظ ابی بکر عبد اللہ الزبیر	۲۱۹ھ
۹ - کتاب الاموال لابی عبید القاسم بن سلام	۲۲۴ھ
۱۰ - غریب الحدیث لابی عبید القاسم بن سلام، ۴ جلد	۲۲۴ھ
۱۱ - السنن لسعید بن منصور	۲۲۷ھ
۱۲ - طبقات لمحمد ابن سعد (۸ جلد) طبع لیدن	۲۳۰/۲۳۵ھ
۱۳ - المصنف لابی بکر عبد اللہ بن محمد بن ابی شیبہ	۲۳۵ھ
۱۴ - کتاب نسب قریش لابی عبد اللہ المصعب بن عبد اللہ بن مصعب الزبیری (الزبیری)	۲۳۶ھ
۱۵ - تاریخ خلیفہ بن خیاط (ابو عمرو) - ۲ جلد	۲۴۰ھ
۱۶ - المسند لامام احمد بن حنبلؒ، ۶ جلد معہ منتخب کنز العمال۔	۲۴۱ھ

۱۷ ۔ کتاب المحبر لابی جعفر محمد بن حبیب بن امیہ بغدادی ۔ ۲۴۵ھ

۱۸ ۔ تاریخ کبیر لامام محمد بن اسماعیل بخاریؒ (۸ جلد) ۲۵۶ھ

۱۹ ۔ تاریخ صغیر 〃 〃 〃 (طبع ہند) ۲۵۶ھ

۲۰ ۔ الصحیح لامام محمد بن اسماعیل بخاری، طبع نور محمدی ۔ ۲۵۶ھ

۲۱ ۔ الصحیح لامام مسلم بن حجاج القشیری (طبع نور محمدی) ۲۶۰ھ

۲۲ ۔ السنن لابن ماجہ (ابو عبداللہ محمد بن یزید ماجہ) ۲۷۳/۲۷۵ھ

۲۳ ۔ کتاب المراسیل لابی داؤد سلیمان بن اشعث سجستانی، ۲۷۵ھ

۲۴ ۔ جامع ترمذی لابی عیسٰی محمد بن عیسٰی ترمذی ۲۷۵/۲۷۹ھ

۲۵ ۔ سنن ابی داؤد سلیمان بن اشعث سجستانی ۲۷۵ھ

۲۶ ۔ المعارف لابن قتیبہ (ابو محمد عبداللہ بن مسلم
بن قتیبہ الکاتب الدینوری) ۲۷۶ھ

۲۷ ۔ انساب الاشراف احمد بن یحییٰ بلاذری (مطبوعہ ۱۹۵۹ء) ۔ ۲۷۷/۲۷۹ھ

۲۸ ۔ فتوح البلدان 〃 〃 〃 (سن طباعت ۱۹۵۹ء) 〃 ھ

۲۹ ۔ کتاب قیام اللیل وقیام رمضان للشیخ محمد بن نصر المروزی ۲۹۴ھ

۳۰ ۔ مسند ابی یعلیٰ احمد بن علی الموصلی (قلمی پیر گوٹھ سندھ) ۳۰۷ھ

۳۱ ۔ تاریخ ابن جریر طبری محمد بن جریر ابی جعفر الطبری ۳۱۰ھ

۳۲ ۔ کتاب الکنیٰ والاسماء لابی بشر محمد بن احمد بن حماد الدولابی ۳۱۰ھ

۳۳ ۔ شرح معانی الآثار لابی جعفر احمد بن محمد بن سلامت الطحاوی ۳۲۱ھ

۳۴ ۔ کتاب الامالی ابی قاسم عبدالرحمٰن بن اسحاق الذجاجی ۳۴۰ھ

۳۵ ۔ السنن للدارقطنی ابوالحسن علی بن عمر دارقطنی ۳۸۵ھ

۳۶ ۔ المستدرک للحاکم ابی عبداللہ محمد بن عبداللہ نیشاپوری ۴۰۵ھ

۳۷ ۔ حلیۃ الاولیاء لابی نعیم احمد بن عبداللہ اصفہانی (۱۰ جلد) ۴۳۰ھ

۳۸ ۔ فضائل ابی بکر الصدیقؓ لابی طالب محمد بن علی بن الفتح الحربی الغشاری
(معہ رسائل اخر، شرح ثلاثیات البخاری وغیرہ) ۴۴۶ھ

۳۹ ۔ کتاب جمہرۃ انساب العرب لابی محمد علی بن احمد بن سعید
المعروف ابن حزم الظاہری الاندلسی ۴۵۶ھ

۴۰ ۔ السنن الکبریٰ لابی بکر احمد بن حسین البیہقی (۱۰ جلد) ۴۵۸ھ

۴۱ ۔ الاستیعاب لابن عبدالبر ابی عمرو یوسف بن عبدالبر النمری
معہ الاصابہ لابن حجر (۴ جلد) ۴۶۳ھ

۴۲ ۔ کتاب الکفایہ فی علم الروایہ خطیب بغدادی ۴۶۳ھ

۴۳ ۔ کتاب التمہید لابن عبدالبر ۴۶۳ھ

۴۴ ۔ جامع بیان العلم لابن عبدالبر ۴۶۳ھ

۴۵ ۔ اصول فخر الاسلام بمعہ شرح کشف الاسرار علی بن محمد البزدوی ۴۸۲ھ

۴۶ ۔ اصول سرخسی لشمس الائمہ لابی بکر محمد بن احمد بن ابی سہل السرخسی ۴۸۳/۴۹۰ھ

۴۷ ۔ المناقب للامام اعظم للموفق بن احمد المکی ۵۶۸ھ

۴۸ ۔ شرح السُّنہ لامام البغوی ابی محمد حسین بن مسعود الفراء البغوی ۵۱۶ھ

۴۹ ۔ تلخیص ابن عساکر لابن بدران ۵۷۱ھ

۵۰ ۔ تاریخ عمر بن الخطاب لابن جوزی ابوالفرج بن جوزی ۵۹۷ھ

۵۱ ۔ اسد الغابہ لابن اثیر الجزری (محمد بن محمد بن عبدالکریم الشہیر عزالدین ۶۳۰ھ

۵۲ ۔ التاریخ الکامل لابن اثیر الجزری ۶۳۰ھ

۵۳ ۔ مقدمہ ابن صلاح ابو عمرو عثمان بن صلاح شہرزوری ۶۴۳ھ

۵۴ ۔ جامع مسانید امام اعظم للقاضی خوارزمی (ابوالموید محمد بن محمود بن محمد الخوارزمی ۔ ۶۶۵ھ

۵۵ ۔ ریاض النضرہ لمحب الطبری (لابی جعفر احمد محب الطبری) ۶۹۴ ھ

۵۶ ۔ تفسیر مدارک لابی البرکات عبداللہ بن احمد بن محمود النسفی ۷۰۱ ھ

۵۷ ۔ الفتاوی الکبریٰ للحافظ ابن تیمیہ الحرانی ۷۲۸ ھ

۵۸ ۔ تفسیر غرائب القرآن لنظام الدین حسن بن محمد بن حسین القمی النیشاپوری ۷۳۰ ھ

۵۹ ۔ مشکوٰۃ المصابیح ولی الدین خطیب تبریزی ۔ سن تالیف ۷۳۷ ھ

۶۰ ۔ تفسیر بحر المحیط لاثیر الدین ابی عبداللہ محمد بن یوسف ابی حیان اندلسی ۷۴۵/۷۵۴ ھ

۶۱ ۔ تذکرۃ الحفاظ شمس الدین ابی عبداللہ بن عثمان الذہبی ۷۴۸ ھ

۶۲ ۔ سیر اعلام النبلاء للذہبی (۲۳ جلد) ۷۴۸ ھ

۶۳ ۔ الباعث الحثیث لابن کثیر عماد الدین ابی الفدا الدمشقی ۷۷۴/۷۷۵ ھ

۶۴ ۔ تفسیر لابن کثیر عماد الدین دمشقی ۷۷۴/۷۷۵ ھ

۶۵ ۔ البدایہ والنہایہ لابن کثیر عماد الدین دمشقی (۱۴ جلد) ۷۷۴/۷۷۵ ھ

۶۶ ۔ مجمع الزوائد لنور الدین الہیثمی (۱۰ جلد) ۸۰۷ ھ

۶۷ ۔ المناقب للامام اعظم للشیخ محمد بن محمد بن شہاب الکردی ۸۲۷ ھ

۶۸ ۔ لسان المیزان للحافظ ابن حجر ابی الفضل احمد بن علی العسقلانی (۶ جلد) ۸۵۲ ھ

۶۹ ۔ تہذیب التہذیب لابن حجر العسقلانی (۱۲ جلد) ۸۵۲ ھ

۷۰ ۔ کتاب الاسعاف فی احکام الاوقاف للشیخ برہان الدین بن موسیٰ الطرابلسی ۹۰۵ ھ

۷۱ ۔ وفاء الوفاء باخبار دار المصطفیٰ (علامہ نور الدین السمہودی) ۹۱۱ ھ

۷۲ ۔ تاریخ الخلفاء للسیوطی (جلال الدین سیوطی) ۹۱۱ ھ

۷۳ ۔ تنزیہ الشریعۃ المرفوعہ لعلی بن محمد بن عراق الکنانی ۹۶۳ ھ

۷۴ ۔ الصواعق المحرقہ لابن حجر المکی (شہاب الدین احمد بن حجر الہیثمی) ۹۷۳/۹۷۵ ھ

۷۵ ۔ کنز العمال (طبع اول) علی متقی الہندی (۸ جلد) ۹۷۵ ھ

۷۶ ۔ کشف الظنون از حاجی خلیفہ مصطفیٰ بن عبداللہ کاتب چلپی ۔ ۱۰۶۷/۱۰۶۸ ھ

۷۷ ۔ ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء (شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ) ۱۱۷۶ ھ

۷۸ ۔ نبراس شرح شرح عقائد (مولانا عبدالعزیز پرہاروی) ۱۲۳۹ ھ

۷۹ ۔ تحفہ اثنا عشریہ (مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ) ۱۲۳۹ ھ

۸۰ ۔ روح المعانی (سید محمود آلوسی) ۱۲۷۰ ھ

کتب شیعہ استفادہ نمودہ برائے رُحَمَاءُ بَیْنَہُم حصہ دوم (فاروقی)

نام کتاب و مصنف	سن وفات
۱ - تاریخ یعقوبی (احمد بن ابی یعقوب بن جعفر الکاتب العباسی)	۲۵۶/۲۵۸ھ
۲ - اخبار الطوال للدینوری، ابی حنیفہ احمد بن داؤد	۲۸۲ھ
۳ - قرب الاسناد (عبداللہ بن جعفر الحمیری ابو العباس القمی)	(قرن الثالث)
۴ - اصول کافی (محمد بن یعقوب کلینی رازی)	۳۲۹ھ
۵ - فروع کافی (〃 〃 〃)	۳۲۹ھ
۶ - مروج الذہب لابی الحسن علی بن الحسین بن علی المسعودی)	۳۴۶ھ
۷ - علل الشرائع - (شیخ صدوق ابوجعفر محمد بن علی بن بابویہ القمی)	۳۸۱ھ
۸ - معانی الاخبار (〃 〃 〃 〃)	۳۸۱ھ
۹ - رجال کشی (ابو عمرو محمد بن عمر بن عبدالعزیز الکشی)	(قرن رابع)
۱۰ - نہج البلاغہ متن (شیخ سید شریف الرضی ابو الحسن محمد بن ابی احمد الحسین	۴۰۴ھ
۱۱ - تنزیہ الانبیاء (سید مرتضیٰ علم الہدیٰ)	۴۰۶ھ
۱۲ - کتاب الشافی (〃 〃) معہ تلخیص الشافی للطوسی	۴۰۶ھ
۱۳ - ارشاد شیخ مفید - (محمد بن نعمان المفید)	۴۱۳ھ
۱۴ - الامالی (شیخ ابوجعفر محمد بن حسن شیخ الطائفہ)	۴۶۰ھ
۱۵ - تہذیب الاحکام - شیخ ابوجعفر محمد بن حسن الطوسی	۴۶۰ھ
۱۶ - الاستبصار - 〃 〃 〃 〃	۴۶۰ھ
۱۷ - احتجاج طبرسی، (شیخ ابو منصور احمد بن علی طبرسی)	۵۴۸ھ

نام کتاب و مصنف	سن وفات
۱۸ - مناقب خوارزمی (اخطب خوارزم الموفق بن احمد بن محمد البکری المکی)	۵۶۸ھ
۱۹ - مناقب ابن شہر آشوب (محمد بن علی بن شہر آشوب مازندرانی)	۵۸۸ھ
۲۰ - شرح نہج البلاغہ حدیدی (ابو حامد عبدالحمید بن بہاؤ الدین محمد المدائنی بن ابی الحدید)	۶۵۶ھ
۲۱ - شرح نہج البلاغہ (لابن میثم) (کمال الدین میثم بن علی بن میثم بحرانی) -	۶۷۹ھ
۲۲ - کشف الغمہ فی معرفۃ الائمہ (علی بن عیسیٰ اربلی) معہ ترجمۃ المناقب فارسی -	۶۸۷ھ
۲۳ - عمدۃ الطالب فی انساب آل ابی طالب (سید جمال الدین ابن عنبہ)	۸۲۸ھ
۲۴ - معالم الاصول (شیخ جمال الدین ابو منصور حسن بن زین الدین)	۱۰۱۱ھ
۲۵ - احقاق الحق - (قاضی نور اللہ شوستری مرعشی)	۱۰۱۹ھ
۲۶ - مجالس المومنین - (〃 〃 〃)	۱۰۱۹ھ
۲۷ - بحار الانوار - (ملا باقر مجلسی)	۱۱۱۱ھ
۲۸ - جلاء العیون (〃 〃)	۱۱۱۱ھ
۲۹ - حیات القلوب (〃 〃)	۱۱۱۱ھ
۳۰ - حق الیقین - (ملا باقر مجلسی)	۱۱۱۱ھ
۳۱ - حملہ حیدری (مرزا رفیع باذل ایرانی)	تاریخ تالیف: ۱۱۱۹ھ
۳۲ - الدرۃ النجفیہ شرح نہج البلاغہ (شیخ ابراہیم بن حاجی حسین الدنبلی)	۱۲۹۱ھ
۳۳ - ناسخ التواریخ (مرزا محمد تقی لسان الملک) (۴ جلد)	۱۲۹۷ھ
۳۴ - تاریخ طراز مذہب مظفری	(صدی سیزدہم)
۳۵ - تنقیح المقال - (عبداللہ المامقانی)	(〃 〃)
۳۶ - تتمۃ المنتہی - (شیخ عباس القمی)	۱۳۵۹ھ
۳۷ - تحفۃ الاحباب (〃 〃)	۱۳۵۹ھ

کتبِ شیعہ استفادہ نمودہ برائے رُحَمَآءُ بَیْنَہُمْ حصّہ دوم (فاروقی)

نام کتاب و مصنف	سنِ وفات
۱ - تاریخ یعقوبی (احمد بن ابی یعقوب بن جعفر الکاتب العباسی)	۲۵۶/۲۵۸ھ
۲ - اخبار الطوال للدینوری، ابی حنیفہ احمد بن داؤد	۲۸۲ھ
۳ - قرب الاسناد (عبداللہ بن جعفر الحمیری ابو العباس القمی)	(قرن الثالث)
۴ - اصول کافی (محمد بن یعقوب کلینی رازی)	۳۲۹ھ
۵ - فروع کافی (" " ")	۳۲۹ھ
۶ - مروج الذہب لابی الحسن علی بن الحسین بن علی المسعودی)	۳۴۶ھ
۷ - علل الشرائع- (شیخ صدوق ابو جعفر محمد بن علی بن بابویہ القمی)	۳۸۱ھ
۸ - معانی الاخبار (" " " " " ")	۳۸۱ھ
۹ - رجال کشی (ابو عمرو محمد بن عمر بن عبدالعزیز الکشی)	(قرن رابع)
۱۰ - نہج البلاغہ متن (شیخ سید شریف الرضی ابو الحسن محمد بن ابی احمد الحسین	۴۰۴ھ
۱۱ - تنزیہ الانبیاء (سید مرتضیٰ علم الہدیٰ)	۴۰۶ھ
۱۲ - کتاب الشافی (" " ") معہ تلخیص الشافی للطوسی	۴۰۶ھ
۱۳ - ارشاد شیخ مفید- (محمد بن نعمان المفید)	۴۱۳ھ
۱۴ - الامالی (شیخ ابو جعفر محمد بن حسن شیخ الطائفہ)	۴۶۰ھ
۱۵ - تہذیب الاحکام- شیخ ابو جعفر محمد بن حسن الطوسی	۴۶۰ھ
۱۶ - الاستبصار- " " " " "	۴۶۰ھ
۱۷ - احتجاج طبرسی، (شیخ ابو منصور احمد بن علی طبرسی)	۵۴۸ھ

۱۸ - مناقب خوارزمی (اخطب خوارزم الموفق بن احمد بن محمد البکری المکی)	۵۶۸ھ
۱۹ - مناقب ابن شہر آشوب (محمد بن علی بن شہر آشوب ماژندرانی)	۵۸۸ھ
۲۰ - شرح نہج البلاغہ حدیدی (ابو حامد عبدالحمید بن بہاؤ الدین محمد المدائنی بن ابی الحدید)	۶۵۶ھ
۲۱ - شرح نہج البلاغہ (لابن میثم) (کمال الدین میثم بن علی بن میثم بحرانی) -	۶۷۹ھ
۲۲ - کشف الغمہ فی معرفۃ الائمہ (علی بن عیسیٰ اربلی) معہ ترجمۃ المناقب فارسی -	۶۸۷ھ
۲۳ - عمدۃ الطالب فی انساب آل ابی طالب (سید جمال الدین ابن عنبہ)	۸۲۸ھ
۲۴ - معالم الاصول (شیخ جمال الدین ابو منصور حسن بن زین الدین)	۱۰۱۱ھ
۲۵ - احقاق الحق- (قاضی نور اللہ شوستری مرعشی)	۱۰۱۹ھ
۲۶ - مجالس المومنین- (" " " ")	۱۰۱۹ھ
۲۷ - بحار الانوار- (ملا باقر مجلسی)	۱۱۱۱ھ
۲۸ - جلاء العیون (" " ")	۱۱۱۱ھ
۲۹ - حیات القلوب (" " ")	۱۱۱۱ھ
۳۰ - حق الیقین - (ملا باقر مجلسی)	۱۱۱۱ھ
۳۱ - حملہ حیدری (مرزا رفیع باذل ایرانی) تاریخ تالیف:	۱۱۱۹ھ
۳۲ - الدرۃ النجفیہ شرح نہج البلاغہ (شیخ ابراہیم بن حاجی حسین الدنبلی)	۱۲۹۱ھ
۳۳ - ناسخ التواریخ (مرزا محمد تقی لسان الملک (۴ جلد)	۱۲۹۷ھ
۳۴ - تاریخ طراز مذہب مظفری	(صدی سیزدہم)
۳۵ - تنقیح المقال- (عبداللہ المامقانی)	(" ")
۳۶ - تتمۃ المنتہیٰ- (شیخ عباس القمی)	۱۳۵۹ھ
۳۷ - تحفۃ الاحباب (" ")	۱۳۵۹ھ

۳۸- منتہی الآمال۔ (شیخ عباس القمی) ۱۳۵۹ھ

۳۹- شرح نہج البلاغۃ (ترجمہ فارسی) فیض الاسلام سید علی نقی) سن تالیف ۱۳۶۲ھ

۴۰- ترجمہ مصائب النواصب (فارسی) مصنف قاضی نور اللہ، مترجم مرزا محمد علی رشتی۔ ۱۳۳۴ھ

۴۱- فلک النجاۃ فی الامامۃ والصلوٰۃ (مولوی امیر دین حکیم - مولوی محمد علی جھنگوی) صدی چہاردہم

"رُحَمَآءُ بَیْنَہُم"

(جلد اوّل حصّہ صدیقی)

کتاب "رُحَمَآءُ بَیْنَہُم" کی دوسری جلد (حصہ فاروقی) آپ کے زیر مطالعہ ہے۔ اس کتاب کی پہلی جلد حصہ صدّیقی، صُوری و معنوی جملہ خوبیوں سے آراستہ شائع ہو چکی ہے۔ جس میں خلیفۂ اوّل سیّدنا صدّیق اکبر رضی اللہ عنہ کے خانوادۂ نبوت، حضرت علیؓ، حسنین شریفین اور دیگر افراد اہلِ بیت کے ساتھ حُسنِ سلوک، حقوق کی ادائیگی، باہمی بہترین مراسم اور عمدہ تعلقات کو جامع و مانع انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ اہلِ سنت کی ۹۳ کتب اور اہلِ تشیّع کی ۴۶ کتب سے استفادہ کردہ کتاب اہلِ قرابت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلّم اور صدّیقِ اکبرؓ کے باہمی حسنِ تعاون و حُسنِ معاملت پر اپنے انداز کی پہلی کتاب ہے۔

عبارت سادہ عام فہم، اندازِ بیان مُثبت اور صلح جویانہ۔ حوالہ کی ہر کتاب کی اصل عبارت اور ترجمہ اس خوبی کے ساتھ دیا گیا ہے کہ مطالعہ سے بے شمار شکوک و شبہات خود بخود رفع ہو جاتے ہیں۔

عمدہ کاغذ، آفسٹ طباعت، طلائی جلد سے مزیّن

ضخامت: ۴۶۴ صفحات

قیمت صرف:- ۲۵ روپے

رُحَمَآءُ بَیْنَھُم

(جلد سوم حصّہ عثمانی)

اس کتاب کی تیسری جلد حصہ عثمانی ہے۔ جس میں خلیفۂ سوم سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے حضرت علی المرتضیٰ اور خانوادۂ نبوت نیز بنو ہاشم کے ساتھ حسنِ مراسم اور نسبی تعلقات بیان کیے گئے ہیں۔ اور عثمانی دَورِ خلافت میں ان حضرات کے ساتھ کس قدر حسنِ سلوک روا رکھا گیا ہے۔ اور اِن حضرات کی طرف سے امورِ خلافت میں کس قدر تعاون رہا ہے۔ نیز خاندانی تعلقات کس قدر گہرے تھے۔

ایسے بے شمار واقعات قدیم و جدید کتبِ اہلِ سُنّت اور کتبِ شیعہ نیز انساب اور تاریخ کی کتابوں سے جمع کیے گئے ہیں۔ مزید برآں ان مطاعن کے تحقیقی جوابات دیے گئے ہیں جن کا سیّدنا عثمان غنیؓ کی طرف غلط انتساب کیا گیا ہے۔ عنقریب یہ حصّہ بھی صُوری و معنوی خوبیوں سے آراستہ شائع ہونے والا ہے۔

حدیثِ ثقلین

اس کے ساتھ ہی فاضل مصنّف کی دوسری تصنیف حدیثِ ثقلین کا دوسرا ایڈیشن اب آفسٹ طباعت پر شائع کیا جا رہا ہے۔ حدیث ترکت فیکم الثقلین ... کی تحقیقی تشریح ہے۔ یہ ان لوگوں کی عجمی سازش کو بے نقاب کرنے کی کامیاب کوشش ہے جو سُنّت کے بالمقابل امامت کو مرکز قرار دیتے ہیں اور اس حدیث کو خلافت بلافصل میں بطور استدلال پیش کرتے ہیں۔ اس کتاب کے مطالعہ سے واضح ہو جائے گا کہ تشریحِ اسلامی کا مرکز و محور سنتِ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم ہے۔